احسن الفتاوی

مؤلف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿القرآن﴾

اِنَّمَا شِفَآءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ ﴿الحديث﴾

احسن الفتاوٰی

بحذف مکررات و تخریجات فرائض مسائل غیر مہمہ

جلد ۵

(از)

فقیہ العصر مفتیِ اعظم مفتی رشید احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

(واحد تقسیم کنندگان)

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

نام کتاب ——— احسن الفتاوی

جلد ——— پنجم

زیر اہتمام ——— ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

ضخامت ——— ۵۶۸ صفحات

کتابت ——— سید دلشاد حسین کاظمی

تعداد ——— ایک ہزار

پریس ——— ایجوکیشنل پریس کراچی

طبع اول ——— سنہ ۱۴۰۷ھ

طبع یازدھم ——— ۱۴۲۵ھ

ملنے کا پتہ

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

فہرست مضامین "احسن الفتاویٰ" جلد پنجم (۵)

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

کتاب النکاح

نکاح بالعوض کی تحقیق :

سوال ؛ الف اور ب نے عوض میں شادی کی ہے، الف نے اپنی لڑکی ب کے لڑکے کو دی ہے، اور ب نے اپنی لڑکی الف کے لڑکے کو دی ہے، نتیجہ اس منزل پر پہنچا ہے کہ ب کی لڑکی الف کے لڑکے کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کرتی، جس کی وجہ سے الف کا لڑکا ب کی لڑکی سے بالکل بیزار ہے، مگر ب کی طرف کے لوگ بہت شریر ہیں، اس لئے ب کے طرفداروں کا یہ ارادہ ہے کہ الف کے طرفدار تکلیف اٹھاتے رہیں مگر کچھ فیصلہ نہ ہو، ب کے طرفدار کئی دفعہ الف کے طرفداروں سے مصالحت کر کے پھر فساد کرتے رہے ہیں، اب نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ الف کا لڑکا ب کی لڑکی کو طلاق دینا چاہتا ہے، مگر ب کا لڑکا الف کی لڑکی کو طلاق دینا نہیں چاہتا حالانکہ شرع سے یہ رشتے عوض کی رسم موجب ہوئے ہیں، اس حالت میں شریعت کا فیصلہ کیا ہے؟ کیونکہ اس وقت طرفین میں اتفاق کی کوئی امید نہیں، بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

شریعت مطہرہ میں عوض کا کوئی اعتبار نہیں، لہٰذا اگر ایک جانب بدمعاملگی کی وجہ سے طلاق دینا چاہتی ہے تو دوسری جانب کو طلاق وغیرہ پر مجبور کرنا سخت گناہ اور ظلم عظیم ہے، کسی کو کوئی اختیار نہیں کہ اتفاق اور محبت سے زندگی بسر کرنے والے زوجین میں تفریق کرے، بلکہ مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر عوض کی رسم ہی ناجائز ہے :۔

(۱) عوض کی رسم کے مطابق معاملہ کرنے والوں کے معاملات سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے بیع سمجھتے ہیں اور بیع الحر حرام ہے، ان کے معاملات کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں :

(۱) اگر کسی کو اپنی لڑکی کے عوض میں لڑکی کی ضرورت نہ ہو یا حسب منشأ عوض نہ مل رہا ہو تو یہ شخص اپنی لڑکی کے عوض میں بصورت نقد رقم کثیر وصول کرتا ہے، جس سے صاف معلوم ہوا کہ

عوض کی رسم بیع ہے

(۲) عوض کا لفظ ہی دال علی البیع ہے لان البیع مبادلۃ المال بالمال، چنانچہ عوض کو لفظ بدلہ سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے،

(۳) اگر کسی کی لڑکی بالغہ یا زیادہ حسین ہے اور دوسری جانب کی لڑکی نابالغہ ہے یا حسن میں کم ہے تو یہ شخص اپنی ایک لڑکی کے عوض میں دوسری جانب سے دو لڑکیوں کا مطالبہ کرتا ہے، یا ایک لڑکی کے ساتھ کچھ نقد رقم بھی لیتا ہے،

(۴) اگر کوئی شخص بلا عوض کسی کو اپنی لڑکی دے دیتا ہے تو کہتا ہے کہ میں نے خدا کے واسطے فی سبیل اللہ اپنی لڑکی دی ہے، یہ صریح دلیل ہے کہ لڑکی کو مالِ مملوک سمجھا جاتا ہے کہ بطور صدقۂ مال فی سبیل اللہ دے کر تا دمِ زیست اپنا احسان جتاتا رہتا ہے،

(۵) زوجین کی عدمِ موافقت کی صورت میں جانبین مل کر اقالہ کرتے ہیں،

مندرجہ بالا دلائل سے ثابت ہوا کہ عوض کی مروّج رسم بیع الحر ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، اگرچہ اس صورت میں نکاح صحیح ہو جاتا ہے،

② صوبۂ سندھ کی دینی، دنیوی اور معاشرتی تباہی اور سیاسۃ البلدان، تدبیر المنزل، تہذیب الاخلاق اور توالد و تناسل کی بربادی کا سہرا صرف عوض کی منحوس رسم کے سر پر ہے، مختصراً اس کے قبائح تحریر کئے جاتے ہیں:۔

① رسمِ عوض میں ایک جانب میں نااتفاقی کی وجہ سے دونوں جانب میں مخالفت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوسری جانب اتفاق و محبت سے بسنے والے زوجین بھی ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے مایوس ہو کر دین و دنیا برباد کر بیٹھتے ہیں، زنا، انقطاعِ نسل اور منافعِ عقد و شادی سے حرمان اس کا لازمی نتیجہ ہے،

② عوض کے لالچ میں ہر شخص اپنا مقصد حاصل ہوتا ہوا دیکھ کر اپنی لڑکی کا کوئی خیال نہیں کرتا کوئی کیسا ہی نالائق ہو، بے دین، بدکردار، جوا باز، شرابی، چور، ڈاکو، بدمعاش، دیوث اور بےغیرت نامرد، بوڑھا، بچہ، مفلس و نادار کچھ بھی ہو، مگر لڑکی دینے والے کو اس کی منشا کے مطابق اپنی لڑکی کے عوض میں رشتہ مل رہا ہو تو اسے اپنی لڑکی کی کوئی پرواہ نہیں، زوجین کی عمر کا عدمِ تناسب، چوری وغیرہ جرائم کی وجہ سے جیل کی سزا، نامردی، زوجین میں عدمِ موافقت کی وجہ سے مفارقت عارضی یا دائمی وغیرہ عوارض، انقطاعِ نسل اور زنا وغیرہ دین و دنیا کی بربادی کے

اسباب ہیں، اور گھر میں روز کے جھگڑے اور فسادات جدا بلاءِ جان بنے رہتے ہیں، شریعت نے زوجین کی عمر میں تناسب کا بہت اہتمام سے لحاظ رکھا ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا رشتہ حضرت صدیق اور حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی درخواست کے باوجود ان سے نہ کیا، اس لئے کہ عمر میں کوئی تناسب نہ تھا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تناسبِ عمر کی وجہ سے رشتہ کیا، حالانکہ شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما زیادہ افضل اور زیادہ مقرب تھے، مگر سندھ میں اپنا مقصد برآمد ہوتا دیکھ کر تناسبِ عمر سے آنکھیں بند کر کے اپنی لڑکی کو زندہ درگور کر دیتے ہیں، بس یہی اسباب ہیں کہ سندھ میں توالد و تناسل کی قلت کے باعث اہل سندھ اپنے صوبہ کو بھی آباد نہ کر سکے، بلوچ اور پنجابی وغیرہ دیگر اقوام نے آکر سندھ کو آباد کیا، سندھی افراد غیر اقوام میں آٹے میں نمک کی نسبت رکھتے ہیں، غیر ممالک نے افزائش نسل میں اس قدر ترقی کی ہے کہ انھیں اپنے ممالک میں جگہ نہیں ملتی، اس لئے ضبط تولید کے منصوبے سوچ رہے ہیں، مگر سندھ میں اس قدر قحط الرجال ہے کہ اپنے معمولی اور چھوٹے سے صوبہ کو بھی آباد نہیں کر سکے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ رشوال سنہ ۷۱ھ

وکیلِ نکاح اپنے نفس سے نکاح نہیں کر سکتا:

سوال: ایک شخص نے اپنی لڑکی کے نکاح کے لئے کسی کو وکیل بنایا، وکیل نے اس لڑکی کا نکاح اپنے نفس کے ساتھ کر لیا، اب لڑکی کا باپ اس میں رضامند نہیں، پس یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

نکاح مذکور صحیح نہیں ہوا، کیونکہ وکیل بالنکاح اپنے نفس اور اپنے اصول و فروع کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا، قال فی العلائیۃ کما الوکیل الذی وکلته ان یزوجها من نفسه فان له ذلك فیکون له اصیلا من جانب وکیلا من آخر بخلاف ما لو وکلته بتزویجها من رجل فزوجها من نفسه لانها نصبته مزوجا لا متزوجا، وفی الشامیۃ (قوله فزوجها من نفسه) وکذا لو زوجها من ابیه او ابنه عند ابی حنیفۃ رحمه اللہ تعالیٰ کما قدمناه عن البحر لان الوکیل لا یعقد مع من لا تقبل شهادته له للتهمة (رد المحتار ص ۳۵۶ ج ۲)،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرۂ ذیقعدہ سنہ ۷۱ھ

مسلمان کی بیوی پر کافر نے قبضہ کرلیا اس سے چھڑا کر دوسرے مسلمان نے نکاح کرلیا :

سوال : ایک شخص اپنی عورت کو ہندوستان میں چھوڑ کر پاکستان چلا آیا، عورت ہندو کے قبضہ میں آگئی، اور ایک دوسرا مسلمان ہندو کو کچھ نقد دے کر چھڑا لیتا ہے اور اس عورت سے نکاح کرلیتا ہے، اور اس سے دو بچے پیدا ہوجاتے ہیں، عرصۂ چار سال کے بعد یہ عورت اور مرد پاکستان آئے ہیں، اور اس عورت کا پہلا خاوند پاکستان میں اپنی عورت کو پہچان لیتا ہے اب اس کے لئے کیا حکم ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس عورت کا نکاح پہلے شوہر کے ساتھ قائم ہے، لہٰذا ضروری ہے کہ دوسرے خاوند سے علیحدہ کرکے پہلے کے قبضہ میں دلوائی جائے، اگر دوسرے شوہر کو اس کے پہلے نکاح کا علم تھا تو دوسرے شوہر سے جو بچے پیدا ہوئے ہیں وہ بھی بحکم شریعت پہلے ہی کے کہلائیں گے، لان الولد للفراش وللعاھر الحجر۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۶ ر ذیقعدہ ۷۱ھ

لڑکی فلاں کو دیدی کہنے سے انعقادِ نکاح کا حکم :

سوال : ایک شخص نے کسی کو کہا کہ میں نے اپنی لڑکی تم کو دیدی، اس نے قبول کیا، تو یہ نکاح ہوگیا یا نہیں ؟ ہمارے اطراف میں عموماً پہلے اس قسم کے الفاظ بلا ذکر مہر وغیرہ کے کہے جاتے ہیں، اور بعد میں مستقلاً نکاح رسوم مروجہ کے ساتھ کیا جاتا ہے، سو نکاح پہلے الفاظ سے منعقد ہوگا یا دوسرے عقد سے ؟ اگر پہلے سے نکاح نہیں ہوتا تو اس عورت کا نکاح کیا دوسری جگہ کردینا صحیح ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

سوال میں مذکورہ الفاظ ہبہ کے ہیں، اور ہبہ سے نکاح تب منعقد ہوتا ہے کہ متکلم نکاح کی نیت کا اقرار کرے یا نیتِ نکاح کا قرینہ موجود ہو، مثلاً ذکرِ مہر و وجودِ شہود و تقدمِ خِطبہ و خُطبہ وغیرہ، بدون قرینہ کے ان الفاظ سے نکاح منعقد نہیں ہوتا، قال فی شرح التنویر وانما یصح بلفظ تزویج ونکاح لانھما صریح وماعداھما کنایۃ وکل لفظ وضع لتملیک عین کاملۃ (الی قولہ) کھبۃ وتملیک وصدقۃ (الی قولہ) وکل ما تملک بہ الرقاب بشرط نیۃ او قرینۃ وفھم الشھود المقصود، وفی الشامیۃ (قولہ کھبۃ) ای اذا

کان علی وجه النکاح (الی قولہ) فان قامت القرینۃ علی عدمہ لاینعقد فلو طلب من امرأۃ الزنا فقالت وھبت نفسی منک فقال الرجل قبلت لا یکون نکاحاً کقول ابی البنت وھبتھا لک لتخدمک فقال قبلت الا اذا اراد بہ النکاح کذا فی البحر (رد المحتار ص۲۶۹ ج۲)

(قولہ بشرط نیۃ او قرینۃ الخ) ھٰذا ما حققہ فی الفتح رداً علی ما قدمناہ عن الزیلعی (الی قولہ) ھٰذا ما فی الفتح وملخصہ انہ لابد فی کنایات الطلاق من النیۃ مع قرینۃ او تصدیق القابل للموجب وفھم الشھود المراد واعلامھم بہ (رد المحتار ص۳۷۰ ج۲)

اگر لفظ نکاح بھی ایسے طریقہ پر کہا کہ محض وعدہ کا محتمل بھی ہو اور محض وعدہ پر قرائن بھی موجود ہوں تو بھی نکاح منعقد نہ ہوگا، کما فی شرح التنویر والثانی المضارع المبدوء بھمزۃ او نون او تاء کتزوجینی نفسک اذا لم ینو الاستقبال وکذا انا متزوجک او جئتک خاطبا لعدم جریان المساومۃ فی النکاح او ھل اعطیتنیھا فقال اعطیت ان کان المجلس للوعد فوعد وان کان للعقد فنکاح اھ (الی قولہ) بہ علم ان المبدوء بالھمزۃ کما لا یصح فیہ الاستیعاد لا یصح فیہ الوعد بالتزوج فی المستقبل عند قیام القرینۃ علی قصد التحقیق والرضا کما قلناہ آنفا فافھم (رد المختار ج۲ ص۳۶۳)

بیانِ مذکور سے ثابت ہوا کہ صورتِ سوال میں قرائنِ نکاح (ذکر مہر وغیرہ) نہ ہونے کی وجہ سے نکاح منعقد نہ ہوگا، صرف وعدۂ نکاح ہے، اور بلاوجہ وعدہ خلافی کرنا علامتِ نفاق ہے، خصوصاً اگر شروع ہی سے وعدہ پورا کرنے کا ارادہ نہ ہو تو بہت سخت گناہ اور حرام ہے، حدیث میں ہے آیۃ المنافق ثلاث اذا وعد اخلف الخ (مشکوٰۃ) وقیل الخلف فی الوعد بغیر مانع حرام وھو المراد ھھنا وکان الوفاء بالوعد مأموراً بہ فی الشرائع السابقۃ ایضاً، (اشعۃ اللمعات باب الوعد) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۷۳ھ

غیر برادری میں نکاح نہ کرنے کی پابندی:

سوال: ہماری برادری میں یہ قاعدہ ہے کہ شادی بیاہ اپنی ہی برادری میں کرتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری برادری علماءِ دیوبند کے عقائد رکھتی ہے، اور تمام رسومِ مروجہ در شادی وغمی وبدعات سے مجتنب ہیں، شرعی صورت ولباس کو پسند کرتے ہیں، دوسری جگہ شادی وبیاہ کرنے میں خلط ملط ہوجانے کا قوی اندیشہ ہے، پھر شادی کرنے کے بعد رسوم کی

پابندیاں گھر کے قواعد غیر ہوتے ہیں، اس لئے بڑی دشواری ہوتی ہے، کیا ایسا کرنا شرعاً ناجائز تو نہیں ہے؟ پھر اگر کوئی دوسری برادری میں شادی کرلیتا ہے تو اس کو ہم دوسری برادری ہی شمار کرتے ہیں، اپنی برادری سے خارج کردیتے ہیں، اگر ایسا نہ کریں تو جو چیز ہم قائم رکھنا چاہتے ہیں وہ باقی نہیں رہتی، کیا یہ شرعاً جائز ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اگر دوسری برادری میں شادی نہ کرنے کی وجوہ وہی ہوں جو سوال میں مذکور ہیں تو ان کی بناء پر غیر برادری میں شادی نہ کرنے کی پابندی جائز بلکہ ضروری ہے، کیونکہ بدعات اور ناجائز رسوم کا پابند فاسق ہے، اور فاسق شخص نیک آدمی کا کفو نہیں، اور شریعت نے نکاح وشادی میں کفو کی پابندی کو مستحسن قرار دیا ہے، بدعات اور رسوم قبیحہ سے اجتناب فرض ہی اور مبتدعین وفساق سے تعلقات قائم کرنا جائز نہیں، اسی طرح اگر یہ گمان ہو کہ قومیت کے اختلاف کی وجہ سے امور خانہ داری کا اختلاف زوجین کی نا اتفاقی اور آپس میں تنافر کا باعث ہوگا تو بھی قومیت کی پابندی جائز ہے، البتہ اگر غیر قوم میں شادی نہ کرنے کا باعث صرف فخر اور تکبر ہو تو یہ پابندی جائز نہ ہوگی، پس اس کا معیار یہ ہوگا کہ غیر قوم کا اگر کوئی مرد شریعت کا پورا پابند اور بدعات سے مجتنب ہو اور اس کے گھر کے قواعد وغیرہ بھی آپ کی قوم سے زیادہ مختلف نہ ہوں تو ان حالات میں ایسے شخص سے آپ رشتہ کرتے ہیں یا نہیں؟ اگر ایسے شخص سے بھی رشتہ کرنے کے لئے تیار نہیں تو معلوم ہوا کہ آپ کا مقصد تدین نہیں بلکہ تکبر ونخوت اس کا باعث ہی، غرضیکہ ہر معاملہ میں شرعی حیثیت کو مدنظر رکھنا لازم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۱ ذیقعدہ ۷۳ھ

معتدۃ غیر سے نکاح کا حکم:

سوال: ایک شخص نے دوسرے کی معتدہ عورت سے دیدہ ودانستہ باوجود علم کے نکاح کرلیا، تو یہ نکاح درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، دوسرے خاوند نے اگر جماع کیا ہے تو اس پر مہر مثل اور مہر مقرر میں سے اقل واجب ہے، اور عورت پر متارکت کے بعد دوسرے خاوند کی عدت بھی ہوگی، مگر دونوں عدتوں میں تداخل ہوگا، عدتِ اولیٰ گذرنے کے بعد اگر عورت اسی خاوند سے نکاح

کرنا چاہے جس سے نکاح فاسد ہوا ہے تو عدتِ ثانیہ گذرنے سے پہلے بھی ہوسکتا ہے، البتہ اگر کسی دوسرے مرد سے نکاح کرے گی تو دونوں عدتوں کا گذارنا لازم ہے، قال فی التنویر ویجب مھر المثل فی نکاح فاسد بالوطء فی القبل لابغیرہ ولم یزد علی المسمی، وفی الشرح ولوکان دون المسمی لزم مھر المثل (الی قولہ) وتجب العدۃ بعد الوطء لاالخلوۃ، وفی الشامیۃ ومثلہ تزوج الاختین ونکاح الاخت ونکاح المعتدۃ (الی ان قال) ومقتضاہ الفرق بین الفاسد والباطل فی النکاح (الی ان قال) اما نکاح منکوحۃ الغیر ومعتدتہ فالدخول فیہ لایوجب العدۃ ان علم انھا للغیر (وبعد سطر) والحاصل انہ لافرق بینھما فی غیر العدۃ اما فیھا فالفرق ثابت وعلی ھذا فیقید قول البحر ھنا ونکاح المعتدۃ بما اذا لم یعلم بانھا معتدۃ الخ (رد المحتار ص ۴۸۲ ج ۲) وایضا فیھا اما نکاح منکوحۃ الغیر ومعتدتہ فالدخول فیہ لایوجب العدۃ (الی ان قال) وتقدم فی باب المھر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدۃ وثبوت النسب ومثل لہ فی البحر ھناک بالتزوج بلاشھود وتزوج الاختین معًا والاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ (رد المحتار ص ۸۳۵ ج ۲)

قلت لما اختلفت اٰراؤھم فی وجوب العدۃ وعدمہ فالاحتیاط فی قول الوجوب وان اشار فی الشامیۃ الی ترجیح عدم الوجوب بقولہ وعلی ھذا فیقید قول البحر الخ، وایضًا فی الشامیۃ تحت (قولہ ولو من المطلق) وفی الدر ان المرأۃ اذا وجب علیھا عدتان فاما ان یکون من رجلین او من واحد ففی الثانی لاشک ان العدتین تداخلتا وفی الاول ان کانتا من جنسین کالمتوفی عنھا زوجھا اذا وطئت بشبھۃ او من جنس واحد کالمطلقۃ اذا تزوجت فی عدتھا فوطئھا الثانی وفرق بینھما تداخلتا عندنا (رد المحتار ص ۸۳۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹ رمضان المبارک ۱۳۷۴ھ

تصادقِ زوجین سے نکاح ثابت ہوجاتا ہے:

سوال: ایک مولوی صاحب کے پاس یہ فیصلہ ہوا کہ ایک عورت کو ایک شخص نے طلاق دی، عدت گذرنے پر اس عورت نے دوسرے شوہر سے نکاح کیا، اب پہلا شوہر طلاق کا انکار کرتا ہے، مولوی صاحب نے طلاق پر شہادت لے کر طلاق ثابت کردی، پھر

دوسرے شوہر سے نکاح کے گواہ طلب کئے، اس نے کہا مجھے مہلت دیجئے، کہ اپنے نکاح کے گواہ اپنی بستی سے لے آؤں، مگر مولوی صاحب نے اُسے مہلت نہ دی، اور اسی مجلس میں گواہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کا نکاح غیر ثابت قرار دیدیا، حالانکہ عورت خود کہہ رہی ہے کہ میرا نکاح دوسرے شوہر سے ہوا ہے، مولوی صاحب کے فیصلہ کے بعد عورت چیخنے چلّانے لگی کہ مجھے شوہر سے جُدا کر کے ظلم کیوں کرتے ہو؟ مولوی صاحب کا یہ فیصلہ شرعاً درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

مولوی صاحب کا یہ فیصلہ درست نہیں، اس لئے کہ تصادقِ زوجین سے نکاح ثابت ہوجاتا ہے، لہٰذا اس پر شاہد طلب کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں، قال فی الشامیۃ (قولہ ولا باقرار) لاینافیہ ماصرحوا بہ من ان النکاح یثبت بالتصادق لان المراد ھنا ان الاقرار لایکون من صیغ العقد والمراد من قولھم انہ یثبت بالتصادق ان القاضی یثبتہ بہ ای بالتصادق ویحکم بہ (رد المحتار ص ۲۶۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۸ ذیقعدہ ۷۴ھ

جو عورت طلاق اور عدت گذرنے کا اقرار کرے اس سے نکاح جائز ہے:

سوال: منکوحہ عورت کسی شخص کے پاس اقرار کرتی ہے کہ اس کے زوج نے اسے طلاق دیدی ہے، اور عدت بھی گذر گئی ہے، طلاق پر گواہ کوئی نہیں، تو یہ شخص اس عورت سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر اس عورت کے صدق پر قلب مطمئن ہو تو اس سے نکاح جائز ہے، بشرطیکہ زوج اول کوئی اعتراض یعنی طلاق سے انکار نہ کرے، قال فی الشامیۃ تحت (قولہ ان غلب علیٰ ظنہ صدقہا) وکذا لو قالت منکوحۃ رجل لآخر طلقنی زوجی وانقضت عدتی جاز تصدیقہا اذا وقع فی ظنہ عدالۃ کانت ام لا الخ (رد المحتار باب الرجعۃ ج ۲) وکذا فی باب العدۃ مطلب فی المنعی الیہا زوجہا، وفی الحظر والاباحۃ ایضاً، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۲ ذیقعدہ ۷۲ھ

جو عورت وفاتِ زوج اور عدت گذرنے کا اقرار کرے اس سے نکاح جائز ہے:

سوال: ایک عورت کہتی ہے کہ میرا شوہر فوت ہوگیا ہے، اور عدت بھی گذر گئی ہے،

تو کیا اس کے قول پر اعتبار کر کے اس سے نکاح کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر اس کے صدق پر قلب مطمئن ہو تو اس پر اعتماد کر کے نکاح کر لینا جائز ہے، قال فی شرح التنویر اخبرها ثقة ان زوجها الغائب مات او طلقها ثلاثا او اتاها منه کتاب علی ید ثقة بالطلاق ان اکبر رأیها انه حق فلا بأس ان تعتد وتتزوج وکذا لو قالت امرأة لرجل طلقنی زوجی وانقضت عدتی لا بأس ان ینکحها، وفی الشامیة (قوله لا بأس ان ینکحها) فی الخانیة قالت اردت بعد النکاح ومعه ان یعتمد خبرها ویتزوجها وان اخبرت بالحرمة بامر عارض بعد النکاح من رضاع طار او نحو ذلک فان کانت ثقة او لم تکن ووقع فی قلبه صدقها فلا بأس بان یتزوجها الا لو قالت کان نکاح فاسدا او کان زوجی علی غیر الاسلام لانها اخبرت بامر مستنکر ای لان الاصل صحة النکاح ساٸحانی (رد المحتار باب العدة مطلب فی المنعی الیها زوجها) وایضا فیها فی باب الرجعة (قوله له ان یصدقها) لانه اما من المعاملات لکون البضع متقوما عند الدخول او الدیانات لتعلق الحل به وقول الواحد مقبول فیهما (رد المحتار ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ ذیقعدہ ۷۲ھ

نکاح فاسد میں متارکت کی تفصیل:

سوال: نکاح بالمحارم یا نکاح فاسد میں متارکت فعلیہ کافی ہے یا متارکت قولیہ ضروری ہے؟ نیز متارکت زوجہ کی طرف سے بھی ہو سکتی ہے یا کہ زوج کی طرف سے لازمی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

بعد الدخول بالاتفاق متارکت قولیہ ضروری ہے، اور قبل الدخول میں اختلاف ہے، بعض نے متارکت فعلیہ مع عزم عدم العود کو کافی کہا ہے، عزم عدم العود کے سوا متارکت فعلیہ کا کوئی اعتبار نہیں، اور بعض نے بہرصورت متارکت قولیہ کو لازم کہا ہے، عبارات فقہ سے قول اول کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، مگر احتیاط قول ثانی میں ہے، زوجہ کی طرف سے فسخ نکاح فاسد تو بالاتفاق صحیح ہے، البتہ متارکت میں اختلاف ہے، شامیہ نے اسے ترجیح دی ہے کہ متارکت اور فسخ میں کوئی فرق نہیں، دونوں زوجہ کی طرف سے صحیح ہیں، هذا اخلص ما هو مشروح

فی شرح التنویر وحاشیتہ لابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی المحرمات ص ۳۸۹ و مھر النکاح الفاسد ص ۴۸۳ و ۴۸۴ والعدۃ ص ۸۴۱ و ۸۴۲، حیلۂ ناجزہ میں یوں تطبیق دی گئی ہے کہ اگر حرمت اصلیہ ہے یعنی قبل العقد حرمت موجود ہے تو متارکت من جانب الزوجہ بھی صحیح ہے، اور اگر حرمت طاریہ بعد العقد ہے مثلاً ساس سے زنا کیا تو متارکت من الزوجہ صحیح نہیں، مگر شامیہ کی عبارات اس تطبیق سے اباء کرتی ہیں، فلیتأمل،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۂ ربیع الاول ۷۵ھ

شیعہ ہو جانے سے نکاح ٹوٹ گیا: (من مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم)

سوال: ما قولکم یا علماء تیری وخیر فور فی خان بی بی بنت رضا محمد المقیمۃ بمدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم فانھا اخبرت بان زوجھا علی بخش ابن پیر بخش الحداد المتوطن بخیر فور قد تشیع بعد ما کان من اھل السنۃ فما حقیقۃ ھذا الخبر اصادق ام کاذب؟ وان کان صادقاً فھل یجوز لخان بی بی ان تنکح بزوج غیرہ ام لا؟ بینوا بیاناً شافیاً توجروا اجراً وافیاً،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اخبرنی من اثق بہ واعتمد علیہ بعد التحقیق ان الرجل المسئول عنہ المسمّٰی بعلی بخش بن پیر بخش الحداد قد اختار مذھب الروافض فالآن توقف جواب المسألۃ علی تنقیح الامرین:

الامر الاول ان تشیع احد من اھل السنۃ فھل یحکم علیہ بالارتداد ام لا؟ فاقول ان روافض بلادنا خارجون عن دائرۃ الاسلام قطعاً لانھم یعتقدون تحریف القرآن سرًّا ولا یبرزونہ تقیۃ لما ثبت فی مذھبھم "لا دین لمن لا تقیۃ لہ" کذا فی الکافی لیعقوب الکلینی، تحریف القرآن عندھم ثابت بالتواتر ومروی باکثر من الفی روایۃ صرحت بہ کتبھم المعتبرۃ کما لا یخفی علی من طالعھا، وایضاً ھم یتفوھون علناً بالافک علی ام المؤمنین وانکار صحبۃ ابیھا الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنھما وعنھم وکفی بھما تکفیراً، قال فی الشامیۃ لاشک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ او انکر صحبۃ الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنھما او اعتقد الالوھیۃ

فی علی او ان جبریل علیہ السلام غلط فی الوحی اونحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن (رد المحتار ج ص ۳۰۶ ج ۳) فلذا نحکم بالارتداد قطعاً علی من بدل دینہ باختیار الرفض وان فرضنا انہم لا یعتقدون تحریف القرآن،

الامر الثانی: ان اخبرت امرأۃ بارتداد زوجہا او وصلہا الکتاب الکذائی فہل یجوز لہا ان تعتمد علی خبر الواحد او الکتاب فتنکح زوجاً غیرہ بعد انقضاء العدۃ؟ فاقول ان غلب علی ظنہا صدق المخبر وما فی الکتاب فلہا ان تعمل بہ و تنکح بعد مضی العدۃ لما فی شرح التنویر اخبرہا ثقۃ ان زوجہا الغائب مات او طلقہا ثلاثاً او اتاہا منہ کتاب علی ید ثقۃ بالطلاق ان کان اکبر رأیہا انہ حق فلا بأس ان تعتد وتتزوج وکذا لو قالت امرأۃ لرجل طلقنی زوجی وانقضت عدتی لا بأس ان ینکحہا، وفی الشامیۃ (قولہ لا بأس ان ینکحہا) فی الخانیۃ قالت ارتد زوجی بعد النکاح وسعہ أن یعتمد علی خبرہا ویتزوجہا وان اخبرت بالحرمۃ بامر عارض بعد النکاح من رضاع طار او نحو ذلک فان کانت ثقۃ او لم تکن ووقع فی قلبہ صدقہا فلا بأس بان یتزوجہا الخ (رد المحتار ج ۲ باب العدۃ مطلب فی المنعی الیہا زوجہا) وایضاً فیہا فی باب الرجعۃ (قولہ لہ ان یصدقہا) لانہ اما من المعاملات لکون البضع متقوماً عند الدخول او الدیانات لتعلق الحل بہ وقول الواحد مقبول فیہما اھ (رد المحتار ج ۲)

قلت فان اعتبرنا کونہ من المعاملات فیجوز العمل بالکتاب بدون معرفۃ الخط لانہ لا یشترط فیہا شیء من اسلام المخبر وعدالتہ کما فی الفصل الثانی من اول الکراہیۃ من الہندیۃ یقبل قول الواحد فی المعاملات عدلاً کان او فاسقاً حراً کان او عبداً ذکراً کان او انثیٰ مسلماً کان او کافراً دفعاً للحرج والضرورۃ ومن المعاملات الوکالات والمضاربات والرسالات فی الہدایا والاذن فی التجارات کذا فی الکافی واذا صح قول الواحد فی اخبار المعاملات عدلاً کان او غیر عدل فلا بد فی ذلک من تغلیب رأیہ فیہ ان خبرہ صادق فان کان غلب علی رأیہ ذلک عمل علیہ والا فلا، کذا فی السراج الوہاج (عالمگیریۃ ص ۳۴۴ ج ۵)

وان اعتبرناہ من الدیانات فجواز العمل یکون مشروطاً باحد الامرین،

معرفة الخط مع عدالة الکاتب او حصول الظن الغالب وان لم یعرف الخط،

اما الاول فلما فی الشامیة معزیا الی العیون والفتوی علی قولهما اذا تیقن انه خطه سواء کان فی القضاء او الروایة او الشهادة علی الصك فی ید الشاهد لان الغلط نادر، واثر التغییر یمکن الاطلاع علیه وقلما یشتبه الخط من کل وجه فاذا تیقن جاز الاعتماد علیه توسعة علی الناس (رد المحتار ج۴ ص ۳۹۰) وتفصیل حکم کتاب القاضی الی القاضی بساله وعلیه مصرح فی العلائیة مع الشامیة ص ۳۸۶ ج ۴،

واما الثانی فلان الکتاب فی کونه دالا بدلالة وضعیة غیر لفظیة یغلبه الطبل والمدفع والقندیل ویجوز الاعتماد فی الدیانات علی ضرب الطبل ومایشبهه اذا کان موجب غلبة الظن بالقرائن لما فی الشامیة یتسحر بقول عدل وکذا بضرب الطبول (وبعد اسطر) وقد یقال ان المدفع فی زماننا یفید غلبة الظن وان کان ضاربه فاسقا لان العادة ان الموقت یذهب الی دار الحکم آخر النهار فیعین له وقت ضربه ویعینه ایضا للوزیر وغیره واذا ضرب یکون ذلك بمراقبة الوزیر واعوانه للوقت المعین فیغلب علی الظن بهذه القرائن عدم الخطأ وعدم قصد الافساد (رد المحتار ج۲ مطلب فی جواز الافطار بالتحری) وایضا فیها فی بیان رؤیة الهلال قلت والظاهر انه یلزم اهل القری الصوم بسماع المدافع او رؤیة القنادیل من المصر لانه علامة ظاهرة تفید غلبة الظن وغلبة الظن حجة موجبة للعمل کما صرحوا به الخ، قلت وکفی حجة لکون الکتاب موجب العمل عند حصول الظن الغالب بالقرائن ماتواتر من عمل النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه رضوان الله تعالی علیهم اجمعین،

(نکاح مرتد کے مسائل کی تفصیل جلد ۶ باب المرتد میں ہے) فقط والله تعالی اعلم

۷، ربیع الآخر ۱۳۷۵ھ

زوجۂ صغیر حرام ہوگئی تو متارکت کرکے دوسرا نکاح کرسکتی ہے:

سوال: نابالغ کی منکوحہ سے نابالغ کے باپ کا زنا شہادت سے ثابت ہوگیا تو منکوحہ کی تفریق نابالغ سے جائز ہے یا کہ بلوغ کا انتظار کرنا پڑے گا؟ بینوا بالدلیل اجرکم الجلیل،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس صورت میں زوجۂ متارکت کرکے دوسرا نکاح کرسکتی ہے، بہتر یہ ہے زوجہ فسخ نکاح

کا زبان سے اقرار کرے، اس لئے کہ متارکت فعلیہ اور زوجہ کی طرف سے متارکت قولیہ کی صحت میں اختلاف ہے، اور فسخ نکاح من جانب زوجہ بالاتفاق صحیح ہے، انتظار بلوغ زوج کی ضرورت نہیں، چنانچہ زوجۂ مجبوب کے مطالبہ سے قاضی فی الحال تفریق کرسکتا ہے (کما فی رد المحتار کتاب الطلاق ص ۸۵۶ ج ۲) وفی محرمات شرح التنویر تقع مغلطة فیقال طلق امرأته تطلیقتین ولها منه لبن فاعتدت فنکحت صغیرا فارضعته فحرمت علیه فنکحت آخر فدخل بها فابانها فهل تعود للاول بواحدة ام بثلاث، الجواب لا تعود الیه ابداً لصیرورتها حلیلة ابنه رضاعاً (رد المحتار ص ۳۸۴ ج ۲) اس میں خط کشیدہ عبارت کا مقتضی ہے کہ مسئولہ صورت میں بلوغ زوج کا انتظار ضروری نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۳ رجب ۷۵ھ

صالحہ بنت صالح کفو فاسق نہیں:

سوال: فاسق شخص متدین عورت کا کفو ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

فاسق شخص ایسی عورت کا کفو نہیں جو خود بھی نیک ہو اور اس کا والد بھی نیک ہو، قال فی الهندیة فلا یکون الفاسق کفواً للصالحة سواء کان معلن الفسق اولم یکن (عالمگیریة ص ۱۳ ج ۲) وفی شرح التنویر وتعتبر الکفاءة دیانةً ای تقوی فلیس فاسق کفواً لصالحة او فاسقة بنت صالح معلناً کان اولا علی الظاهر، وفی الشامیة قلت والحاصل ان المفهوم من کلامهم اعتبار صلاح الکل وان من اقتصر علی صلاحها او صلاح آبائها نظر الی الغالب من ان صلاح الولد والوالد متلازمان فعلی هذا فالفاسق لا یکون کفواً لصالحة بنت صالح بل یکون کفواً لفاسقة بنت فاسق وکذا لفاسقة بنت صالح کما نقله فی الیعقوبیة فلیس لابیها حق الاعتراض لان ما یلحقه من العار ببنته اکثر من العار بصهره واما اذا کانت صالحة بنت فاسق فزوجت نفسها من فاسق فلیس لابیها حق الاعتراض لانه مثله وهی قد رضیت به الخ (رد المحتار ص ۴۲۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ شوال ۷۴ھ

نومسلمہ کے نکاح کا حکم:

سوال: ایک منکوحہ عورت عیسائی مذہب چھوڑ کر مسلمان ہوگئی ہے، مسلمان مرد کے

ساتھ اس کا نکاح کب جائز ہوگا؟ امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد تین حیض گذرنے پر اس کا پہلا نکاح فسخ ہوجائے گا، اس کے بعد عدت کے مزید تین حیض گذار کر نکاح کرسکتی ہے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

امداد الفتاویٰ میں اس عورت کا حکم مذکور ہے جو دار الحرب میں اسلام لائے اور قبولِ اسلام کے بعد بھی وہیں رہے، اس کا حکم یہ ہے کہ قبولِ اسلام کے بعد تین حیض گذرنے پر زوجین میں ازخود تفریق واقع ہوجائے گی، اس کے بعد تین حیض عدت کے واجب ہوں گے، اور اگر یہ عورت اسلام قبول کرکے دار الحرب سے ہجرت کرآئے تو دار الاسلام میں داخل ہونے سے اس کا نکاح ختم ہوجائے گا، اس پر وجوبِ عدت میں اختلاف ہے، قول وجوب ارجح واحوط ہے، تیسری صورت یہ کہ زوجین دار الاسلام میں ہوں، اور بیوی اسلام قبول کرلے، اس کا حکم یہ ہے کہ بیوی حاکم کے ہاں درخواست پیش کرے، اور حاکم شوہر پر اسلام پیش کرے، اگر شوہر نے اسلام قبول کرلیا تو اس کا نکاح باقی ہے، اور اگر شوہر نے اسلام سے انکار کردیا یا خاموش رہا تو قاضی ان میں تفریق کردے، قاضی کی یہ تفریق بحکم طلاق ہوگی، اور اس کے بعد عدت واجب ہوگی، قال فی العلائیۃ

واذا اسلم احد الزوجین المجوسیین او امرأۃ الکتابی عرض الاسلام علی الأخر فان اسلم فبہا والا بان ابی او سکت فرق بینہما (الی قولہ) والتفریق بینہما طلاق ینقص العدد (وبعد اسطر) ولو اسلم احدہما ای احد المجوسیین او امرأۃ الکتابی ثمۃ ای فی دار الحرب وملحق بہا کالبحر الملح لم تبن حتی تحیض ثلاثا او تمضی ثلاثۃ اشہر قبل اسلام الأخر اقامۃ لشرط الفرقۃ مقام السبب ولیست بعدۃ لدخول غیر المدخول بہا (وبعد اسطر) ومن ہاجرت الینا مسلمۃ او ذمیۃ حائلا بانت بلاعدۃ فیحل تزوجہا واما الحامل فحتی تضع علی الاظہر لا للعدۃ بل لشغل الرحم بحق الغیر، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ ولیست بعدۃ) ای لیست ہٰذہ المدۃ عدۃ لان غیر المدخول بہا داخلۃ تحت ہٰذا الحکم ولو کانت عدۃ لاختص ذلک بالمدخول بہا وہل تجب العدۃ بعد مضی ہٰذہ المدۃ فان کانت المرأۃ حربیۃ فلا، لانہ لاعدۃ علی الحربیۃ وان کانت ہی المسلمۃ فخرجت الینا فتمت الحیض ہنا فکذلک عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ خلافا لہما لان المہاجرۃ لاعدۃ علیہا

عندہ خلافا لہما کما سیأتی، بدائع وھذا ایۃ وجزم الطحاوی بوجوبہا، قال فی البحر وینبغی حملہ علی اختیار قولہما (قولہ ومن ھاجرت الینا الخ) المھاجرۃ التارکۃ دار الحرب الی دار الاسلام علی عزم عدم العود وذلک بان تخرج مسلمۃ او ذمیۃ او صارت کذلک بعد وھذہ المسألۃ داخلۃ فیما قبلہا لکن ما مرّ فیما اذا خرج احدھما مھاجرا وقعت الفرقۃ بینہما والمقصود من ھذہ انہ اذا کانت المھاجرۃ المرأۃ ووقعت الفرقۃ فلا عدۃ علیہا عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ سواء کانت حاملا او حائلا فتتزوج للحال الا الحامل فتتربص لا علی وجہ العدۃ بل لیرتفع المانع بالوضع وعندھما علیہا العدۃ فتح، وبہ یظھر ان تقیید المصنف بالحائل ای غیر الحبلی لا وجہ لہ بخلاف قول الکنز وتنکح المھاجرۃ الحائل بلا عدۃ فانہا للاحتراز عن الحامل کما علمت لکنہ یوھم ان الحامل لہا عدۃ کما توھمہ ابن ملک وغیرہ ولیس کذلک (رد المحتار ص ۴۲۵ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ رجب سنہ ۹۶ھ

سوال مثل بالا:

سوال: ایک شادی شدہ کافر عورت نے اسلام قبول کیا، شریعت کے مطابق اس کا نکاح کرانے میں پہلی دقت تو یہ ہے کہ حکومت سے یہ کوئی توقع نہیں کہ اس عورت کے شوہر کو بلاکر اس پر عرضِ اسلام کرے، اور شوہر کے قبولِ اسلام سے انکار کی صورت میں نکاح فسخ کرے، ثانیاً کوئی حاکم یا مجلسِ علماء شوہر پر عرضِ اسلام کرے تو شدید خطرہ ہے کہ اس وقت وہ بیوی حاصل کرنے کی غرض سے اسلام قبول کرلے مگر بعد میں پھر مرتد ہوجائے اور عورت کو زہر وغیرہ دے کر قتل کردے، یا ہندوستان بھیجدے، چونکہ پاکستان میں ارتداد کی سزا نافذ نہیں ہوتی اس لئے یہ خطرہ قوی ہے، اور ایسے واقعات پہلے ہوچکے ہیں کہ شوہر اظہارِ اسلام کے ذریعہ بیوی حاصل کرکے پھر مرتد ہوگیا، اور بیوی کو زہر کا انجکشن لگواکر ہلاک کردیا، ان حالات میں بیوی کی خلاصی کی شرعاً کیا صورت ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

ایسی مجبوری کی حالت میں مذہب شافعی پر عمل کرنے کی گنجائش ہے، اُن کے یہاں

عورت کے قبولِ اسلام کے بعد اسلامِ زوج سے قبل مضیِ عدت سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے، اور اس کے بعد فوراً دوسرا نکاح ہوسکتا ہے، اسلامِ زوج کے بعد دوسری عدت کی حاجت نہیں، قال فی الام ولم اعلم مخالفاً فی ان المتخلف عن الاسلام منہما اذا انقضت عدۃ المرأۃ قبل ان یسلم انقطعت العصمۃ بینہما (الی قولہ) لا تصنع الدار فی التحریم والتحلیل شیئا انما یصنعہ اختلاف الدینین (وبعد اسطر) وان لم یسلم حتی تنقضی العدۃ فالعصمۃ منقطعۃ بینہما وانقطاعہا فسخ بلا طلاق وتنکح المرأۃ من ساعتہا من شاءت الخ (الام ص ۴۵ ج ۵)

مذہب حنفی کے مطابق یہ صورت ہوسکتی ہے کہ حکومت کی طرف سے عرضِ اسلام نہ ہونے کی وجہ سے مجلسِ علماء عرضِ اسلام کرے، مگر اس میں شوہر کو قبولِ اسلام کی صورت میں رَدِّ زوجہ کی امید نہ دلائی جائے بلکہ اس کو ظاہراً مایوس کردیا جائے اور باطناً ظہورِ صلاح پر معلق رکھا جائے اس صورت میں اوّلاً شوہر کو اظہارِ اسلام میں رغبت ہی نہ ہوگی، اور اگر اظہارِ اسلام محض فریب و طمع کے لئے کیا تو بھی اس کی حقیقت منکشف ہوجائے گی،

اگر حالات کے پیشِ نظر یہ صورت مناسب نظر آئے تو اس پر عمل کیا جائے ورنہ بوجہ ضرورت شدیدہ مذہبِ شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ سے استفادہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶ ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۱ھ

مہر یا ہدیہ ہونے میں زوجین کا اختلاف:

سوال: شوہر بیوی کو مختلف اوقات میں مختلف چیزیں دیتا رہا، بعد میں کہتا ہے کہ یہ مہر کے عوض میں تھیں، عورت ہدیہ یا نفقۂ واجبہ کا دعویٰ کرے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

(۱) اشیاءِ خوردنی اور جن اشیاء کا زوجہ کو ہدیۃً دینا متعارف ہو اُن میں قولِ زوجہ معتبر ہوگا،

(۲) جو اشیاء ہدیۃً دینے کا عرف نہ ہو اور بذمۂ شوہر شرعاً واجب ہوں، اُن میں ہدیہ کا دعویٰ مسموع نہ ہوگا، البتہ اگر زوجہ نفقۂ واجبہ کا دعویٰ کرے اور زوج مہر کا، اور یہ اختلاف ان اشیاء کی ہلاکت کے بعد ہو تو قولِ زوجہ معتبر ہوگا، اور حالتِ بقاء میں دو قول ہیں، فقیہ ابو اللیث کا مختار یہ ہے کہ اس صورت میں بھی قولِ زوجہ ہی معتبر ہے، یہی راجح ہے، ویؤیدہ ما سیأتی عن التحریر المختار من وجہی النظر فی تصدیق الزوج،

③ جو اشیاء شرعاً شوہر پر واجب نہیں اور ان کو مہر میں محسوب کرنے کا عرف بھی ہو ان میں قولِ زوج معتبر ہے، مگر عورت کو اختیار ہے کہ یہ اشیاء واپس کردے مہر میں قبول نہ کرے، قال الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ (قول الشارح کثیاب وشاۃ حیۃ الخ) نقل ابو الحسن السندی فی حاشیۃ الفتح عن ابی العز قال اذا کان المھر دراھم او دنانیر فارسل الیھا حنطۃ او شعیرا او ماجرت عادۃ الناس الیوم بارسالہ من ماء الورد وثوب الحریر والسکر ونحو ذلک فان فی تصدیقہ فی قولہ بانہ من المھر نظراً لوجھین احدھما ان الظاھر یکذبہ والثانی ان الصداق دراھم مثلاً والمرسل من خلاف جنسھا والمعاوضۃ محتاج الی التراضی من الجانبین ولم یوجد فقولہ انہ من صداقھا غیر صحیح فلا یصدق، اذ صداقھا غیر ما ارسلہ الیھا ولا ینفع التحلیل بان الظاھر انہ یسعی فی اسقاط الواجب فی حقہ فان الواجب فی حقہ غیر ما ارسلہ الیھا ولا یسقط ما فی الذمۃ بغیرہ الا بطریق المعاوضۃ وھی محتاجۃ الی التراضی من الجانبین ولم یوجد انتھی اھ سندی، وقد یدفع ھذا بان ما ذکرہ مبنی علی عادتھم انھم یسمون نقودا فی المھر ثم یدفع الزوج غیرھا ویحسبہ عن المھر وتکون حینئذ المرأۃ راضیۃ بھذہ المعاوضۃ وھذا العرف جار فی کثیر من قری مصر (التحریر المختار ص ۲۰۲ ج ۱)

تنبیہ:

① جہاں بھی زوج یا زوجہ کا قول معتبر قرار دیا گیا ہے اس میں جانبِ آخر سے فقدانِ بینہ اور حلف شرط ہے،

② آجکل کے عرف میں دوا، ہدیہ شمار ہوتی ہے،

③ برقع نفقۂ واجبہ میں داخل نہیں، کیونکہ زوج پر اذنِ خروج واجب نہیں، بلکہ منع عن الخروج واجب ہے، اس کا مقتضیٰ یہ تھا کہ اس میں قولِ زوج قبول کیا جائے، مگر آجکل برقع ہدیۃً دینا متعارف ہے اس لئے اس میں قولِ زوجہ معتبر ہوگا،

④ ادوات البیت نفقۂ واجبہ میں داخل ہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ ر ذیقعدہ سنہ ۸۶ھ

جنّیہ سے نکاح جائز نہیں:

سوال؛ جنّیہ کا نکاح انسان کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

جائز نہیں، والتفصیل فی الشامیۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۶ محرم سنہ ۸۶ھ

مہر میں معجل یا مؤجل کی تصریح نہ کی تو عرف پر مدار ہوگا:

سوال؛ ہندہ کا نکاح بعوض ایک ہزار روپیہ کیا گیا، مگر اس وقت مؤجل و معجل کا ذکر نہ کیا، اب ہندہ اپنا مہر کب طلب کر سکتی ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر مہر کے معجل یا مؤجل ہونے کی تصریح نہ ہو تو عرف کے موافق حکم ہوگا، قال فی التنویر ولها منعه من الوطء والسفر بها ولو بعد وطء وخلوة رضیتهما لاخذ ما بین تعجیله او قدر ما یعجل لمثلها عرفا ان لم یؤجل، وفی الشرح به یفتی لان المعروف کالمشروط، (رد المحتار ص۳۸۹ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ ذی الحجہ سنہ ۸۷ھ

نکاح میں ایک ہی شخص دونوں طرف سے ایجاب و قبول کر سکتا ہے:

سوال؛ صغیرہ کے ولی (والد) نے عقدِ نکاح کا ایجاب بایں الفاظ کیا کہ میں نے اپنی فلاں لڑکی کا نکاح فلاں کے ساتھ کیا، لڑکے کا ولی (چچا) اس مجلس میں تھا، مگر نکاح خواں نے اس سے قبول کے الفاظ نہیں کہلائے، مجلسِ نکاح سے قبل لڑکے کے چچا نے لڑکی کے والد سے کہا تھا کہ تو اپنی لڑکی میرے بھتیجے کے نکاح میں دیدے، لڑکی کا والد تیار ہو گیا، اور اسی بنا پر مجلسِ نکاح منعقد ہوئی، اب سوال یہ ہے کہ لڑکے کے چچا کے قبول کئے بغیر یہ نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

چونکہ چچا نے صغیر کی طرف سے قبولِ نکاح نہیں کیا، اور نہ ہی لڑکی کے والد کو اپنی طرف سے وکیل بنایا تھا اس لئے یہ نکاح منعقد نہیں ہوا، اگر چچا کی جانب سے توکیل ہوتی تو سوال میں مذکورہ الفاظ سے نکاح منعقد ہو جاتا، چچا کا یہ کہنا کہ تو اپنی لڑکی میرے بھتیجے کے نکاح میں دیدے عرفاً توکیل نہیں ہے بلکہ خطبہ ہے، قال فی شرح التنویر ویتولی طرفی النکاح واحد بایجاب یقوم مقام القبول، (رد المحتار ص۳۵۳ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۷ ربیع الآخر سنہ ۸۸ھ

مہرِ فاطمی کی تحقیق :

سوال: پاکستانی سکہ کے حساب سے مہر فاطمی کی کیا مقدار ہے ؟ اور دوسری صاحبزادیوں وازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کا مہر کتنا تھا؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

فزوجها النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی اربع مأة وثمانین درهما (تاریخ الخمیس ص ۳۶۱) ثم ان اللہ تعالیٰ امرنی ان ازوج فاطمة من علی وقد زوجته علی اربع مأة مثقال فضة (تاریخ الخمیس ص ۳۶۲) قال صلی اللہ علیہ وسلم اوعندك شیء (تصدقها به) فقلت فرسی وبدنی (بفتح الباء والدال الدرع) قال اما فرسك فلا بد لك منها واما بدنك فبعها فبعتها باربعمأة وثمانین فجئته بها فوضعتها فی حجره الخ (المواهب اللدنیة مع شرح الزرقانی ص ۳ ج ۲) قال عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه ماعلمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکح شیئا من نسائه ولا انکح شیئا من بناته علی اکثر من ثنتی عشرة اوقیة، هذا حدیث حسن صحیح (ترمذی ص ۱۲۹) عن ابی سلمة بن عبد الرحمن انه قال سألت عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کم کان صداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت کان صداقه لازواجه ثنتی عشرة اوقیة ونشا، قالت اتدری ما النش قال قلت لا قالت نصف اوقیة فتلك خمسمأة درهم فهذا صداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لازواجه (مسلم ص ۴۵۸ ج ۱) ،ان روایات سے امور ذیل ثابت ہوئے:

① حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مہر کے بارے میں دو روایتیں ہیں، ایک ۴۸۰ درہم = ۶۳۲۹۶ر۱ کلو چاندی، دوسری روایت ۴۰۰ مثقال = ۹۴۴ر۱ کلو چاندی، مقدار اول متعدد روایاتِ حدیث وسیرت سے ثابت ہے، اور دوسری روایت صرف سیرتِ خمیس کی ہے، لہٰذا مقدار اول راجح ہے،

② دوسری بنات رضی اللہ تعالیٰ عنہن میں سے کسی کا مہر بھی ۴۸۰ درہم = ۶۳۲۹۶ر۱ کلو چاندی سے زائد نہ تھا، اگرچہ روایت میں زائد کی نفی ہے، مگر معلوم ہوتا ہے کہ سب کا مہر اسی قدر تھا،

③ امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن سے متعلق دو روایتیں ہیں، ایک میں ۴۸۰ درہم =

۶۳۲۹۶، اکلو چاندی سے زیادتی کی نفی ہے اور دوسری میں ۵۰۰ درہم = ۱،۷۰۱ اکلو چاندی کا اثبات ہے، دونوں روایتوں میں صورتِ تطبیق یہ ہے کہ دراصل ساڑھے بارہ اوقیہ ہی ہے، اسی کو پہلی روایت میں نصف اوقیہ کی کسر حذف کرکے بارہ اوقیہ کہا گیا ہے، بصورتِ ترجیح بھی بوجوہ ذیل ساڑھے بارہ اوقیہ = ۵۰۰ درہم کی روایت راجح ہے:

(۱) اصولاً نفی پر اثبات کو ترجیح ہے،

(۲) نفی عدمِ علم پر مبنی ہے، خود حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ما علمت اس پر دلیل ہے۔

(۳) روایتِ اثبات حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے جو اعلم باموال الازواج ہیں،

خلاصہ یہ کہ حضرت فاطمہ و دیگر بنات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کا مہر ۴۸۰ درہم = ۶۳۲۹۶، اکلو گرام چاندی اور امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن کا ۵۰۰ درہم = ۱،۷۰۱ اکلو گرام چاندی تھا، درہم و مثقال کے وزن کی تحقیق میرے رسالہ "بسط الباع لتحقیق الصاع" مندرجہ احسن الفتاویٰ جلد ۴ میں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۴ رشوال سنہ ۹۱ھ

مہر کی کم از کم مقدار:

سوال: مہر کم سے کم کتنا ہونا ضروری ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

دس درہم چاندی کی قیمت سے کم کرنا جائز نہیں، ایک درہم = ۳،۰۶۲ گرام × ۱۰ = ۳۰،۶۲ گرام چاندی یا اس کی قیمت، درہم کے وزن کی تفصیل میرے رسالہ "بسط الباع لتحقیق الصاع" مندرجہ احسن الفتاویٰ جلد ۴ میں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ ربیع الاول سنہ ۹۵ھ

بلا اذن زوج والدین سے ملاقات:

سوال: بیوی کو اپنے والدین سے ملنے کا اختیار کتنے دن کے بعد ہے؟ اور ملنے جائے تو کتنے دن وہاں ٹھہر سکتی ہے؟ کیا دور اور نزدیک میں کچھ فرق ہے؟ دور اور نزدیک کی تشریح بھی تحریر فرمائیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بیوی کو والدین سے ہفتہ میں ایک بار اور دوسرے محرم رشتہ داروں سے سال میں ایک بار ملاقات کا حق ہے، دور اور نزدیک میں کوئی فرق نہیں، البتہ ملاقات کے لئے آمد و رفت کے

مصارف شوہر کے ذمہ واجب نہیں، نیز بیوی کو صرف ملاقات کا حق ہے، والدین کے ہاں رہنا بدون شوہر کی رضا کے جائز نہیں،

اگر والدین خود ملاقات کرنے پر قادر ہوں تو بیوی کے جوازِ خروج میں اختلاف ہے، راجح یہ ہے کہ اس صورت میں شوہر کی اجازت کے بغیر جانا جائز نہیں، والتفصیل فی الشامیة، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۵ر شوال سنہ ۹۶ھ

موت قبل الدخول میں کامل مہر واجب ہے:

سوال: ایک عورت کے شوہر کا انتقال رخصتی سے قبل ہی ہوگیا تو اس عورت کو مہر کتنا ملے گا؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

رخصتی سے قبل میاں بیوی دونوں میں سے کوئی ایک فوت ہوجائے تو پورا مہر واجب ہوگا، قال فی العلائیة ویتأکد عند وطء اوخلوة صحت من الزوج اوموت احدهما الخ (رد المحتار ص ۳۵۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۷ر ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

گونگے کے نکاح کا طریقہ:

سوال: نکاح منعقد ہونے کے لئے ایجاب وقبول شرط ہے، اور گونگا آدمی اس پر قادر نہیں، تو اس کا نکاح کیسے ہوگا؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

گونگے کا نکاح ایسے اشارہ سے صحیح ہوجائے گا جس سے ایجاب یا قبول مفہوم ہو اور سننے والوں کو اس کی مراد معلوم ہوجائے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قوله وشرط سماع کل) وفی الفتح ینعقد النکاح من الاخرس اذا کانت له اشارة معلومة (رد المحتار ص ۲۹۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۴ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

مہر غیر مؤجل میں حق مطالبہ کی تفصیل:

سوال: زید نے مثلاً زینب سے ایک سو اشرفی طلاء کے عوض عقد نکاح کیا، ان میں سے چالیس اشرفی معجلاً ادا کردیں، بقیہ ساٹھ اشرفی کے بارے میں صرف یہ کہا کہ ان میں

سے تیس کی نقرہ اور تیس اشرفی طلاء کی دوں گا، اور ادائیگی کا کوئی وقت خاص نہیں بتایا، صرف یہ کہا کہ آئندہ ادا کروں گا، اتفاقاً چند ماہ کے بعد زوجین میں ناراضگی پیدا ہوگئی، زوجہ اپنے میکہ چلی گئی، خاوند نے جب واپس بلایا تو وہ کہنے لگی کہ بقیہ ساٹھ اشرفی ابھی ادا کردو گے تو ساتھ آؤں گی، ورنہ نہیں، تو کیا شرعاً زینب کو بقیہ مہر طلب کرنے کا حق حاصل ہوگا یا نہیں؟ اس سلسلہ میں امداد الفتاویٰ میں دو مقامات پر حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواز کا قول فرمایا ہے، جبکہ فتاویٰ ہندیہ اور بدائع میں اس بات کی تصریح موجود ہے کہ اگر بقیہ مہر کے لئے وقت خاص برائے ادائیگی مقرر نہیں کیا، تو موت یا طلاق کی صورت میں مطالبہ کرسکتی ہے اس سے قبل نہیں، چونکہ وقت معین نہ کرنے کی صورت میں باب النکاح کے اندر وقت خود بخود ہی معلوم ہے، اور وہ تفریق الزوجین بصورت طلاق یا موت ہے، اسی قول کو صاحب محیط نے اختیار فرما کر وھو الصحیح فرمایا ہے، جواب سے تشفی فرمائیں، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بدائع و ہندیہ میں اختلاف لکھا ہے، اور علائیہ و شامیہ میں صرف حق مطالبہ تحریر ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہی راجح ہے، اس لئے امداد الفتاویٰ میں اس پر فتویٰ دیا گیا ہے، عرف تأجیل الی الموت او الطلاق کا جواب بھی امداد الفتاویٰ میں موجود ہے کہ یہ عرف حالت مراضات میں ہے، حالتِ مخالفت میں موت و طلاق سے قبل ہی مطالبہ کا عرف ہے، قال فی شرح التنویر ولها منعه من الوطء (الی قوله) الا اذا جهل الاجل جهالة فاحشة فيجب حالا غاية، وفی الشامية قال فی البحر فان كانت جهالة متقاربة كالحصاد والدياس ونحوه فهو كالمعلوم على الصحيح كما فی الظهيرية بخلاف البيع فانه لا يجوز بهذا الشرط وان كانت متفاحشة كالى الميسرة اوالى هبوب الريح اوالى ان تمطر السماء فالاجل لا يثبت ويجب المهر حالا كذا فی غاية البيان اه (رد المحتار، ص ۳۸۹ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ رصفر سنہ ۱۴۰۱ھ

سوال مثل بالا:

سوال: ایک عورت کا مہر نصف معجل اور نصف مؤجل مقرر ہوا، مؤجل کی کوئی

مدت معیّن نہیں کی گئی، نصف معجل بروقت ادا کر دیا گیا، بیوی شوہر کے گھر آباد ہو گئی، کچھ عرصہ کے بعد بیوی نے نصف مؤجل کا مطالبہ کیا، شوہر کے ادا نہ کرنے پر میکہ چلی گئی، کیا عورت کو اس کا اختیار ہے؟ اور اس صورت میں بیوی کا نفقہ شوہر پر واجب ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

جہاں تأجیل مجہول سے تأجیل بالطلاق او الموت کا عرف ہو وہاں زوجہ کو منع نفس کا اختیار نہیں، اور جہاں یہ عرف نہ ہو وہاں تأجیل مجہول بحکم تعجیل ہے، لہٰذا زوجہ کو حق منع ہے، تأجیل بالطلاق او الموت معروف ہونے کی صورت میں بھی غیر مؤجل میں مشاجرہ کے مواقع میں مطالبۂ مہر معروف ہے، لہٰذا حالتِ مشاجرہ میں عورت کو حقِ منع حاصل ہوگا،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۴۰۱ھ

نامرد سے خلوت صحیحہ کے بعد مہر کامل واجب ہے:

یہ مسئلہ باب العدۃ میں آرہا ہے،

دس درہم سے کم مہر کا حکم:

سوال: اگر مہر دس درہم سے کم رکھا گیا تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

دس درہم ۶۲ء۳۰ گرام چاندی کی قیمت واجب ہوگی، قال العلامۃ الحصفکی رحمہ اللہ تعالیٰ وتجب العشرۃ ان سماھا او دونھا (رد المحتار ص ۳۵۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۵ صفر سنہ ۱۴۰۲ھ

خطبۂ نکاح سُننا واجب ہے:

سوال: کوئی خطیب صاحب نکاح کا خطبہ پڑھ رہے ہوں، یا منبر پر تقریر کرنے کے لئے خطبۂ مسنونہ پڑھ رہے ہوں اس وقت حاضرین کا آپس میں بات چیت کرنا یا کوئی دنیوی کام کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

جائز نہیں، قال فی العلائیۃ وکذا یجب الاستماع لسائر الخطب کخطبۃ نکاح وخطبۃ عید وختم علی المعتمد، وفی الشامیۃ (قولہ وختم) ای ختم القرآن

کقولهم الحمد لله رب العٰلمین حمد الصٰبرین الخ (رد المحتار ص۲۶۹ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،
۲۲ رجب سنہ ۱۴۰۲ھ

باکرہ کا ایک لمحہ سکوت بھی اذن ہے:

سوال: ولی نے لڑکی سے استیذانِ نکاح کیا، لڑکی نے فوراً انکار کرنے کی بجائے پانچ منٹ بعد انکار کر دیا تو کیا یہ انکار صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر استیذان کے بعد فوراً انکار نہیں کیا بلاعذر ایک لمحہ بھی خاموش رہی تو لڑکی کی طرف سے ولی کی توکیل ثابت ہو گئی، اس کے بعد عقدِ نکاح سے قبل لڑکی کو فسخِ توکیل کا اختیار ہے، مگر وکیل کو فسخ کا علم ہونا ضروری ہے، اگر لڑکی نے عقد سے پہلے توکیل فسخ کر دی مگر وکیل کو اس کا علم نہ ہوا، اس لئے اس نے نکاح کر دیا تو یہ نکاح منعقد ہو جائے گا، اسی طرح نکاح بدونِ استیذان کے بعد باکرہ کو نکاح کی خبر ملی تو صحتِ ردّ کے لئے فوراً بلا تاخیر انکار کرنا شرط ہے، اگر فوراً انکار نہیں کیا اور ذرا سی دیر بھی بلاعذر خاموش رہی تو نکاح ہو گیا،

قال فی شرح التنویر فان استأذنها هو ای الولی وهو السنة او وکیله او رسوله او زوجها ولیها واخبرها رسوله او فضولی عدل فسکتت عن ردّہ مختارة او ضحکت غیر مستهزئة او تبسمت او بکت بلا صوت (الی قوله) فهو اذن ای توکیل فی الاول ان اتحد الولی فلو تعدد المزوج لم یکن سکوتها اذنا واجازة فی الثانی ان بقی النکاح لا لو بطل بموته،

وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله عن ردّہ) قید به اذ لیس المراد مطلق السکوت لانها لو بلغها الخبر فتکلمت باجنبی فهو سکوت هنا فیکون اجازة فلو قالت الحمد لله اخترت نفسی او قالت هو دباغ لا اریده فهذا کلام واحد فهو ردّ بحر (قوله مختارة) اما لو اخذها عطاس او سعال حین اخبرت فلما ذهب قالت لا ارضی او اخذ فمها ثم ترك فقالت ذلك صح ردّها لان سکوتها عن اضطرار بحر (رد المحتار ص۳۲۴ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،
۷ ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۳ھ

نکاح میں قبول کی بجائے الحمد للہ کہنا:

سوال، مسئلہ یہ ہے کہ ایک جانب سے ایجاب کرنے کے بعد دوسری جانب سے بجائے قبول کے الحمد للہ کہنے سے نکاح منعقد ہو گا یا نہیں؟ ہمارے علاقہ کے بعض علماء

کہتے ہیں کہ لفظ الحمد للہ تملیکِ عین پر دلالت نہیں کرتا، اس لئے اس سے نکاح صحیح نہیں ہوگا، اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ چونکہ ہمارے علاقہ کے عرف میں لفظ الحمد للہ کو لفظِ قبول سمجھا جاتا ہے، لہٰذا اس سے نکاح صحیح ہوجانا چاہئے، اب آنجناب مسئلہ مذکورہ میں شریعت مطہرہ کے مطابق حکم صادر فرمائیں، عین نوازش ہوگی، بینوا توجروا۔

اس سوال کے جواب میں بنوری ٹاؤن اور خیر المدارس کے متضاد فتاویٰ ارسالِ خدمت ہیں، ملاحظہ فرماکر فیصلہ فرمائیں کہ کونسا جواب صحیح ہے؟ اپنی تحقیق عمیق تحریر فرماکر تشفی فرمائیں، والاجر عند اللہ الکریم۔

جواب بنوری ٹاؤن کراچی:

نکاح میں ایجاب وقبول کے لئے الفاظ قبلت وتزوجت ونکحت کے علاوہ ایسے الفاظ ضروری ہیں جو ملکِ مؤبدہ پر دلالت کرتے ہوں، چنانچہ رد المحتار میں ہے وھو کل لفظ وضع لتملیك عین خرج مالا یفید التملیك اصلاً کالرھن والودیعۃ ومایفید تملیك المنفعۃ کالاجارۃ والاعارۃ (ج ۲ ص ۲۶۹ طبع جدید) اور لفظ الحمد للہ کسی صورت میں بھی ملک پر دلالت نہیں کرتا، نیز اس صورت میں عرف کا بھی اعتبار نہیں کیا جائے گا، چنانچہ علامہ شامی اپنے رسالہ "نشر العرف فی بناء بعض الاحکام علی العرف" میں فرماتے ہیں ولا اعتبار للعرف المخالف للنص لان العرف قد یکون علی الباطل بخلاف النص کما قالہ ابن الھمام (ص ۱۱۵ ج ۲)، دوسری جگہ پر فرماتے ہیں فان العرف الخاص لا یترك بہ القیاس فی الصحیح (ص ۱۱۸ ج ۲)، فقہاء کی ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ لفظ الحمد للہ سے نکاح منعقد نہیں ہوا، امداد الفتاویٰ ص ۲۳۲ ج ۲ اس سلسلہ میں قابلِ ملاحظہ ہے، اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوتا، البتہ غور وفکر کی دعوت دی ہے، فقط واللہ اعلم۔

جواب خیر المدارس ملتان:

صورتِ مسئولہ میں ایجاب کے بعد قبلت کے بجائے الحمد للہ کہنے سے نکاح کا انعقاد ہوجائے گا، جبکہ نکاح کرنے کا ارادہ ہو، خواہ علاقہ والوں کا عرف ہو یا نہ ہو، (فی الخلاصۃ امرأۃ قالت لرجل زوجت نفسی منك فقال الرجل بخدا وند گاری بپذیرفتم یصح النکاح ولو لم یقل الرجل ذلك ولکنہ قال شاباش ان لم یقل بطریق الطنز یصح

النکاح کذا قال القاضی الامام رخلاصۃ الفتاویٰ ص ۳ ج ۲) وکذا فی الھندیۃ ، ایجاب و قبول دونوں کا تملیکِ عین کے لئے موضوع ہونا ضروری نہیں، بلکہ صرف ایجاب کا ایسا ہونا کافی ہے، ورنہ قبلت کہنے سے بھی قبول معتبر نہ ہونا چاہئے، ولم یقل بہ احد، ہاں آئندہ کے لئے احتیاط لازم ہے کہ قبول کے لئے صریح لفظ استعمال کیا جائے کیونکہ معاملہ نکاح کا ہے،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب باسم ملہم الصواب

خیر المدارس کا جواب صحیح ہے، صرف کلمۂ ایجاب کا تملیکِ عین کے لئے موضوع ہونا کافی ہے، کلمۂ قبول میں یہ شرط نہیں، بلکہ قبول میں تو سرے سے کلام ہونا ہی ضروری نہیں، قبول بالعمل بھی متحقق ہو سکتا ہے، مزید برین خلاصۃ الفتاویٰ وعالمگیریہ میں ایسی صورت میں انعقادِ نکاح کا حکم صراحۃً موجود ہے،

امداد الفتاویٰ میں عدمِ انعقاد پر جس صورت سے استدلال کیا گیا ہے اس میں کلمۂ ایجاب یا "عرسی" ہے، جس کا تملیکِ عین کے لئے موضوع نہ ہونا واضح ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳ رشعبان سنہ ۱۴۰۴ھ

منکوحہ کی تعیین جس طرح بھی ہوجائے کافی ہے:

سوال: کیا نکاح پڑھاتے وقت مجلس میں لڑکی اور اس کے والد کا نام لینا ضروری ہے؟ اگر صرف لڑکی کا نام بتا دیا جائے یا صرف اس کے والد کا نام لے دیا جائے مثلاً یوں کہہ دیا کہ "زید کی صاحبزادی" تو نکاح صحیح ہوجائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

منکوحہ کی اس طرح تعیین ضروری ہے کہ شوہر اور گواہ بخوبی پہچان جائیں، کسی قسم کا کوئی اشتباہ نہ رہے، اگر لڑکی یا والد کے نام لئے بغیر ہی ایسی تعیین ہوگئی تو نکاح صحیح ہوگیا، مثلاً:

① لڑکی مجلس میں موجود ہو تو اس کی طرف اشارہ ہی کافی ہے، کسی کا نام لینے کی ضرورت نہیں،

② لڑکی مجلس میں نہیں مگر اس کے نام سے سب اُسے پہچانتے ہیں، اس نام کی کوئی دوسری لڑکی غیر شادی شدہ وہاں نہیں تو اس صورت میں صرف لڑکی کا نام لینا کافی ہے،

والد کا نام لینا ضروری نہیں،

③ کسی کی صرف ایک ہی لڑکی ہو یا زیادہ لڑکیاں ہوں مگر ایک کے سوا باقی سب شادی شدہ ہوں تو لڑکی کا نام لینا ضروری نہیں، صرف والد کا نام لینا کافی ہے، قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ ولا المنکوحۃ مجھولۃ) فلو زوّج بنتہ منہ ولہ بنتان لا یصح الا اذا کانت احداھما متزوجۃ فینصرف الی الفارغۃ کما فی البزازیۃ نھر، وفی معناہ ما اذا کانت احداھما محرمۃ علیہ فلیراجع رحمتی، واطلاق قولہ لا یصح دال علیٰ عدم الصحۃ ولو جرت مقدمات الخطبۃ علیٰ واحدۃ منھما بعینھا لتتمیز المنکوحۃ عند الشھود فانہ لا بد منہ رملی، قلت وظاھرہ انھا لو جرت المقدمات علیٰ معینۃ وتمیزت عند الشھود ایضا یصح العقد وھی واقعۃ الفتویٰ لان المقصود نفی الجھالۃ وذلک حاصل بتعینھا عند العاقدین و الشھود وان لم یصرح باسمھا کما اذا کانت احداھما متزوجۃ، ویؤیدہ ما سیأتی من انھا لو کانت غائبۃ وزوجھا وکیلھا فان عرفھا الشھود وعلموا انہ ارادھا کفی ذکر اسمھا والا لا بد من ذکر الاب والجد ایضا، ولا یخفی ان قولہ زوجت بنتی ولہ بنتان اقل ابھاما من قول الوکیل زوجت فاطمۃ ویأتی تمام ذلک عند قولہ وحضور شاھدین حرین وعند قولہ غلط وکیلھا (رد المحتار ص۲۸۸ ج۲) وقال تحت (قولہ وشرط حضور شاھدین) والظاھر ان المراد بالمعرفۃ ان یعرفھا ان المعقود علیھا ھی فلانۃ بنت فلان الفلانی لا معرفۃ شخصھا، وان ذکر الاسم غیر شرط، بل المراد الاسم او ما یعینھا مما یقوم مقامہ لما فی البحر، لو زوجہ بنتہ ولم یسمھا ولہ بنتان لم یصح للجھالۃ بخلاف ما اذا کانت لہ بنت واحدۃ الا اذا سماھا بغیر اسمھا ولم یشیر الیھا فانہ لا یصح کما فی التجنیس اھ، وفیہ عن الذخیرۃ اذا کان للمزوج ابنۃ واحدۃ وللقابل ابن واحد فقال زوجت ابنتی من ابنک یجوز النکاح، وان کان للقابل ابنان فلان سمی احدھما باسمہ صح الخ، وفیہ عن الخلاصۃ اراز وجھا اخوھا فقال زوجت اختی ولم یسمھا جاز ان کانت لہ اخت واحدۃ وانظر ما قدمناہ عند قولہ ولا المنکوحۃ مجھولۃ (رد المحتار ص۲۹۶ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۵ / محرم سنہ ۱۴۰۷ھ

ایجاب وقبول میں ایسے الفاظ ہونا شرط ہے جن سے انعقادِ نکاح کا علم ہو:

سوال: زید نے چند لوگوں کے سامنے ایک عورت سے کہا کہ میں تجھے ایسا وظیفہ بتاتا ہوں جس سے مشکلات آسان ہوجاتی ہیں، چنانچہ اسے یہ الفاظ بتائے، زوجت نفسی منك، پھر اس سے کہا کہ مجھے سناؤ، اس نے یہی الفاظ سنائے، تو زید نے کہا قبلت اب زید کہتا ہے کہ اس عورت کے ساتھ میرا نکاح ہوگیا ہے، حالانکہ نہ تو اس عورت کو ان الفاظ کا مفہوم معلوم ہوا اور نہ ہی حاضرین کو، اس بارے میں تحریر فرمائیں کہ حکم شرع کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ نکاح منعقد نہیں ہوا، اس کی دو وجہیں ہیں:

① یہ الفاظ کہنے سے عورت کا مقصد انشاءِ نکاح نہیں، بلکہ اس نے حکایۃً یہ الفاظ کہے ہیں۔

② انعقادِ نکاح کے لئے ایجاب وقبول میں ایسے الفاظ کہنا شرط ہے کہ ان سے متعاقدین اور گواہ انعقادِ نکاح کا علم رکھتے ہوں، قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالى وشرط حضور شاهدين حرين او حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معًا على الاصح فاهمين انه نكاح على المذهب بحر، وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى (قوله فاهمين الخ) قال في البحر جزم في التبيين بانه لو عقدا بحضرة هنديين لم يفهما كلامهما لم يجز وصححه في الجوهرة، وقال في الظهيرية والظاهر انه يشترط فهم انه نكاح واختاره في الخانية فكان هو المذهب، لكن في الخلاصة لو يحسنان العربية فعقدا بها والشهود لا يعرفونها اختلف المشايخ فيه والاصح انه ينعقد اهـ لقد اختلف التصحيح في اشتراط الفهم اهـ وحمل في النهر ما في الخلاصة على القول باشتراط الحضور بلا سماع ولا فهم اى وهو خلاف الاصح كما مر، ووفق الرحمتي بحمل القول بالاشتراط على اشتراط فهم انه عقد نكاح والقول بعدمه على عدم اشتراط فهم معانى الالفاظ بعد فهم ان المراد عقد النكاح (رد المحتار ص ۲۹۶ ج ۲) فقط والله تعالى اعلم۔

۵ محرم سنہ ۱۴۰۷ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ

حفظ الحیاء

بتحریم

متعۃ النساء

شیعہ قوم دجل وفریب اور مکاری وعیاری میں بس اپنی مثال آپ ہی ہے، انھوں نے بہت چابک دستی سے اپنے کئی عقائد واعمال مسلمانوں میں ٹھونس دیئے ہیں،

انہی مسائل میں سے ایک مسئلہ متعہ بھی ہے، شیعہ قوم مسلمانوں کے بڑے بڑے محققین کو یہ باور کرانے میں کامیاب ہوگئی ہے کہ ابتداء اسلام میں متعہ حلال تھا،

اس رسالہ میں قرآن وحدیث کے صریح ارشادات اور عقل ودانش کے واضح فیصلوں سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اسلام میں ایسی بے حیائی کی کبھی ایک لمحہ کے لئے بھی اجازت نہیں دی گئی،

تحقیق متعہ

سوال ؛ متعہ کی حرمت پر کیا دلیل ہے ، اور کس سنہ میں تحریم متعہ وقوع میں آئی ؟ بالتفصیل تحریر فرمائیں، بینوا توجروا ۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اہل تشیع میں مروجہ متعہ کی اجازت اسلام میں ہرگز کسی وقت بھی نہیں دی گئی، اسلام سے قبل زمانۂ جاہلیت میں یہ بدکاری مروّج تھی، اسلام میں اس کو ابتداء ہی سے حرام قرار دیا گیا، تحریم متعہ نصوص قرآنیہ سے ثابت ہے :-

① وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ (سورۂ مؤمنون ومعارج)، قرآن کریم نے حلت جماع کو دو چیزوں (زوجیت وملک یمین) میں منحصر فرما دیا، اور دو سورتوں میں مکرر لاکر تاکید فرمادی، زن متعہ ان دو صورتوں میں سے کسی میں بھی داخل نہیں، زوجہ اس لئے نہیں کہ لوازم زوجیت ؛ میراث، طلاق، عدت، نفقہ، کسوت، ایلاء، ظہار، امکان لعان اور حصول احصان بالوطء وغیرہ یہاں متحقق نہیں، اور ظاہر ہے کہ مملوکہ بھی نہیں ورنہ اس کی بیع، ہبہ اور تصدق واعتاق وغیرہ تصرفات جائز ہوتے، فانتفی الملزوم لانتفاء اللازم، علماء شیعہ بھی خود معترف ہیں کہ زن متعہ زوجیت میں داخل نہیں، چنانچہ کتاب اعتقادات ابن بابویہ میں تصریح ہے : اسباب حل المرأة عندنا اربعة النکاح وملك الیمین والمتعة والتحلیل الخ، وقد روی ابوبصیر فی الصحیح عن ابی عبد الله الصادق انه سئل عن المتعة اهی من الاربعة قال لا الخ

② فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ (سورۂ نساء) یعنی جب تعدد منکوحات سے کسی منکوحہ کی حق تلفی کا خوف ہو تو صرف ایک منکوحہ پر یا مملوکات پر اکتفاء کرو، آیت کریمہ میں ایسی صورتوں کا بیان کرنا مقصود ہے جن میں حق تلفی کا خوف نہ ہو، اور یہ معنی متعہ وتحلیل میں بنسبت منکوحہ ومملوکہ کے زیادہ ہے، کیونکہ مملوکہ کے کچھ ایسے حقوق ہیں جن کو ادا نہ کرنا ظلم ہے، بخلاف زن متعہ کے کہ اس کا سوائے اجرت مقررہ کے اور کوئی حق ہی نہیں، اور تحلیل میں تو یہ بھی نہیں، مفت کا سودا ہے، پس اگر متعہ وتحلیل مباح ہوتے تو

اس موقع پر ان کا ذکر ضرور ہوتا، کیونکہ ان میں حق تلفی کا کوئی خوف نہیں، لہٰذا معرضِ بیان میں سکوت سے حصر مستفاد ہے،

③ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (سورۂ مؤمنون) اگر متعہ و تحلیل کی اجازت ہوتی تو امرِ استعفاف کی کیا حاجت تھی؟

④ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (الیٰ قولہ) ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ (سورۂ نساء) اگر متعہ و تحلیل جائز ہوتے تو خوفِ زنا اور حاجتِ صبر کیسے متحقق ہوگی؟ اور عدمِ استطاعت حرّہ کی حالت میں نکاح مملوکہ کا حکم کیوں کر دیا گیا؟ حالانکہ متعہ بقانون "کل جدید لذیذ" زیادہ بہتر تھا،

⑤ قرآن کریم میں پہلے محرمات کا بیان ہے، بعد ازیں فرمایا: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَاءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ یعنی حلّتِ فرج کے لئے مہر و نفقہ وغیرہ مال خرچ کرنا ضروری ہے، اس میں تحلیلِ فرج اور ان کا اعارہ (جو کہ اہلِ تشیع کے نزدیک مباح ہے) باطل ہوگیا، کیونکہ تحلیل مفت کا سودا اور مالکِ فرج کا محض احسان ہے، اس کے بعد فرمایا "مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ" یعنی اس شرط سے نکاح جائز ہوگا کہ عورت کو اپنے لئے خاص کرنا اور دوسروں کے ساتھ ربط و تعلق پیدا کرنے سے اس کی حفاظت کرنا مقصود ہو، صرف قضاءِ شہوت اور اوعیۂ منی کا خالی کرنا منظور نہ ہو، پس اس شرط سے بطلانِ متعہ مصرّح ہے، کیونکہ زنِ متعہ تو ہر روز نئے یار کی طلبگار رہتی ہے، شرائطِ نکاح کے ذکر کے بعد حلِ نکاح پر تفریع فرماتے ہیں: "فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ" یعنی بعد نکاح کے اگر تم نے وطء سے استمتاع کیا ہے تو مہر کامل لازم ہو جائے گا، ورنہ نصف مہر دینا پڑے گا،

اہلِ تشیع آیۂ کریمہ "فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً" کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ متعہ کے بارہ میں ہے، مگر یہ سراسر غلط ہے، اور اس روایت کو عبد اللہ ابن مسعود و دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف منسوب کرنا محض افتراء ہے، اگرچہ یہ روایت اہلِ سنت کی بعض غیر معتبر تفاسیر میں بھی موجود ہے، اس کا باعث یہ ہے کہ شیعہ نے بعض جھوٹی روایات کو ایسی شہرت دی کہ بعض اہلِ حق بھی غلطی کھا گئے، جیسا کہ صاحب ہدایہ نے غلطی سے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف جوازِ متعہ کا قول منسوب کر دیا ہے، حالانکہ خود امام مالک نے

موطا میں تحریم متعہ کی روایات کی تخریج فرمائی ہے، کتب مالکیہ، مدونہ وغیرہ میں بھی تحریم متعہ کی تصریح ہے
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب یہ روایت نظم قرآنی کے خلاف ہے، اور
وہ تفسیر جو کہ نظم قرآنی کے خلاف ہو قبول نہیں کی جا سکتی، اگرچہ صحابی سے نقل کی جاتی ہو، اس
آیت کو ماقبل سے منقطع کرکے ابتداء کلام پر محمول کرنا باطل ہے، حرف فاء اپنے مدخول کو ماقبل
کے ساتھ مربوط کر رہا ہے، جس کی تفصیل ہم اوپر بیان کر چکے ہیں، ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
جو منقول ہے کہ وہ "فما استمتعتم به منهن الی اجل مسمّی" پڑھتے تھے اس کے جوابات یہ ہیں:۔

① اول تو اس روایت کی صحت کا یقین نہیں، کیونکہ کتب معتبرہ میں یہ روایت نہیں پائی جاتی،

② اگر یہ روایت ثابت بھی ہو جائے تو قراءت منسوخہ ہے، اور قراءت منسوخہ حجت نہیں ہو سکتی
خصوصاً جب کہ صریح آیات، اس شاذ و منسوخ قراءت کے مخالف ہیں،

③ اگر نسخ تسلیم نہ کیا جائے تو بھی اس میں متعہ پر کوئی دلالت نہیں، کیونکہ "الی اجل مسمّی"
استمتاع کے ساتھ متعلق ہے، عقد کے ساتھ متعلق نہیں، بخلاف متعہ کے کہ اس میں نفس عقد
کے لئے مدت متعین ہوتی ہے نہ کہ استمتاع کے لئے۔ اب آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر تم نے اپنی
منکوحہ کے ساتھ مدت معینہ تک استمتاع کیا ہے تو مہر واجب ہے، یعنی مہر مؤجل کا حکم بیان کیا
ہے، احکام القرآن میں ہے: لان الاجل یجوز ان یکون داخلا علی المهر فیکون تقدیرہ فما
دخلتم به منهن بمهر الی اجل مسمّی فاٰتوهن مهورهن عند حلول الاجل،
استمتاع کی قید کا فائدہ یہ ہے کہ عرف میں چونکہ مہر معجل عموماً نہیں دیا جاتا، بلکہ وجوب مہر کو
تمام عمر نکاح گزرنے سے معلق سمجھا جاتا ہے اس وہم کو رفع کرنے کے لئے قید بڑھائی، اور
اس امر کی وضاحت کر دی کہ تاجیل فی المہر عورت کی رضامندی اور اختیار سے ہو سکتی ہے،
ورنہ شرعاً ایک ہی وطء سے مہر واجب الاداء ہے، اگر "الی اجل مسمّی" کو عقد کے ساتھ متعلق
کیا جائے تو لازم آتا ہے کہ نزد شیعہ مدۃ العمر کے لئے متعہ درست نہ ہو، حالانکہ یہ باجماع شیعہ
درست ہے، نیز اس آیت کا سیاق یعنی "من لم یستطع منکم طولا" بھی نکاح کے بارہ
میں ہے، پس درمیانی جملہ کو سیاق و سباق سے منقطع کرکے متعہ پر محمول کرنا صریح تحریف قرآن ہے،

احادیث صریحہ صحیحہ سے بھی متعہ کی حرمت الی القیامۃ ثابت ہے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سے تحریم متعہ کی روایت اس قدر شہرت و تواتر تک پہنچ چکی ہے کہ حضرت حسن و محمد بن
الحنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تمام اولاد نے اسے روایت کیا ہے، بخاری، مسلم، موطا و دیگر کتب

حدیث میں متعدد طرق سے یہ روایات ثابت ہیں، بلکہ خود امامیہ شیعہ کی معتبر کتاب استبصار ج ۲ ص ۷۷ اور فروع کافی ج ۲ ص ۱۹۲ اور تہذیب میں بھی حضرت علی سے حرمتِ متعہ کی روایت موجود ہے ۔

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سُراغِ زندگی ؛ تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

شیعہ کہتے ہیں کہ "جنگ خیبر میں متعہ حرام ہوا تھا، مگر بعد میں جنگ اوطاس میں پھر حلال کر دیا گیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خلافت میں حرام کر دیا، حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح کر دیا تھا"، یہ محض غلط ہے، اگر متعہ حلال کر دیا گیا تھا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اُن کے قول تجویزِ متعہ پر زجر شدید کرنا اور ان کو رجل تائہ کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ ابتداء میں حرمتِ متعہ کی زیادہ اشاعت نہیں ہوئی تھی، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اظہار و اشاعت کی غرض سے متعہ پر تخویف و تہدید فرمائی، حتیٰ کہ ہر خاص و عام کو حرمت کا علم ہو گیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول تجویزِ متعہ صرف مضطر کے بارہ میں تھا، جیسا کہ مضطر کے لئے اکل المیتہ والخنزیر حلال ہے، پھر اس سے بھی رجوع فرما لیا، علاوہ ازیں نکاح باضمار نیتِ فرقت و نکاح موقت کو بھی متعہ کہا جاتا ہے، جیسا کہ فتح مکہ میں اجازت نکاحِ موقت کو اباحتِ متعہ سے تعبیر کیا گیا ہے، معلوم ہوتا ہو کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اباحت للمضطر اسی قسم کے نکاح سے متعلق تھی، خود ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول سے اس کی تائید ہوتی ہے، حیث قال کان الرجل یقدم البلدة لیس له بها معرفة فیتزوج المرأة بقدر ما یریٰ انه یقیم فتحفظ له متاعه وتصلح له شیئه (ترمذی ص ۱۳۳ ج ۱) وروی اسد الحارثی من طریق الخطابی الی سعید بن جبیر قال قلت لابن عباس لقد سارت بفتیاك الرکبان وقالوا شعرا قال وما قالوا قلت قالوا ے

فقلت للشیخ لما طال مجلسه ؛ یا شیخ هل لك فی فتیا ابن عباس
فی غیبة رخصة الاطراف انسة ؛ تکون مثواك حتی مصدر الناس

فقال سبحان الله ما بهذا افتیت انما هی کالمیتة والدم ولحم الخنزیر، هکذا ذکره الخطابی فی معالم السنن ص ۱۹۳ وایضا نقل الخطابی قبیل هذا ان ابن عباس کان یتأول فی اباحته للمضطر الیه لطول العزبة وقلة الیسار والجدة

ثم توقف عنہ وامسک عن الفتوی بہ، وروی الترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ قال انما کانت المتعۃ فی اول الاسلام حتی نزلت الآیۃ اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ، قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فکل فرج سواھما فھو حرام، اس سے یہ مراد نہیں کہ ابتداءً اسلام نے متعہ کی اجازت دی تھی، بلکہ مطلب یہ ہے کہ بوقت ابتداء اسلام جاہلیت کی یہ رسم تھی جس کو ابتداء ہی میں اسلام نے حرام کر دیا، آیتِ مذکورہ مکیہ ہے،

عقل و درایت کے لحاظ سے بھی بوجوہ ذیل متعہ قبیح و مذموم ہے:۔

(۱) دو نطفوں کا ایک رحم میں جمع کرنا باتفاق جمیع مذاہب ناجائز ہے، انسان کے لئے حیوانات سے مابہ الامتیاز حفاظتِ نسب ہے، پانچ چیزوں کی حفاظت کا اہتمام ہر ملت و مذہب میں ضروری ہے:

اولہا حفظ النفس، ثم حفظ الدین، ثم حفظ العقل، ثم حفظ النسب، ثم حفظ المال، اسی لئے شریعت نے قصاص، جہاد، اقامتِ حدود اور تحریم مسکرات و زنا و متعہ و سرقہ و غصب کی بہت تاکید فرمائی ہے

(۲) متعہ میں بے حیائی و بے غیرتی ظاہر ہے، حیاء و غیرت باجماع جملہ ملل محمود اور ان کی اضداد مذموم ہیں،

(۳) متعہ میں تضییع اولاد اور اس کا معنوی اہلاک ہے، کیونکہ ولد الزنا کی طرح زنِ متعہ کی اولاد کی تربیت کا کوئی کفیل نہیں ہوتا،

(۴) اگر مؤنث اولاد پیدا ہوئی تو اس کا نکاح کفو میں کرنے پر متعہ کرنے والا قادر نہیں ہوتا، غیر کفو میں نکاح کرنے سے ذلت و رسوائی ظاہر ہے،

(۵) متعہ میں یہ یادداشت ممکن نہیں کہ کس کس عورت سے متعہ کیا، اور اس کے متعہ سے کیا کیا اولاد پیدا ہوئی، خصوصاً سفر میں ناواقفیت کی حالت میں، پس ایسے حالات میں بہت دفعہ اپنے ہی نطفہ سے پیدا شدہ لڑکیوں سے نکاح یا متعہ واقع ہو سکتا ہے، علیٰ ہذا القیاس متعہ کے باعث بیٹیوں، پوتیوں، بہنوں، پھوپھیوں وغیرہ محرمات کے ساتھ وطء کا وقوع ہوتا رہتا ہے،

(۶) متعہ کی وجہ سے میراث کا حکم بالکل باطل ہو جاتا ہے، کیونکہ جس شخص نے متعدد دفعہ متعہ کیا ہے اس کے نطفہ سے پیدا ہونے والی اولاد کا کوئی علم نہیں ہو سکتا، کہ کہاں ہیں اور کتنی ہیں، تاکہ ان پر ترکہ تقسیم کیا جا سکے، اسی طرح پیدا شدہ اولاد کا ترکہ تقسیم نہیں ہو سکتا، کیونکہ

حفظ الحیاء ــــــــــ ۶

ان کے باپ اور بھائی بہنوں کا کوئی علم نہیں، اگر بعض وارثوں کا علم ہو بھی جائے تب بھی ان پر ترکہ تقسیم نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ جب تک جمیع ورثاء کی تعداد اور صفت ذکورۃ وانوثۃ کا علم نہ ہو اس وقت تک معلوم وارث کا حصہ بھی متعین نہ ہو سکے گا، غرضیکہ تحلیلِ متعہ کی وجہ سے احکامِ شریعت کا بطلان اور نوعِ انسانی میں فسادِ عظیم لازم آتا ہے، اسی وجہ سے حق تعالیٰ نے قرآن مجید میں حلِ وطء کو صرف دو ایسے سببوں (نکاح ظاہر التأبید اور ملکِ یمین) میں منحصر کر دیا ہے جن کی وجہ سے نوعِ انسانی مفاسدِ مذکورہ سے محفوظ رہ سکے،

(۷) نکاح میں اگرچہ تملیک عین البضع نہیں، بلکہ تملیک منافع البضع ہے، مگر اس کے باوجود نکاح کی مشابہت تملیک اعیان کے ساتھ ہے، اجارہ کے ساتھ نہیں، کیونکہ نکاح بالاتفاق بدون توقیت کے صحیح ہے، اور اجارہ بدون توقیت یا تعیینِ عمل کے فاسد ہوتا ہے، پس جب نکاح کی مشابہت تملیکاتِ اعیان کے ساتھ ہے تو جیسے بیع، ہبہ، صدقہ وغیرہ تملیکاتِ اعیان توقیت کی وجہ سے باطل ہو جاتے ہیں، اسی طرح نکاح کے لئے بھی توقیت مبطل ہے، پس جب نکاح متعہ کا بطلان ثابت ہوا تو متعہ اس سے بھی اقبح ہے، اور دینی و دنیوی مفاسد بھی،

تاریخ تحریم متعہ:

اس سے متعلق روایات میں بہت اختلاف ہے، مندرجہ ذیل مقامات پر تحریم متعہ روایات میں مذکور ہے:

(۱) غزوۂ خیبر محرم ۷ھ، اخرج البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ فی کتاب النکاح عن الحسن بن محمد بن علی واخیہ عبد اللہ عن ابیھما ان علیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن المتعۃ وعن لحوم الحمر الاھلیۃ زمن خیبر،

(۲) عمرۃ القضاء ذی الحجہ ۷ھ، کما فی روایۃ الحسن البصری اخرجھا عبد الرزاق من طریقہ وزاد ما کانت قبلھا ولا بعدھا وھٰذہ الزیادۃ منکرۃ من راویھا عمرو بن عبید وھو ساقط الحدیث وقد اخرجہ سعید بن منصور من طریق صحیحۃ عن الحسن بدون ھٰذہ الزیادۃ (فتح الباری)

(۳) غزوۃ الفتح رمضان ۸ھ، رواہ مسلم:

(۴) غزوۂ حنین شوال ۸ھ، اخرج النسائی والدارقطنی الحدیث الاول الذی

فیہ ذکر خیبر بروایۃ عبد الوہاب الثقفی عن یحیی بن سعید عن مالک وفیہ لفظ حنین مکان خیبر،

⑤ غزوۂ اوطاس شوال ۸ھ ، اخرجہا مسلم من حدیث سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

⑥ غزوۂ تبوک، رجب ۹ھ ، اخرجہا اسحٰق بن راھویہ وابن حبان من طریقہ من حدیث ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لما نزل بثنیۃ الوداع رأی مصابیح وسمع نساءً یبکین فقال ماھذا فقالوا یارسول اللہ نساءٌ کانوا تمتعوا منہن فقال ھدم المتعۃ النکاح والطلاق والمیراث واخرجہ الحازمی من حدیث جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیٰ غزوۃ تبوک حتی اذا کنا عند العقبۃ مما یلی الشام جاءت نسوۃ قد کنا تمتعنا بھن یطفن برحالنا فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکرنا ذلک لہ قال فغضب وقام خطیبا فحمد اللہ واثنی علیہ ونھی عن المتعۃ فتوادعنا یومئذ فسمیت ثنیۃ الوداع (فتح الباری)

⑦ حجۃ الوداع ۱۰ھ ، اخرجہا ابوداؤد من حدیث الربیع بن سبرۃ عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

وجوہ التوفیق :

وجوہ توفیق معلوم کرنے کے لئے مواردِ نہی کی تنقیح نمبروار کی جاتی ہے :

① غزوۂ خیبر،

(۱) حکی البیہقی عن الحمیدی ان سفیان بن عیینۃ کان یقول قولہ یوم خیبر متعلق بالحمر الاھلیۃ لا بالمتعۃ، ابن عیینہ سے بطرق متعددہ ثابت ہو کہ یوم خیبر میں صرف لحوم حمر سے نہی ہوئی متعہ سے نہیں،

(۲) یوم خیبر میں متعہ کا وقوع روایات سے ثابت نہیں، لہٰذا یوم خیبر میں متعہ سے نہی نہیں ہوسکتی،

(۳) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول جوازِ متعہ پر تردید میں فرماتے ہیں " انک رجل تائہ " اور حرمتِ متعہ پر اسی حدیث سے استدلال فرماتے ہیں، پس اگر یوم خیبر کو تحریم متعہ کا بھی ظرف قرار دیا جائے تو حضرت علی کا احتجاج

ابن عباس پر کیسے صحیح ہو سکتا ہے، جبکہ خیبر کے بعد فتح مکہ میں رخصتِ متعہ ثابت ہے،
حرمتِ متعہ سے یوم خیبر کے عدم تعلق کی یہ تینوں وجوہ درست نہیں،
پہلی اس لئے کہ بخاری کتاب المغازی وکتاب الذبائح وترک الحیل میں اور مسلم کی بھی متعدد روایات میں یوم خیبر کا تعلق صراحۃً متعہ کے ساتھ ہے،
دوسری اس لئے کہ خیبر میں وقوعِ متعہ کا ذکر اگرچہ روایات میں نہیں معہٰذا بوجوہِ ذیل یہ وجہ قابلِ قبول نہیں:

(۱) عدمِ علم یا عدمِ ذکر سے عدم وجود پر استدلال نہیں کیا جا سکتا،
(۲) نہی عن المتعہ کے لئے وقوعِ متعہ ضروری نہیں، مجاہدین کے سفر میں ہونے اور غربت کی وجہ سے وقوعِ متعہ کا احتمال تھا، اس لئے منع فرما دیا گیا،
(۳) ابن مسعود و سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ اجازتِ متعہ کی علت سفرِ جہاد میں مشقتِ غربت وحاجۃ النساء مع قلتہن تھی، لہٰذا فتحِ خیبر میں لونڈیوں کی کثرت کی وجہ سے نہی عن المتعۃ لارتفاع سبب الاباحۃ کا موقع تھا، اگرچہ خیبر میں متعہ واقع نہ ہوا ہو،
(۴) متعہ کی اباحت اُن مغازی میں تھی جو بعید المسافت ہوں، خیبر میں یہ علت موجود نہ تھی، کیونکہ مدینہ سے قریب ہے، لہٰذا نہی عن المتعہ کی ضرورت پڑی،

تیسری وجہ میں یہ احتمال ہے کہ شاید حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فتح مکہ والی رخصت کا علم نہ ہوا ہو، کیونکہ عنقریب ہی نہی واقع ہو چکی تھی، نیز فتح مکہ میں رخصت بھی صرف تین دن کے لئے دی گئی تھی، قرب نہی وقلتِ ایامِ رخصت کی وجہ سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رخصت کا علم نہ ہوا ہو، اس لئے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر خیبر والی روایت سے احتجاج فرمایا،
غرضیکہ یوم خیبر میں نہی عن المتعہ ثابت ہے، اور غزوۂ فتح میں الیٰ یوم القیامۃ کا لفظ اس پر قرینہ ہے کہ اس سے پہلے خیبر میں تحریم ہو چکی ہے، مگر الیٰ یوم القیامۃ نہ تھی، نیز اگر یوم خیبر کا تعلق صرف لحوم حمر کے ساتھ ہے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ متعہ کا ذکر کیوں فرمایا؟
مگر اس کا جواب یہ دیا جا سکتا ہے کہ ابن عباس چونکہ دونوں کی رخصت کے قائل تھے اس لئے حضرت علی نے دونوں کی تردید فرمائی،

۲ عمرة القضاء:

(۱) لایصح فیها الا ثر لکونه عن مرسل الحسن ومراسیله ضعیفة لانه کان یأخذ عن کل احد (فتح الباری)

(۲) علی تقدیر ثبوت ایام عمرة القضاء سے ایام خیبر مراد ہیں، لکونهما فی سنة واحدة،

۳ غزوة الفتح میں تین ایام کی رخصت کے بعد نہی مؤبد الی القیامہ صریح وصحیح احادیث سے ثابت ہے،

۴ غزوۂ حنین:

(۱) اس روایت کے طرق قویہ میں خیبر کا لفظ ہے، لہٰذا حنین کا لفظ راوی کی خطا ہے (فتح الباری)

(۲) اس روایت میں وقوع متعہ کا ذکر نہیں، صرف نہی مذکور ہے، لہٰذا تکرار نہی صرف تاکید و مزید اشاعت کے لئے ہے،

(۳) حنین و فتح مکہ ایک ہی سال میں ہیں، اس لئے فتح مکہ پر ایام حنین کا اطلاق کردیا گیا،

(۴) غزوۂ فتح والی رخصت ہی حنین میں بھی باقی تھی، اس سے نہی کی گئی، کیونکہ حنین فتح مکہ کے بعد متصل واقع ہوا ہے، مگر یہ توجیہ صحیح نہیں، کیونکہ مسلم وغیرہ کی صحیح احادیث میں مصرح ہے کہ مکہ سے نکلنے سے پہلے ہی متعہ قیامت تک کے لئے حرام کردیا گیا،

(۵) بعض نے کہا ہے کہ غزوۂ حنین اور غزوۂ اوطاس واحد ہے، لہٰذا جو توجیہ غزوۂ اوطاس سے متعلق آرہی ہے وہی حنین میں کی جائے گی، مگر صحیح یہ ہے کہ دونوں غزوے جدا جدا ہیں، فتح مکہ کے وقت کچھ قبائل مکہ سے بھاگ کر حنین میں جمع ہوگئے تھے، اس لئے حنین میں غزوہ واقع ہوا، پھر حنین سے کچھ قبیلے اوطاس کی طرف چلے گئے، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا قصد فرمایا،

۵ غزوۂ اوطاس:

(۱) اس میں فی غزوة اوطاس نہیں، بلکہ عام اوطاس ہے، اور اس سے غزوة الفتح مراد ہے،

(۲) بعض نے یہاں بھی وہی توجیہ بیان کی ہے، جو غزوۂ حنین کے بارہ میں ۴ کے تحت مذکور ہوئی، مگر اس کا صحیح نہ ہونا اوپر بیان ہوچکا ہے،

⑥ غـــزوۂ تبوک:

(۱) غزوۂ تبوک میں وقوعِ متعہ کی تصریح نہیں، ممکن ہے کہ تحریم سے پہلے ان عورتوں سے متعہ کرتے رہے ہوں، اور تو دلع اب واقع ہوئی ہو، اور نہی مزید تاکید کے لئے فرمائی گئی ہو،

(۲) نہی پہلے واقع ہوچکی تھی، مگر بعض نے نہی نہ پہنچنے کی وجہ سے رخصت سمجھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا غضبناک ہونا بھی اس پر دال ہے کہ نہی پہلے ہوچکی تھی، اور یہی صحیح ہے، (کما سیجئ ء)

(۳) تبوک کے بارہ میں دو روایتیں ہیں، ایک ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی، دوسری جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی، یہ دونوں روایتیں ضعیف ہیں، کیونکہ پہلی روایت میں مؤمل ابن اسمٰعیل عن عکرمۃ بن عمار کا واسطہ ہے اور یہ دونوں ضعیف ہیں، اور دوسری روایت میں عباد بن کثیر ضعیف ہے (فتح الباری)

⑦ حجۃ الوداع:

(۱) اس میں ربیع بن سبرہ سے خلط واقع ہوا ہے، انہی ربیع بن سبرہ سے فتح مکہ کے بارہ میں روایت اصح واشہر ہے، جب ایک ہی راوی سے ایک ہی قصہ میں متعارض الفاظ منقول ہوں تو ترجیح متعین ہے،

(۲) حجۃ الوداع والی روایت میں صرف نہی مذکور ہے، وقوعِ متعہ کا ذکر نہیں، لہٰذا محض تاکید و مزید اشاعت پر محمول ہوگی،

(۳) قال فی فیض الباری واما من ذکرھا فی حجۃ الوداع فقد تکلم بکلام یشبہ الاغلوطات فان المراد منہا متعۃ الحج (رفض الحج الی العمرۃ) دون متعۃ النساء (فیض الباری ج۴)

مندرجہ بالا تحقیق کا حاصل یہ ہے کہ تحریم متعہ کے مواضع میں سے صرف خیبر اور فتح مکہ صحیح طریقہ سے ثابت ہیں، خیبر سے متعلق بھی کچھ کلام گزر چکا ہے، یعنی بعض محدثین کا خیال ہے کہ یوم خیبر صرف لحوم حمر کے ساتھ متعلق ہے، اور جن روایات میں متعہ کے ساتھ متعلق معلوم ہوتا ہے ان میں راوی سے تقدیم و تاخیر واقع ہوگئی ہے، مگر مشہور یہ ہے کہ نسخ متعہ مرتین ہوا ہے، پہلے خیبر میں دوبارہ فتح مکہ میں، امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی یونہی منقول ہے، ماوردی نے حاوی میں اور نووی وغیرہما نے بھی اسی کو ترجیح دی ہے،

بعض نے یوں تطبیق دی ہے کہ مواضع مذکورہ میں فتح مکہ سے پہلے جتنے اماکن ہیں سب میں سببِ اباحت یعنی مشقت سفر بعید ہونے کی وجہ سے متعہ کی اجازت دے کر حاجت پوری ہوجانے کے بعد نہی فرماتے رہے، اور آخر میں فتح مکہ کے موقع پر تحریم مؤبد الی القیامہ کردی گئی، اس لئے تبوک کے سفر کے شروع ہی میں نہی کی گئی، باوجودیکہ تبوک میں مسافتِ بعیدہ ومشقتِ شدیدہ تھی، چونکہ نسخ کے بعد یہ پہلا سفر تھا، اس لئے احتیاطاً ابتداء سفر ہی میں منع فرمادیا، حدیث تبوک نسخ متعہ فی السفر کے لئے صریح دلیل ہے، اور حجۃ الوداع کے بارہ میں اگر ربیع بن سبرہ کی غلطی نہ بھی تسلیم کی جائے تو یہ نہی مزید تاکید پر محمول کی جائے گی،

مذکورہ بالا سب توجیہات سے زیادہ بہتر توجیہ یہ ہے، اور یہی صحیح ہے کہ تحریم متعہ مکہ ہی میں نازل ہوچکی تھی، چنانچہ نصوص محرمہ "اِلَّا عَلٰۤی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ" مکیہ ہیں، مگر اس کی اشاعت مکمل طور پر نہ ہوئی تھی، اس لئے بعد میں تاکید و مزید اشاعت کی غرض سے بار بار کئی مواضع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہی فرمائی، اور غزوۃ الفتح میں جو تین ایام تک اباحت کی روایت ہے اس میں متعہ کی اباحت نہیں، بلکہ نکاح موقت کی اباحت ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو صورۃً نکاح سمجھ کر اجتہاداً اجازت دیدی، مگر آپ کو بذریعہ وحی متنبہ کردیا گیا کہ یہ بھی معنیً متعہ ہے، تو آپ نے اس کو بھی حرام قرار دیا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۵ محرم سنہ ۷۳ھ

سوال مثل بالا:

سوال: ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ اسلام میں کبھی بھی متعہ کی اجازت نہیں دی گئی، حالانکہ صحیح روایات سے ثابت ہے کہ متعہ کی اجازت تھی، بعد میں نسخ واقع ہوا، پس ان مولوی صاحب کا خیال کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اباحت متعہ فی ابتداء الاسلام کا انکار حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہٗ نے بھی فرمایا ہے، مگر اس پر زیادہ زور حضرت مولانا انور شاہ صاحب قدس سرہٗ نے دیا ہے، آپ کی تحقیق فیض الباری میں بایں الفاظ منقول ہے: قلت وما ظهر لی فی هذا الباب وان لم یقله احد قبلی ان المتعة بالمعنی المعروف لم تکن فی الاسلام قط ولکنها کانت نکاحاً بمهر قلیل لا بنیة الاستدامة بل باضمار الفرقة فی النفس بعد حین والظاهر ان تحدید المهر

بعشرة دراهم كان بعده وهذا النوع من النكاح يجوز اليوم ايضاً الا انه يحظر عنه
ديانة لاضمار نية الفرقة ويؤيده ما عند الترمذى ص ۱۳۳ ج ۱ عن ابن عباس
رضى الله تعالىٰ عنهما باسناد فيه كلام كان الرجل يقدم البلدة ليس له بها معرفة
فيتزوج المرأة بقدر ما يرى انه يقيم فتحفظ له متاعه وتصلح له شيئه فهذا
صريح فى انه كان نكاحاً مع اضمار الفرقة واما التخصيص بثلاثة ايام كما فى بعض
الروايات فليس كما فهموه بل الوجه فيه ان المهاجرين لم يكونوا رخصوا فى اقامتهم
بمكة بعد الحج فوق ذلك فجاء اجازة المتعة لثلاثة ايام لهذا لا ان المتعة احلت
لثلاثة ايام فليس الفرق الا ان النكاح مع نية عدم الاستدامة كان مرخصاً فى
اول الامر ثم عاد الامر الى اصله كما كان ولم يرخص فيه ايضاً فهذا هو المتعة
عندى اما ان المتعة بالمعنى الذى زعموه فنما لا اراه ان يكون ابيح فى الاسلام
قط وقال بعضهم فى فسخ الحج الى العمرة ايضاً نحوه فانكروه رأساً كما انكروا المتعة
فى الاسلام غير انى تفردت بانكار المتعة اما فى فسخ الحج الى العمرة فقد سبق فيه
ناس قبلى واختار الجمهور انه كان ثم نسخ (فيض البارى ص ۱۳۸ ج ۴)۔

اور حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ آیۂ کریمہ اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ الخ کا نزول دو دفعہ مکہ ہی میں ہو چکا تھا، جس سے تحریم متعہ ظاہر ہے، مگر اس کی اشاعت نہ ہوئی تھی، اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بار اس تحریم کی اشاعت اور تاکید فرمائی، یہ کہیں ثابت نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نصوص قرآنیہ محرمۂ متعہ کے بعد متعہ کی اجازت دی ہو، فتح مکہ کے موقع پر جو اجازت مروی ہے وہ نکاحِ موقت کی تھی نہ کہ متعہ کی، نکاحِ موقت صورۃً نکاح ہے، اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجتہاداً اس کی اجازت دی تھی، مگر آپ کو وحی سے متنبہ کر دیا گیا کہ معنیً یہ بھی متعہ ہی ہے، تو آپ نے اس کی تحریم کا بھی اعلان فرمایا،

حاصل یہ کہ متعۂ شیعہ جیسی بے حیائی کی اسلام میں کبھی بھی اجازت نہیں دی گئی، یہ جاہلیت میں مروج تھا، اسلام نے شروع ہی سے اس کو حرام قرار دیا، البتہ متعۂ محرمہ میں نکاح باضمار نیتِ فرقت و نکاحِ موقت کا دخول منصوص نہ ہونے کی وجہ سے اس میں اجتہاد کی گنجائش تھی بعد میں بذریعہ وحی غیر متلو آیت محرمہ میں اس کا دخول بیان فرما کر اسکی حرمت بھی واضح کر دی گئی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

سلخ محرم ۷۳ھ

سوال مثل بالا:

سوال: جب آیات تحریم متعہ مکہ میں نازل ہو چکی تھیں اور متعہ کی اجازت مدینہ میں دی گئی تو ان آیات متقدمہ فی النزول سے تحریم متعہ پر استدلال کیسے صحیح ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ نے اس اشکال کے متعدد جواب تحریر فرمائے ہیں، جن میں سے بہترین جواب یہ ہے کہ تحریم متعہ وقتِ نزولِ نصوص ہی سے ہے، اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اباحتِ متعہ کی کوئی روایت نہیں، مگر چونکہ تحریم کی اشاعت بعض وجوہ سے مکمل طور پر نہ ہوئی تھی اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تکرارِ نہی اور اس کی تاکید کی اہمیت کو محسوس فرمایا اور بار بار کئی مواضع پر بغرض اشاعت وتاکید حکم قرآنی کی تبلیغ فرمائی، فتح مکہ میں جو تین روز تک اباحت کی روایت ہے اس میں اباحت نکاحِ موقت ہے، متعہ کی اباحت نہیں ہوئی،

بندہ کے نزدیک متعہ سے متعلق یہ تحقیق سب تحقیقات سے بڑھ کر ہے، اس کے بعد کسی دوسرے جواب کی ضرورت نہیں، معہٰذا تکمیلِ فائدہ کی غرض سے حضرت شاہ صاحب قدس سرہ کے جمیع جوابات نقل کئے جاتے ہیں:۔

ونصه واما الاستدلال بآية المؤمنين والمعارج على حرمة المتعة فقد نقل بالطرق الصحاح عن اكابر الصحابة رضى الله تعالى عنهم وفقهاء التابعين رحمهم الله تعالى منهم ابن عباس رضى الله تعالى عنهما كما فى المشكوٰة ومنهم عائشة الصديقة رضى الله تعالى عنها اخرج ابن المنذر وابن ابى حاتم والحاكم وصححه عن ابن ابى مليكة قال سألت عائشة عن متعة النساء فقالت بينى وبينكم كتاب الله فقرأت وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ (الى قوله) فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ اى ما زوجه الله اوملكه فقد عدى واخرج عبد الرزاق و ابوداؤد فى ناسخه عن القاسم بن محمد انه سئل عن المتعة فقال انى لارى تحريمها فى القرآن ثم تلا هٰذه الآية وكذا روى عن محمد بن كعب القرظى وعن قتادة وعن السدى وعن ابى عبد الرحمٰن السلمى وغيرهم من مشاهير التابعين فلا شبهة ان هاتين السورتين مكيتان ففى الاستدلال بهٰذه الآية الواقعة فيهما على تحريم المتعة

نوع اشکال والجواب عنہ من وجوہ :

الاوّل: ان ھذہ الآیۃ مدنیۃ وان کانت السورتان مکیتین وقولکم فی الاتقان انہ لیس فیہما آیۃ مدنیۃ قلنا الصحابۃ ومشاہیر التابعین اعرف بالناسخ والمنسوخ والمتقدم والمتأخر فاستدلالہم بہذہ الآیۃ علی حرمۃ المتعۃ اول دلیل علی کون الآیۃ مدنیۃ لایعارضہ ما فی الاتقان البتۃ ولاسیما المکی والمدنی عندہم یطلقان باعتبار الغالب فلعل ما فی الاتقان مبنی علی ما روی من الصحابۃ والتابعین من الحکم بکونہما مکیتین وھو لاینافی کون بعض آیاتہما مدنیا،

والثانی: ہب ان الآیۃ مکیۃ لکن فہم تحریم المتعۃ منہا متأخر فالناسخ ہذہ الآیۃ بعد لحوق البیان وھذہ المجموع لم یکن متحققا قبل التحریم فلاجرم نفی حکم المتعۃ علی الاباحۃ الاصلیۃ وتحقیق المقام ان بعض الآیات یدل علی بعض الاحکام بطریق الاشارۃ فاذا اراد اللہ تعالی وضوح الحکم المدلول علیہ بتلک الطریق اوحی الی الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان یبین للناس تلک الطریقۃ فیصیر الآیۃ حینئذ دالۃ علی ذلک الحکم دلالۃ الصریح ویتکلف بہ العوام والخواص ومتی اراد اللہ اخفاء ذلک الحکم لم یبین الرسول صلی اللہ علیہ وسلم تلک الطریق وان یفہم الخواص والاذکیاء ذلک الحکم فلایکون التکلیف بہ عاما مثالہ قولہ تعالی تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا فان توصیف الرزق بالحسن وترک ہذہ الوصف فی السکر یدل اشارۃ علی حرمۃ الخمر مع ان الآیۃ مکیۃ نزلت قبل تحریم الخمر بمدۃ مدیدۃ وکذا قولہ تعالی فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ، یدل اشارۃ بل صریحا علی حرمتہا لان دفع الضرر لاسیما اذا کان اخرویا دائما مقدم علی جلب النفع سیما اذا کان عاجلا دنیویا باجماع العقل والشرع ولہذا کان عمر رضی اللہ تعالی عنہ یدعو فی ہذا الباب ویقول اللّٰہم بین لنا فی الخمر بیانا شافیا دون ان یقول حرّم علینا الخمر فیصح استدلالہم ان ہذہ الآیۃ بعد بیان الرسول یدل قطعا علی حرمۃ المتعۃ وکانت قبل البیان دلیلا ظنیا اذ من المحتمل ان یکون المراد مما ملکت ایمانہم اعم من ملک الرقبۃ وملک المنافع فلایفہم تحریم المتعۃ قطعا،

بقی ہٰہنا اشکال صعب اصولی وھو انہ خلاف ما تقرر عندہم ان تأخیر البیان

عن وقت الحاجة لا یجوز عندهم وفی هذه الآیة یلزم ذلك،

قلنا المحذور من ذلك ما لولاه لم یفهم المعنی المتکلف به اصلاً کاقیموا الصلوٰة بلا بیان لصفة الصلوٰة اما اذا فهم اصل المعنی ولم یفهم بعض ما یدل علیه الکلام بطریق الاشارة فلا محذور فی ذلك اصلا،

والثالث، سلمنا ان هذه الآیة کانت دالة علی حرمة المتعة بلا حاجة الی البیان لکن کان حکمها مؤخراً فی التکلیف به الی زمان فلما جاء ذلك الزمان ثبت ذلك الحکم بتلك الآن وکانت الآیة ناسخة قبل الهجرة ووقع النسخ بها فی غزوة خیبر بسبب تأخیر حکمها الی ذلك الزمان کما صح عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال قوله تعالیٰ یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ ناسخة للامر بالمعروف والنهی عن المنکر فی آخر الزمان، والله اعلم فقط،

من فتح العزیز تحت قوله تعالیٰ اَوْ نُنْسِهَا فی سورة البقرة بعد ذکر قراءة الهمزة من الانساء وهو التأخیر والتحقیق ان الانساء سواء کان مهموزاً فی الاصل محققاً او ناقصاً یائیا من النسیان بمعنی الاغفال والاذهال امر غیر النسخ مقابل له مقابلة الصعود والهبوط فی الحرکات ومقابلة السلم والبیع المؤجل فی المعاملات وهو ان یقدم نزول الآیة علی حکمها ویتأخر حکمها عن تلاوتها الی مدة کما ان النسخ تقدم الحکم علی بقاء التلاوة وتأخیر التلاوة عن مدة بقاء الحکم وهو کثیر الوقوع فی الآیات، وبهذا القسم یرتفع الاشکال عما یروی من اکابر الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم انهم تمسکوا فی الاحکام المدنیة بالآیات المکیة کما روی ذلك بطریق الصحیح عن امیر المؤمنین علی کرم الله وجهه فی قوله تعالیٰ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی وَذَکَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی، انه اشارة الی اداء صدقة الفطر وتکبیرات العید وصلوٰة العید وکما روی عن امیر المؤمنین عمر رضی الله تعالیٰ عنه انه تمسك فی حرمة الطلا بقوله تعالیٰ فی النحل تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَکَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا وکما روی عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما انه تمسك فی حرمة المتعة بقوله تعالیٰ فی المؤمنین والمعارج فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ، بل هذا القسم فی غیر الاحکام ایضاً کما فی قصة سریة منذر بن عمرو الانصاری فانه نزلت الاشارة الیها بمکة فی قوله وَالْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا

الی قوله فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا، وتحقیق هذا الانساء ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم والمجتهدین من الصحابة ما کانوا یتفرغون لاستنباط احکام الوقائع المفروضة المقدرة بل یکتفون ببیان احکام الوقائع النازلة فمتی مالم یتفق وقوع واقعة لم یتوجهوا الی مأخذها ولم یستدلوا به فی استخراج حکمها فلاجرم بقی مأخذها علی ما کان علیه من الخمول والخفاء حتی اذا آن وقت بیان حکمها فی علم الله ووقعت واقعة تقتضی ذلک صرف الله اذهانهم الی ذلک المأخذ وتمسکوا به کما وقع ذلک فی قصة تطفیف اهل المدینة مکائلهم وتمسک النبی صلی الله علیه وآله وسلم بصدر سورة التطفیف ومن امعن بهذا الاصل استراح عن کثیر من التکلفات التی ارتکبها اهل التفسیر واهل الاصول کما لایخفی علی المتتبع،

ایضا من فتح العزیز تحت قوله تعالی فی المؤمنین فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْعٰدُوْنَ، فان قالوا ای الشیعة قد صح عندکم ان المتعة کانت مباحة الی زمن خیبر بعد نزول هذه الآیة فکیف یصح التمسک بها فی تحریمها قلنا ان اردتم بالاباحة الاباحة الشرعیة التی تتوقف علی فعل الرسول او قوله او تقریره منعنا کونها مباحة بهذا المعنی بعد نزول هذه الآیة اذلم ینقل لاعندنا ولا عندکم ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم اطلع علی متعة وقعت فقررها او اذن فیها ومعاذ الله ان یفعل هو واصحابه من ذلک شیئا فای دلیل لکم علی اثبات هذه الاباحة وان اردتم بالاباحة الاباحة الاصلیة اعنی عدم ورود النهی عنها صریحا فذلک انما کان اعتمادا علی هذه الآیات فانها مصرحة بتحریمها وکم من حکم صرح به فی القرآن ولم یتوجه النبی صلی الله علیه وآله وسلم الی تأکیده وشرحه وبسطه الابعد سنوح الحاجة الی ذلک من وقوع الواقعة او سؤال السائل ولما لم یتفق فی باب المتعة شیء من هذه الامور الی زمن خیبر لم یتعرض النبی صلی الله علیه وآله وسلم لتأکید حرمتها کما لم یتعرض لاکثر احکام النکاح والتزوج الی ان هاجر الی المدینة ووقعت فی ذلک وقائع یقتضی شرحها وبسطها نعم قد رخص النبی صلی الله علیه وآله وسلم عام اوطاس لاجل الضرورة فی النکاح الموقت لافی المتعة کما صرحت بذلک روایة عمران بن حصین وابی موسی الاشعری وغیرهما رضی الله تعالی عنهم مما هو فی صحیح مسلم وغیره من الصحاح قد رخص لنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عام اوطاس ان تنکح المرأۃ بالثوب الی اجل فھذا نص فی ان المأذون فیہ کان نکاحًا موقتا لامتعۃ وانما سماہ من سمی متعۃ مجازا او تشبیھا وانما اذن فیہ باجتھادہ حیث علم انہ نکاح فیہ شرط التأجیل وبسبب ذلک الشرط یشابہ المتعۃ فلما اوحی الیہ انہ فی المعنی کالمتعۃ لایجاب اختلال النسب وضیاع الاولاد وجھالۃ الوارث والمورث بادر الی تحریمہ ایضًا بعد ما ثبت تحریمًا مؤبدا فالمتعۃ لم تکن مباحۃ قط بعد نزول ھذہ الآیات الا مجازا حیث لم یقع التصریح بتحریمھا من جھۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فنھی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عنھا یوم خیبر کنھی عمر رضی اللہ تعالی عنہ فی خلافتہ فانھما نھیا تأکیدًا لا نھیا تشریعًا ھکذا ینبغی ان یفھم ھذا المقام فانہ من مزال الاقدام فقط (فتاوی عزیزی ص ۱۸ ج ۲) فقط واللہ تعالی اعلم۔

۱۴ جمادی الاولی ۷۹ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

القول الفاصل

بین

النکاح الفاسد والباطل

نکاح فاسد اور باطل کے درمیان کچھ فرق ہے؟

اگر ہے تو کیا؟

اس بارے میں حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کی تحریرات میں بہت اختلاف و اضطراب پایا جاتا ہے، اس رسالہ میں حضرت مؤلف علام دامت برکاتہم کی نظرِ عمیق نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ نکاحِ فاسد و باطل کی تعریف اور ان کے احکام میں کیا فرق ہے؟

نکاح فاسد و باطل میں فرق کی تحقیق:

سوال: نکاح فاسد و باطل کے احکام میں کچھ فرق ہے یا نہیں؟ اور ان کی تعریف کیا ہے؟ بینوا بیانا شافیا توجروا اجرا وافیا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

قال فی شرح التنویر وعدۃ المنکوحۃ نکاحا فاسدا، فلا عدۃ فی باطل، وفی الشامیۃ (قولہ نکاحا فاسدا) ھی المنکوحۃ بغیر شھود ونکاح امرأۃ الغیر بلا علم بانھا متزوجۃ ونکاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد عندہ خلافا لھما فتح (قولہ فلا عدۃ فی باطل) فیہ انہ لا فرق بین الفاسد والباطل فی النکاح بخلاف البیع کما فی نکاح الفتح والمنظومۃ المحبیۃ لکن فی البحر عن المجتبی کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ کالنکاح بلا شھود فالدخول فیہ موجب للعدۃ اما نکاح منکوحۃ الغیر ومعتدتہ فالدخول فیہ لا یوجب العدۃ ان علم انھا للغیر لانہ لم یقل احد بجوازہ فلم ینعقد اصلا فعلی ھذا یفرق بین فاسدہ وباطلہ فی العدۃ ولھذا یجب الحد مع العلم بالحرمۃ لکونہ زنا کما فی القنیۃ وغیرھا اھ، قلت ویشکل علیہ ان نکاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد کما علمت مع انہ لم یقل احد من المسلمین بجوازہ و تقدم فی باب المھر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدۃ وثبوت النسب و مثل لہ فی البحر ھناک بالتزوج بلا شھود وتزوج الاختین معا او الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ والخامسۃ فی عدۃ الرابعۃ والامۃ علی الحرۃ اھ (رد المحتار ص ۸۳۵ ج ۲)

وفی باب المھر من شرح التنویر ویجب مھر المثل فی نکاح فاسد وھو الذی فقد شرطا من شرائط الصحۃ کشھود بالوطء فی القبل لا بغیرہ، وفی الشامیۃ عن المحیط تزوج ذمی مسلمۃ فرق بینھما لانہ وقع فاسدا اھ فظاھرہ انھما لا یحدان وان النسب یثبت فیہ والعدۃ ان دخل بحر، قلت لکن سیذکر الشارح فی آخر فصل فی ثبوت النسب عن مجمع الفتاویٰ نکح کافر مسلمۃ فولدت منہ لا یثبت النسب منہ ولا تجب العدۃ لانہ نکاح باطل اھ، وھذا صریح فیقدم علی المفہوم فافہم ومقتضاہ الفرق بین الفاسد والباطل فی النکاح لکن فی الفتح قبیل التکلم

علیٰ نکاح المتعة انه لا فرق بینهما فی النکاح بخلاف البیع نعم فی البزازیة حکایة قولین فی ان نکاح المحارم باطل او فاسد والظاهر ان المراد بالباطل ما وجوده کعدمه ولذا لا یثبت النسب ولا العدة فی نکاح المحارم ایضاً کما یعلم مما سیأتی فی الحدود وفسر القهستانی هذا الفاسد بالباطل ومثله بنکاح المحارم الخ (وبعد اسطر) والحاصل انه لا فرق بینهما فی غیر العدة اما فیها فالفرق ثابت وعلیٰ هذا فیقید قول البحر هنا ونکاح المعتدة بما اذا لم یعلم بانها معتدة لکن یرد علیٰ ما فی المجتبیٰ مثل نکاح الاختین معاً فان الظاهر انه لم یقل احد بجوازه ولکن لینظر وجه التقیید بالمعیة والظاهر ان المعیة فی العقد لا فی ملک المتعة اذ لو تأخر احدهما عن الاٰخر فالمتأخر باطل قطعاً (رد المحتار ص ۴۸۲ ج ۲)

تحقیق بالا سے مندرجہ ذیل امور مستفاد ہوئے :-

(۱) نکاح فاسد و باطل کے درمیان صرف وجوبِ عدت میں فرق ہے، باقی احکام وجوبِ مہر وسقوطِ حد وغیرہ میں کوئی فرق نہیں،

(۲) نکاح فاسد کی تعریف "کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ" اور نکاح باطل کی تعریف "مالم یقل احد بجوازہ"

(۳) اس تعریف کا نکاح المحارم ومعتدۃ الغیر ونکاح الاختین معاً سے منقوض ہونا،

(۴) ہر سہ نقوض کا جواب،

بندہ کے خیال میں نقضِ اوّل وثالث کے جواب میں اشکال ہے، نقضِ اول کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ نکاح محارم باطل ہے، موجبِ عدّت نہیں، چنانچہ شامیہ کتاب الحدود میں ہو وحاصله ان عدم تحقق الحل من وجه فی المحارم لکونه زنا محضاً یلزم منه عدم ثبوت النسب والعدة ولا یلزم منه عدم الشبهة الدارئة للحد ولا یخفی ان فی هذا ترجیحاً لقول الامام (رد المحتار، ج ۳ ص ۲۱۲) غرض یہ کہ امام رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ نکاح دارءِ حد ہونے میں نکاح فاسد کی طرح ہے، کیونکہ سقوطِ حد میں نکاح فاسد و باطل برابر ہیں، کوئی فرق نہیں، حقیقت میں یہ نکاح باطل ہے، اسی لئے موجب عدّت نہیں، ا

اس جواب پر شامیہ کے اس جزئیہ سے اشکال پیدا ہوتا ہو "من المشایخ من التزم وجوبهما" وایضاً فیها روی عن محمد رحمه الله تعالیٰ انه قال سقوط الحد عنه لشبهة

حکمیۃ فیثبت النسب وھکذا ذکر فی المنیۃ وھذا صریح بان الشبھۃ فی المحل وفیھا یثبت النسب علی ما مرّ اھ، قلت وفی ھذا زیادۃ تحقیق لقول الامام لما فیہ من تحقیق الشبھۃ حتی ثبت النسب ویؤیدہ ما ذکرہ الخیر الرملی فی باب المھر عن العینی ومجمع الفتاوی انہ یثبت النسب عندہ خلافا لھما (رد المحتار ص ۲۱۳ ج ۳)

اور نقضِ ثالث کے جواب پر یہ اشکال ہے کہ نکاح الاختین متعاقباً میں بھی نکاحِ ثانی بعد الوطء موجبِ عدت ہے، کما فی الھندیۃ وان تزوجھما فی عقدتین فنکاح الاخیرۃ فاسد (الی قولہ) وان فارقھا بعد الدخول فلھا المھر ویجب الاقل من المسمی ومن مھر المثل وعلیھا العدۃ ویثبت النسب ویعتزل عن امرأتہ حتی تنقضی عدۃ اختھا کذا فی محیط السرخسی (عالمگیریۃ ج ۲)

حاصل یہ کہ نکاح باطل وفاسد کی مذکور تعریف غیر سالم ہے، بندہ جہاں تک عبارات میں غور کرنے سے سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ اگر بلا لحاظ خصوصیتِ عاقد فی نفسہ محلِ عقد ہی موجود نہ ہو تو نکاح باطل ہے، کنکاح منکوحۃ الغیر مع العلم بانھا متزوجۃ، کیونکہ آنِ واحد میں اجتماع الملکین ناممکن ہے، اور اگر محلِ عقد تو موجود ہے مگر خصوصیتِ عاقد یا فقدانِ شرط کی وجہ سے ممنوع ہے تو نکاح فاسد ہوگا، کنکاح المحارم، اس میں منع خصوصیتِ عاقد کی وجہ سے ہے، فی نفسہ محلِ عقد موجود ہے، یہ تعریف بیع باطل وفاسد سے قریب تر ہونے کے علاوہ عبارات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ سے بھی مؤیَّد ہے، قال فی الشامیۃ فی باب العدۃ ویمکن الجواب عن السمرقندی انہ حمل المنکوحۃ نکاحًا فاسدًا علی ما سقط منہ شرط الصحۃ بعد وجود المحلیۃ کالنکاح الموقت او بغیر شھود اما منکوحۃ الغیر فھی غیر محل اذ لا یمکن اجتماع ملکین فی آن واحد علی شیء واحد الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۸۳۷) وایضاً فی حدود الشامیۃ مدار الخلاف علی ثبوت محلیۃ النکاح للمحارم وعدمہ فعندہ ھی ثابتۃ علی معنی انھا محل لنفس العقد لا بالنظر الی خصوص عاقد لقبولھا مقاصدہ من التوالد فاورث شبھۃ ونفیاہ علی معنی انھا لیست محلا لعقد ھذا العاقد فلم یورث شبھۃ (رد المحتار ص ۲۱۲ ج ۳)

اس تعریف کی بناء پر نکاح المحارم ونکاح الاختین فاسد ہوگا، لہٰذا موجبِ عدت ہی، اور نکاح منکوحۃ الغیر مع العلم بانھا متزوجۃ باطل ہے، اس لئے موجبِ عدت نہیں، اور نکاح المعتدۃ مع العلم بانھا معتدۃ حقیقت میں تو باطل ہونا چاہئے، مگر بعض دفعہ قربِ شئ پر بھی وجودِ شئ کا حکم لگ جاتا ہے،

جیساکہ مرض الموت میں ورثہ کا حق ترکہ سے متعلق ہوجاتا ہے، اس لحاظ سے معتدہ کے نکاح کو فاسد بھی کہا جاسکتا ہے، کیونکہ معتدہ عنقریب ہی محلِ عقد بننے والی ہے، اس لئے اس میں ایجابِ عدت میں احتیاط ہے،

نکاح المسلمۃ بالکافر تعریف مذکور کی بنا پر فاسد ہونا چاہیے، مگر اس بارے میں حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کی آراء میں اختلاف پایا جاتا ہے،

محیط میں اس کو فاسد قرار دیا گیا ہے، اس کے مطابق علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ نکاح مثبتِ نسب وموجبِ عدت ہے، کما نقل العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی باب المھر عن المحیط تزوج ذمی مسلمۃ فرق بینھما لانہ وقع فاسدًا اھ فظاھرہ انھما لا یحدان وان النسب یثبت فیہ والعدۃ ان دخل بحر (رد المحتار ج ۲ ص ۴۸۲)

اور مجمع الفتاویٰ میں اس نکاح کا بُطلان تحریر ہے قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ فی اٰخر فصل فی ثبوت النسب قلت وفی مجمع الفتاوی نکح کافر مسلمۃ فولدت لا یثبت النسب منہ ولا تجب العدۃ لانہ نکاح باطل، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ لانہ نکاح باطل) ای فالوطء فیہ زنا لا یثبت بہ النسب بخلاف الفاسد فانہ وطء بشبھۃ فیثبت بہ النسب ولذا تکون بالفاسد فراشًا لا بالباطل رحمتی واللہ سبحانہ اعلم (رد المحتار ج ۲)

وجوہ التوفیق :

① محیط میں فاسد سے باطل مراد ہے وھذا الاطلاق شائع فی البیوع،

② محیط میں کافر ذمی کا ذکر ہے اور مجمع الفتاویٰ میں کافر سے غیر ذمی مراد ہے،

③ مجمع الفتاویٰ کا جزئیہ قول صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ پر مبنی ہے:

وَجہ الترجیح :

قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی باب المھر بعد نقل الفساد عن المحیط والبطلان عن مجمع الفتاوی وھذا ای ما فی المجمع من حکم البطلان) صریح فیقدم علی المفھوم فافھم (رد المحتار ج ۲ ص ۴۸۲)

کلامِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قول بطلان ہی راجح ہے اس کے مطابق نکاح باطل کی تعریف مذکور پر وارد ہونے والے نقض کا جواب یوں ہوسکتا

ہے کہ مسلمہ بالنسبۃ الی جنس الکافر محلِ عقد نہیں، جیساکہ خمر وخنزیر کی بیع اس لئے باطل ہے کہ بالنسبۃ الی جنس المسلم مال نہ ہونے کی وجہ سے محلِ عقد نہیں،

کافر کے لئے مسلمہ کے محلِ عقد نہ ہونے کی دو وجہیں ہیں:

① یہ منصوص ہے قال اللہ تعالیٰ وَلَنْ یَّجْعَلَ اللّٰہُ لِلْکٰفِرِیْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ سَبِیْلًا۔

② کافر ملحق بالمیت ہے کما صرح وابہ فی مواضع کثیرۃ،

ایک امر کی تنقیح تاحال باقی ہے وہ یہ کہ نکاح منکوحۃ الغیر مع العلم بانہا متزوجۃ مسقطِ حد ہے یا نہیں؟

علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے بحر عن المجتبیٰ عن القنیۃ وغیرہا سے نقل فرمایا ہے کہ اس صورت میں حد لگائی جائے گی وقد مناہ نصہ فی اول البحث،

مگر دوسری تصریحات کے پیشِ نظر سقوطِ حد کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، چنانچہ اوپر اس امر کی تصحیح گذر چکی ہے کہ نکاح باطل وفاسد میں صرف حقِ عدت میں فرق ہے، بقیہ احکام میں کوئی فرق نہیں، لہٰذا مسقطِ حد ہونے میں بھی فرق نہ ہوگا، چنانچہ شامیہ کتاب الحدود میں سقوطِ حد کی تصریح موجود ہے: لو عقد علی منکوحۃ الغیر او معتدتہ او مطلقۃ الثلاث او امۃ علی حرۃ او تزوج مجوسیۃ او امۃ بلا اذن سیدہا او تزوج العبد بلا اذن سیدہ او تزوج خمسا فی عقدۃ فوطئہن او جمع بین الاختین فی عقدۃ فوطئہما او الاخیرۃ لو کان متعاقبا بعد التزوج فانہ لاحد وھو بالاتفاق علی الاظہر (وبعد سطرین) انما یحد عندہما فی ذات المحارم لا فی غیر ذلک کمجوسیۃ وخامسۃ ومعتدۃ، وکذا عبارۃ الکافی للحاکم تفیدہ حیث قال تزوج امرأۃ ممن لا یحل لہ نکاحہا فدخل بہا لاحد علیہ وان فعلہ علی علم لم یحد ایضا ویوجع عقوبۃ فی قول ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وقالا ان علم بذلک فعلیہ الحد فی ذوات المحارم اھ فعمم فی المرأۃ علی قولہ ثم خص علی قولہما بذوات المحارم (رد المحتار ج ۳ ص ۲۱۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۰ رمضان المبارک ۷۴ھ یوم الجمعۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ

حِکمۃُ الازدواج
باربع ازواج

اللہ تعالیٰ نے ایک مرد کو چار بیویوں کی اجازت دی ہے

اُس کی حِکمت

عقل و نقل کی روشنی میں

حکمۃ تعدد الازدواج والحصر فی الاربع

اقتباس از ارشاد القاری الی صحیح البخاری، مؤلفہ حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم

عقلاً ونقلاً وتجربۃً وقیاساً ہر لحاظ سے یہ امر مسلّم ہے کہ مرد میں عورت کی بنسبت شہوت کئی گنا زیادہ ہے،

شرعاً اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک مرد کو چار بیویوں کا اختیار دیا ہے، اگر عورت میں شہوت زیادہ ہوتی تو اس کا برعکس ہونا چاہئے تھا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے لئے بہت سی وعیدیں بیان فرمائی ہیں جبکہ وہ مرد کے بلانے پر ہمبستری کے لئے راضی نہ ہوں، اگر عورت میں شہوت زیادہ ہوتی تو مردوں کے لئے ایسی وعیدیں آنی چاہئے تھیں،

عقلاً اس لئے کہ مرد کا مزاج گرم ہے جو سبب شہوت ہے اور عورت کا مزاج سرد ہے،

تجربۃً اس لئے کہ کوئی شخص اس کا قائل نہیں اور اس کی مثال پیش نہیں کر سکتا کہ عورت ہمبستری کی دعوت دے اور مرد انکار کرے، اس کے برعکس اس کی مثالیں روزانہ پیش آتی رہتی ہیں کہ مرد بلاتا ہے عورت راضی نہیں ہوتی،

قیاساً اس طریقہ سے کہ دوسرے حیوانات میں یہ امر مشاہد ہے کہ ایک مذکر سیکڑوں مؤنث کے لئے کافی ہوجاتا ہے،

اگر عورت میں شہوت زیادہ ہوتی یا برابر ہی ہوتی تو شہر کا ہر گلی کوچہ شب و روز زناکاری کا بازار ہوتا، بازار میں ہر مرد کا عورتوں کی طرف طبعی میلان ہوتا ہے، الا المتقین، اگر عورت کی جانب سے بھی ایسا ہی میلان پایا جائے تو بدفعلی سے مانع کیا چیز ہوگی؟ خصوصاً جس حکومت میں بدفعلی جرم نہ ہو، اور لڑکیوں کے والدین اور اقربین اسے نفرت کی نگاہوں سے نہ دیکھتے ہوں،

قرآن کریم میں اَلزَّانِیَۃُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَۃَ جَلْدَۃٍ پر بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ زانیہ کی تقدیم اس کی دلیل ہے کہ اس میں شہوت زیادہ ہوتی ہے،

مگر ان مفسرین کا یہ خیال صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ خیال عقل و نقل اور تجربہ و قیاس سب کے خلاف ہے،

مزید برآں مرد میں کثرتِ احتلام اور عورتوں میں اس کا وجود کالعدم ہونا بھی بیّن دلیل ہے کہ عورت میں شہوت کالعدم ہے، ان امور سے ثابت ہوا کہ مرد میں شہوت زیادہ ہے،

بعض علماء کو ایک مسئلہ فقہیہ سے بھی مغالطہ ہوا ہے، وہ یہ کہ نظر الرجل الی المرأۃ کی بنسبت نظر المرأۃ الی الرجل اخف ہے، جس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ عورت میں شہوت زیادہ ہے، لہٰذا مرد کے دیکھنے سے اگر مرد میں بھی شہوت پیدا ہوگئی تو فتنہ زیادہ ہے، اس کے برعکس اگر عورت نے دیکھا تو چونکہ مرد میں شہوت کم ہے لہٰذا فتنہ کا کوئی احتمال نہیں،

اس مسئلہ کی یہ توجیہ بھی سراسر غلط ہے، حقیقت یہ ہے کہ مرد کے مفتون ہونے کی صورت میں چونکہ اس کی کامیابی سہل ہے، اس لئے کہ مرد کے پاس تحصیلِ مقصد کے ذرائع موجود ہوتے ہیں، قلتِ حیاء، کثرتِ شہوت، قوتِ قلب اور مال وزر، قوتِ جسم اور آزادی سے آنا جانا یہ امور اس کے مقصد کی تکمیل میں معاون ہوتے ہیں، اس کے برعکس عورت کی نظر مرد کی طرف اس قدر خطرناک نہیں، اس لئے کہ اوّلاً تو ان میں قلتِ شہوت کی بناء پر فتنہ کا احتمال نہیں، اور ثانیاً شاذ و نادر یہ نظر موجبِ شہوت ہو بھی جائے تو کثرتِ حیاء، قلب و جسم کا ضعف اور قلتِ مال، آمد و رفت کا تعسّر، یہ ایسے امور ہیں کہ ان کی بناء پر عورت اپنی بُری خواہش کو پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتی،

آیۂ کریمہ میں زانیہ کی تقدیم کی وجہ بھی یہی ہے کہ قلتِ شہوت، کثرتِ حیاء، کثرتِ موانع، اور قلتِ ذرائع کے ہوتے ہوئے عورت کا زنا میں مبتلا ہونا نہایت ہی قبیح ہے، لہٰذا اس کی تقبیح اور تشنیعِ شان کی غرض سے اُسے مقدم ذکر کیا،

پس ثابت ہوا کہ مرد کی کثرتِ خواہش کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے لئے متعدد بیویاں ہوں، نیز کثرتِ نساء و قلتِ رجال منقول ہونے کے ساتھ مشاہد بھی ہے، اوّلاً تو عورت کی پیدائش زیادہ ہے اور مَردوں کی کم، ثانیاً عالمگیر جنگوں میں مرد ہی تباہ و برباد ہوتے رہتے ہیں، پس اگر تعددِ ازدواج کا مسئلہ تسلیم نہ کیا جائے تو عورتوں کی مکافات کے لئے اتنے مرد کہاں سے آئیں گے؟

اب رہا حصر فی الاربع کا مسئلہ اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن و حدیث سے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ عورت چار مہینے تک نفسانی خواہش کو ضبط کر سکتی ہے، چنانچہ قرآن میں مسئلۂ ایلاء اور عدت متوفی عنہا زوجہا اس پر بیّن دلیل ہے، ایلاء میں چار ماہ سے زیادہ مدت تک مرد کا

بیوی کے پاس نہ جانا چونکہ ظلم تھا، اس لئے شریعت نے چار ماہ کے بعد عورت کو خیار دیدیا، اسی طرح جاہلیت میں عدتِ وفات ایک سال تھی، شریعت نے اسے ظلم قرار دیتے ہوئے چار مہینے دس دن سے زائد مدّت کو ساقط کردیا،

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کے وقت کسی گلی میں سے گذر رہے تھے، کان میں کسی عورت کی آواز پڑی جو یہ شعر پڑھ رہی تھی سہ

فواللہ لولا اللہ تخشی عواقبہ لزحزح من ھذا السریر جوانبہ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وجہ دریافت فرمائی تو معلوم ہوا کہ اس کا شوہر مدتِ طویلہ سے جہاد میں گیا ہوا ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ سمجھدار عورتوں کی شوریٰ بلاکر یہ طے کرو کہ عورت کتنی مدت تک ضبط کرسکتی ہے، چنانچہ متفقہ طور پر یہ طے پایا کہ چار ماہ کی مدت تک عورت صبر کرسکتی ہے، بناءً علیہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قانون بنادیا کہ اس مدت سے زیادہ کوئی شادی شدہ سپاہی جہاد میں نہ رہے،

اسی کے پیشِ نظر فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا ہے کہ چار مہینے میں ایک دفعہ ہمبستری کرنا دیانۃً فرض ہے،

اور مرد کے لئے مدتِ ضبط شرعاً منقول نہیں، مگر کئی ایک معاملات میں مدّتِ شہر کو کثیر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ بیع سلم اور عند البعض اختلافِ مطالع میں مدتِ شہر کا اعتبار کیا جاتا ہے، نیز ایک ماہ میں قمر اپنا دَور کامل کرلیتا ہے، جس کا انسانی خون پر اثر ہوتا ہے، اس لحاظ سے ثابت ہوتا ہے کہ مرد کی قوتِ برداشت کی انتہاء ایک مہینہ ہے، اور عورت کی چار ماہ، دونوں کے تناسب سے معلوم ہوا کہ ایک مرد کے لئے چار بیویاں کافی ہوسکتی ہیں،

نیز یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ وطء سے مقصد توالد ہے اور موجبِ توالد وہ وطء ہوتی ہے جو حیض کے بعد ہو، اور انقطاعِ حیض کے بعد مرد کے لئے شہوت صادق بھی ہوتی ہے، حیض عام طور پر تندرست عورت کو مہینہ میں ایک دفعہ آتا ہے، اس بناء پر مرد ہر مہینہ میں ایک وطء کا محتاج ہے، اور عورت چار مہینے میں، تو ثابت ہوا کہ ایک زوج کے لئے چار بیویوں کی ضرورت ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

بابُ المحرماتُ

عورت اور اس کے شوہر کی بیٹی کو جمع کرنا جائز ہے:

سوال: ایک شخص کی دو بیویاں تھیں، پہلی بیوی سے لڑکی پیدا ہوئی، بعد میں یہ شخص فوت ہوگیا، اب سوال یہ ہے کہ متوفی کی پہلی بیوی کی مذکورہ لڑکی اور متوفی کی دوسری بیوی دونوں سے کوئی شخص شادی کرتا ہے، کیا یہ شرعاً جائز ہے؟ بینوا توجروا

الجواب ومنه الصدق والصواب

جائز ہے، قال فی العلائیة حرم الجمع وطأ بملك يمين بين امرأتين ايتهما فرضت ذكرا لم تحل للاخرى ابدا (الى قوله) فجاز الجمع بين امرأة وبنت زوجها او امرأة ابنها او امة ثم سيدتها لانه لو فرضت المرأة او امرأة الابن او السيدة ذكرا لم يحرم بخلاف عكسه، وفى الشامية (قوله لم يحرم) اى التزوج فى الصور الثلاث لان الذكر المفروض فى الاولى يصير متزوجا بنت الزوج وهى بنت رجل اجنبى الخ (رد المحتار ص ۳۰۹ ج ۲) فقط والله تعالى اعلم۔

۱۷ر شوال سنہ ۷۱ھ

عورت اور اس کے باپ کی بیوی کو جمع کرنا جائز ہے:

سوال: محمد رحیم نے دو عورتوں زینب اور زلیخا سے نکاح کیا، زلیخا سے ایک لڑکی رحیمہ پیدا ہوئی، جس کا صدیق سے نکاح کر دیا، اس کے بعد محمد رحیم فوت ہوگیا، اب صدیق اپنے خسر محمد رحیم کی منکوحہ زینب سے بھی نکاح کرنا چاہتا ہے، جو درحقیقت اس کی ساس نہیں، بلکہ ساس کے مقابلہ میں ہے، اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

صدیق کا زینب سے نکاح درست ہے، قال فی الهندیة ويجوز بين امرأة وبنت زوجها، (عالمگیریة ج ۲) فقط والله تعالى اعلم۔

۳ر محرم سنہ ۷۲ھ

عورت اور اس کی بھانجی کی لڑکی کو جمع کرنا حرام ہے :

سوال ؛ ایک شخص نے اپنی بیوی کی زندگی میں اپنی سالی کی نواسی سے نکاح کرلیا ہے، یہاں بعض علماء اس نکاح کو جائز اور بعض ناجائز کہتے ہیں، حضرت تحریر فرمائیں کہ یہ نکاح جائز ہے یا نہیں ؟ اگر ناجائز ہو تو نکاح خواں کے بارہ میں کیا حکم ہے ؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

دوسرا نکاح صحیح نہیں ہوا، زوج پر لازم ہے کہ دوسری بیوی کو چھوڑ دے، اگر دوسری بیوی سے ہمبستری بھی ہوئی ہو تو اس پر عدت اور شوہر پر مہر مقرر و مہر مثل میں سے اقل لازم ہے، اس عدت میں شوہر پر نفقہ وسکنیٰ واجب نہیں، جب تک اس بیوی کی عدت نہ گذر جائے اُس وقت تک پہلی بیوی سے ہمبستر ہونا جائز نہیں، نکاح خواں سے اگر یہ فعل لاعلمی کی وجہ سے ہوا ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، اور اگر حرمت کا علم رکھتے ہوئے اس نے یہ فعل کیا ہے تو سخت گنہگار ہوا، اس پر توبہ فرض ہے، قال فی الهندیة فی القسم الرابع من المحرمات، والاصل ان کل امرأتین لو صورنا احدٰهما من ای جانب ذکرا لم یجز النکاح برضاع اونسب لم یجز الجمع بینهما هکذا فی المحیط (وبعد اسطر) وان تزوجهما فی عقدتین فنکاح الاخیرة فاسد، ویجب علیه ان یفارقها ولو علم القاضی بذلك یفرق بینهما فان فارقها قبل الدخول لا یثبت شیء من الاحکام وان فارقها بعد الدخول فلها المهر ویجب الاقل من المسمّٰی ومن مهر المثل وعلیها العدة ویثبت النسب ویعتزل عن امرأته حتی تنقضی عدة اختها کذا فی محیط السرخسی، وایضًا فیها فی القسم الاول من المحرمات (وکذا بنات الاخ والاخت وان سفلن (الٰی ان قال) وخالات آبائه وامهاته (عالمگیریة) فقط واللّٰه تعالٰی اعلم،

۲ ربیع الاول ۷۲ھ

دو عورتوں میں حُرمتِ جمع کا ضابطہ :

سوال ؛ بیوی کے وہ کونسے رشتے ہیں جہاں ایک شخص بیوی کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں کرسکتا؟ مثلاً بیوی کی بہن، اس سے مزید جو رشتے ہوں اُن کی بھی وضاحت فرمائیں، بینوا توجروا،

۱؎ اس کی تفصیل کتاب النکاح میں عنوان "نکاح فاسد میں متارکت کی تفصیل" کے تحت ملاحظہ ہو ۱۲

الجواب باسم ملهم الصواب

ایسی دو عورتیں کہ ان میں سے جس کو بھی مذکر فرض کیا جائے تو اس پر دوسری ہمیشہ کے لئے حرام ہو، ان دونوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے، جیسے پھوپھی بھتیجی اور خالہ بھانجی وغیرہ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۶ رجمادی الاولیٰ ۹۳ھ

بیوی خسر سے زنا کا اقرار کرتی ہے مگر شوہر تصدیق نہیں کرتا:

سوال: بہو کہتی ہے کہ مجھے خسر زنا پر مجبور کرتا رہا ہے، شوہر نابالغ ہے، اس لئے اب تک صحبت نہیں کی، خسر رات کو خلوت میں زبردستی بوس وکنار کرتا ہے، اور بازو سے پکڑ کر اندر لے جانے کے لئے زور سے کھینچتا ہے، مگر میں باہر نکل آتی ہوں، اس حالت میں یہ عورت اپنے شوہر پر حرام ہو گئی یا نہیں؟ خسر کے اس فعل پر کوئی گواہ نہیں، خسر کہتا ہے کہ لڑکا نابالغ ہے، مگر مجھے اپنا گھر آباد کرنا ہے، لیکن لڑکی نوجوان ہے، اور خسر کے گھر ہرگز جانے کو تیار نہیں، کھلم کھلا کہتی ہے، ہاں اتنا کہتی ہے کہ علیحدہ مکان میں شوہر کے پاس رہنا قبول ہے، خسر کے ساتھ نہ رہوں گی،

الجواب ومنه الصدق والصواب

صرف عورت کے کہنے سے یہ عورت شوہر[۱] پر حرام نہ ہوگی، بلکہ اگر خسر بھی اقرار کرے تو بھی حرام نہ ہوگی، البتہ اگر شوہر بعد البلوغ تصدیق کرے تو حرمت ثابت ہو جائے گی، نابالغ کی تصدیق معتبر نہیں، بعد البلوغ تصدیق کرنے سے خود بخود نکاح نہ ٹوٹے گا، بلکہ ضروری[۲] ہے کہ شوہر زبان سے طلاق یا چھوڑنے کے الفاظ کہے، عورت کی طرف سے جدا مکان کا مطالبہ صحیح ہے، اگر خرابی کا کوئی اندیشہ نہ ہو تو بھی عورت کو جدا رہنے کا مطالبہ کرنے کا حق ہے، اب جبکہ خرابی کا گمان ہے تو ضروری ہے کہ اس عورت کو خسر سے جدا رکھا جائے، ساتھ رہنے پر مجبور کرنا گناہ ہے،

نقل فی الھندیۃ عن المحیط رجل قبل امرأۃ ابیہ بشھوۃ او قبل الاب امرأۃ ابنہ بشھوۃ وھی مکرھۃ وانکر الزوج ان یکون بشھوۃ فالقول قول الزوج وان صدقہ الزوج وقعت الفرقۃ الخ (عالمگیریۃ ۲۷۶ ج ۱)

---

[۱] عورت کے لئے حکم حرمت ونکاح ثانی کی تفصیل تتمہ میں ہے ۱۲

[۲] اس کی تفصیل کتاب النکاح میں عنوان "نکاح فاسد میں متارکت کی تفصیل" کے تحت ملاحظہ ہو ۱۲

وفی الشامیۃ وعلی ھذا ینبغی ان یقال فی مسّہ ایاھا لاتحرم علی ابیہ وابنہ الا ان یصدقاہ او یغلب علی ظنھما صدقہ ثم رأیت عن ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ مایفید ذلک اھ (رد المحتار ج ۲)

وما فی کتاب الاقرار من العلائیۃ اقر حر مکلف یقظان طائعاً او عبد او صبی او معتوہ مأذون لھم ان اقروا بتجارۃ (الی قولہ) صح، وفی الشامیۃ تحت (قولہ ان اقروا بتجارۃ) دون مالیس منھا کالمھر والجنایۃ والکفالۃ الخ (رد المحتار ج ۴)

وفی التنویر وبحرمۃ المصاھرۃ لایرتفع النکاح حتی لایحل لھا التزوج الا بعد المتارکۃ وانقضاء العدۃ، وفی الشامیۃ والمتارکۃ لاتتحقق الا بالقول ان کانت مدخولا بھا (رد المحتار ج ۲)

وفی التنویر وکذا تجب لھا السکنی فی بیت خال عن اھلہ واھلھا بقدر حالھما (رد المحتار ج ۲)

وفی الشامیۃ (قولہ والصھرۃ الشابۃ) قال فی القنیۃ ماتت عن زوج وام فلھما ان یسکنا فی دار واحدۃ اذا لم یخافا الفتنۃ وان کانت الصھرۃ شابۃ فللجیران ان یمنعوھا منہ اذا خافوا علیھما الفتنۃ (رد المحتار ج ۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۱ ربیع الاول ۷۲ھ

چچی حلال ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو حالتِ حمل میں طلاق دی، اب زوج اول کا بھتیجا اس عورت کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

وضعِ حمل کے بعد نکاح کرسکتا ہے، قال اللہ تعالیٰ بعد ذکر تفصیل المحرمات ’’واحل لکم ماوراء ذلکم‘‘ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ ذیقعدہ ۷۲ھ

ممانی حلال ہے:

سوال: ماموں کی وفات کے بعد ماموں کے بھانجے ماموں کی بیوی کے محرم رہتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ماموں کی حیات میں بھی محرم نہیں، ممانی پر پردہ فرض ہے اور ماموں کی وفات کے بعد اس سے نکاح جائز ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۰؍شوال ۸۷ھ

باپ کی چچازاد حلال ہے:

سوال: باپ کی چچازاد سے شرعاً نکاح جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

جائز ہے، قال اللہ تعالیٰ بعد ذکر المحرمات وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ، وفی شرح التنویر واما عمة عمة امه وخالة خالة ابیه حلال کبنت عمه وعمته وخاله وخالته لقوله تعالیٰ وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ، قلت لما حلت بنت العم فبنت عم الاب بالاولیٰ، ونظیر ھذا ما استدل به ابن عابدین رحمه اللہ تعالیٰ حیث قال تحت (قوله واما عمة عمة امه الخ) واخت زوج الام تحرم فاخت زوج الجدة بالاولیٰ (رد المحتار ج ۲) وقال فی الفتح وفروع اجداده وجداته لبطن واحد فلهذا تحرم العمات والخالات وتحل بنات العمات والاعمام والخالات والاخوال (فتح ج ۲) قلت حاصله ان حرمة فروع الاجداد والجدات مقصورة علی البطن الاول لا تتجاوز الی البطن الثانی فلا تحرم بنت عم الاب لکونها من البطن الثانی لان البطن الاول من فروع اب الجد هو عم الاب، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۸؍ذیقعدہ ۷۲ھ

بیٹے کی منکوحہ حرام ہے:

سوال: منکوحۂ ابن جس سے ابن نے وطء اور خلوتِ صحیحہ نہیں کی اسے اگر ابن طلاق دے تو اس سے اس کا باپ نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

یہ عورت شوہر کے باپ کے لئے حلال نہیں، اگرچہ شوہر نے وطء یا خلوتِ صحیحہ نہ کی ہو، قال فی العلائیة (و) زوجة اصله وفرعه مطلقاً ولو بعیداً دخل بها اولا، وفی الشامیة وتحرم زوجة الاصل والفرع بمجرد العقد دخل بها اولم یدخل (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱؍ربیع الاول ۷۲ھ

دادا کی بیوی کی لڑکی حلال ہے:

سوال؛ زید نے شادی کی، اس سے ایک لڑکا عمر پیدا ہوا، پھر زید نے پہلی بیوی کے فوت ہونے پر دوسری عورت سے شادی کی، اور اس کے بعد زید فوت ہو گیا، اور اس کی دوسری بیوی نے دوسرا عقد کر لیا بکر سے، اس بکر سے اس عورت کے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی، تو زید کی پہلی بیوی سے پیدا شدہ لڑکے (عمر) کا لڑکا زید کی دوسری بیوی کی اس لڑکی سے جو بکر سے پیدا ہوئی نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

عمر کے لڑکے کا نکاح اس کے دادا (زید) کی دوسری بیوی کی لڑکی (جو بکر سے پیدا ہوئی ہے) سے جائز ہے، قال فی العلائیة وزوجة اصله وفرعه مطلقاً ولو بعیدا دخل بها اولا واما بنت زوجة ابیه او ابنه فحلال (رد المحتار ج ۲) قلت لما حلت بنت زوجة الاب فبنت زوجة الجد بالاولیٰ، فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم،

۲۵ ربیع الاول سنہ ۷۲ھ

ماں کے شوہر کی پوتی حلال ہے:

سوال؛ سوال بالا میں جو صورت مذکور ہے اس میں زید کی دوسری بیوی کا لڑکا جو بکر سے پیدا ہوا عمر کی لڑکی سے شادی کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

بکر کے لڑکے کے لئے اس کی والدہ کے شوہر اول (زید) کی پوتی (عمر کی لڑکی) حلال ہے، قال فی الشامیة تحت (قوله واما بنت زوجة ابیه او ابنه فحلال) وکذا بنت ابنها بحر قال الخیر الرملی ولا تحرم بنت، زوج الام الخ (رد المحتار ج ۲) قلت لما حلت بنت زوج الام فبنت ابنه بالاولیٰ کما نقل عن البحر بعد حلة بنت زوجة الاب حلة بنت ابیها، فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم،

۲۵ ربیع الاول سنہ ۷۲ھ

زانی و مزنیہ کی اولاد کا آپس میں نکاح جائز ہے:

سوال؛ ایک شخص نے اپنے بھائی کی بیوی سے زنا کیا، اب سوال یہ ہے کہ ان دونوں بھائیوں کی اولاد کا نکاح آپس میں ہو سکتا ہے یا نہیں؟ جو کہ زانی اور مزنیہ کی اولاد ہیں، بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

جائز ہے، قال فی الشامیة ویحل لاصول الزانی وفروعه اصول المزنی بها وفروعها (رد المحتار ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۵ رجب سنہ ۷۲ھ

رضاعی بھائی بہن کی اولاد کا نکاح آپس میں جائز ہے:

سوال: ایک شخص نے بچپن میں ایک عورت کی والدہ کا دودھ پیا، اب ان رضیعین کی اولاد کا نکاح آپس میں ہو سکتا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

جب نسبی بھائی بہن کی اولاد ایک دوسرے کے لئے حلال ہے تو رضاعی کی حلت میں کیا شبہ ہے؛ فانه یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب، وقال اللہ تعالیٰ وَاُحِلَّ لَکُمۡ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمۡ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۸ رجب سنہ ۷۲ھ

بھائی کی رضاعی بہن حلال ہے:

سوال: زید نے ہندہ کی والدہ کا دودھ پیا، تو زید کے بھائی کا نکاح ہندہ سے جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

جائز ہے، قال فی العلائیة وتحل اخت اخیه رضاعا یصح اتصاله بالمضاف کان یکون له اخ نسبی له اخت رضاعیة الخ (رد المحتار ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۸ رجب سنہ ۷۲ھ

حرمتِ مصاہرت کے لئے شہوت کی حد:

سوال: ایک شخص رات کو بیوی کی چارپائی پر گیا، اور اسے بیدار کرنے کے لئے بوسہ دیا، اُس وقت اُسے شہوت بالکل نہ تھی، بوسہ دینے کے بعد معلوم ہوا کہ بیوی کی چارپائی پر اُس کی جوان لڑکی ہے، تو اس حالت میں اس شخص پر اس کی بیوی حرام ہو گئی یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب ومنه الصدق والصواب

جانبین میں سے کسی ایک میں بوقت مس شہوت پیدا ہو جائے تو حرمت ثابت ہو جاتی

ہے، اس کے بعد شہوت کا کوئی اعتبار نہیں، شہوت کی حد ایسے مرد میں جس کی صحت ایسی ہو
کہ عموماً بوقتِ شہوت اسے انتشار ہوتا ہو یہ ہے کہ بوقت مس انتشار ہو جائے، اور پہلے سے
انتشار ہو تو اس میں زیادتی ہو جائے، ایسے مرد میں جسے خرابیٔ صحت کے باعث بوقت شہوت
عموماً انتشار نہ ہوتا ہو، اور اسی طرح عورت میں حدِ شہوت یہ ہے کہ قلب میں حرکت مشوشہ
پیدا ہو جائے، اگر پہلے سے حرکت ہو تو زیادہ ہو جائے، پس اگر سائل میں شہوت کی حد مذکور
نہیں پائی گئی، اور قرائن سے یہ بھی ظن غالب ہو کہ لڑکی میں بھی اس وقت شہوت پیدا نہیں
ہوئی تو حرمت ثابت نہ ہوگی، اور نہ ہی لڑکی سے تحقیق کی ضرورت ہے، البتہ اگر لڑکی میں شہوت
پیدا ہو جانے کا گمان ہو تو اس سے تحقیق کی جائے، اگر وہ اقرار شہوت کرے اور باپ کو اس کے
صدق کا ظن غالب ہو تو حرمت ثابت ہو جائے گی،

قال فی شرح التنویر والعبرة للشهوة عند المس والنظر لا بعدهما وحدها فیهما
تحرك آلته او زیادته وبه یفتی وفی امرأة ونحو شیخ کبیر تحرك قلبه او زیادته
وفی الشامیة قال فی الفتح ثم هذا الحد فی حق الشاب اما الشیخ والعنین فحدهما
تحرك قلبه او زیادته ان کان متحرکا لا مجرد میلان النفس فانه یوجد فیمن لا
شهوة له اصلا کالشیخ الفانی ثم قال ولم یحد الحد المحرم منها ای من المرأة
واقله تحرك القلب علی وجه یشوش الخاطر اه وایضا فیها تحت (قوله واصل
ماسته) وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بان یصدقها ویقع فی اکبر رأیه صدقها
وعلی هذا ینبغی ان یقال فی مسه ایاها لا تحرم علی ابیه وابنه الا ان یصدقاه
او یغلب علی ظنهما صدقه ثم رأیت عن ابی یوسف رحمه الله تعالیٰ ما یفید ذلك
(رد المحتار ص۳۸۵ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۳ رجمادی الاولیٰ ۷۵ھ

مس بالشہوۃ میں وجود حائل یاد نہیں تو حرمت مصاہرت ثابت ہوگئی:

سوال: ایک شخص نے اپنی ساس کا ارادۂ بد اور شہوت سے بازو پکڑا، اس سے
زیادہ بوس و کنار وغیرہ کچھ نہیں ہوا، اب یہ یاد نہیں کہ مس کے وقت بازو پر کپڑا تھا یا نہیں تو اس
صورت میں اس شخص کا نکاح مذکورہ عورت کی لڑکی سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس صورت میں اگرچہ مس بلا حائل کا یقین نہیں تاہم وجوہ ذیل سے حرمت ثابت ہوگئی،

(۱) جملہ احتمالات تین ہیں:

(۱) مس بلاحائل (۲) مس بحائل لایمنع الحرارۃ (۳) مس بحائل مانع،

اوّل الذکر دو احتمال موجبِ حرمت ہیں، اور آخری ایک احتمال غیر موجب ہے، لہٰذا ترجیح حرمت کو ہوگی، لتعدد موجبها ونظیرہ ما فی باب الصرف من بیوع الهدایة حیث قال وجهة الصحة من وجه وجهة الفساد من وجهین فترجحت (ہدایہ ص۱۰۸ ج۳)

(۲) عموماً ہاتھ کلائی میں ڈالا جاتا ہے جس پر کپڑا ہونا بعید اور خلاف ظاہر ہے،

(۳) قول حیلولہ میں مقر کا فائدہ ہے، لہٰذا اس میں نفس وشیطان کے فریب کا گمان ہے،

(۴) اگر محرم ومبیح دونوں احتمال مساوی ہوتے تو بھی اصولاً ترجیح محرم کو ہوتی، معہٰذا اگر حائل مانع حرارت کا ظن غالب ہو تو نکاح کی گنجائش ہے، مگر مشتبہات سے احتراز بہرحال اَولیٰ ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۹ ذی الحجہ ۷۵ھ

زنا سے متولدہ لڑکی زانی کے بھائی کے لئے حلال ہے:

سوال: صبیہ متولدہ من الزنا زانی کے بھائی پر حلال ہے یا حرام؟ فتح، بحر، اور شرح التنویر کے باب محرمات میں اس کی حرمت مذکور ہے، اور خود کتب مذکورہ کی کتاب الرضاع میں حلال لکھا ہے، جس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ یہ بنت زانی کا جزء ہے، اس کے بھائی یا چچا کا جزء نہیں، اس پر یہ شبہہ ہے کہ زانی کے بھائی کا اگرچہ حقیقی جزء نہیں تاہم شبہ الجزء تو ہے، چنانچہ ثابت النسب بنت بھی اسی وجہ سے اپنے عم پر حرام ہے، غرضیکہ ثابت النسب وغیر ثابت النسب میں وجہ فرق کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

فصل محرمات میں بھی دونوں قول مذکور ہیں، منحۃ الخالق میں علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر سے حلّت کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، ونصه والظاهر ان ما نقله المؤلف عن الفتح هنا مبنی علی ما قررہ من حرمة البنت من الزنا بصریح النص فتدخل فی قوله تعالیٰ وَبَنَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ فتحرم علی العم وعلی الخال بصریح النص وهو استنباط حسن ولکن ان کان منقولاً فهو مقبول والا فیتبع المنقول فی التجنیس واللہ تعالیٰ اعلم (البحر الرائق ص ۹۲ ج ۳)

وجہ الفرق یہ معلوم ہوتی ہے کہ بنت ثابت النسب اب کا حقیقۃً جزء ہے، اور چچا کی

جزئیت کا شبہہ ہے، اس لئے حرام ہوئی، اور غیر ثابت النسب چونکہ ماء محترم سے پیدا نہیں ہوئی اس لئے اس میں شریعت نے حقیقتِ جزء کا تو اعتبار کیا کہ زانی پر حرام ہے، مگر شبہۂ جزئیت کا اعتبار نہ کیا، لہٰذا اس کے بھائی کے لئے حلال ہے، نیز یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ نطفۂ زنا کا شریعت نے اعتبار نہیں کیا، اسی لئے یہ بنت ثابت النسب اور وارث نہیں ہے مگر معہذا حقیقۃً زانی کا جزء ہے اگرچہ شرعاً غیر معتبر ہے، پس اس میں شبہۂ جزئیت پیدا ہو گیا، جو حرمت کے لئے کافی ہے، لہٰذا زانی پر حرام ہوئی، اور زانی اور اس کے بھائی کے درمیان شبہۂ جزئیت ہے تو زانی کی بنت اور بھائی کے درمیان شبہۃ شبہۃ الجزئیۃ ہوا جو معتبر نہیں، لہٰذا بھائی کے لئے حلال ہے،

قولِ حرمت صرف اس صورت میں ہے کہ زنا سے ولادت تک زانی نے مزنیہ کو اپنے قبضہ میں رکھا ہو، ورنہ اُس لڑکی کا اُس زانی کے نطفہ سے تولد متیقن نہیں، لہٰذا یہ زانی کے بھائی کے لئے بالاتفاق حلال ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ رجب ۷۵ھ

ربیبہ رضاعیہ کا حکم:

سوال: اگر کسی شخص نے عورت ذات لبن کو طلاق دی، اس عورت نے کسی دوسری لڑکی کو دودھ پلایا، پھر اس مرضعہ نے زوج ثانی سے نکاح کیا، تو یہ رضیعہ زوجِ ثانی کے لئے حلال ہوگی؟ قیاس تو حرمت کو چاہتا ہے، کیونکہ لبن اگرچہ زوجِ ثانی سے نہیں مگر یہ رضیعہ زوجِ ثانی کے لئے ربیبہ کے حکم میں ہے، شامیہ ج ۲ ص ۴۲۲ پر درمختار کی یہ عبارت طلق ذات لبن فاعتدت وتزوجت بآخر فحبلت وارضعت فحکمہ من الاول لانہ منہ بالیقین فلا یزول بالشك ویکون ربیبا للثانی بھی اسی پر دال ہے، مگر شامیہ میں اسی موقع پر (قولہ فتح) کے تحت صورت مسئولہ میں حلت تحریر فرمائی ہے ونصہا وان مافی الخلاصۃ من انہا لو ارضعت لابلبن الزانی تحرم علی الزانی مردود لان المسطور فی الکتب المشھورۃ ان الرضیعۃ بلبن غیر الزوج لا تحرم علی الزوج کما تقدم فی قولہ طلق ذات لبن الخ وکلام الخلاصۃ یقتضی تحریمہا بالاولی الخ، نیز شامی نے طلق ذات لبن الخ سے حلت ثابت کی ہے، حالانکہ اسی عبارت سے حرمت ثابت ہوتی ہے، کیونکہ اس عبارت میں زوجِ ثانی کے لئے ربیب ہونے کی تصریح ہے، بینوا بیانا شافیا توجروا اجرا وفیا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ لڑکی زوج ثانی کی ربیبہ ہے، اس لئے بیوی سے وطء کے بعد اس پر حرام ہوجائیگی، قبل الدخول حرام نہیں، ان المسطور فی الکتب المشہورۃ الخ میں حرمت لبن فحل کی نفی مقصود ہے، ربیبہ ہونے کی وجہ سے بعد الدخول حرمت ثابت ہوجائے گی، قال ابن الھمام رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ الا ام اختہ من الرضاع) لہ ابن من النسب لہ اخت من الرضاع بان ارتضع مع اجنبیۃ من لم تکن امرأۃ ابیہ حلت لابیہ لانہا لیست بنتہ من الرضاع ولا ربیبتہ (فتح القدیر ص ۸ ج ۳) وفی رضاع الشامیۃ تحت (قولہ ولبن بکر) والحرمۃ لا تتعدی الی زوجہا حتی لو طلقہا قبل الدخول لہ ان یتزوج برضیعتہا لان اللبن لیس منہ قہستانی ط اما لو طلقہا بعد الدخول فلیس لہ التزوج بالرضیعۃ لانہا صارت من الربائب التی دخل بامہا بحر عن الخانیۃ (رد المحتار ص ۴۴۳ ج ۲) وفی محرمات العلائیۃ وحرم بالمصاھرۃ بنت زوجتہ الموطوءۃ (الی قولہ) وحرم الکل مما مر تحریمہ نسبا ومصاھرۃ رضاعا، وفی الشامیۃ یعنی یحرم من الرضاع (الی قولہ) وفروع زوجتہ (رد المحتار ص ۳۰۳ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ رجادی الاولیٰ سنہ ۹۴ھ

رضیعۂ مزنیہ زانی پر حرام ہے:

سوال: مزنیہ کی رضیعہ زانی کے لئے حلال ہے یا حرام؟ شامیہ میں محرمات کے بیان میں حرام لکھاہے، اور کتاب الرضاع میں حلت کو ترجیح دی ہے، صحیح کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

شامیہ کتاب الرضاع میں فتح القدیر سے ترجیح حلت کی جو تقریر منقول ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ لبن زانی موجب حرمت نہیں، یعنی رضیعہ بلبن الزانی اس کی بنت رضاعیہ نہیں، پس اس میں لبن الفحل والی حرمت نہیں، اس سے مطلق حرمت کی نفی ثابت نہیں ہوتی، بلکہ یہاں حرمت کا دوسرا سبب موجود ہے، وہ یہ کہ مزنیہ کی بنت رضاعیہ زانی کے حق میں بمنزلہ اس ربیبہ کے ہے جس کی ماں مدخول بہا ہے، اس لئے زانی پر حرام ہے، احسن الفتاویٰ قدیم میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب اور مولانا مفتی محمد عبد اللہ صاحب خیر المدارس ملتان کا حلت کا فتویٰ اور اس پر بندہ

کی تائید درج ہے، اس کے بعد میں نے اس سے رجوع کرلیا ہے، اس لئے بغرض توضیح علائیہ وشامیہ کی پوری عبارت نقل کی جاتی ہے قال فی شرح التنویر طلق ذات لبن فاعتدت وتزوجت بآخر فحبلت وارضعت فحکمه من الاول لانه منه بیقین فلا یزول بالشك ویکون ربیبًا للثانی حتی تلد فیکون اللبن من الثانی والوطء بشبهة کالحلال قیل وکذا الزنا والاوجه لا فتح، وفی الشامیة (قوله فتح) وذلك حیث قال ولبن الزنا کالحلال فاذا ارضعت به بنتا حرمت علی الزانی وآبائه وابنائه وان سفلوا وفی التجنیس عن الجرجانی ولعم الزانی التزوج بها کالمولودة من الزانی لانه لم یثبت نسبها من الزانی والتحریم علی آباء الزانی واولاده للجزئیة ولا جزئیة بینها وبین العم واذا ثبت هذا فی المتولدة من الزنا فکذا فی المرضعة بلبن الزنا قال فی الخلاصة وکذا لو لم تحبل من الزنا وارضعت لا بلبن الزنا تحرم علی الزانی کما تحرم بنتها علیه وذکر الوبری ان الحرمة تثبت من جهة الام خاصة مالم یثبت النسب فحینئذ تثبت من الاب وکذا ذکر الاسبیجابی وصاحب الینابیع وهو اوجه لان الحرمة من الزنا للبعضیة وذلك فی المولود نفسه لانه مخلوق من مائه دون اللبن اذ لیس اللبن کائنا من منیه لانه فرع التغذی وهو لا یقع الا بما یدخل من اعلی المعدة لا من اسفل البدن کالحقنة فلا نبات فلا حرمة بخلاف ثابت النسب لان النص اثبت الحرمة منه واذا ترجح عدم حرمة الرضیة بلبن الزانی علی الزانی فعدمها علی من لیس اللبن منه اولی خلافا لما فی الخلاصة ولانه یخالف المسطور فی الکتب المشهورة اذ یقتضی تحریم بنت المرضعة بلبن غیر الزوج علی الزوج بطریق اولی اھ کلام الفتح، ملخصًا وحاصله ان فی حرمة الرضیعة بلبن الزنا علی الزانی وکذا علی اصوله وفروعه روایتین کما صرح به القهستانی ایضًا وان الاوجه روایة عدم الحرمة وان ما فی الخلاصة من انها لو رضعت لا بلبن الزانی تحرم علی الزانی مردود لان المسطور فی الکتب المشهورة ان الرضیعة بلبن غیر الزوج لا تحرم علی الزوج کما تقدم فی قوله طلق ذات لبن الخ وکلام الخلاصة یقتضی تحریمها بالاولی وما فی الفتاوی اذا خالف ما فی المشاهیر من الشروح لا یقبل هذا تقریر کلام الفتح وقد وقع

فی فہمہ خبط کثیر منہ ما ادعاہ فی البحر من ان محل الخلاف اصول الزانی وفروعہ وانہا لاتحل للزانی اتفاقا اھ والحاصل کما قال فی البحر ان المعتمد فی المذھب ان لبن الزانی لایتعلق بہ التحریم وظاہر المعراج والخانیۃ ان المعتمد ثبوتہ اھ قلت وذکر فی شرح المنیۃ انہ لایعدل عن الدرایۃ اذا وافقتہا روایۃ وقد علمت ان الوجہ مع روایۃ عدم التحریم (رد المحتار ص ۴۴۶ و ۴۴۷ ج ۲) اس تقریر میں ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ مطلق حلت کو اوجہ قرار دے رہے ہیں، ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ کے ظاہر اسلوب سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے، اور انہوں نے منحۃ الخالق میں صراحۃً اسی کو اختیار فرمایا ہے، مگر ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کے محررہ دلائل سے صرف عدم حرمت بلبن الزانی کی ترجیح ثابت ہوتی ہے، مطلق حلت ثابت نہیں ہوتی، تقریر مذکور میں تین دلائل ہیں،

① وذکر الوبری ان الحرمۃ تثبت من جہۃ الام خاصۃ مالم یثبت النسب فحینئذ تثبت من الاب وکذا ذکر الاسبیجابی وصاحب الینابیع،

اس عبارت کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ رضیعۂ مزنیہ زانی کی بیٹی نہیں، مزنیہ کی بیٹی ہے، اس کا مقتضی یہ ہے کہ مزنیہ کی نسبی بیٹی کی طرح یہ بھی زانی پر حرام ہے،

② وھو اوجہ لان الحرمۃ من الزنا للبعضیۃ وذلک فی المولود نفسہ لانہ مخلوق من مائہ دون اللبن اذ لیس اللبن کائنا من منیہ الخ،

یہ وجہ بھی صرف حرمت لبن زانی کی نفی کر رہی ہے، بمنزلہ ربیبہ ہونے کی وجہ سے حرمت کی نفی اس سے نہیں ہوتی، بلکہ یہ وجہ اس حرمت کی مثبت ہے، بایں طور کہ مزنیہ میں زانی کی جزئیت ہے، اور رضیعہ میں مزنیہ کی جزئیت،

③ ولانہ یخالف المسطور فی الکتب المشہورۃ اذ یقتضی تحریم بنت المرضعۃ بلبن غیر الزوج علی الزوج بطریق اولیٰ،

اس سے استدلال اس لئے صحیح نہیں کہ کتب مشہورہ میں حلت علی الاطلاق مسطور نہیں، بلکہ اس میں عدم دخول بالام کی قید ہے، جیسا کہ علائیہ کی عبارت مذکورہ میں ویکون ربیبا للثانی اور فتح القدیر ج ۳ کی عبارت ارتضع مع اجنبیۃ من لم تکن امرأۃ ابیہ حلت لابیہ لانہا لیست بنتہ من الرضاع ولا ربیبتہ سے مفہوم ہے، اور رخانیہ میں مصرح ہے جیسا کہ خود شامیہ میں منقول ہے ونصہا تحت (قولہ ولبن بکر) والحرمۃ

لا تتعدی الی زوجہا حتی لو طلقہا قبل الدخول لہ التزوج برضیعتہا لان اللبن لیس منہ قہستانی ط اما لو طلقہا بعد الدخول فلیس لہ التزوج بالرضیعۃ لانہا صارت من الربائب التی دخل بامہا بحر عن الخانیۃ (رد المحتار ص ۴۴۳ ج ۲)

علاوہ ازیں فصل محرمات میں بشمول ابن ہمام و ابن عابدین جمیع فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے رضیعۂ زوجہ پر اس کی بنت نسبیہ کا حکم لگا کر حرام قرار دیا ہے، اور اس کو حدیث یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب میں داخل قرار دیا ہے، کتاب الرضاع میں ابن ہمام نے اس کے دخول فی الحدیث پر اشکال کیا ہے، مگر اولاً تو یہ اشکال صرف بحثاً ہے، ثانیاً اگر اس کو حکم فرض کر لیا جائے تو یہ صرف ان کی اپنی رائے ہے، جو اُن کے تفردات میں سے ہے، اس کو مسطور فی الکتب المشہورہ قرار دے کر اس سے استدلال صحیح نہیں، ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقریر کو صرف لبن زانی کی عدمِ حرمت پر محمول فرمایا ہے، مگر تقریر مذکور میں غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا مقصد رضیعۂ مزنیہ کی علی الاطلاق حلت ثابت کرنا ہے، کما قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی منحۃ الخالق، مگر ان کا یہ دعویٰ ان کے بیان فرمودہ دلائل سے ثابت نہیں ہوتا، کما قررنا،

حاصل یہ کہ رضیعۂ مزنیہ میں حلت و حرمت دونوں روایتیں ہیں، ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے حلت کو اوجہ قرار دیا ہے، اور ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی کتاب الرضاع میں اسی کو اختیار فرمایا ہے، مگر بندہ کے خیال میں وجہ مذکور سے صرف لبن زانی کے عدمِ حرمت کا اوجہ ہونا ثابت ہوتا ہے، حلتِ رضیعہ کی اوجہیت ثابت نہیں ہوتی، پس بصورت تعارض حرمت کو ترجیح ہے، علامہ حصکفی و شامی رحمہما اللہ تعالیٰ دونوں نے فصل محرمات میں اسی کو اختیار فرمایا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۲ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ھ

بیوی کے رضاعی اصول و فروع حرام ہیں:

سوال: رد المحتار باب المحرمات میں ہے کہ منکوحہ و مزنیہ کے اصول و فروع رضاعیہ حرام ہیں، اور کتاب الرضاع میں ان کی حلت تحریر ہے، وجہ توفیق کیا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

منکوحہ کے اصول و فروع رضاعیہ کی حرمت میں اختلاف نہیں، البتہ حرمتِ رضیعہ کے لئے رضاع بلبن زوج یا دخول بالام کی قید ہے، مزنیہ کے رضاعی اصول و فروع میں اختلاف ہے،

اور قولِ حرمت راجح ہے، تفصیل مسئلہ سابقہ میں تحریر کی جا چکی ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۴ھ

رضاعی باپ اور بیٹے کی بیوی حرام ہے:

سوال؛ سننے میں آیا ہے کہ آپ نے ابن واب رضاعی کی بیوی کی حلت کا فتویٰ دیا ہے، حالانکہ شامیہ وغیرہ کتبِ معتبرہ میں اس کی حرمت کی تصریح ہے، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

خیر المدارس ملتان سے ایسی تحریر موصول ہوئی تھی، اس میں فتح القدیر کتاب الرضاع کی بحث منقول تھی، اس وقت اصل کتاب میرے پاس نہیں تھی، اس لئے تحریر مذکور دیکھکر میں نے حلت کا فتویٰ دیدیا، بعد میں ایک عزیز کے متوجہ کرنے پر اصل کتاب میں مقامِ مذکور و دیگر متعلقہ مقامات کے ملاحظہ سے ثابت ہوا کہ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ بھی حرمت ہی کے قائل ہیں، اور انھوں نے کتاب الرضاع میں حرمت پر اشکال محض بحثاً ذکر فرمایا ہے، نقل مذہب نہیں، فصل محرمات میں بیان مذہب پر ان کی صریح عبارت ہے، ونصہ وکما تحرم حلیلۃ الابن من النسب تحرم حلیلۃ الابن من الرضاع وذکر الاصلاب فی الآیۃ لاسقاط حلیلۃ المتبنی وذکر بعضھم فیہ خلافاً للشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ والمنقول عنھم ان ذکر الاصلاب لاحلال حلیلۃ المتبنی لا لاحلال حلیلۃ الابن من الرضاع کمذ ھبنا فلا خلاف (فتح القدیر ص ۳۶۰ ج ۲) اور علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب کے تحت فرماتے ہیں فتشمل زوجۃ الابن والاب من الرضاع لانھا حرام بسبب النسب فکذا بسبب الرضاع وھو قول اکثر اھل العلم کذا فی المبسوط بحر، وقد استشکل فی الفتح الاستدلال علی تحریمھا بالحدیث الخ (رد المحتار ص ۴۳۹ ج ۲) حرمت کا فتویٰ تحریر کرنے کے بعد ابن ہمام کا صرف اشکال ذکر کیا ہے، یعنی شامی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی اس کو ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ نہیں سمجھتے، صرف اشکال سمجھتے ہیں، اس اشکال کے جواب میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وقد سھا فیہ الشیخ ومنشؤہ انھم ذکروا الصورۃ المذکورۃ فی باب المصاھرۃ فظن ان الحرمۃ فیھا من قبل الصھر فقط مع ان النسب ایضا دخیل فیھا کما تدل علیہ اضافۃ المرأۃ الی الابن فحرمۃ زوجۃ الابن علی الاب من جھتین لاجل الصھر

ولكونها زوجة لابنه ايضا وكذا حرمة زوجة الاب على الابن لكونها امرأة لابيه ايضا ففى اضافة المرأة الى الابن والاب اشعار بان النسب ايضًا مراعى فى ها تين الحرمتين فانحل الاشكال بلا قيل وقال رفيض البارى ص ۳۸۵ ج ۳) غالبًا اسی بنا پر علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ صہر کو بھی نسب میں داخل فرما رہے ہیں، ونصہ ای حرم بسبب الرضاع ماحرم بسبب النسب قرابة وصهرية (البحر الرائق ص ۲۲۲ ج ۳)

حاصل یہ کہ اب و ابن رضاعی کی بیوی بالاتفاق حرام ہے، بلکہ تفسیر قرطبی ص ۱۱۶ ج ۵ اور تفسیر مظہری ص ۶۲ ج ۲ میں اس پر اجماع نقل کیا ہے، وقال الحافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ هو قول الجمهور ومن الناس من يحكيه اجماعًا (تفسیر ابن کثیر ص ۴۷۲ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۴ھ

بیوی پر شہوت کی حالت میں بیٹی کو ہاتھ لگ گیا:

سوال: زید کی لڑکی عمر تقریبًا بارہ سال اپنی والدہ کے ساتھ سوتی تھی، زید نے اپنی زوجہ سے صحبت کا ارادہ کیا، تو حالتِ شہوت میں اُٹھتا ہوا ہاتھ لڑکی کو لگ گیا، اس صورت میں زید پر اس کی بیوی حرام ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

بیوی حرام نہیں ہوئی، اس لئے کہ حرمتِ مصاہرت کے لئے یہ شرط ہے کہ جس کو ہاتھ لگا شہوت بھی اسی پر ہو، قال فى الشامية قلت ويشترط وقوع الشهوة عليها لا على غيرها لما فى الفيض لو نظر الى فرج بنته بلا شهوة فتمنى جارية مثلها فوقعت له الشهوة على البنت تثبت الحرمة وان وقعت على من تمناها فلا (رد المحتار ص ۳۰۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ رمضان سنہ ۸۷ھ

بیٹی کو بیوی سمجھ کر شہوت سے چوما تو بیوی حرام ہوگئی:

سوال: زید کی بیوی کے ساتھ اس کی جوان بیٹی سوئی ہوئی تھی، زید نے اندھیرے میں بیٹی کو بیوی سمجھ کر شہوت سے اس کا بوسہ لے لیا، تو زید پر بیوی حرام ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

حرام ہوگئی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۶ رمضان سنہ ۸۸ھ

باپ کی سالی حلال ہے:

سوال : زید کی زوجہ ہندہ کا انتقال ہو گیا، زید نے کسی عورت سے نکاح کیا، اس عورت سے ایک لڑکا پیدا ہوا، اب اس لڑکے کا نکاح زید کی زوجۂ اولیٰ متوفیہ کی ہمشیرہ سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ہو سکتا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۹ ذیقعدہ سنہ ۸۷ھ

سوتیلی بہنوں کو جمع کرنا حرام ہے:

سوال : جن دو لڑکیوں کا باپ ایک ہو اور ماں دو ہوں تو ایسی دونوں لڑکیاں ایک مرد سے نکاح کر سکتی ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۱۵ ذیقعدہ سنہ ۸۵ھ

عورت اور اس کے باپ کی ربیبہ کو جمع کرنا جائز ہے:

سوال : زید کے نکاح میں بکر کی دختر ہے، اب بکر کی زوجہ فوت ہو گئی، بکر نے دوسرا نکاح کیا، اس عورت کے ساتھ ایک لڑکی آئی، تو کیا اس لڑکی سے زید کا نکاح درست ہے؟ یعنی دوسرا نکاح، ایک زوجہ موجود ہے یعنی بکر کی دختر، دوسرا نکاح اس عورت سے کرنے میں کوئی حرمت تو نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

حلال ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۶ ذی الحجہ سنہ ۸۷ھ

سوتیلی ماں کو شہوت سے ہاتھ لگایا تو وہ باپ پر حرام ہو گئی:

سوال : ایک لڑکے نے اپنی سوتیلی ماں کو شہوت کے ساتھ ہاتھ لگایا تو کیا لڑکے کے باپ پر وہ عورت حرام ہو جائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر برہنہ جسم پر ہاتھ لگایا یا اتنے باریک کپڑے کے اوپر سے لگایا جو جسم کی حرارت محسوس ہونے سے مانع نہ ہو تو یہ عورت لڑکے کے والد پر حرام ہو گئی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۳ محرم سنہ ۹۰ھ

بیوی کی لڑکی کو شہوت سے ہاتھ لگایا تو بیوی حرام ہوگئی:

سوال؛ زید نے سوتیلی لڑکی کو بلا حائل شہوت سے چھولیا، یا زنا کرلیا، تو اس کی بیوی یعنی اس لڑکی کی والدہ زید پر حرام ہوگئی یا نہیں؟ اگر حرام ہوگئی تو حلال ہونے کی کیا صورت ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

زید کی بیوی اس پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی، حلال ہونے کی کوئی صورت نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ رصفر سنہ ۹۰ھ

رضاعی بھانجی حرام ہے:

سوال؛ عائشہ نے لڑکی علیمہ کو دودھ پلایا، اب اس کا اپنے بھائی کے ساتھ نکاح کروانا چاہتی ہے، شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

عائشہ کا بھائی علیمہ کا رضاعی ماموں ہوا اس لئے علیمہ اس پر حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ربیع الاول سنہ ۹۲ھ

رضاع سے علّی بہن حرام ہے:

سوال؛ زید کی دو بیویوں سے دو لڑکے ہیں: اسلم اور اکرم، اسلم کی خالہ کی لڑکی نے اسلم کی ماں کا دودھ پیا ہے، اس لڑکی سے اکرم کا نکاح جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

زید اس لڑکی کا رضاعی باپ ہے، اس لئے یہ لڑکی اکرم کی علّی یعنی باپ شریک بہن ہونے کی وجہ سے اس پر حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۳ ربیع الاول سنہ ۹۲ھ

رضاعی بھتیجی حرام ہے:

سوال؛ ملیحہ اور صبیحہ دو عورتیں ہیں، مقدمۃ الذکر کے چار لڑکے ہیں اور مؤخرۃ الذکر کے تین، ملیحہ کے بڑے لڑکے نے صبیحہ کا دودھ پیا ہے، صبیحہ کے بڑے لڑکے نے ملیحہ کا دودھ پیا ہے، پوچھنا یہ ہے کہ صبیحہ کے بڑے لڑکے کی لڑکی کا ملیحہ کے چھوٹے لڑکے کے ساتھ نکاح جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ نکاح درست نہیں، کیونکہ ملیحہ کا چھوٹا لڑکا اور صبیحہ کا بڑا لڑکا آپس میں رضاعی بھائی

ہیں اور رضاعی بھائی کی لڑکی حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۱ رمضان سنہ ۹۶ھ

رضاعی خالہ حرام ہے:

سوال: محمد رحیم کی دو بیٹیاں ہیں، ایک بیٹی کا لڑکا دوسری کی لڑکی ہے، یہ آپس میں رشتہ کرنا چاہتی ہیں، حالانکہ لڑکی نے اپنی نانی کا دودھ پیا ہے، جبکہ اس کی عمر اس وقت صرف دو دن تھی، شرعاً یہ رشتہ جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ لڑکی اس لڑکے کی رضاعی خالہ ہے، اس لئے ان کا آپس میں نکاح نہیں ہو سکتا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ رجب سنہ ۹۸ھ

مرضعہ کی سب اولاد رضیع پر حرام ہے:

سوال: زید اور زینب دونوں رضاعی بھائی بہن ہیں، اور دودھ دونوں جانب سے یعنی زید کی ماں نے زینب کو اور زینب کی ماں نے زید کو دودھ پلایا، اب زید کے والد صاحب چاہتے ہیں کہ زینب کا نکاح زید کے بڑے بھائی عمر کے ساتھ کیا جائے، کیا یہ نکاح بروئے شرع جائز ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

دودھ پلانے والی کی سب اولاد دودھ پینے والے پر حرام ہو جاتی ہے، البتہ دودھ پینے والے کے بھائی بہن دودھ پلانے والی کی اولاد پر حرام نہیں، صورتِ سوال میں چونکہ زینب نے بھی زید کی والدہ کا دودھ پیا ہے اس لئے زید اور اس کے دوسرے سب بھائی بھی زینب کے رضاعی بھائی ہو گئے، لہٰذا زینب ان سب پر حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ رجب سنہ ۹۸ھ

سوتیلی نانی کی رضیعہ خالہ زاد پر حرام ہے:

سوال: دو بہنیں ہیں، ایک بہن کی لڑکی نے اپنے نانا کی بیوی کا دودھ پیا، اب یہ مذکورہ لڑکی دوسری بہن کے لڑکے کے لئے حرام ہے یا حلال؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر نانا کی بیوی کا دودھ اسی نانا سے تھا تو یہ دودھ پینے والی لڑکی نانا کی رضاعی بیٹی ہوگئی اور نانا کے نواسے کی رضاعی علّی خالہ ہے، اس لئے اس پر حرام ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ ربیع الاول سنہ ۱۴۰۰ھ

خانیہ کے ایک جزئیہ کی توضیح :

سوال ؛ فتاویٰ قاضی خاں ص ۱۷۶ باب المحرمات میں مندرجہ ذیل عبارت باعثِ اشکال ہوئی ہے، جواب باصواب سے نوازیں تاکہ اشکال ختم ہوجائے ؛ والحر اذا تزوج عشر نسوة علی التعاقب جاز نکاح التاسعة والعاشرة لانه لما تزوج الخامسة کان ذلك دلیلاً علیٰ فساد نکاح الاربع قبلها فلما تزوج التاسعة دل علی فساد نکاح الاربعة قبلها فیجوز نکاح التاسعة والعاشرة، تعاقب کی صورت میں پہلی چار عورتوں کا نکاح درست ہونا چاہئے اور پانچویں کا باطل، جیساکہ اسی باب میں مذکورہ بالا عبارت سے چند سطور قبل مذکور ہے، عام ضابطہ کے مطابق پانچویں کے نکاح کا فساد تو ظاہر ہے، یہ مفسد کیسے ہے ؟ بینوا توجروا ،

الجواب باسم ملهم الصواب

عام ضابطہ یہی ہے کہ پانچویں کا نکاح فاسد ہوگا، قاضی خاں کا جزئیہ مذکورہ اس پر محمول ہے کہ پہلی چار بیویاں اس کے پاس نہ ہوں، اور یہ قولاً یا عملاً ان کے نکاح کی صحت کا اعتراف نہ کرتا ہو، ایسی صورت میں فعل مسلم کو جائز قرار دینے کے لئے اس پر محمول کیا جائے گا کہ پہلی چار عورتوں کا نکاح فاسد تھا، یہ مقصد نہیں کہ خامسہ سے نکاح کرلینا مفسد ہے، یہ مراد ہوتی تو کان ذلك دلیلاً الخ کی بجائے فسد نکاح الاربع کہنا چاہئے تھا، حاصل یہ ہے کہ اگر واقعۃً پہلی چار بیویوں کا نکاح فاسد نہیں تھا تو عند اللہ ان کا نکاح صحیح ہے اور پانچویں کا نکاح فاسد ہے، مگر قضاءً جب پہلی چار کے نکاح کی صحت کا اعتراف قولاً یا فعلاً موجود نہ ہو تو فعل مسلم کی تصحیح کے پیشِ نظر پانچویں کا نکاح صحیح قرار دیا جائیگا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ ربیع الاول سنہ ۹۴ھ

مطلّقہ بیوی کی عدت تک اس کی بہن حرام ہے :

سوال ؛ زید نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی، مگر یہ عورت بہت عرصہ سے بیمار تھی،

زید نے بہت عرصہ سے صحبت اس کے ساتھ نہیں کی تھی، مگر اس عورت کی عدت اب تک ختم نہیں ہوئی تھی، کہ زید نے اس کی بہن سے نکاح کیا، یہ نکاح صحیح ہے یا نہیں؟ اگر نکاح صحیح نہیں ہے تو اگر تجدید نکاح کریں تو اس عورت کے لئے عدت کی ضرورت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بیوی کی عدت ختم ہونے سے قبل اس کی بہن کے ساتھ نکاح صحیح نہیں ہوا، لسانی محرمات التنویر والجمع نکاحا وعدۃ ولو من طلاق بائن (رد المحتار ص ۳۰۸ ج ۲) اس وقت دوسری بیوی سے فوراً الگ ہو جائے، اور پہلی بیوی کی عدت گذرنے کے بعد دوسری بیوی کے ساتھ دوبارہ نکاح کرے، دوسری بیوی پر عدت نہیں، البتہ یہ دوسری بیوی کسی دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرنا چاہے اور پہلے شوہر نے اس کے ساتھ صحبت بھی کی ہو تو اس پر عدت واجب ہے، اس سے پہلے دوسری جگہ نکاح نہیں کر سکتی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ر شعبان ۹۶ھ

بارہ سال سے کم عمر لڑکے سے صحبت موجب حرمتِ مصاہرت نہیں:

سوال: ایک لڑکا جس کی عمر تقریباً چھ یا سات سال یا کچھ زائد تھی اس کی سوتیلی ماں نے اس ناداں بچہ کے ساتھ کئی مرتبہ مجامعت کی، اب وہ بچہ بالغ ہو چکا ہے، اور اس کا والد بھی زندہ ہے، اس واقعہ کا سوائے اس بچہ کے کسی اور کو علم نہیں، تو کیا اس لڑکے کے والد پر یہ عورت حرام ہو گئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بارہ سال سے کم عمر لڑکے کے ساتھ مجامعت سے حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں ہوتی، قال فی شرح التنویر لکن تشترط الشهوة فی الذکر فلو جامع غیر مراهق زوجة ابیه لم تحرم فتح، وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت القول المذکور لابد فی کل منهما من سن المراهقة واقله للانثی تسع وللذکر اثنا عشر لان ذلک اقل مدة یمکن فیها البلوغ کما صرحوا به فی باب بلوغ الغلام الخ (رد المحتار ص ۳۰۶ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ر جمادی الاولیٰ ۹۸ھ

عیسائی اور یہودی عورت سے نکاح:

سوال: کیا موجودہ دور کی عیسائی یا یہودی عورت سے مسلمان مرد کا نکاح جائز ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

آجکل کے اکثر عیسائی اور یہودی دہریہ ہیں، اور دہریہ عورت سے مسلمان مرد کا نکاح نہیں ہو سکتا، اگر کسی عیسائی یا یہودی عورت کے بارے میں تحقیق سے معلوم ہو جائے کہ یہ دہریہ نہیں تو اس سے نکاح ہو جائے گا، مگر دوسرے خطرات کی بناء پر اس سے پرہیز واجب ہے، مثلاً اولاد کے کافر ہونے کا سخت خطرہ ہے، بلکہ خود شوہر کا دین بھی خطرہ سے خالی نہیں، علاوہ ازیں ایسی عورتیں جاسوسی کا کام کرتی ہیں۔ لہٰذا یہ ملک کی سالمیت کے لئے بہت خطرناک ہیں، نیز کتابیہ سے نکاح کرنے والے کے قلب میں اس کی عظمت ہوتی ہے جو کفر ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

شیعہ عورت سے نکاح :

۱۹ ذیقعدہ سنہ ۹۸ھ

سوال: اہل سنت میں سے کوئی شخص شیعہ عورت سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

شیعہ عورت مسلمان مرد کے لئے حلال نہیں، اس لئے کہ شیعہ کافر ہیں، دلائل کی تفصیل رسالہ "حقیقت شیعہ" مندرجہ احسن الفتاویٰ جلد اوّل میں ہے، بعض کے خیال میں شیعہ اہل کتاب ہیں، معہذا بوجوہ ذیل شیعہ عورت سے نکاح جائز نہیں:

① اکثر علماء شیعہ کو اہل کتاب شمار نہیں کرتے، لہٰذا احتیاط واجب ہے۔

② ان کے نزدیک صرف وہ شیعہ اہل کتاب ہے جس کا باپ اور دادا بھی شیعہ ہو، اگر کوئی مسلمان شیعہ ہو گیا تو وہ اور اس کی صلبی اولاد بحکم اہل کتاب نہیں، بلکہ مرتد ہے اور ایسی عورت کے ساتھ نکاح حرام ہے، اگر شیعہ عورت سے نکاح کی اجازت ہو گئی تو بدوں اس تحقیق کے کہ یہ شیعہ عورت اہل کتاب ہے یا مرتد ہے نکاح ہونے لگیں گے، اس طرح حرامکاری کا دروازہ کھل جائے گا،

③ عوام کی اکثریت پہلے ہی سے شیعہ کو مسلمانوں کا فرقہ سمجھ رہی ہے شیعہ عورت سے نکاح کی اجازت سے عوام کے اس غلط عقیدہ کی تائید ہوتی ہے، اس کے نتیجہ میں بعید نہیں کہ جاہل لوگ مسلمان عورت کا نکاح شیعہ مرد سے کر دیں، جو قطعاً حرام ہے، شیعہ کو مسلمان سمجھنے کے اور بھی خطرناک مفاسد ہیں، ان کے ساتھ میل جول سے ایمان پر سخت خطرہ ہے، کئی مسلمان شیعہ مذہب میں عیش و عشرت کا سامان دیکھ کر شیعہ مذہب اختیار کر لیتے ہیں اور مرتد ہو جاتے ہیں،

④ شیعہ عورت کے ساتھ نکاح کے بعد اولاً تو خود شوہر ہی کا دین خطرہ میں پڑ جاتا ہے، عموماً شوہر مرتد ہو جاتا ہے اور اولاد تو یقیناً مرتد ہو جاتی ہے ——— ان وجوہ کی بناء پر شیعہ عورت سے نکاح کا ہرگز کوئی جواز نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ رشعبان سنہ ۱۴۰۲ھ

اقرار حرمتِ مصاہرت سے رجوع کی تحقیق:

سوال: ایک عورت نے اپنے خسر پر الزام لگایا کہ اس نے بُری نیت سے اس کو پکڑ کر معانقہ کیا اور رخسار پر بوسہ دیا اور پستانوں سے پکڑا، اس عورت کے شوہر سے دریافت کیا گیا تو اس نے پہلے کہا کہ اس کی بیوی سچ کہتی ہے، مگر چند روز کے بعد کہتا ہے کہ میں نے اس معاملہ کی تحقیق کی تو ثابت ہوا کہ بیوی کا الزام غلط ہے، اس صورت میں اس شخص پر اس کی بیوی حرام ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

قال فی الهندیة قال لامرأته کنت جامعت امك قبل نکاحك یؤاخذ به ویفرق بینهما ولکن لا یصدق فی حق المهر حتی یجب المسمی دون العقر والاصرار علی هذا الاقرار لیس بشرط حتی لو رجع عن ذلك فقال کذبت فالقاضی لا یصدقه ولکن فیما بینه وبین الله تعالیٰ ان کان کاذبا فیما اقر لا تحرم علیه امرأته، وذکر محمد رحمه الله تعالیٰ فی کتاب النکاح اذا قال الرجل لامرأة هذه امی من الرضاعة ثم اراد ان یتزوجها بعد ذلك فقال اخطأت فی ذلك فله ان یتزوجها استحسانا ووجه الفرق بینهما انه ههنا اخبر عن فعله والخطأ فیما هو فعله نادر فلا یصدق فیه واما فی الرضاع فما اخبر عن فعل نفسه فی زمان یتذکره وهو انما سمع من غیره والخطأ فیه لیس بنادر کذا فی التجنیس والمزید (عالمگیریة ص ۲۷۵ ج ۱) اس عبارت سے ثابت ہوا کہ اقرار رضاع کی دوبارہ تصدیق سے قبل اس سے قولاً یا فعلاً رجوع صحیح ہے، اور حرمتِ مصاہرت کے اقرار سے رجوع صحیح نہیں، مگر جو وجہ الفرق بیان کی گئی ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اقرار حرمت مصاہرت سے عدمِ صحت رجوع کا قاعدہ کلیہ نہیں، بلکہ اس سے صرف ایسی حرمتِ مصاہرت مراد ہے جو خود فعلِ مُقِر کی وجہ سے ہو، اور اگر حرمت فعل غیر سے متعلق ہو جیسا کہ صورتِ سوال میں ہے تو اس کا حکم اقرار رضاع کی طرح ہونا چاہئے، لاشتراك علة الخفاء، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴ ربیع الاول سنہ ۹۹ھ

بھانجی کی لڑکی حرام ہے:

سوال: زید کی بھانجی کی لڑکی آیا زید کے لئے محرم ہے یا نامحرم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

محرم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۶ صفر سنہ ۱۴۰۱ھ

چھونے سے انزال ہوگیا تو حرمتِ مصاہرت ثابت نہ ہوگی:

سوال: ایک شخص کسی عورت کے ساتھ بوس وکنار میں مشغول تھا، اسی حالت میں اسے انزال ہوگیا، جماع نہیں کیا، اب یہ شخص اس عورت کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا چاہتا ہے کیا یہ اس کیلئے حلال ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بوس وکنار سے حرمتِ مصاہرت کے لئے یہ شرط ہے کہ انزال نہو، بدون جماع انزال ہوگیا تو حرمتِ مصاہرت ثابت نہوگی، لہٰذا یہ لڑکی حلال ہے، قال فی العلائیۃ فلو انزل مع مس او نظر فلا حرمۃ وبہ یفتی (رد المحتار ص ۳۰۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۳۰ ذو الحجہ سنہ ۱۴۰۶ھ

نکاح فاسد موجب حرمتِ مصاہرت نہیں:

سوال: کسی نے اپنی مزنیہ کی لڑکی سے نکاح کرلیا اور رخصتی سے قبل ہی اسے طلاق دیدی اب اگر یہ شخص اس مزنیہ سے نکاح کرنا چاہے تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

مزنیہ کی لڑکی سے جو نکاح ہوا وہ فاسد ہے، اور نکاح فاسد سے حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں ہوتی، اس لئے اس کی ماں حرام نہیں ہوئی، اس کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے، البتہ اس لڑکی کو شہوت سے ہاتھ لگاتا تو اس کی ماں حرام ہوجاتی، قال فی العلائیۃ وحرم بالمصاهرة بنت زوجته الموطوءة وام زوجته وجداتها مطلقا بمجرد العقد الصحیح وان لم توطأ الزوجة، وفی الشامیۃ (قوله الصحیح) احتراز عن النکاح الفاسد فانه لا یوجب بمجرده حرمة المصاهرة بل بالوطء او ما یقوم مقامه من المس بشهوة والنظر بشهوة لان الاضافة لا تثبت الا بالعقد الصحیح بحر (رد المحتار ص ۳۰۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۳۰ ذو الحجہ سنہ ۱۴۰۶ھ

زوجۂ ربیب حلال ہے:

سوال: زید کے ربیب نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی یا وہ مرگیا تو اس کی بیوی سے زید نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ربیب کی بیوی حلال ہے، اس سے نکاح کرسکتا ہے، قال فی الشامیۃ معزیا الی الخیر الرملی تحت (قوله اما بنت زوجة ابیه او ابنه فحلال) ولا تحرم زوجة الربیب ولا زوجة الراب، (رد المحتار ص ۳۰۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۳۰ ذو الحجہ سنہ ۱۴۰۶ھ

باب ولایۃ النکاح والمال

عاقلہ بالغہ نکاح میں خود مختار ہے:

سوال: ایک عورت عاقلہ بالغہ ثیبہ کو اس کے اقرباء نے ایک جگہ پر مجبور کر کے نکاح کر دیا، اس کی والدہ کو مار کر اس سے نکاح قبول کروایا، خود اس عورت کو بہت زیادہ مارا پیٹا، مگر اس نے اپنی زبان سے نکاح قبول نہیں کیا، اور اب تک اس نکاح سے انکار کر رہی ہے، پس یہ نکاح شرعاً درست ہو گیا یا نہیں؟ اور اگر یہ بدون اذن اولیاء کسی دوسری جگہ نکاح کرے تو یہ صحیح ہو گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

عاقلہ بالغہ عورت نکاح میں خود مختار ہے، اسے کوئی شخص بھی نکاح پر مجبور نہیں کر سکتا، اور اس کی اجازت کے بغیر اس کی طرف سے کسی شخص نے نکاح قبول کر لیا تو یہ نکاح درست نہیں، غرضیکہ عاقلہ بالغہ عورت جب تک خود قبول نہ کرے یا کسی کو اپنا وکیل نہ بنائے اُس وقت تک اس کا نکاح صحیح نہ ہو گا، اس کی رضا کے بغیر اس کی والدہ کی اجازت کا کوئی اعتبار نہیں، لہٰذا یہ نکاح قطعاً صحیح نہیں، قال فی شرح التنویر ولا تجبر البالغۃ البکر علی النکاح لانقطاع الولایۃ بالبلوغ، وایضاً فیہ وولایۃ اجبار علی الصغیرۃ ولو ثیبا ومعتوھۃ ومرقوقۃ کما افادہ بقولہ وھو ای الولی شرط صحۃ نکاح صغیر ومجنون ورقیق لا مکلفۃ فنفذ نکاح حرۃ مکلفۃ بلا رضا ولی والاصل ان کل من تصرف فی مالہ تصرف فی نفسہ ومالا فلا، وفی الشامیۃ تحت (قولہ فنفذ الخ) وحدیث لا نکاح الا بولی رواہ ابوداؤد وغیرہ فمعارض بقولہ صلی اللہ علیہ وسلم الایم احق بنفسہا من ولیہا رواہ مسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی ومالک فی الموطا والایم من لا زوج لہا بکرا اولا فانہ لیس للولی الا مباشرۃ العقد اذا رضیت

وقد جعلها احق منہ بہ الخ (قولہ والاصل الخ) عبارۃ البحر والاصل ھنا ان کل من یجوز تصرفہ فی مالہ بولایۃ نفسہ الخ فانہ یخرج الصبی المأذون فانہ وان جاز تصرفہ فی مالہ لکن لا بولایۃ نفسہ الخ (رد المحتار باب الولی ج ۲) وایضاً فی شرح التنویر وشرط سماع کل من العاقدین لفظ الآخر لیتحقق رضاھما، وفی الشامیۃ (قولہ احتراماً للفروج) ای لخطر امرھا وشدۃ حرمتھا فلا یصح العقد علیھا الا بلفظ صریح اوکنایۃ (قولہ سماع کل) ای ولو حکما کالکتاب الی غائبۃ لان قراء تہ قائمۃ مقام الخطاب کما مر وفی الفتح ینعقد النکاح من الاخرس اذا کانت لہ اشارۃ معلومۃ (قولہ لیتحقق رضاھما) ای لیصدر منھما ما من شأنہ ان یدل علی الرضا اذ حقیقۃ الرضا غیر مشروطۃ فی النکاح لصحتہ مع الاکراہ والھزل رحمتی (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ ربیع الآخر ۷۳ھ

ولیِ نکاح ومال کی تفصیل:

سوال: صغیرہ ومجنونہ کے نکاح اور مال کا ولی کون ہے؟ تفصیل سے بیان فرمائیں، بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

ولی فی النکاح عصبات بنفسہا علیٰ ترتیب الارث ہیں، ان میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ماں، پھر دادی پھر نانی، پھر اسی ترتیب سے دادی اور نانی کے مؤنث اصول، پھر بیٹی، پھر پوتی، پھر نواسی اور نواسا، پھر پڑ پوتی یعنی مجنونہ کے فروع غیر عصبات اگر قرب وبُعد میں مختلف ہوں تو قریب کو ترجیح ہے اور برابر درجہ کے ہوں تو عصبہ کی بیٹی کو ترجیح ہے، فروع کے بعد جدّ فاسد اور جدّۂ فاسدہ بلحاظ قرب وبُعد، پھر بہن عینی پھر علّی پھر خیفی بھائی اور بہن پھر اسی ترتیب سے اُن کی اولاد، پھر پھوپھی پھر ماموں پھر خالہ پھر چچا کی بیٹی، پھر اسی ترتیب سے انکی اولاد پھر سلطان، وصی کو باپ نے صغیر کے نکاح کا اختیار دیا ہو تو بھی اس کو اختیار نہیں،

ولی فی المال صرف باپ پھر اس کا وصی پھر دادا پھر اس کا وصی پھر قاضی ہے، قاضی نہ ہونے کی صورت میں شہر کے معتبر لوگ جسے متولی بنادیں وہی ولی کے قائم مقام ہوگا،

قال فی العلائیۃ الولی فی النکاح لا المال العصبۃ بنفسہ (الی ان قال) وان

اوصی الیہ الاب بذلک علی المذھب، وفی الشامیۃ (قولہ لا المال) الولی فیہ الاب ووصیہ والجد ووصیہ والقاضی ونائبہ فقط الخ (رد المحتار ج ۲)

وقال فی باب الجمعۃ فلو الولاۃ کفارا یجوز للمسلمین اقامۃ الجمعۃ ویصیر القاضی قاضیًا بتراضی المسلمین (رد المحتار ج ۱)

صغیر کے لئے ترکہ کی تقسیم اور اس کے مال منقول میں تجارت اور زمین میں زراعت وغیرہ تصرفات کا حق صرف ولی فی المال کو ہے، زمین کی بیع کا اختیار ولی کو بھی نہیں الا فی صور مخصوصۃ، البتہ ماں، بھائی اور چچا کو اس کے مال کی حفاظت، بیع منقول بغرض حفاظت اور اس کے لئے طعام، لباس وغیرہ ضروریات خریدنے کی اجازت ہے، بشرطیکہ صغیر اُن کی پرورش میں ہو، البتہ خود ترکہ میں طعام یا لباس ہو تو اس سے صغیر کا حصّہ اس پر خرچ کرنے میں صغیر کا زیر پرورش ہونا شرط نہیں، ھذا اخلص ما ھو مشروح فی باب الوصی من العلائیۃ والشامیۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳ جمادی الاولیٰ ۷۳ھ

باکرہ بالغہ سے غیر ولی نے نکاح کی اجازت طلب کی تو سکوت کافی نہیں:

سوال: عبد الکریم مسماۃ جنت کو زبردستی اٹھا کر لے گیا، اور اپنے گھر لے جا کر اس سے نکاح کیا، مسماۃ جنت باکرہ اور بالغہ ہے، اور نکاح کے قبول کرنے سے انکار کر رہی ہے، یہ نکاح شرعًا درست ہو گیا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

باکرہ بالغہ سے اجازت لینے والا اگر ولی اقرب نہیں تو اس صورت میں باکرہ کا سکوت کافی نہیں، بلکہ اجازت بالقول ضروری ہے، لہٰذا مسماۃ جنت نے اگر زبان سے نکاح کی اجازت نہیں دی تو یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، اگر زبان سے اجازت دینے میں زوجین کا اختلاف ہے تو زوجین میں سے جو بھی بینہ پیش کرے اسی کا قول معتبر ہوگا، اگر دونوں کے پاس بینہ ہے تو زوجہ کی اجازت پر زوج کا بینہ معتبر ہوگا، اس کے مقابلہ میں زوجہ کا بینہ قبول نہ کیا جائیگا البتہ باکرہ کا نکاح ولی اقرب نے کیا تو زوجہ کا بینہ علی الرد زوج کے بینہ علی السکوت پر راجح ہوگا، اگر کسی طرف بھی بینہ نہیں تو زوجہ کا قول مع الیمین قبول کیا جائے گا، قال فی شرح التنویر فان استأذنہا غیر الاقرب کاجنبی او ولی بعید فلا عبرۃ لسکوتہا بل لابد من القول کالثیب البالغۃ، وایضًا فیہ قال الزوج للبکر البالغۃ بلغک

النکاح فسکت وقالت رددت النکاح ولا بینۃ لهما علیٰ ذٰلك ولم یکن دخل بها طوعاً فی الاصح فالقول قولها بیمینها علی المفتی به وتقبل بینته علی سکوتها لانه وجودی بضم الشفتین ولو برهنا فبینتها اولیٰ الا ان یبرهن علیٰ رضاها او اجازتها، وفی الشامیۃ (قوله ولا بینۃ لهما) قید به لان ایهما اقام البینۃ قبلت بینته بحر (رد المحتار ج ۲) فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم،

۱۵ ذیقعدہ ۷۳ھ

عاقلہ بالغہ کا نکاح غیر کفو میں بلا اذن ولی صحیح نہیں:

سوال: اگر بالغہ عورت بلا اذن ولی کے اپنا نکاح غیر کفو میں کرلے تو یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، ولی کی رضا صراحۃً ضروری ہے، محض سکوت کافی نہیں، اور نکاح کے بعد ولی کی رضا بھی معتبر نہیں، قال فی العلائیۃ ویفتی فی غیر الکفء بعدم جوازه اصلا وهو المختار للفتویٰ لفساد الزمان، وفی الشامیۃ وهٰذا اذا کان لها ولی لم یرض به قبل العقد فلا یفید الرضا بعده بحر واما اذا لم یکن لها ولی فهو صحیح نافذ مطلقاً اتفاقاً کما یأتی (الی ان قال) وقول البحر لم یرض به یشمل ما اذا لم یعلم اصلاً فلا یلزم التصریح بعدم الرضا بل السکوت منه لا یکون رضا کما ذکرنا فلا بد حینئذ لصحۃ العقد من رضاه صریحاً وعلیه فلو سکت قبله ثم رضی بعده لا یفید فلیتأمل (قوله وهو المختار للفتویٰ) وقال شمس الائمۃ هٰذا اقرب الی الاحتیاط کذا فی تصحیح العلامۃ قاسم لانه لیس کل ولی یحسن المرافعۃ والخصومۃ ولا کل قاض یعدل ولو احسن الولی وعدل القاضی فقد یترك انفۃ للتردد علی ابواب الحکام واستثقالاً لنفس الخصومات فیتقرر الضرر فکان منعه دفعاً له فتح (رد المحتار ج ۲ ص ۴۰۹) فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم،

۲۸ شعبان ۷۴ھ

وصی کو ولایۃ نکاح نہیں:

سوال: رمضان نامی ایک شخص نے گواہوں کے روبرو یہ تحریر لکھدی گواہوں نے اُس پر دستخط کئے

میں اپنی لڑکی بچائی شریعت محمدی موجب اللہ ورایہ ولد علی بخش چانڈیہ کے حوالہ کرتا ہوں، یہ جس سے چاہے لڑکی کا نکاح کروادے، اس میں کسی بھی عزیز وقریب کا اعتراض نہ ہوگا، اور نہ ہی میں اس میں کسی قسم کی دست اندازی کروں گا، ازاں سوا انسان کی زندگی بے بقاء ہے، اس لئے میری زندگی کے بعد بھی اللہ ورایہ اس لڑکی کا حقدار ہے، کوئی بھی اس بارہ میں اعتراض کرے یا میں کئے ہوئے وعدہ کی خلاف ورزی کروں تو قانوناً مجرم ہوں گا"

اس کے بعد رمضان فوت ہوجاتا ہے، اب اس لڑکی کی ولایتِ نکاح کے متعلق جھگڑا ہے، لہٰذا شریعت مطہرہ کا اس بارہ میں جو فیصلہ ہو اس سے مطلع فرمائیں، بینوا بالبرھان اجرکم الرحمٰن،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس لڑکی پر اللہ ورایہ کا کوئی حق نہیں، اگر لڑکی بالغہ ہے تو اپنے نکاح میں خودمختار ہے، اور اگر نابالغہ ہے تو اس کے نکاح کا حق اس کے اولیاء (عصبات علیٰ ترتیب الارث) کو ہے، اللہ ورایہ کا کوئی حق نہیں، کیونکہ رمضان کی تحریر وکالت اور وصایت دونوں پر مشتمل ہے، یعنی رمضان کی زندگی میں وکالت اور بعد الموت وصایت ہے، سو وکالت تو رمضان کی موت سے ختم ہوگئی، قال فی شرح التنویر وینعزل (الوکیل) بموت احدھما، (رد المحتار ج ۴ ص ۵۷۸) اور وصایت بالنکاح شروع ہی سے صحیح نہیں، یعنی باوجود تصریح بوصایۃ النکاح کے وصی کو نکاح کا حق نہیں، قال فی شرح التنویر ولیس للوصی من حیث ھو وصی ان یزوج الیتیم مطلقاً وان اوصی الیہ الاب بذلک علی المذھب نعم لو کان قریباً او حاکماً یملکہ بالولایۃ کما لایخفی، وفی الشامیۃ واستثنی فی الفتح لو عین لہ الموصی فی حیاتہ رجلاً واعترضہ فی البحر بانہ ان زوجہا من المعین فی حیاۃ الموصی فھو وکیل لا وصی وان بعد موتہ فقد بطلت الوکالۃ وانتقلت الولایۃ للحاکم عند عدم قریب (رد المحتار ج ۲ ص ۴۳۱)

باقی رمضان کا اپنے نفس کو بے دعویٰ کرنا اور بعد الموت اولیاء کو بے دعویٰ کرنا یہ تصرف موجبِ عقد وکالت کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابلِ قبول اور مردود ہے، فقہ میں اس کے بے شمار نظائر ہیں کہ شرعی احکام مرتب کرنے کا انسان کو اختیار نہیں، مثلاً رجعی طلاق دے کر کہے کہ مجھے رجوع کا حق نہیں، تو یہ قول باطل ہے، اور اُسے رجوع کا حق رہے گا،

غرضیکہ توکیل میں اپنے نفس کو بالکل بے دعویٰ کرنے سے عقد کی ماہیت وصفت نہ بدلے گی بلکہ بے دعویٰ کرنے کا قول باطل ہوگا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۶ ر ذیقعدہ سنہ ۷۶ھ

متعدد اولیاء میں سے ایک نے نکاح کردیا:

سوال: صغیرہ کے دو چچا ہیں، ایک موجود نہ تھا، سفر بعید میں گیا ہوا تھا، دوسرے نے نکاح کردیا، مدت کے بعد غائب چچا آگیا، تو کہتا ہے کہ یہ نکاح مجھے منظور نہیں، سو یہ نکاح ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

نکاح صحیح ہوگیا، اگر دوسرا چچا موجود ہوتا تو بھی اس کو فسخ نکاح کا کوئی حق نہ ہوتا، قال فی العلائیۃ ولو زوجها ولیان مستویان قدم السابق، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۷۲ھ

نکاح فضولی میں باکرہ کا سکوت کافی نہیں:

سوال: باکرہ بالغہ کا نکاح فضولی نے کیا، خبر سننے کے بعد باکرہ نے سکوت کیا تو نکاح صحیح ہوگیا یا نہیں؟ ہدایہ کی مندرجہ ذیل عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ نکاح صحیح ہوجائے گا، اذا قال الزوج بلغك النكاح فسكت فالقول قولها، اس کے آگے ہے کہ اگر مرد نے شاہد پیش کئے سکوت پر تو شہادت معتبر ہے، اس سے معلوم ہوا کہ فضولی کے نکاح پر سکوت سے بھی نکاح لازم ہوجائے گا، بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس صورت میں اجازت ضروری ہے، سکوت کافی نہیں، کما فی الھندیۃ واذا قال لها الولی ارید ان ازوجك من فلان بالف فسكتت ثم زوجها فقالت لا ارضی او زوجها ثم بلغها الخبر فسكتت فالسكوت منها رضا فی الوجهين جميعا اذا كان المزوج هو الولی وان كان لها ولی اقرب من المزوج لا يكون السكوت منها رضا ولها الخيار ان شاءت رضيت وان شاءت ردت الخ (عالمگیریۃ ج ۲)

سوال میں مذکورہ ہدایہ کا جزئیہ اس پر محمول ہے کہ مزوج ولی ہو، چنانچہ یہی جزئیہ عالمگیریہ میں بھی ہے جس میں ولی کی تصریح ہے، ونصها ولو زوجها الولی بغير استيمار

ثم اختلفا فقال الزوج بلغك النكاح فسكت وقالت لا بل رددت كان القول قولها كذا في شرح الجامع الصغير لقاضی خان الخ (عالمگیریۃ ج ۲) غرضیکہ فضولی یا ولی ابعد کی تزویج میں سکوت کافی نہیں بلکہ اذن ضروری ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۸ر جمادی الآخرہ ۷۲ھ

باپ کے کئے ہوئے نکاح میں خیارِ بلوغ نہیں:

سوال؛ صغیرہ کا نکاح اس کے باپ نے کردیا تو اس صغیرہ کو خیارِ بلوغ ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس لڑکی کو خیارِ بلوغ نہیں، قال فی شرح التنویر وللولی انکاح الصغیر والصغیرۃ ولو ثیبًا ولو بغبن فاحش، وفی الشامیۃ (قولہ ولزم النکاح) ای بلا توقف علی اجازۃ احد ولا بثبوت خیار فی تزویج الاب والجد والمولیٰ وکذا الابن علی ما یأتی (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۴ر رجب ۷۲ھ

ولی اقرب کی موجودگی میں ابعد کا کیا ہوا نکاح موقوف ہے:

سوال؛ ایک شخص سندھ میں مقیم ہے، اس کا لڑکا اور نابالغ لڑکی ملتان میں ہیں لڑکی کے بھائی نے لڑکی کا نکاح بلا اذن والد کے کردیا، اب والد اس نکاح پر راضی نہیں، لڑکی بھی بالغ ہو چکی ہے، تو اس نکاح کا شرعًا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

نابالغہ لڑکی کا والد جب ایسی جگہ ہو کہ اس کا مشورہ حاصل کیا جا سکتا ہو تو ایسی حالت میں والد کی اجازت کے بغیر بھائی کا کیا ہوا نکاح والد کی اجازت پر موقوف رہتا ہے، صورتِ مسئلہ میں ظاہر ہے کہ والد سے مشورہ کرنا اور اجازت لینا کوئی دشوار نہ تھا، لہٰذا یہ نکاح والد کی اجازت پر موقوف رہا، مگر سوال میں مذکور ہے کہ اب لڑکی بالغ ہو چکی ہے، لہٰذا اس میں دو احتمال متصور ہو سکتے ہیں، ہر ایک کا جداگانہ حکم تحریر ہے:

① لڑکی کے بلوغ سے قبل ہی والد نے نکاح کو رَد کردیا ہو، اس صورت میں نکاح باطل ہو گیا،

② لڑکی کے بلوغ کے بعد والد نے رَد کیا ہو، اس صورت میں والد کا رَد کرنا معتبر نہیں، لڑکی خود مختار ہے، لہٰذا اگر بعد البلوغ لڑکی نے نکاح کی اجازت نہیں دی اور نہ ہی کوئی فعل

دال علی الرضا کیا تو اب تک اُسے نکاح قبول کرنے اور رَد کرنے کا اختیار ہے، اور اگر بعد البلوغ ایک دفعہ نکاح پر رضامندی کا اظہار قولاً یا فعلاً کر چکی ہے تو یہ نکاح لازم ہو گیا، اب اُسے رَد کرنے کا کوئی اختیار نہیں، قال فی التنویر وللولی الابعد التزویج بغیبۃ الاقرب مسافۃ القصر، وفی الشرح فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ، وفی الشامیۃ تحت (قولہ مسافۃ القصر) وقال فی الذخیرۃ الاصح انہ اذا کان فی موضع لو انتظر حضورہ او استطلاع رأیہ فات الکفء الذی حضر فالغیبۃ منقطعۃ والیہ اشار فی الکتاب اھ وفی البحر عن المجتبی والمبسوط انہ الاصح وفی النہایۃ واختارہ اکثر المشایخ وصححہ ابن الفضل، وفی الہدایۃ انہ اقرب الی الفقہ وفی الفتح انہ الاشبہ بالفقہ (الی قولہ) وفی شرح الملتقی عن الحقائق انہ اصح الاقاویل وعلیہ الفتوی اھ وعلیہ مشی فی الاختیار والنقایۃ ویشیر کلام النہر الی اختیارہ وفی البحر والاحسن الافتاء بما علیہ اکثر المشایخ، وفی العلائیۃ صغیرۃ زوجت نفسہا ولا ولی ولا حاکم ثمۃ توقف وتنفذ باجازتہا بعد بلوغہا لان لہ مجیزاً وہو السلطان، وایضاً قال فی بحث الفضولی فی النکاح ونکاح عبد وامۃ بغیر اذن السید موقوف علی الاجازۃ کنکاح الفضولی سیجیئ فی البیوع توقف عقودہ کلہا ان لہا مجیز حالۃ العقد والا تبطل، (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲ صفر سنہ ۷۳ھ

سوال مثل بالا:

سوال: باپ کی موجودگی میں صغیرہ کا نکاح دادا نے کر دیا، اب باپ کہتا ہے کہ میں اس نکاح پر رضامند نہیں ہوں، تو یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر باپ نے صراحۃً یا دلالۃً اذن نہیں دیا تو یہ نکاح باپ کے اذن پر موقوف ہے، باپ کے سکوت سے اذن ثابت نہ ہوگا، اگرچہ باپ مجلسِ عقد میں موجود ہو، قال فی شرح التنویر فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ، وفی الشامیۃ تحت (قولہ توقف علی اجازتہ) فلا یکون سکوتہ اجازۃ لنکاح الابعد وان کان حاضراً فی مجلس العقد ما لم یرض صریحاً او دلالۃ تأمل (رد المحتار ص ۴۳۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۱ جمادی الاولیٰ سنہ ۷۳ھ

باپ نے مراہقہ کا نکاح کمسن بچہ سے کر دیا:

سوال: ایک شخص نے اپنی لڑکی کا نکاح حالتِ صغر میں کیا، اب لڑکی بالغہ ہے اور لڑکا نابالغ ہے لڑکی اس نکاح پر راضی نہیں اور لڑکے کے بلوغ تک لڑکی کے گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ظاہر ہے، اس نکاح میں باپ کی طرف سے سوء اختیار ظاہر ہے، لہٰذا یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ اگر نکاح صحیح اور لازمی نہیں تو بعد البلوغ لڑکی کے محض سکوت سے نکاح منعقد ہو جائے گا، یا کہ اجازت صراحۃً یا دلالۃً ضروری ہے؟ میرے خیال میں اجازت ضروری ہے، کیونکہ اس نکاح کو موقوف کہا جائے گا اور نکاح فضولی کی طرح ہوگا اور فضولی کے نکاح میں سکوت کافی نہیں، بینوا بیاناً شافیاً، توجروا اجراً وافیاً،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس صورت میں مندرجہ ذیل وجوہ کی بناء پر نکاح صحیح ہے:

① قال فی الشامیۃ تحت (قولہ وان عرف لا یصح النکاح) والحاصل ان المانع هو کون الاب مشهورًا بسوء الاختیار قبل العقد (الی قولہ) لزم احالۃ المسألۃ عن قولهم ولزم النکاح ولو بغبن فاحش او بغیر کفءٍ ان کان الولی ابًا او جدًا (رد المحتار ج ۲) یعنی اگر اول مرتبہ ہی میں سوء اختیار کا قول کیا جائے تو مسئلۂ مشہورہ لزم النکاح الخ کا کوئی محل صحیح نہیں رہتا، (اس پر نظر ثانی سے ثابت ہوا کہ سوء اختیار اول مرتبہ میں بھی متحقق ہو سکتا ہے، تفصیل رسالہ "کشف الغبار عن مسألۃ سوء الاختیار" میں ہے جو اسی باب کے آخر میں ہے)

② حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ سوء اختیار میں صرف مہر میں غبن فاحش اور عدم کفء ذکر فرماتے ہیں، اور تناسبِ عمر کفو میں شرط نہیں،

③ شامیہ کی مذکورہ عبارت لزم احالۃ المسألۃ الخ میں دلالتِ بینہ ہے کہ سوء اختیار مذکورہ بالا دو امور ہی میں منحصر ہے،

④ کفو میں مہر مثل کے ساتھ غیر الاب والجد کا کیا ہوا نکاح مطلقاً بلا احتراز سوء اختیار و بلا قید تناسب عمر وغیرہ کے صحیح ہے تو اَب اور جدّ کا کیا ہوا نکاح بطریقِ اولیٰ صحیح ہوگا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ عدمِ تناسب عمر میں سوء اختیار نہیں،

⑤ تناسب عمر کا کفو میں داخل ہونا تو درکنار اسے تو ان عیوب میں بھی شمار نہیں کیا گیا جن کی وجہ سے عورت کو فسخِ نکاح کا اختیار ہوتا ہے،

(۶) عنین وغیرہ کے مسائل میں سقوطِ حقِ فسخ کے لئے ایک دفعہ جماع کافی سمجھا جاتا ہے، اور صغیر کے متعلق ظنِ غالب ہو کہ وہ کچھ عرصہ کے بعد باقاعدہ جماع کرتا رہے گا، معلوم ہوا کہ سوءِ اختیار یا عیوب مجیزہ للفسخ میں اس امر کو ملحوظ رکھا گیا ہے کہ عورت کا مالی نقصان نہ ہو، یا زوج میں کوئی ایسا عیب نہ ہو جس کی وجہ سے عورت اس کے ساتھ زندگی بسر کرنا پسند نہ کرے، عورت کی تسکینِ شہوت کو مدنظر نہیں رکھا گیا، ورنہ ساری عمر میں ایک دفعہ جماع کر لینا عنین سے عدمِ تفریق کے لئے کافی نہ سمجھا جاتا،

(۷) سندھ میں رضیعہ کا نکاح بالغ سے کرنا یا بالعکس معیوب اور سوءِ اختیار نہیں سمجھا جاتا بلکہ ہر امیر و غریب، عالم و جاہل، مدعیِ عقل و فراست، بڑے سے بڑا شریف اس ظلم کا مرتکب ہے، غرضیکہ عدمِ تناسبِ عمر کو سوءِ اختیار میں داخل کرنا صحیح نہیں، خصوصاً سندھ کے عرف میں، البتہ بضرورتِ شدیدہ مذہبِ مالکیہ کے مطابق عدمِ نفقہ کی بناء پر حاکم سے نکاح فسخ کرایا جاسکتا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ رجب سنہ ۷۳ھ

ولی اقرب نابالغ ہو تو ابعد کو ولایتِ نکاح ہے:

سوال: ایک نابالغ لڑکی کا نابالغ بھائی موجود ہے، اس کا نکاح چچا نے کر دیا تو جائز ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

جائز ہے، قال فی شرح التنویر فلو زوّج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ، وفی الشامیۃ (قولہ حال قیام الاقرب) ای حضورہ وھو من اھل الولایۃ اما لو کان صغیرا او مجنونا جاز نکاح الابعد ذخیرۃ (رد المحتار ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ذی الحجہ سنہ ۷۳ھ

ولی ابعد بالغ کی موجودگی میں اقرب نابالغ کا کیا ہوا نکاح موقوف ہے:

سوال: ایک صغیرہ لڑکی کے صغیر بھائی نے والدہ کی رضامندی سے صغیرہ بہن کا نکاح کر دیا ہے، حالانکہ اس صغیرہ کا چچا اس نکاح میں راضی نہیں، اس کا شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

یہ نکاح چچا کی اجازت پر موقوف ہے، اگر اس نے صراحۃً یا دلالۃً اجازت دیدی تو صحیح

ہو جائے گا اور اگر رَد کر دیا تو باطل ہو جائے گا، اگر لڑکی کے بھائی یا خود لڑکی کے بلوغ تک چچا خاموش رہا تو اس کا اختیار ختم ہو جائے گا، پس اگر لڑکی اپنے بھائی سے پہلے بالغ ہوئی تو نکاح اس کی اجازت پر موقوف ہوگا، بھائی کو بعد البلوغ کوئی اختیار نہ ہوگا، اور اگر اس کا بھائی پہلے بالغ ہوا تو لڑکی کے بلوغ تک اس کو اجازت یا رَد کا اختیار ہے، مگر لڑکی کے بلوغ تک خاموش رہا تو اس کا اختیار بھی ختم ہو جائے گا، اور نکاح لڑکی کی اجازت پر موقوف ہو جائے گا، قال فی شرح التنویر فی باب الولی ھو شرعا البالغ العاقل الوارث ولو فاسقا علی المذھب مالم یکن متھتکا وخرج نحو صبی ووصی مطلقا علی المذھب (رد المحتار ج ۲ ص ۴۰۶) وایضا فیہ صغیرۃ زوجت نفسھا ولا ولی ولا حاکم ثمۃ توقف ونفذ باجازتھا بعد بلوغھا لان لہ مجیزا وھو السلطان (الی ان قال) فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب ای حضورہ وھو من اھل الولایۃ اما لو کان صغیرا او مجنونا جاز نکاح الابعد ذخیرۃ (قولہ توقف علی اجازتہ) تقدم ان البالغۃ لو زوجت نفسھا غیر کفء فللولی الاعتراض مالم یرض صریحا او دلالۃ کقبض المھر ونحوہ فلم یجعلوا سکوتہ اجازۃ والظاھر ان سکوتہ ھنا کذلک فلا یکون سکوتہ اجازۃ لنکاح الابعد وان کان حاضرا فی مجلس العقد مالم یرض صریحا او دلالۃ تأمل (رد المحتار ج ۲ ص ۴۳۳) وایضا فیہ قبیل باب المھر سیجیء فی البیوع توقف عقودہ (ای الفضولی) کلھا ان کان لھا مجیز حالۃ العقد والا تبطل (رد المحتار ج ۲ ص ۴۴۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱ رمضان المبارک سنہ ۷۴ھ

خیارِ بلوغ سکوت سے باطل ہو جاتا ہے:

سوال: ایک نابالغہ لڑکی کا چھوٹے چچا نے اپنے بیٹے کے ساتھ نکاح کر دیا، دوسرے دو بڑے چچا اور ایک نانا راضی نہیں تھے، جب علماء سے معلوم کیا گیا تو انھوں نے جواب دیا کہ لڑکی جب بالغ ہوگی تو اس کو نکاح کے فسخ کرنے کا اختیار ہوگا، لڑکی جب بالغ ہوئی تو اس نے بلوغ کے بعد چند قدم چل کر لوگوں کو آ کر کہا کہ میں بالغ ہو گئی ہوں، لہٰذا مجھے یہ نکاح قبول نہیں ہے ایک مولوی صاحب کہتے ہیں کہ چونکہ لڑکی نے چند قدم چل کر لوگوں سے آ کر کہا ہے، اس لئے تاخیر ہو گئی ہے، لہٰذا اب نکاح فسخ نہیں ہوا، کیا یہ صحیح ہے؟

بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر لڑکی بلوغ کے بعد فوراً فسخ کرتی اگرچہ تنہائی ہی میں تھی تو نکاح فسخ ہو جاتا، ذرا سی تاخیر سے بھی خیار بلوغ باطل ہو جاتا ہے، اس لئے یہ نکاح قائم ہے، قال فی التنویر وبطل خیار البکر بالسکوت عالمۃ بالنکاح ولا یمتد الی اٰخر المجلس، وفی الشرح لانہ کالشفعۃ، وفی الشامیۃ (قولہ ولا یمتد الی اٰخر المجلس) ای مجلس بلوغها وعلمها بالنکاح کما فی الفتح ای اذا بلغت وھی عالمۃ بالنکاح او علمت بہ بعد بلوغها فلابد من الفسخ فی حال البلوغ او العلم، فلو سکتت ولو قلیلا بطل خیارها ولو قبل تبدل المجلس (قولہ لانہ کالشفعۃ) ای فی انہ یشترط لثبوتها ان یطلبها الشفیع فور علمہ فی ظاهر الروایۃ حتی لو سکت لحظۃ او تکلم بکلام لغو بطلت (رد المحتار ص۲۳۶ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲؍ صفر سنہ ۹۶ھ

بلا اذنِ ولی غیر کفو سے نکاح میں طلاق یا متارکت کی حاجت نہیں:

سوال: بالغ لڑکی نے بلا اذن ولی غیر کفو میں نکاح کر لیا تو کتبِ فقہ کی تصریح کے مطابق یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، اب سوال یہ ہے کہ اس صورت میں طلاق یا متارکت ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

طلاق یا متارکت کی ضرورت نکاح فاسد میں ہوتی ہے، بلا اذنِ ولی غیر کفو سے نکاح فاسد نہیں بلکہ یہ نکاح سرے سے منعقد ہی نہیں ہوا، اس لئے اس میں طلاق یا متارکت کی حاجت نہیں، قال فی العلائیۃ ویفتی فی غیر الکفء بعدم جوازہ اصلا وھو المختار للفتویٰ لفساد الزمان، وفی الشامیۃ وھٰذا اذا کان لها ولی لم یرض بہ قبل العقد فلا یفید الرضا بعدہ بحر واما اذا لم یکن لها ولی فهو صحیح نافذ مطلقا اتفاقا کما یأتی (الی ان قال) وقول البحر لم یرض بہ یشمل ما اذا لم یعلم اصلا فلا یلزم التصریح بعدم الرضا بل السکوت منہ لا یکون رضا کما ذکرنا فلابد حینئذ لصحۃ العقد من رضاہ صریحا فلو سکت قبلہ ثم رضی بعدہ لا یفید فلیتأمل (رد المحتار ص۳۲۲ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۴؍ محرم سنہ ۱۴۰۷ھ

وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب

کشف الغبار

عن

مسألۃ سؤر الاختیار

مسئلۂ فقہیہ "سؤر الاختیار" سے متعلق مشہور ماہرینِ افتاء

کے مختلف فتاویٰ پر محققانہ سیر حاصل بحث

تحقیق مسألۃ سوء الاختیار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسألۃ سوء الاختیار سے متعلق خیر المدارس ملتان اور جامعہ اشرفیہ لاہور کے دو متضاد فتاویٰ استاذ محترم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں آئے، حضرت مفتی صاحب نے جواب تحریر فرمانے کے بعد اس کی نقل بندہ کو عنایت فرما کر اس پر اظہار رائے کا حکم فرمایا، میں نے جواب کے مطالعہ کے دوران اس سے متعلق مختصر طور پر چند یادداشتیں تحریر کرلیں، اور اس خیال میں رہا کہ کسی موقع پر حاضر خدمت ہو کر بالمشافہہ معروضات پیش کروں گا مگر حضرت کی مسلسل بیماری کی وجہ سے اس کی نوبت نہ آئی، حتیٰ کہ حضرت کی یہ تحقیق آپ کی کتاب "جواہر الفقہ" میں شائع ہوگئی، پھر سوچا کہ مسئلہ کی اہمیت اور سخت ضرورت کے پیش نظر اسے اجتماعی غور کے لئے دار العلوم، مدرسہ نیوٹاؤن اور دار الافتاء والارشاد کی مشترک مجلس تحقیق میں رکھا جائے مگر مجلس تحقیق کے اجتماع سے قبل ہی حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ اس مسافرخانہ سے وطن تشریف لے گئے، اور ساتھ ہی مجلس تحقیق بھی اپنے سرپرست سے محروم ہوجانے کی وجہ سے مرحوم ہوگئی، حضرت کے انتقال پر تقریباً تین ماہ گذر چکے ہیں مگر اب تک میری حالت یہ ہے کہ جب بھی کوئی عمیق بات ذہن میں آتی ہے تو فوراً بیساختہ شوق اٹھتا ہے کہ حضرت کی خدمت میں پیش کروں گا، بعد میں خیال آتا ہے کہ اُف! وہ پیکر شفقت و مجسمۂ محبت آج ہم میں نہیں، آج کوئی علمی تحقیق تصویب کے لئے کس کے سامنے پیش کروں؟ کوئی نکتہ کس کے سامنے بیان کرکے اس کے چہرہ کی بشاشت اور دلکش مسکراہٹ میں سرورِ قلب کا مشاہدہ کروں؟ ایک لطیفہ تو شاید زندگی بھر نہ بھول سکوں گا بھول بھی کیسے سکتا ہوں؟ سفر مبارک، رفیقِ سفر بلکہ امیرِ سفر مبارک، مقام مبارک، وقت مبارک، اور اس کے علاوہ لطیفہ بذاتِ خود مبارک، ایک بار سفرِ عمرہ میں مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مدرسۃ العلوم الشرعیہ کی بالائی منزل کے ایسے کمرہ میں قیام تھا کہ روضۂ انور علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر نظر پڑتی تھی، حضرت مفتی صاحب تلاوت فرما رہے تھے، جب اس آیت پر پہنچے وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ تو ازراہِ بے تکلفی و شفقت مجھ سے فرمایا کہ "یہاں اسمٰعیل کو ابراہیم کے ساتھ متصل کیوں نہیں ذکر کیا گیا؟" میں نے عرض کیا کہ یہ امتحان کسی غیر مفتی کا لیا ہوتا تو کچھ لطف بھی آتا، مفتی کے لئے تو اس کا جواب بہت آسان ہے، قاعدۂ فقہیہ کے مطابق

میں نے اس کا جواب عرض کر دیا، بہت محظوظ ہوتے، اب نظر ایسی شخصیت کی تلاش کے لئے گرد و پیش میں چکر لگا کر عالمِ مایوسی میں واپس لوٹ آتی ہے، اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ،

پس سوائے اس کے اور کوئی صورت نہیں رہی کہ میں مسئلۂ مذکورہ سے متعلق اربابِ فتویٰ کے غور و فکر کے لئے اپنے خیالات تفصیل سے تحریر کر دوں، ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے کسی کو فائدہ پہونچا دیں، وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ، اوّلاً سوال اور اس کے مختلف جوابات نقل کئے جاتے ہیں، اس کے بعد اپنی معروضات پیش کروں گا، وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ ،

سوال ؛ کیا فرماتے ہیں علماء دین اندریں مسئلہ کہ مسمّٰی زید ناحق طور پر قتل کے کیس میں ماخوذ ہوگیا جس میں چار واقعی قاتل تھے، مسمّٰی زید ناحق تھا، کیس کے دوران ملزموں کے ورثاء، مقتول کے وارثوں کے ساتھ صلح کی تجویزیں کرتے رہے، کیونکہ شہادتیں مضبوط تھیں، اور سزا کا خطرہ غالب تھا، بالآخر طے یہ ہوا کہ قاتلوں کے ورثاء تین لڑکیوں کے رشتے اور چار ہزار روپیہ دیں اور مقتول کے ورثہ سیشن کی عدالت میں اپنے گواہاں بٹھا دیں گے، چنانچہ روپیہ امانت رکھ دیا گیا، تین شیر خوار لڑکیوں کے عقد کر دیئے گئے، مسمّٰی زید کی لڑکی کا عقد اس پینتیس سالہ آدمی سے جو مقتول کا بھائی اور لوفر مزاج آدمی تھا زید کی اجازت سے کر دیا گیا،

بعد میں مقتول کے ورثاء نے سیشن میں پوری ڈٹ کر گواہی دی جس سے پانچوں ملزموں کو حکم سزائے موت سنایا گیا، ہر چار ہزار روپے تو ثالث نے مقتول کے ورثاء کو دینے سے انکار کر دیا کہ تم نے دھوکا کیا ہے، لہٰذا تم اس کے حقدار نہیں، مگر عقد تو پہلے ہو چکے تھے، اب دس پندرہ سال کے بعد زید کی لڑکی جوان ہوئی تو اس نے اپنے عقد کی تنسیخ کا اعلان کر دیا، اور شہادتیں فراہم کیں، اب شرعی طور پر التماس ہے کہ کیا باپ جبکہ موت و حیات کی کش مکش میں پھنسا ہوا تھا اور اس نے مقتول کے گھرانے میں اپنی اس شیر خوردہ کا عقد کر دیا تھا، پھر ایک لوفر طبع اور عمر میں اتنے تضاد کے باوجود محض اپنے آپ کو بری کرانے کی خاطر جبکہ اس ہندہ مظلومہ کو وہاں ذلت و خواری نصیب ہوگی شرعاً عقد درست ہے یا نہیں ؟ بصورت ثانی ہندہ کسی دوسری جگہ عقد کر کے شریفانہ زندگی گذارنے کی مجاز ہے یا نہیں ؟ کیا ابتداء ہی سے باپ سیئ الاختیار نہیں ہے؟ جس میں مسماۃ کو حق حل سکتا ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا

الجواب ؛ از خیر المدارس ملتان :

صورتِ مسئولہ میں بتقدیرِ صحتِ واقعہ یہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا تھا، لڑکی مذکورہ آزاد ہے

جہاں چاہے اپنی مرضی کے مطابق دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے، بوادر النوادر، ج ۱ ص ۹۶ میں ہے کہ اگر نابالغ کا نکاح باپ دادا نے کیا ہے اور واقعات سے معلوم ہوا کہ طمع زر سے کیا ہے، اور لڑکی کی مصلحت پر نظر نہیں کی تب بھی نکاح صحیح نہ ہوگا، واللہ اعلم

محمد اسحٰق غفرلہٗ نائب مفتی
خیر المدارس ملتان

الجواب صحیح
خیر محمد عفا اللہ عنہ

اس جواب کے بعد لڑکی نے اپنی مرضی برضائے ورثاء دوسری جگہ بلا تنسیخ عدالت نکاح کرلیا اور تقریباً نو دس ماہ سے وہاں راضی خوشی آباد ہے، اب فریق اول نے اس کے خلاف واویلا کیا کہ پہلا نکاح صحیح تھا، اب نکاح بر نکاح ہوگیا، نکاح خواں ثانی اور شہود سے ترک موالات لازم ہے، اور اس امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی جس نے نکاح ثانی پڑھایا ہے، انھوں نے کچھ فتوے بھی منگوائے کہ باپ کا کیا ہوا عقد ہے جو صحیح ہے، کیونکہ اس نے جیل سے اجازت دی تھی، چنانچہ اس سلسلہ میں مفتی جمیل احمد صاحب کا جواب ارسال ہے؛

جواب مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی:

① درست ہے، نابالغہ کا نکاح باپ کا کیا ہوا فسخ نہیں ہوسکتا، سوائے ایک صورت کے کہ باپ معروف بسوء الاختیار ہو، یعنی باپ ولی ہونے کے اختیار کو زیر ولایت کی مصالح کے خلاف لگانے میں مشہور و معروف ہو، اور مشہور و معروف ہونے کا کم از کم درجہ یہ ہے جیسے فتاویٰ شامی میں ہے کہ اپنا اختیارِ ولایت ایک لڑکی کے بارے میں پہلے خلاف مصالح لڑکی کے کرچکا ہو، صرف اسی وقت غلط طریقہ اختیار کرنے سے معروف بسوء الاختیار نہیں ہوسکتا، اس لئے باپ کا کیا ہوا نکاح فسخ نہیں کیا جاسکتا، اب جس طرح ہوسکے زور سے، لالچ سے، جبر سے طلاق مل جائے تو علیحدگی ہوسکتی ہے،

② سیئ الاختیار ہونے سے خیار بلوغ حاصل نہیں ہوتا، معروف بسوء الاختیار ہونے سے حاصل ہوتا ہے، جس کا مطلب ۱ میں عرض کردیا گیا ہے،

کتبہ جمیل احمد تھانوی
مفتی جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن لاہور ۲۸/۳/۸۹ھ

حضرت والا! آپ اس کے متعلق واضح اور صحیح جواب مدلل بیان فرمائیں، کیونکہ موجودہ د

میں اس قسم کے کئی عقد ہوئے ہیں، اور نتیجہ سوائے غیر آبادی کے اور کچھ نہیں، اور حصولِ طلاق بھی مخالفین سے مشکل ہے، اور اب اس لڑکی کی واپسی بھی دشوار ہے، کیا معروف بسوء الاختیار کی جو تشریح علامہ شامی نے کی ہے یہ اُن کی رائے نہیں ہے؟ جبکہ صاحب فتح القدیر، بحر الرائق، فتاوی خیریہ، درمختار میں سوءِ اختیار کے لئے واقعہ اول شرط ذکر نہیں کیا، امید ہے کہ جواب سے نوازیں گے۔

خدا بخش، جہاد ریاں، سرگودھا

الجواب: از حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ:

حامداً ومصلیاً،

صورتِ مسئولہ کا صحیح جواب میرے نزدیک یہ ہے کہ اس صورت میں لڑکی کو بوقتِ بلوغ خیارِ فسخ حاصل ہوگا، وہ شرعی قاضی یا مسلمان حاکمِ مجاز کی عدالت میں دعوی کرے، شرائطِ شرعیہ کے مطابق ثبوت پیش کرکے وہ اپنا نکاح مسلمان حاکم سے فسخ کرا سکتی ہے، خود بخود نکاح باطل نہیں ہوگا، اگر ایسا کرنے اور فیصلہ فسخ نکاح حاصل کرنے کے بعد نکاح ثانی کرلیا ہے تو وہ شرعاً صحیح و درست ہے، لاہور کے فتوے میں جو یہ کہا گیا ہے کہ یہ نکاح چونکہ باپ نے کیا ہے اس لئے خیارِ بلوغ حاصل نہ ہوگا، یہ اس معاملہ میں صحیح نہیں ہوگا، کیونکہ باپ کا سوءِ اختیار اس معاملہ میں ایسا واضح ہے کہ مشہور بسوء الاختیار ہونے میں بھی ایسا یقین نہیں ہوسکتا، اور علامہ شامی نے جو فتح القدیر کی ایک بحث کے ذیل میں معروف بسوء الاختیار کی تشریح یہ کی ہے کہ باپ کو معروف بسوء الاختیار اس صورت میں قرار دیا جائے گا جبکہ ایک مرتبہ اس سے پہلے اس نے ایسی حرکت کی ہو، کہ ایک لڑکی کا نکاح جانتے بوجھتے ہوئے اس کے مصالح کے خلاف کرچکا ہو تو اس پہلی لڑکی کا نکاح صحیح اور نافذ ہوگیا، کیونکہ اس وقت وہ سوءِ اختیار میں مشہور نہیں تھا دوسری لڑکی کا اسی طرح نکاح کردے گا تو اب وہ مشہور بسوء الاختیار ہوگا، یہ تشریح جمہور فقہاء کی تصریحات سے مختلف ہونے کی وجہ سے محلِ نظر ہے، خصوصاً جبکہ اس بحث کے خاتمہ پر خود علامہ شامی نے فتح القدیر[1] کے حوالہ سے اس تشریح کی جو وجہ لکھی ہے وہ کوئی یقینی وجہ نہیں، لکھتے ہیں

لو کان المانع مجرد تحقق سوء الاختیار بدون الاشتھار لزم احالۃ المسألۃ اعنی قولھم ولزم النکاح ولو بغبن فاحش او بغیر کفء ان کان الولی ابا او جدا،

(شامی ص ۳۳۰ ج ۲ مصری)

---

[1] یہ وجہ شامی نے خود لکھی ہے، فتح القدیر سے نقل نہیں کی ۱۲ رشید احمد

اس کا حاصل یہ ہے کہ غبن فاحش کے ساتھ یا غیر کفو میں نکاح کر دینا خود ہی سوء اختیار کو ثابت کر رہا ہے، تو تحقق سوء اختیار کا متیقن ہے، اگر صرف تحقق سوء اختیار کا کافی ہوتا تو آگے یہ شرط لم یعرف بسوء الاختیار بے فائدہ ہو جاتی ہے، اس دلیل کا جواب یہ ہے کہ واقعہ ایسا نہیں، بعض اوقات ایک شفیق اور عقلمند باپ مہر کی کمی یا غیر کفو میں ہونے پر اس لئے راضی ہو جاتا ہے کہ دوسرے مصالح اس میں محسوس کرتا ہے، مثلاً ایک عالم، صالح غیر کفو ہو اور مہر بھی مہر مثل سے کم دے رہا ہے مگر وہ ایسا مشہور و معروف بالصلاح عالم ہے کہ اس کے ساتھ لڑکی کی زندگی دنیوی اور دینی دونوں اعتبار سے خوشگوار رہنے کی قوی امید ہے تو یہ کہنا صحیح نہیں کہ جب مہر مثل سے کم پر عقد کیا یا غیر کفو میں کیا تو سوء اختیار متحقق ہو گیا، وہ سوء اختیار نہیں، دانشمندانہ و مصلحانہ اختیار ہے، خلاصہ یہ ہے کہ فقہاء کی اصل عبارت لم یعرف بسوء الاختیار ہے، اس کا مقصد کھلا ہوا یہ ہے کہ یہ حالت مشتبہ نہ رہے کہ باپ نے یہ نکاح اپنی کسی غرض یا حماقت سے کیا ہے، لڑکی کے مصالح کو ملحوظ نہ رکھا، جب یہ بات مشتبہ نہ رہے تو حکم یہی ہوگا کہ یہ نکاح نافذ و لازم نہیں ہے، اس جملے لم یعرف کی شرح جو در مختار اور تمام کتب فقہ میں متفقہ طور پر لکھی گئی وہ یہ ہے مجانۃ وفسقا یعنی باپ کا بیہودہ، بے پرواہ یا فاسق ہونا کھلا ہوا نہ ہو، اس کا حاصل یہ ہے کہ جب واضح طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ باپ نے اس نکاح میں لڑکی کے مصالح پر نظر کئے بغیر کسی لالچ یا اپنے نفع کے لئے کر دیا ہے تو باپ کا سوء اختیار معروف اور غیر مشتبہ ہو گیا، اب اس کے کئے ہوئے نکاح کو لازم قرار دینے کی وہ علت باقی نہیں رہی جس کی بناء پر باپ دادا کے کئے ہوئے نکاح کو دوسرے اولیاء سے امتیاز دیا گیا ہے، یعنی باپ دادا کا وفور شفقت اور اولاد کی منفعت پر گہری نظر ہونا، اور جب واقعہ سوال کی طرح بلا اشتباہ ثابت ہو جائے کہ باپ نے خالص اپنے نفع کے لئے یہ کام کیا ہے، لڑکی پر شفقت کا کوئی داعیہ اس میں نہیں، تو باپ، دادا اور دوسرے اولیاء سب برابر ہو گئے، خود علامہ شامی نے اس جملہ مجانۃ وفسقا کی شرح میں بحوالہ شرح مجمع یہ نقل کیا ہے: حتی لو عرف من الاب سوء الاختیار لسفهه او لطمعه لا یجوز عقده اجماعا اھ (رد المحتار ص ۳۳ ج ۲)

اس میں محض باپ کی سفاہت (بیوقوفی) اور طمع زر ثابت ہو جانے پر عدم انعقاد نکاح کا فیصلہ فرمایا ہے، اور اس پر شامی نے بھی کچھ اختلاف نہیں کیا، اس سے معلوم ہوا کہ معروف بسوء الاختیار کے ذیل میں شامی نے بحوالہ فتح القدیر جو کچھ لکھا وہ محض ایک بحث ہے، نہ فتح القدیر کا فتویٰ اور فیصلہ ہے نہ خود علامہ شامی کا، اس کی بنیاد پر تمام فقہاء کی تصریحات سے اور خود

مسئلہ کی صریح علت سے صرف نظر نہیں کیا جا سکتا، علامہ خیر الدین رملی نے فتاویٰ خیریہ میں اس مسئلہ کی تشریح حسب ذیل الفاظ میں کی ہے، اس میں دوسرے ائمہ فقہاء کے اقوال واضحہ بھی موجود ہیں: (سئل) فی الاب اذا علم منہ سوء الاختیار وعدم النظر فی العواقب اذا زوج ابنتہ القابلۃ للتخلق بالخیر والشر بغیر کفء ھل یصح ام لا؟ (اجاب) قال ابن فرشتہ فی شرح المجمع لو عرف من الاب سوء الاختیار لسفھہ او لطمعہ لایجوز عقدہ اتفاقا ومثلہ فی الدرر والغرر وقال فی البحر فی شرح قول الکنز ولو زوج طفلہ غیر کفء او بغبن فاحش صح ولم یجز ذلک لغیر الاب والجد اطلق فی الاب والجد وقیدہ الشارحون وغیرھم بان لایکون الاب معروفا بسوء الاختیار حتی لو کان معروفا بذلک مجانۃ وفسقا فالعقد باطل علی الصحیح قال فی فتح القدیر ومن زوج ابنتہ الصغیرۃ القابلۃ للتخلق بالخیر والشر ممن یعلم انہ شریر او فاسق فھو ظاھر سوء اختیارہ ولان ترک النظر ھھنا مقطوع بہ فلا یعارضہ ظھور ارادۃ مصلحۃ تفوق ذلک نظرا الی شفقۃ الابوۃ اھ ثم قال وقد وقع فی اکثر الفتاوی فی ھذہ المسألۃ ان النکاح باطل فظاھرہ انہ لم ینعقد، وفی الظھیریۃ یفرق بینھما ولم یقل انہ باطل وھو الحق ولذا قال فی الذخیرۃ فی قولھم فالنکاح باطل ای یبطل انتھی کلام البحر، والمسألۃ شھیرۃ (فتاوی خیریۃ ص ۲۳)

عبارتِ مذکورہ میں یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ جب کسی باپ دادا کے متعلق نابالغہ کے نکاح میں ترکِ شفقت اور مسامحت یقینی ہو جائے تو اس کا کیا ہوا نکاح بھی لازم نہ ہوگا خصوصاً فتح القدیر کے حوالہ سے یہ جو لکھا گیا ہے لان ترک النظر ھھنا مقطوع بہ، اس میں یہ کوئی قید نہیں کہ پہلی مرتبہ ایسا کیا ہو یا دوسری مرتبہ، فقط ترکِ شفقت کا قطعی بلا اشتباہ ہونا کافی قرار دیا ہے، اس سے بھی یہی واضح ہوتا ہے کہ فتح القدیر کی جو بحث علامہ شامی نے نقل کی ہے وہ محض ایک بحث ہی ہے، ابن ہمام کا فتویٰ اور فیصلہ نہیں ہے، اس تفصیل سے واضح ہو گیا کہ لاہور کا فتوی مرجوح ہے، اسی طرح ملتان کے فتوی میں بھی جو یہ لکھا گیا ہو کہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا لڑکی آزاد ہے جہاں چاہے نکاح کرے یہ بھی صحیح نہیں، جیسا کہ فتاویٰ خیریہ کی تصریح سے معلوم ہوا، کہ جس کسی نے اس نکاح کو باطل کہا ہے اس کا مطلب یہ ہو کہ عدالت کے ذریعہ فسخ کرا کر باطل ہو سکتا ہے،

ملتان کے فتویٰ میں جو حوالہ بوادر النوادر کا دیا گیا ہے صاحبِ خیریہ کی توجیہ کے مطابق اس کا بھی یہی مفہوم متعین ہے کہ بخیارِ بلوغ یہ نکاح مرتفع ہو سکتا ہے، ثم اعلم ان ما مرّ من النوازل من ان النکاح باطل معناہ انہ سیبطل کما فی الذخیرۃ لان المسألۃ مفروضۃ فیما اذا لم ترض البنت بعد ما کبرت کما صرح بہ فی الخانیۃ والذخیرۃ وغیرھما وعلیہ یحمل ما فی القنیۃ زوج ابنتہ الصغیرۃ من رجل ظنہ حرا لاصل وکان معتقا فھو باطل بالاتفاق اھ (شامی ص ۳۳۰ ج ۲) اس لئے مسئلہ مذکورہ کا صحیح جواب وہی ہے جو شروع میں لکھا گیا ہے، کہ صورتِ مندرجہ سوال میں باپ کے کئے ہوئے نکاح پر بھی نابالغہ کو خیارِ فسخ ملے گا، شرائط کے مطابق عدالتِ مسلمہ سے نکاح فسخ کرالے تو فسخ ہوجائے گا، اور نکاح ثانی کی اجازت ہوجائے گی، واللہ اعلم، بندہ محمد شفیع

دار العلوم کراچی ۱۴ ۱۷/ ۸۹ھ

الجواب باسم ملہم الصواب

مسئلہ زیرِ بحث میں تین امور تحقیق طلب ہیں:

① سوء الاختیار کا مطلب، نیز ولی کا سوء الاختیار معروف و مشہور ہونا ضروری ہے، یا کہ سوء الاختیار کا صرف تحقق و تیقن بھی کافی ہے ؟

② سوء الاختیار کی صورت میں نکاح بالکل باطل اور کالعدم ہے یا کہ نکاح صحیح ہے اور منکوحہ کو خیارِ بلوغ ہے ؟

③ اگر نکاح صحیح ہے تو منکوحہ بعد البلوغ خود نکاح فسخ کر سکتی ہے یا کہ اس میں قضاءِ قاضی شرط ہے ؟

تفصیل سوء الاختیار

سوء الاختیار کے مفہوم میں حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا اختلاف ہے، بعض اسے تزویج کے ساتھ خاص قرار دیتے ہیں، اور بعض نے عام بمعنی ماجن و متہتک لیا ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی باب الولی تحت (قولہ مالم یکن متہتکا) وبہ ظہر ان الفاسق المتہتک وہو بمعنی سیئ الاختیار لا تسقط ولایتہ مطلقا لانہ لو زوّج من کفء بمہر مثل صح کما سیأتی بیانہ (رد المحتار، ص ۳۲۱ ج ۲)

وقال الرافعی لم یظہر مما سبق ان الفاسق المتہتک ہو بمعنی سیئ الاختیار

ولا یلزم من وجود احدھما وجود الآخر کما ھو ظاھر نعم قد یتحقق معناھما فی شخص واحد فعلی ھذا اذا کان الولی متھتکا او سیئ الاختیار لا یصح تزویجہ بنقص عن مھر المثل او من غیر کفء (التحریر المختار ص ۱۸۴ ج ۱)

یہ اختلافِ لفظ ہے، جس کا نفسِ مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا، اس لئے کہ متہتک اور سیّئ الاختیار کا حکم واحد ہے، حاصل یہ ہے کہ باپ بے غیرت، طامع یا سفیہ ہو، اب رہی یہ بحث کہ باپ کا ان عیوب میں معروف و مشہور ہونا ضروری ہے یا کہ ان عیوب کا صرف تحقق ہی کافی ہے؟ سو مخفی نہیں کہ عیوب مذکورہ کا تحقق اور ان میں معروف ہونا تقریباً متلازم ہیں، یعنی جس شخص میں یقینی طور پر یہ عیوب پائے جاتے ہیں وہ عموماً ان عیوب میں معروف بھی ہوتا ہے، اس لئے معروف بسوء الاختیار کا اطلاق کر دیا جاتا ہے، ورنہ اصل مقصد تحقق و تیقن ہے، چنانچہ ماجن، متہتک، اور سکران میں کسی نے بھی معروف ہونے کی شرط نہیں لگائی، تنویر میں ہے: لم یعرف منھما سوء الاختیار وان عرف لا، اور شامیہ میں شرح المجمع کے حوالہ سے نیز درر میں "عرف منہ سوء الاختیار" کے الفاظ ہیں، جن کی دلالت شہرت کے بجائے تحقق پر زیادہ ہے، پھر یہ الفاظ صاحبِ درر کے اپنے نہیں، بلکہ "قالوا" کے لفظ سے اس جملہ کو عامۃ الفقہاء کی طرف منسوب فرمایا ہے (درر الحکام ص ۳۳۷ ج ۱) منحۃ الخالق میں رملی سے "ان علم سوء تدبیرہ" نقل کیا ہے، اس سے محض تحقق و تیقن ثابت ہوتا ہے، شامیہ، بحر اور خیریہ وغیرہ میں جو معروف کا لفظ لائے ہیں اور پھر تحقق و شہرت میں فرق کیا ہے ان سب کی بناء ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس بحث پر ہے:

(قولہ واذا زوج الاب ابنتہ الصغیرۃ ونقص من مھرھا او ابنہ الصغیر وزاد فی مھر امرأتہ جاز ذلک علیھما) ولزم عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ سواء کان بغبن فاحش او قلیل وثبت المال کلہ فی ذمۃ الصغیر فی الثانیۃ لا فی ذمۃ الاب سواء کان الاب موسراً او معسراً فیقضیہ من مال الصغیر (وقالا لا تجوز الزیادۃ والنقص الا بما یتغابن فیہ الناس) وعلی ھذا الخلاف تزویج الاب ابنتہ من غیر کفء ویجب ان یکون معنی ھذا عدم الکفاءۃ فی غیر الدیانۃ واما فیھا فلا لما قالوا لو کان الاب معروفاً بسوء الاختیار مجانۃ وفسقا کان العقد باطلاً علی قول ابی حنیفۃ علی الصحیح ومن زوج بنتہ الصغیرۃ القابلۃ للتخلق بالخیر والشر ممن یعلم انہ شریر فاسق ظھر سوء اختیارہ ولان ترک النظر ھنا مقطوع بہ فلا یعارضہ ظھور ارادۃ مصلحۃ تفوق

ذٰلك نظراً الى شفقة الابوة وما فى النوازل زوج ابنته الصغيرة ممن ينكر انه يشرب المسكر فاذا هو مدمن له وقالت لا ارضى بالنكاح يعنى بعد ما كبرت ان لم يكن يعرفه الاب بشربه وكان غلبة اهل بيته صالحين فالنكاح باطل لانه انما زوج على ظن انه كفء يفين خلافه اذ يقتضى انه لو عرفه الاب انه يشربه فالنكاح نافذ وهو ينافى ما قرر من ان الاب اذا عرف بسوء الاختيار لا ينفذ تزويجه من غير كفء والجواب انه لا تلازم بين ثبوت سوء الاختيار وتيقنه وبين كونه معروفاً به فلا يلزم بطلانه عند تحقق سوء الاختيار مع انه لم يتحقق للناس كون الاب العاقد معروفاً بمثله (فتح القدير ص ۴۲۵ ج ۲)

فتح القدیر کی عبارت مذکورہ نقل کرنے کے بعد شامی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: والحاصل ان المانع هو كون الاب مشهوراً بسوء الاختيار قبل العقد فاذا لم يكن مشهوراً بذلك ثم زوج بنته من فاسق صح وان تحقق بذلك انه سيئ الاختيار واشتهر به عند الناس فلو زوج بنتاً اخرى من فاسق لم يصح الثانى لانه كان مشهوراً بسوء الاختيار قبله بخلاف العقد الاول لعدم وجود المانع قبله ولو كان المانع مجرد تحقق سوء الاختيار بدون الاشتهار لزم احالة المسئلة اعنى قولهم ولزم النكاح ولو بغبن فاحش او بغير كفء ان كان الولى اباً او جداً (رد المحتار ص ۳۳۰ ج ۲)

فتح القدیر کی بحث مذکور سے یہ سمجھ لیا گیا کہ باپ کا مشہور بسوء الاختیار ہونا ضروری ہے، پھر شامیہ کی تحریر مذکور سے معروف بسوء الاختیار کو اس صورت کے ساتھ خاص سمجھ لیا گیا کہ باپ پہلے بھی اس قسم کا کوئی نکاح کر چکا ہو، غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ یہ دونوں خیال خلاف واقع ہیں، ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے پہلے تزویج بالفاسق کو مطلقاً سوء الاختیار قرار دیا، پھر نوازل کے جزئیہ زوج ابنته الصغيرة الخ سے اس پر اشکال ظاہر کیا، پھر تحقق سوء الاختیار اور معروف بسوء الاختیار میں فرق بیان کر کے اشکال مذکور کا جواب دیا، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی وضاحت کے لئے ایک مثال تحریر فرما کر فرماتے ہیں کہ باپ تزویج اول سے معروف بسوء الاختیار ہو گیا، اس لئے تزویج ثانی باطل ہے، ظاہر ہے کہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ معروف بسوء الاختیار کو اس صورت میں منحصر نہیں قرار دے رہے، بلکہ معروف ہونے کی ایک صورت بیان فرما رہے ہیں، پس اگر باپ میں بے غیرتی، طمع یا حماقت معروف ہو تو اس کی تزویج اول بھی معروف

بسوء الاختیار کی تزویج ہونے کی وجہ سے باطل ہوگی، حیلۂ ناجزہ میں معروف بسوء الاختیار کی توضیح بالفاظِ ذیل فرماتے ہیں:

"یعنی اس کے قبل کوئی واقعہ ایسا نہ ہوا ہو جس کی بناء پر عموماً خیال ہو جاوے کہ یہ شخص معاملات میں لالچ وغیرہ کی وجہ سے مصلحت اور انجام بینی کو مدِ نظر نہیں رکھتا، پس اگر کوئی شخص لالچ یا ناعاقبت اندیشی کے سبب بد تدبیری میں مشہور و معروف ہو وہ اگر نابالغ بیٹے یا بیٹی کا نکاح غیر کفو سے کر دے، یا مہر میں غبن فاحش کرے تو وہ نکاح بھی بالکل باطل ہے" (حیلۂ ناجزہ ص ۱۳۴ مطبوعہ قرآن محل)

عبارتِ مذکورہ میں مطلقاً کسی واقعہ سے بد تدبیری میں معروف ہونا لکھا گیا ہے، اس سے قبل خاص طور پر تزویج ہی میں سوء الاختیار کے وجود کو شرط نہیں ٹھہرایا گیا، امداد الفتاویٰ میں عنوان "تفصیل زنِ سنیہ باشیعہ" کے تحت فرماتے ہیں:

"اگر نکاح باپ یا دادا نے کیا ہے اور واقعات سے معلوم ہوا کہ طمعِ زر سے کیا ہے اور لڑکی کی مصلحت پر نظر نہیں کی، جیسا سوال میں مذکور ہے، تب بھی نکاح صحیح نہ ہوگا" (امداد الفتاویٰ مبوب ص ۲۲۷ ج ۲)

امداد الفتاویٰ کی اسی عبارت کو ملتان کے فتویٰ میں بوادر النوادر سے نقل کیا ہے، اس میں تزویج ثانی تو در کنار مطلقاً معروف و مشہور ہونے کی شرط بھی نہیں لگائی گئی، بلکہ سوء الاختیار کے صرف ثبوت ہی کو کافی قرار دیا گیا ہے،

یہاں تک یہ بیان ہوا کہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تمثیل سے اُن کی طرف یہ منسوب کرنا صحیح نہیں کہ وہ معروف بسوء الاختیار کی تزویجِ اوّل کی صحت کے قائل ہیں، یا ان کے ہاں بدوں تزویج سوء الاختیار کا تحقق ہی نہیں ہو سکتا، ہم اوپر شامی کی عبارت تحریر کر چکے ہیں جس میں انھوں نے سیئ الاختیار اور متہتک کو ہم معنی قرار دیا ہے، اس سے ثابت ہوا کہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی بے غیرتی اور طمع وغیرہ کے ثبوت سے سوء الاختیار متحقق ہو جاتا ہے، اگرچہ تزویج کا کوئی واقعہ پیش نہ آیا ہو،

اب ذرا ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر کو زیر غور لائیں ان کو اپنے ایک نظریہ پر سے اشکال رفع کرنے کے لئے سوء الاختیار میں تحقق اور شہرت کے درمیان فرق کرنے کی ضرورت پیش آئی، ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا نظریہ یہ ہے کہ تزویج بالفاسق مطلقاً سوء الاختیار ہے، ومرّ نصہ ؕ

زوّج ابنتہ الصغیرۃ القابلۃ للتخلق بالخیر والشر ممن یعلم انہ شریر فاسق فھو ظاھر سوء اختیارہ الخ، حالانکہ عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ سے معلوم ہوتا ہے کہ تزویج بالفاسق مجانۃً یا سفہاً ہو تو سوء الاختیار ہے ورنہ نہیں، قال العلائی لم یعرف منہما سوء الاختیار مجانۃً او فسقاً، ونقل ابن عابدین عن شرح المجمع حتی لو عرف من الاب سوء الاختیار لسفھہ او لطمعہ الخ (رد المحتار ص ۴۳۰ ج ۲) وفی الدرر لو عرف منہ سوء الاختیار لطمعہ اوسفھہ الخ (درر الحکام ص ۳۳۷ ج ۱) وفی البحر وقیدہ الشارحون وغیرھم بان لا یکون معروفاً بسوء الاختیار حتی لوکان معروفاً بذلک مجانۃً وفسقاً فالعقد باطل الخ (البحر الرائق ص ۱۳۵ ج ۳)، بلکہ خود ابن ہمام رحمہ اللہ بھی "مجانۃ وفسقا" کی قید نقل فرما رہے ہیں، قالوا لوکان الاب معروفاً بسوء الاختیار مجانۃً وفسقاً کان العقد باطلاً الخ (فتح القدیر ص ۴۲۵ ج ۲) معلوم ہوتا ہے کہ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نفسِ تزویج بالفاسق ہی کو فسق یا حماقت قرار دے رہے ہیں، یا مجانۃ وسفہاً کو سوء اختیار کی شرط نہیں قرار دیتے، بلکہ صرف سبب سمجھتے ہیں، بہرکیف مطلقاً تزویج بالفاسق کو سوء اختیار قرار دینا محل تأمل ہے، بالخصوص اس دور میں تو شاذونادر ہی کوئی اس سوء اختیار سے بچا ہو، بڑے بڑے مشاہیر علماء اور مدعیانِ تقدس وتقویٰ بھی اس میں مبتلا ہیں، غور کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا نظریہ ثمرہ کے لحاظ سے عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کے خلاف نہیں، اس لئے کہ طمع یا سفہ کا مرض عموماً معروف ہی ہوتا ہے، یا یوں سمجھ لیا جائے کہ جب تک کوئی شخص اس مرض میں معروف نہیں ہوتا اس وقت تک اس مرض کے تحقق کا یقین نہیں ہوسکتا، اب ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کے نظریہ کے مطابق مسئلہ کی تقریر یوں ہوگی کہ تزویج بالفاسق اگرچہ سوء الاختیار ہے، مگر باپ اگر معروف بسوء الاختیار نہیں تو اس کا یہ عقد طمع یا سفہ کی وجہ سے نہیں، اس لئے نافذ ہوجائے گا، اور فقہاء رحمہم اللہ کی عام عبارات کے پیشِ نظر یوں کہا جائے گا کہ باپ اگر طمع یا سفہ میں معروف نہیں، یعنی یہ مرض اس میں متیقن نہیں تو اس کی تزویج بالفاسق سوء الاختیار نہیں، لہٰذا نافذ ہے، پس دونوں نظریات کا حاصل ایک ہی ہے، اگرچہ نظریۂ ثانیہ روایۃً ودرایۃً ارجح ہے،

اس تقریر سے علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کے استحالہ "ولوکان المانع مجرد تحقق سوء الاختیار بدون الاشتہار لزم احالۃ المسألۃ اعنی قولھم لزم

النکاح ولو بغبن فاحش او بغیر کفء ان کان الولی ابا او جدا، کا حل بھی واضح ہو گیا، یعنی مطلقاً غبن فاحش سے یا غیر کفو میں نکاح کرنا سوء الاختیار نہیں بلکہ بدون کسی جائز مصلحت کے محض مجانۃً یا سفہاً ایسا کیا تو سوء الاختیار کہلائے گا، ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا تزویج بالفاسق کو سوء الاختیار قرار دینا تو پھر بھی کچھ وزن رکھتا ہے، مگر غبنِ فاحش اور عدم الکفاءۃ غیر الفسق کو سوء الاختیار میں داخل کرنا تو کسی طرح بھی قرینِ قیاس نہیں، جبکہ اس میں مصالح کا احتمال سب فقہاء بیان فرما رہے ہیں، اگر اس میں سوء الاختیار متیقن ہوتا تو حضرت امام رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی ہرگز اجازت نہ دیتے،

اب تک جو تفصیل بیان ہوئی اس کا خلاصہ ایک نظر میں ملاحظہ فرمائیں:

① بے غیرتی، لالچ اور سفہ وغیرہ جیسے عیوب جس میں پائے جائیں وہ بالعموم معروف ہی ہوتا ہے، اس لئے بعض فقہاء نے اسے معروف بسوء الاختیار سے تعبیر کر دیا ہے، ورنہ درحقیقت ان عیوب کا تحقق وتیقن ہی کافی ہے

② عام فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ سوء الاختیار کے ساتھ شہرت کی قید نہیں لگاتے،

③ صرف ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک اشکال سے بچنے کے لئے یہ قید لگائی، حالانکہ اس قید کے بغیر بھی کوئی اشکال نہیں، نیز ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا نظریہ بھی ثمرہ کے لحاظ سے عام عبارات کے خلاف نہیں، کما مر تقریرہ

④ امداد الفتاویٰ میں صرف تحقق سوء الاختیار کو معتبر قرار دیا گیا ہے، شہرت کی قید نہیں لگائی، حیلۂ ناجزہ میں یہ قید ہے، مگر اس سے بھی حصولِ یقین مقصود ہے، کما مر ان الیقین لا یحصل عادۃ الا بہ،

⑤ ماجن، متہتک اور سکران میں شہرت کی قید نہیں، پس اگر سیئ الاختیار کو متہتک کا ہم معنی کہا جائے کما قال الشامی، تو اس میں بھی شہرت کی قید کا نہ ہونا ظاہر ہے، اور اگر رافعی کے قول کے مطابق سیئ الاختیار اور متہتک ہر ایک کا مفہوم الگ لیا جائے تو ایک میں شہرت کی قید نہ لگانے اور دوسرے میں لگانے کی کیا وجہ ہے؟

⑥ بطلان نکاح کی علت عدم النظر کا تیقن ہے، جس کے لئے سوء الاختیار کا محض تحقق و تیقن کافی ہے، پس شہرت کی قید کی کیا ضرورت ہے؟

⑦ معروف بسوء الاختیار کو اس میں منحصر کرنا کہ باپ پہلے بھی کوئی ایسا عقد کر چکا ہو

نہ کہیں منقول ہے اور نہ معقول،

⑧ تزویج بالغبن الفاحش اوبغیر الکفء ولوکان فاسقاً کو علی الاطلاق سوء الاختیار قرار دینا صحیح نہیں، بلکہ یہ صرف اس صورت میں سوء الاختیار ہوگا جبکہ باپ کی طمع یا سفہ وغیرہ ظاہر ہو،

⑨ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں غبن فاحش یا غیر کفو میں کیا ہوا صغیرہ کا نکاح بہرحال باطل ہے اگرچہ باپ سیئ الاختیار نہ ہو، جب ظلم ظاہر اور ضرورت شدیدہ کے وقت غیر مذہب پر فتویٰ دینے کی اجازت ہے تو صاحبین کے مذہب پر بطریق اولیٰ گنجائش ہوگی، بلکہ بعض صورتوں میں ظلم صریح سے نجات دلانے کے لئے صاحبین کے مطابق فتویٰ دینا واجب ہوگا،

سیئ الاختیار کا نکاح باطل ہے:

سیئ الاختیار باپ نے صغیرہ کا نکاح غبن فاحش سے کیا یا غیر کفو میں کیا تو یہ نکاح موقوف نہیں، بلکہ منعقد ہی نہیں ہوا، اس لئے بالکل باطل اور کالعدم ہے، حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایسے نکاح کو موقوف قرار دیا ہے، اور اس کے فسخ کے لئے خیار بلوغ کے استعمال اور قضاء قاضی کو ضروری ٹھیرایا ہے، اور عبارات فقہاء میں "باطل بمعنی سیبطل" لیا ہے، دلیل میں دو عبارتیں پیش فرمائی ہیں، ایک خیریہ کی اور دوسری شامیہ سے نوازل کی، درحقیقت یہ دونوں عبارتیں صورت زیر بحث سے متعلق نہیں، بلکہ نوازل کے جزئیہ سے متعلق ہیں، جو یہ ہے زوج ابنته الصغیرۃ ممن ینکر انه یشرب المسکر فاذا هو مدمن له وقالت لا ارضی بالنکاح یعنی بعد ما کبرت ان لم یعرفه الاب بشربه وکان غلبة اهل بیته صالحین فالنکاح باطل الخ (رد المحتار، ص ۳۳۰ ج ۲)، شامیہ میں تو اس کی تصریح ہے کہ "باطل بمعنی سیبطل" نوازل کے جزئیہ مذکورہ سے متعلق ہے، باقی رہی خیریہ کی عبارت جو رملی نے بحر سے بالاختصار نقل کی ہے، مگر اختصار میں تسامح ہوگیا ہے، بحر کی اصل عبارت یوں ہے:

واطلق فی الاب والجد وقیده الشارحون وغیرهم بان لا یکون معروفاً بسوء الاختیار حتی لوکان معروفاً بذلك مجانة وفسقاً فالعقد باطل علی الصحیح (ثم قال) وذکر اصحاب الفتاوی ان الاب اذا زوج بنته الصغیرۃ ممن ینکر انه یشرب المسکر فاذا هو مدمن له وقالت بعد کبرت لا ارضی بالنکاح ان لم یکن یعرفه الاب بشربه وکان غلبة اهل بیته صالحین فالنکاح باطل اتفاقاً

لانہ انما زوج علیٰ ظن انہ کفءٌ (ثم قال) وقد وقع فی اکثر الفتاوی فی ھٰذہ المسألۃ ان النکاح باطل فظاھرہ انہ لم ینعقد وفی الظہیریۃ یفرق بینھما ولم یقل انہ باطل وھو الحق ولذا قال فی الخیریۃ فی قولھم فالنکاح باطل ای یبطل (البحر الرائق ص ۱۳۵ ج ۳) اس عبارت میں ظاہر ہے کہ "ھٰذہ المسألۃ" سے وہ مسألہ مراد ہے جو اوپر متصل گذرا ہے، چنانچہ مقام مذکور کے حاشیہ میں علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "ای التی ذکرھا اصحاب الفتاوی" یعنی وہی نوازل کا الاجزئیہ جسے بحر نے صحاب الفتاوی کیطرف منسوب کیا ہے، آگے (قولہ ثم اعلم انہ لاخصوصیۃ اذا علمہ فاسقا) کے تحت فرماتے ہیں، قال الرملی والحاصل مما تقدم انہ ان لم یعلم بعدم کفاءتہ ثم علم فھو باطل ای سیبطل وان علم بھا ینظر ان علم سوء تدبیرہ فکذلک والا فھو صحیح نافذ الخ، فتاوی خیریہ کی طرح یہاں بھی رملی نے صورت زیر بحث اور جزئیہ نوازل پر ایک ہی حکم لگا دیا ہے، حالانکہ یہ درایۃً وروایۃً صحیح نہیں، کما سنذکر ان شاء اللہ تعالیٰ، لہٰذا یا تو رملی کی عبارت میں تأویل کرکے اسے دوسرے فقہاء کے موافق کیا جائے گا، یا تسامح پر محمول کیا جائے گا، صورتِ زیر بحث یعنی تزویج سیئ الاختیار بغیر الکفءٌ سے متعلق عباراتِ فقہاء ملاحظہ ہوں،

قال العلائی وان عرف لا یصح النکاح اتفاقا وکذا لو کان سکران الخ (رد المحتار ص ۳۳۰ ج ۲) وفی کفاءۃ الشامیۃ تحت (قولہ لاخیار لاحد) کان الظاھر ان یقال لا یصح العقد اصلا کما فی الاب الماجن والسکران (رد المحتار ص ۳۴۵ ج ۲) وقال ابن نجیم وقیدہ الشارحون وغیرھم بان لا یکون معروفا بسوء الاختیار حتی لو کان معروفا بذلک مجانۃ وفسقا فالعقد باطل علی الصحیح (بحر ص ۱۳۵ ج ۳) وقال ابن الھمام قالوا لو کان الاب معروفا بسوء الاختیار مجانۃ وفسقا کان العقد باطلا الخ (فتح القدیر ص ۴۲۵ ج ۲) وفی البزازیۃ قالوا اذا زوج السکران بنتہ ونقص عن مھر المثل لا یصح اجماعا (بزازیۃ علیٰ ھامش الھندیۃ ص ۱۱۶ ج ۴) وفی الھندیۃ والخلاف فیما اذا لم یعرف سوء اختیار الاب مجانۃ اوفسقا اما اذا عرف ذلک منہ فالنکاح باطل اجماعا (عالمگیریۃ ص ۲۹۴ ج ۱) وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ مجانۃ وفسقا) وفی شرح المجمع حتی لو عرف من الاب سوء الاختیار لسفھہ او لطمعہ لا یجوز عقدہ اجماعا (رد المحتار ص ۳۳۰ ج ۲)، ان عبارات میں امور ذیل

قابلِ توجہ ہیں :

(۱) "باطل" مطلق ہے جس کی کسی نے کوئی تأویل نہیں کی،

(۲) "لا یصح" اور "لا یجوز" عدم انعقاد میں صریح ہے،

(۳) ماجن وسکران سے تشبیہ دی گئی ہے، اور ان کی تزویج غیر کفو میں بالاتفاق منعقد ہی نہیں ہوتی،

(۴) تزویج غیر سیئ الاختیار بغیر الکفء" میں امام صاحب اور صاحبین کے مابین اختلاف بیان فرمانے کے بعد تزویج سیئ الاختیار کو "لا یجوز اجماعاً" "لا یصح اجماعاً" "لا یصح اتفاقاً" اور "باطل اجماعاً" فرما رہے ہیں، صاحبین کے ہاں یہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا، پس یہ مسئلہ متفق علیہ اور اجماعی جب ہی ہو سکتا ہے کہ عند الامام بھی عدم انعقاد ہی کا حکم ہو،

علاوہ ازیں درایۃً بھی عدمِ انعقاد ہی متعین ہے، کیونکہ غیر الاب کا نکاح بغیر الکفء منعقد نہ ہونے کی علت دفعِ ضرر ہے، اور اس علت کا وجود اب سیئ الاختیار میں زیادہ واضح ہے، لہٰذا یہ بطریق اولیٰ منعقد نہ ہونا چاہیے، بخلاف مسئلہ نوازل کے کہ اس میں باپ سیئ الاختیار نہیں بلکہ مغرور ہے، پھر مسئلہ نوازل میں بھی لفظ "باطل" میں کسی تأویل کی کوئی حاجت نہیں، اس لئے کہ "فالنکاح باطل" کا تعلق "قالت لا ارضی" کے ساتھ ہے، تو عبارت یوں ہوگی: "ان قالت بعد البلوغ لا ارضی فالنکاح باطل" اس عبارت کی صحت بدوں کسی تأویل کے ظاہر ہے،

ولذا قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی منحۃ الخالق (قولہ ان النکاح باطل) لا یخفی ان قولهم النکاح باطل انما هو بعد ردها وذلك لا یفید بطلانه من اصله (الی قوله) وقد رأیته كذلك فی الخانیة والذخیرة والولوالجیة والتجنیس و البزازیة فكلهم ذكروا البطلان بعد الرد وهل یتوقف علی القضاء لـم اره تأمل (البحر الرائق ص ۱۳۵ ج ۳) اس تقریر سے معلوم ہوا کہ نوازل کے جزئیہ میں "باطل" کی شرح "یبطل" سے تو کی جا سکتی ہے "سیبطل" سے اس کی شرح کی کوئی گنجائش نہیں، سب سے پہلے "باطل ای یبطل" صاحبِ ذخیرہ نے فرمایا ہے، دوسرے سب حضرات ذخیرہ سے نقل کرتے ہیں، نقل میں بعض حضرات سے تسامح ہو گیا کہ "یبطل" کی جگہ "سیبطل" نقل کر دیا، چنانچہ ابن نجیم فرماتے ہیں: ولذا قال فی الذخیرة فی قولهم فالنکاح باطل ای یبطل (بحر، ص ۱۳۵ ج ۳) اور شامی ذخیرہ ہی کے حوالہ سے فرماتے ہیں ان النکاح باطل معناه انه سیبطل كما فی الذخیرة، اور منحۃ الخالق سے خود شامی ہی کا فیصلہ اوپر لکھا جا چکا ہے کہ

یہاں لفظ "باطل" میں کسی تاویل کی حاجت نہیں، اور اپنی تائید کے لئے ذخیرہ کا بھی حوالہ دیا ہے، اس سے واضح ہوگیا کہ "سیبطل" کی تحریر میں یقیناً تسامح ہوا ہے، تقریر مذکور سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نوازل کے جزئیہ میں بعد البلوغ فسخ نکاح کے لئے قضاء شرط نہیں، اس لئے کہ "ان قالت بعد البلوغ لا ارضی فالنکاح باطل" سے یہی مستفاد ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول منحۃ الخالق سے اوپر نقل کیا جا چکا ہے "وھل یتوقف علی القضاء لم ارہ تأمل" نیز اس میں ضرر بیّن ہونے کا مقتضی بھی یہی ہے کہ اس نکاح کا ابطال قضاء پر موقوف نہ ہو، قال ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ ولھما خیار الفسخ بالبلوغ الخ) وانما شرط فیہ القضاء بخلاف خیار العتق لان الفسخ ھھنا لدفع ضرر خفی (الی قولہ) فیفتقر الی القضاء وخیار العتق لدفع ضرر جلی وھو زیادۃ الملک علیھا ولھذا اختص بالانثی فاعتبر دفعا والدفع لا یفتقر الی القضاء (بحر، ص ۱۲۰ ج ۳)

اگر غیر سیئ الاختیار باپ نے صغیرہ کا نکاح بدون شرط کفو کیا، زوج نے بھی کفو ہونے کا اظہار نہیں کیا تھا، بعد میں معلوم ہوا کہ کفو نہیں تو اس نکاح میں خیار فسخ ہے یا نہیں؟ اس میں عبارات مختلف معلوم ہوتی ہیں، حیلۂ ناجزہ میں عدم الخیار کو ترجیح دی ہے، درایۃً بھی یہی راجح معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ باپ نے اس نکاح میں کوئی ایسی مصلحت دیکھی ہوگی جس کی موجودگی میں اسے تحقیق کفو کی ضرورت نہیں سمجھی، یہ بحث تتمیم فائدہ کے لئے درمیان میں لکھدی گئی، اصل بحث یہ چل رہی تھی کہ سیئ الاختیار باپ کا غیر کفو سے کیا ہوا نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا، اس پر واضح دلائل روایۃً و درایۃً لکھے جا چکے ہیں، اب حیلۂ ناجزہ کا فیصلہ ملاحظہ ہو، فرماتے ہیں:

"غیر کفو کے ساتھ اور غبن فاحش پر نکاح کے صحیح ہونے کے لئے دو شرطیں ہیں؛

اول یہ کہ وہ شخص نکاح کے وقت ہوش و حواس سالم رکھتا ہو، پس اگر نشہ کی حالت میں ایسا کیا تو نکاح بالکل ہی باطل ہے،

دوسری شرط یہ ہے کہ معروف بسوء الاختیار نہ ہو (الی قولہ) اگر وہ شخص لالچ یا ناعاقبت اندیشی کے سبب بدتدبیری میں مشہور و معروف ہو وہ اگر نابالغ بیٹے یا بیٹی کا نکاح غیر کفو سے کردے یا مہر میں غبن فاحش کرے تو وہ نکاح بھی بالکل باطل ہو" (حیلۂ ناجزہ مطبوعہ قرآن محل ص ۱۳۴)

آگے خیار کفاءت کے باب میں فرماتے ہیں:

دوسری صورت یہ کہ باپ دادا کے سوا کسی دوسرے ولی نے نابالغ کا نکاح غیر کفو میں کردیا ہو

یا باپ دادا نے کیا مگر وہ معروف بسوء الاختیار یا فاسق متہتک ہو وقد مر تفسیرہما فی خیار البلوغ یا نشہ کی حالت میں نکاح کیا ہو اس صورت میں بھی نکاح باطل ہے، کما مر فی خیار البلوغ مفصلاً (حیلۂ ناجزہ ص ۱۴۳)

ان دونوں عبارتوں میں امور ذیل پر توجہ فرمائیں:

① سکران کی تزویج بالکل ہی باطل ہے،

② سیئ الاختیار کی تزویج بھی بالکل باطل ہے،

③ ولی غیر الاب والجد، باپ اور دادا سیئ الاختیار، فاسق، متہتک اور سکران سب کا ایک ہی حکم بیان فرمایا ہے،

④ جن صورتوں میں خیار بلوغ یا خیار کفارت ہے وہ الگ تفصیل سے بیان فرمائی ہیں،

امداد الفتاوی:

خیار البلوغ کے فتوی میں فرمایا گیا ہے کہ امداد الفتاوی کی عبارت (جو بوادر النوادر سے نقل کی گئی ہے) میں بھی "باطل" بمعنی "سیبطل" ہے، اس لئے امداد الفتاوی کی عبارت بھی برائے ملاحظہ پیش کی جاتی ہے، عنوان "تفصیل نکاح زن سنیہ با شیعہ" کے تحت فرماتے ہیں:-

غیر کفو مرد سے نکاح کرنے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر لڑکی نابالغ ہے اور نکاح کیا ہے باپ دادا کے علاوہ کسی اور ولی نے تب تو نکاح صحیح ہی نہ ہوگا، اور اگر باپ یا دادا نے کیا ہے، اور واقعات سے معلوم ہوا ہے کہ طمع زر سے کیا ہے اور لڑکی کی مصلحت پر نظر نہیں کی، جیسا سوال میں مذکور ہے، تب بھی نکاح صحیح نہ ہوگا، اور اگر منکوحہ بالغ ہے تو اگر اس نے خود اپنا نکاح کرلیا ہے اور ولی عصبہ راضی نہ تھا تب بھی نکاح صحیح نہیں ہوا، اسی طرح اگر ایسے ولی نے کر دیا اور وہ منکوحہ راضی نہیں، یعنی زبان سے انکار کر دیا تب بھی نکاح صحیح نہیں ہوا، یہ صورتیں تو عدم جوازِ نکاح کی ہیں، (امداد الفتاوی ص ۲۲۷ ج ۲)

اس عبارت میں چار صورتوں کا ایک ہی حکم مذکور ہے، تین صورتوں میں بالاتفاق نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا تو چوتھی کا بھی یہی حکم ہوگا، نیز یہاں تو لفظ باطل نہیں بلکہ عدمِ صحت کا حکم لگایا گیا ہے،

اب اس تحریر سے یہ مسئلہ بالکل بے غبار ہو گیا کہ سیئ الاختیار باپ کا غیر کفو میں کیا ہوا نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا،

شرطِ قضاء:

اوپر جب یہ ثابت ہو گیا کہ مسئلہ زیر بحث میں نکاح منعقد ہی نہیں ہوا، بلکہ بالکل باطل اور کالعدم ہے، تو یہ بحث ہی ختم ہو گئی کہ اس میں قضاء شرط ہے یا نہیں؟ البتہ مسئلہ نوازل میں چونکہ نکاح ہو جاتا ہے، مگر لڑکی کو خیارِ کفاءت ہے، اس لئے اس میں شرطِ قضاء کا سوال پیدا ہوتا ہے، جس کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے،

غور طلب:

سیئ الاختیار باپ نے صغیرہ کا نکاح مہر مثل سے کفو میں کیا ہو، مگر اس میں باپ کی طمع اور ذاتی غرض کی وجہ سے صغیرہ پر عدم النظر ظاہر اور متیقن ہو، مثلاً عمر میں بہت زیادہ تفاوت ہو یا زوج دائم المرض یا معتوہ یا اپاہج وغیرہ ہو، تو یہ نکاح نافذ ہوگا یا نہیں؟ بعض علاقوں میں یہ ظلم عام ہے، اس لئے اہلِ فتوٰی پر اس طرف خاص توجہ کرنا لازم ہے، بندہ ابتک اس پر جس قدر غور کر سکا اس کا حاصل یہ ہے کہ اس زمانہ میں غلبۂ فسق کی وجہ سے صورتِ مذکورہ کے اکثر واقعات کا حل تو یوں نکل آتا ہے کہ سیئ الاختیار باپ کی تزویج بالفاسق باطل ہے، باقی رہا شاذ و نادر کوئی ایسا واقعہ کہ زوج فاسق نہ ہو تو صرف امور مذکورہ کی بناء پر ایسے نکاح کا کیا حکم ہے؟ سو فقہِ حنفی میں تو اس کا صریح حکم نظر سے نہیں گزرا، البتہ فقہِ شافعی کی کتاب شرح المہذب لمحمد نجیب المطیعی میں یہ عبارت ہے، قال الصمیری ولا یزوّج ابنہ الصغیر بعجوز ھرمۃ ولا بمقطوعۃ الیدین والرجلین ولا عمیاء ولا زمنۃ ولا یھودیۃ ولا نصرانیۃ ولا یزوج ابنتہ الصغیرۃ بشیخ ھرم ولا بمقطوع الیدین والرجلین ولا باعمٰی ولا بزمن ولا بفقیر وھی غنیۃ، فان فعل ذلک فسخ، وعندی انھا تحتمل وجھاً آخر انہ لا یکون لہ الفسخ بانہ لیس باعظم ممن زوج ابنتہ الصغیرۃ بجذوم او ابرص (شرح المھذب ص ۳۵۴ ج ۱۵)

اس سے ثابت ہوا کہ شوافع کے ہاں امور بالا میں کفاءت کے اعتبار کی روایت ہے، احناف کی بھی عباراتِ ذیل سے اس مسئلہ کے لئے کچھ روشنی ملتی ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ فاخس من الکل) وقد علمت ان الموجب ھو استنقاص اھل العرف فیدور معہ الخ (رد المحتار ص ۳۴۹ ج ۲) وقال الرافعی ان المدار علیٰ استنقاص اھل العرف ممن یعتد بھم من اصحاب الرأی السدید الموافق لما جاء بہ الشرع والا لزم ھدم کثیر من مسائل الکفاءۃ المذکورۃ فی کتب الفقہ ولزم

عدم اعتبار الدیانۃ والنسب بل یلزم ان المعتبر کثرۃ المال والجاہ تأمل (التحریر المختار ص۱۹۱ ج۲)

وفی العلائیۃ لکن فی النہر عن المرغینانی المجنون لیس بکفء للعاقلۃ وقال ابن عابدین رحمہ اللّٰہ تعالیٰ (قولہ ولا بالعقل) قال قاضی خان فی شرح الجامع واما العقل فلا روایۃ فیہ عن اصحابنا المتقدمین واختلف فیہ المتأخرون اھ (قولہ لیس بکفء للعاقلۃ) قال فی النہر لانہ یفوت مقاصد النکاح فکان اشد من الفقر ودناءۃ الحرفۃ وینبغی اعتمادہ لان الناس یعیرون بتزویج المجنون اکثر من ذی الحرفۃ الدنیئۃ (رد المحتار ص۳۵۱ ج۲)

وقال الرافعی (قولہ واما العقل فلا روایۃ فیہ عن اصحابنا الخ) وما فی النہر عن المرغینانی من تخریجات المشایخ فلا ینافی ما ھنا من انہ لا روایۃ فیہ عن اصحابنا ولا ینافی ھذا ما قالہ محمد من ان لہا الفسخ بالعیوب الثلاثۃ لان الفسخ فیہا لیس باعتبار عدم الکفاءۃ بل باعتبار ان النکاح یفسخ بھذہ العیوب کالبیع ولذا کان لہا لا للولی (التحریر المختار، ص۱۹۱ ج۲)

مذکورہ عبارات کے علاوہ بھی شامیہ اور دوسری کتب میں بھی بہت سی عبارات ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مشایخ نے کفاءت کو امور مرویۃ عن الائمۃ میں منحصر نہیں سمجھا، بلکہ زمانہ کے حالات وعرف کے لحاظ سے اس میں مزید غور وفکر کی گنجائش ہے، بناءً علیہ بندہ کی رائے یہ ہے کہ عدمِ تناسبِ عمر وغیرہ امور مذکورہ میں بطلانِ نکاح کا فتویٰ تو نہ دیا جائے، اس لئے کہ اُن میں ضرر کے وجود وعدم اور شدت وخفت کا فیصلہ اہل الرأی کے غور وفکر کا محتاج ہے، لہٰذا لڑکی کو خیارِ بلوغ دیا جائے، اور وہ خیارِ بلوغ کے شرائطِ معہودہ کے مطابق عدالت میں مقدمہ پیش کرے، حاکم اہل الرأی سے حالات کی تحقیق کرکے مناسب سمجھے تو نکاح فسخ کردے، فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم

رشید احمد

۸ محرم سنہ ۹۷ھ

بابُ الرّضاع

نانی کا دُودھ پینے سے نواسی کے والدین کا نکاح نہیں ٹوٹتا:

سوال: مندرجہ ذیل سوال وجواب کے متعلق آپ کی کیا تحقیق ہے؟

استفتاء: ایک عورت نے مسئلہ نہ جاننے کی صورت میں اپنی نواسی کو متواتر ڈھائی مہینے دودھ پلایا، اس صورت میں دودھ پینے والی لڑکی کے ماں باپ کے متعلق شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: "چونکہ مرضعہ عورت کی اولاد دودھ پینے والے بچّے کے ماں باپ پر حرام ہوجاتی ہے، اس لئے نکاح باطل ہوجائے گا"، کیا یہ جواب صحیح ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس صورت میں نکاح باطل نہیں ہوتا، لما فی العلائیۃ ؎

یفارق النسب الارضاع فی صور
کأُمّ نافلۃ اوجدۃ الولد
واُم اخت واخت ابن واُمّ اخ
واُم خال وعمۃ ابن اعتمد

وفی الشامیۃ (قولہ واخت ابن) ای کل منهما رضاعی اوالاول رضاعی والثانی نسبی اوالعکس بخلاف ما اذا کان کل منهما نسبیًا فلا تحل اخت الابن لانها اما بنتك اوربیبتك ومن هنا یعلم ما اذا ارضع ولدك من ام امه فان امه لا تحرم علیك لکونها اخت ابنك رضاعًا افادہ الرملی ط واخت البنت کاخت الابن الخ، وایضافی العلائیۃ وقس علیه اخت ابنه وبنته، وفی الشامیۃ بان تقول انما حرمت علیه اخت ابنه و بنته نسبًا لکونها بنته اوبنت امرأته وهذا المعنی مفقود فی الرضاع (رد المحتار باب الرضاع ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۹ر صفر سنہ ۷۲ھ

صرف قولِ مرضعہ سے رضاع ثابت نہیں ہوتا :

سوال ؛ صرف مرضعہ کے کہنے سے رضاع ثابت ہوتا ہے یا نہیں ؟ ایسی حالت میں ایسے مرد اور عورت کا نکاح صحیح ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

ثبوتِ رضاع کے لئے دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت ضروری ہے، اگر دو عورتوں میں سے ایک خود مرضعہ ہو تو بھی کافی ہے، صرف مرضعہ کا قول معتبر نہیں، لہٰذا ایسے مرد و عورت کا آپس میں نکاح ہوسکتا ہے، البتہ اگر مرضعہ کے صدق پر دل گواہی دیتا ہے تو ایسی حالت میں احتراز بہتر ہے، مگر گنجائش پھر بھی ہے، قال فی شرح التنویر وحجته حجة المال وهی شهادة عدلین او عدل وعدلتین، وفی الشامیة ولواحدهما المرضعة الخ (رد المحتار ص ۴۴۴ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ / جمادی الاولیٰ سنہ ۷۲ھ

سوال مثل بالا :

سوال ؛ قبل العقد حرمتِ رضاع قول واحد (مرضعہ یا غیر مرضعہ) سے ثابت ہوگی یا نہیں ؟ دیوبند سے فتویٰ منگوایا گیا تو انھوں نے لکھا کہ قول واحد کا اعتبار نہیں، مفتی محمد شفیع صاحب کراچی نے بھی یوں ہی تحریر کیا ہے، مگر یہاں ایک مولوی صاحب نے دیوبند کے فتویٰ پر تردید لکھی ہے اصل فتویٰ مع تردید ارسالِ خدمت ہے، بعجلت ممکنہ کوئی واضح فیصلہ فرما کر ممنون فرمائیں، والاجر عند اللہ الکریم،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

قبل العقد بھی رضاع میں قول واحد معتبر نہیں، قال فی الهندیة ولا یقبل فی الرضاع الا شهادة رجلین او رجل وامرأتین کذا فی المحیط (الی ان قال) وان کان المخبر واحدا ووقع فی قلبه انه صادق فالاولیٰ ان یتنزه ویأخذ بالثقة وجد الاخبار قبل العقد او بعده ولا یجب علیه ذلك کذا فی المحیط (عالمگیریة ج ۲)

فتاویٰ دار العلوم دیوبند کے مستدل جزئیہ شامیہ "لکن قال فی البحر بعد ذلك ان ظاهر المتون انه لا یعمل به (ای بخبر الواحد) مطلقاً فلیکن هو المعتمد فی المذهب قلت وهو الضاً ظاهر کلام کافی الحاکم الذی جمع کتب ظاهر الروایة وفرق بینه وبین قول

خبر الواحد بنجاسة الماء او اللحم فراجعه من کتاب الاستحسان" پر مولوی صاحب نے جو اعتراض کیا ہے کہ "یہ عبارت محض شہادت بعد العقد سے متعلق ہے، اور مطلقاً سے مراد شمول للرضاع الطاری وغیر الطاری ہے نہ کہ شمول للاخبار قبل العقد" اس اعتراض کے ابطال کے لئے بحر کی اصل عبارت کافی ہے ونصہ والحاصل ان الروایۃ قد اختلفت فی اخبار الواحد قبل النکاح وظاهر المتون انہ لا یعمل بہ وکذا الاخبار برضاع طار فلیکن ھو المعتمد فی المذھب (بحر ج ۳ ص ۲۵۰) ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

۵ محرم ۸۰ھ

حلق میں دودھ پہنچنے کا یقین نہ ہو تو رضاع ثابت نہ ہوگا :

سوال : ایک عورت نے ایک بچہ کے منہ میں ایسی حالت میں پستان دیا کہ بچہ بیہوش تھا، بچہ نے منہ نہیں ہلایا، عورت نے پستان نکال لیا، اس کے بعد بھی کچھ دیر بیہوش رہا، یہ معلوم نہیں کہ دودھ اس کے اندر گیا ہے یا نہیں، زیادہ گمان یہ ہے کہ اس حالت میں دودھ اس کے اندر نہیں گیا، تو شرعاً رضاع کی حرمت ثابت ہوگی یا نہیں ؟ بینوا توجروا ،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

جب تک حلق میں دودھ پہنچنے کا یقین نہ ہو جائے حرمت ثابت نہ ہوگی، قال فی شرح التنویر فلو التقم الحلمۃ ولم یدر ادخل اللبن فی حلقہ ام لا لم یحرم لان فی المانع شکاً، وفی الشامیۃ معزیاً الی الفتح لو ادخلت الحلمۃ فی فم الصبی وشکت فی الارتضاع لا تثبت الحرمۃ بالشک (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

۱۴ ربیع الاول ۷۴ھ

عورت دودھ پلانے کے بعد کہتی ہے کہ دودھ نہیں تھا :

سوال : ایک عورت کے دس بارہ سال تک اولاد نہیں ہوئی اور اس عورت نے ایک بچہ کو دودھ پلایا، بعد میں کہتی ہے کہ میرے پستان میں دودھ بالکل نہ تھا، یہاں کے لوگ اختلاف کر رہے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ اتنی مدت میں دودھ خشک ہو جاتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ نہیں ہوتا، کیا ایسی صورت میں حرمتِ مصاہرت ثابت ہوگی ؟ بینوا توجروا ،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

جب دودھ کے وجود پر شاہد نہیں اور عورت خود کہتی ہے کہ دودھ نہیں تھا، تو عورت

کا قول معتبر ہوگا، لہٰذا حرمت ثابت نہ ہوگی، قال فی شرح التنویر فلو التقم الحلمة ولم یدر ادخل اللبن فی حلقه ام لا لایحرم، وفی الشامیة عن القنیة امرأة کانت تعطی ثدیها صبیة واشتهر ذلك بینهم ثم تقول لم یکن فی ثدیی لبن حین القمتها ثدیی ولم یعلم ذلك الا من جهتها جاز لابنها ان یتزوج بهذه الصبیة اھ (رد المحتار ج ۲ ص ۵۵۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۸ جمادی الآخرة ۷۵ھ

دو سال کے بعد دودھ پینے سے حرمتِ رضاع نہیں ہوتی:

سوال: تین سال کے بچے نے اپنی چچی کا دودھ پیا تو چچا کی لڑکی اس کے لئے حلال ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

حلال ہے، مدتِ رضاع دو سال ہے، اس کے بعد دودھ پلانا حرام ہے، اس سے حرمتِ رضاع ثابت نہیں ہوتی، قال فی التنویر هو حولان ونصف عنده وحولان عندهما وهو الاصح، وفی العلائیة ویثبت التحریم فی المدة فقط (رد المحتار ص ۴۳۸ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ ربیع الاول ۸۴ھ

آیسہ کے پستان کا سفید پانی موجب حرمت رضاع نہیں:

سوال: آیسہ کے پستان سے سفید پانی سی رطوبت سے حرمتِ رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر اس کی رنگت دودھ جیسی نہیں بلکہ پانی کی طرح ہے تو اس سے حرمت ثابت نہ ہوگی، قال فی شرح التنویر ولبن بکر بنت تسع سنین فاکثر محرم والا لا جوهرة، وفی الشامیة ای وان لم تبلغ تسع سنین فنزل لها لبن لا تحرم جوهرة لانهم نصوا علی ان اللبن لایتصور الا ممن تتصور منه الولادة فیحکم بانه لیس لبنا کما لو نزل للبکر ماء اصفر لایثبت من ارضاعه تحریم کما فی شرح الوهبانیة (رد المحتار ص ۴۳۳ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۷ صفر ۹۳ھ

کتاب الطّلاق

دفعۃً تین طلاقیں دینے سے مغلظ ہوجائے گی:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں لکھ کر بھیجیں تو اس صورت میں تین طلاقیں ہوں گی یا ایک؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوگئیں، قال فی التنویر قال لموطوءته وهی ممن تحیض انت طالق ثلاثا للسنة وقع عند کل طهر طلقة وان نوی ان تقع الثلاث الساعة اوکل شهر واحدة صحت نیته، وفی الشامیة (قوله ثلاث متفرقة) وکذا بکلمة واحدة اولی (الی ان قال) وذهب جمهور الصحابة والتابعین ومن بعدهم من ائمة المسلمین الی انه یقع ثلاث الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۵۷۶)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۷ / صفر ۷۳ھ

غیر مدخول بہا کو تین طلاقیں دینے کا حکم:

سوال: غیر مدخول بہا کو تین طلاقیں دینے سے مغلظ ہوجاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

غیر مدخول بہا کو تین طلاقیں تین لفظوں سے دی ہیں تو مغلظ نہیں ہوتی، صرف ایک بائن واقع ہوگی، اور اگر بیک لفظ تین طلاقیں دی ہیں (مثلاً کہا تجھے تین طلاق) تو مغلظ ہوجائیگی؛ قال فی التنویر قال لزوجته غیر المدخول بها انت طالق ثلاثا وقعن وان فرق بانت بالاولی ولم تقع الثانیة، وفی الشرح (بانت بالاولی) لا الی عدة فلذا لم تقع

الثانیۃ) بخلاف الموطوءۃ حیث یقع الکل (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ذیقعدہ ۷۲ھ

گونگے کی طلاق کا حکم:

سوال: ایک گونگے شخص نے کچھ اشارات کئے، حاضرین نے سمجھا کہ بیوی کو طلاق دے رہا ہے بعد تحقیق گونگا کہتا ہے کہ میں نے اشارے طلاق کے لئے نہیں کئے، بلکہ چوری ہوگئی ہے اس سے متعلق لوگوں کو کہتا ہوں، اب یہ طلاق ہوئی یا نہیں؟ بالفرض اگر طلاق ہوگئی تو گونگے کا یہ انکار رجوع کہا جائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

گونگے کی طلاق تب واقع ہوگی کہ اس کے اشارہ میں سوائے طلاق کے اور کوئی احتمال نہ ہو صرف طلاق ہی کے لئے معین ہو، لہٰذا صورتِ سوال میں طلاق نہ ہوگی قال فی العلائیۃ ویقع طلاق کل زوج (الیٰ قولہ) اواخرس باشارتہ المعہودۃ فانہا تکون کعبارۃ الناطق استحساناً، وفی الشامیۃ (المعہودۃ) ای المقرونۃ بتصویت منہ لان العادۃ منہ ذلک فکانت الاشارۃ بیاناً لما اجمل الاخرس (رد المحتار ج ۲) وفی الہندیۃ وان لم یکن لہ اشارۃ معروفۃ یعرف ذلک منہ اویشك فیہ فہو باطل کذا فی المبسوط (عالمگیریۃ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ ربیع الاول ۷۲ھ

مجنون کی طلاق نہیں ہوتی:

سوال: مجنون کی طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

مجنون کی طلاق واقع نہیں ہوتی، قال فی العلائیۃ واھلہ زوج عاقل بالغ مستیقظ، وفی الشامیۃ (قولہ واھلہ زوج عاقل الخ) احترز بالزوج عن سید العبد ووالد الصغیر وبالعاقل ولو حکماً عن المجنون والمعتوہ الخ (رد المحتار ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ ربیع الآخر ۷۲ھ

سندھی میں "چھٹی کیم" طلاق صریح بائن ہے:

سوال: ایک شخص نے عام مجلس میں اپنی بیوی کو تین دفعہ کہا "چھٹی کیم" تو طلاق

ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

طلاق مغلظ ہوگئی، سندھی زبان میں "پھٹی کیم" "چھوڑ دی" کے معنی میں مستعمل ہے، جو کہ طلاق صریح ہے، مزید اس میں "چھوڑ دی" کے مفہوم کے ساتھ وصفِ شدت بھی ہے، "پھٹی کیم" کا صحیح ترجمہ "پھینک دی"، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر "تحقیر کے ساتھ پھینک دی" ہے، شدت و مبالغہ کی وجہ سے لفظ "حرام" کی طرح اس سے بھی طلاق بائن ہوگی، اور صریح ہونے کی وجہ سے نیت کی احتیاج نہیں، پھر چونکہ یہ الفاظ تین بار کہے ہیں اس لئے مغلظ ہوگئی، قال فی الشامیۃ تحت (قولہ حرام) وسیأتی وقوع البائن بہ بلا نیۃ فی زماننا للتعارف فان سرحتک کنایۃ لکنہ فی عرف الفرس غلب استعمالہ فی الصریح فاذا قال "رہا کردم" ای سرحتک یقع بہ الرجعی مع ان اصلہ کنایۃ ایضا وما ذلک الا لانہ غلب فی عرف الفرس استعمالہ فی الطلاق وقد مر ان الصریح مالم یستعمل الا فی الطلاق من ای لغۃ کانت الخ (رد المحتار باب الکنایات ص ۵۰۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرۂ جمادی الاولیٰ سنہ ۷۳ھ

حکم طلاق بلا فہم معنی:

سوال: ایک مولوی نے کسی جاہل مرد سے تین طلاقیں عربی زبان میں حاصل کیں، یہ شخص ان الفاظ کے مفہوم اور معنی سے بالکل ناواقف تھا، یہ طلاقیں واقع ہوئیں یا نہیں؟ اور مولوی خطاکار ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

تین طلاقیں قضاءً واقع ہوں گی دیانۃً نہیں ہوئیں، اور مولوی طلاقیں دلانے والا سخت گنہگار ہے، قال فی العلائیۃ او مخطأ بان اراد التکلم بغیر الطلاق فجری علی لسانہ الطلاق او تلفظ بہ غیر عالم بمعناہ، وفی الشامیۃ (قولہ غیر عالم بمعناہ) کما لو قالت لزوجہا اقرء علی اعتدی انت طالق ثلاثا ففعل طلقت ثلاثا فی القضاء لا فیما بینہ وبین اللہ تعالیٰ اذا لم یعلم الزوج ولم ینو بحر عن الخلاصۃ، وایضا فیہا تحت (قولہ او لم ینو شیئا) لو لقنتہ الطلاق فتلفظ بہ غیر عالم بمعناہ فلا یقع اصلا علی ما افتی بہ مشایخ اوزجند صیانۃ عن التلبیس وغیرہم علی الوقوع

قضاء فقط (رد المحتار، ج ۲)

غرضیکہ اگر یہ معاملہ فیصلہ کے لئے کسی حاکم کے پاس جائے گا تو وہ وقوع طلاق کا حکم دے گا اور اگر حاکم کے پاس معاملہ نہ پہونچا تو اس شخص کو اپنی بیوی کے ساتھ رہنا جائز ہے، بشرطیکہ عورت کو اس معاملہ کا علم نہ ہو، عورت کو علم ہو گیا تو اسے زوج کے ساتھ رہنا جائز نہیں، کما فی تنقیح الحامدیۃ المرأۃ کالقاضی ومثلہ فی البحر ورد المحتار،

مجھے ابھی تک وقوع طلاق قضاءً سے متعلق شرح صدر نہیں، ولعل اللہ یحدث بعد ذٰلک امراً، دوسرے اہل فتوی کی طرف رجوع کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ رجمادی الاولی ۷۳ھ

سوال مثل بالا:

سوال: ایک مولوی صاحب نے ایک جاہل شخص سے یہ الفاظ کہلوائے "طلقت امرأتی ثلاثا" یہ شخص ان الفاظ کے معانی اور مفہوم سے بالکل ناواقف ہے، تو اس صورت میں اس کی عورت مطلقہ ہو گئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

قال فی الھندیۃ واذا قال الرجل لامرأتہ انتِ طالق ولا یعلم معنی قولہ انت طالق فانہ یقع الطلاق واذا قال لامرأتہ انت طالق ولا یعلم ان ھٰذا القول طلاق طلقت فی القضاء ولا تطلق فیما بینہ وبین اللہ تعالیٰ ھٰکذا فی الذخیرۃ (عالمگیریۃ ج ۲ ص ۴۸)

وقال فی شرح التنویر او مخطئاً بان اراد التکلم بغیر الطلاق فجری علی لسانہ الطلاق او تلفظ بہ غیر عالم بمعناہ، وفی الشامیۃ (قولہ غیر عالم بمعناہ) کما قالت لزوجہا اقرأ علیّ اعتدی انت طالق ثلاثا ففعل طلقت ثلاثاً فی القضاء لا فیما بینہ وبین اللہ تعالیٰ اذا لم یعلم الزوج ولم ینو بحر عن الخلاصۃ (رد المحتار ج ۲ ص ۵۸۴) وایضاً فیہا تحت (قولہ او لم ینو شیئاً) لو لقنتہ لفظ الطلاق فتلفظ بہ غیر عالم بمعناہ فلا یقع اصلاً علی ما افتی بہ مشایخ اوزجند صیانۃً عن التلبیس وغیرہم علی الوقوع قضاءً فقط (رد المحتار ج ۲ ص ۵۹۳)

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ صورتِ مسئلہ میں مشایخ اوزجند رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو طلاق بالکل نہ ہوگی نہ دیانۃً اور نہ قضاءً اور دوسرے فقہاء رحمہم اللہ کے نزدیک صرف قضاءً ہوگی، دیانۃً نہ ہوگی،

وجوہ ذیل کی بناء پر مشایخ اوزجند کا مسلک راجح ہے، یعنی قضاءً بھی طلاق واقع نہ ہوگی:

① قال فی شرح التنویر ولا یشترط العلم بمعنی الایجاب والقبول فیما یستوی فیہ الجد والہزل، وفی الشامیۃ لکن قید فی الدرر عدم الاشتراط بما اذا علما ان ھذا اللفظ ینعقد بہ النکاح ای وان لم یعلما حقیقۃ معناہ الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۳۶۷)

وایضا فی الشرح فاھمین انہ نکاح علی المذہب، وفی الحاشیۃ قال فی البحر جزم فی التبیین بانہ لو عقدا بحضرۃ ھندیین لم یفہما کلامہما لم یجز وصححہ فی الجوھرۃ وقال فی الظہیریۃ والظاھر انہ یشترط فہم انہ نکاح واختارہ فی الخانیۃ فکان ھو المذہب (الی قولہ) ووفق الرحمتی بحمل القول بالاشتراط علی اشتراط فہم انہ عقد نکاح والقول بعدمہ علی عدم اشتراط فہم معانی الالفاظ بعد فہم ان المراد عقد النکاح (رد المحتار ج ۲ ص ۳۷۵)

وایضا فیہا (فی بیان انعقاد النکاح بالالفاظ المصحفۃ) بل قصد حل الاستمتاع باللفظ الوارد شرعا،

وایضا فیہا قال العامی جوزت بتقدیم الجیم او زوزت بالزاء بدل الجیم قاصدا بہ معنی النکاح یصح (الی قولہ) ولا شک ان لفظ جوزت او زوزت لا یفہم منہ العاقدان والشہود الا انہ عبارۃ عن التزویج ولا یقصد منہ الا ذلک المعنی بحسب العرف (رد المحتار ج ۲ ص ۳۷۲)

ان سب جزئیات سے یہ ثابت ہوا کہ قضاءً انعقادِ نکاح میں اگرچہ فہم معنی شرط نہیں، مگر فہم مقصد کی شرط میں کچھ اختلاف ہے، اور شامی کی تحقیق سے اشتراطِ فہم مقصد کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، پس اگر یہی معلوم نہیں کہ یہ الفاظ نکاح کے لئے ہیں تو قضاءً بھی نکاح منعقد نہ ہوگا، اور ان احکام میں نکاح وطلاق مساوی ہیں، قال فی الشامیۃ فاوقعوا الطلاق بالالفاظ المصحفۃ مع اشتراک الطلاق والنکاح فی ان جدھما جد وھزلھما جد وخطر الفروج، وایضا فیہا لا فرق یظہر بین النکاح والطلاق وقد استدل الخیر الرملی علی

ذٰلك بما قدمناہ من قول قاضیخان انه ینبغی ان یکون النکاح کالطلاق الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۳،۲)

غرضیکہ طلاق ونکاح میں کوئی فرق نہیں، اور اس صورت میں جبکہ الفاظ کے متعلق یہ علم نہو کہ ان سے نکاح منعقد ہوجاتا ہے قضاءً نکاح نہیں ہوتا تو مقایسۃً علی النکاح طلاق بھی قضاءً واقع نہوگی،

پس شامیہ کتاب الطلاق کے دونوں جزئیے بھی اس پر محمول کئے جائیں گے کہ شوہر کو ان الفاظ کا موجب طلاق ہونا معلوم ہو، مگر یہ حمل بعید ہے، نیز عالمگیریہ کا جزئیہ اس تاویل کو قبول نہیں کرتا، لہٰذا ان تینوں جزئیات کو قول مرجوح پر محمول کرنا اقرب ہے، اور ھزلھا جن سے شبہہ نہ کیا جائے کیونکہ "ہزل" کے معنی یہ ہیں کہ علم معنی وقصدِ تکلم دونوں موجود ہوں مگر ترتبِ حکم کا قصد نہ ہو،

② دیانت وقضاء کا فرق ان مقامات میں ہوتا ہے جہاں کذب وتلبیس وغیرہ کا شبہہ ہو، پس اگر زوج کے متعلق یقین ہو کہ اسے ان الفاظ سے وقوعِ طلاق کا قطعاً کوئی علم نہیں تو قضاءً بھی وقوعِ طلاق کا حکم نہ دیا جائے گا،

③ آجکل اس قسم کے فتنے اس قدر کثرت سے اُٹھ رہے ہیں کہ اُن کے پیش نظر سداً اللذرائع وصیانۃً عن التلبیس مشایخ اوزجند کے مسلک ہی پر فتویٰ دینا ضروری ہے، فان الاحکام تتغیر بتغیر الزمان،

④ زوج مذکور نے الفاظ مذکورہ بطورِ نقل وحکایت کہے ہیں، نہ بطورِ انشاء، اور طلاق بابِ انشاء سے ہے، لہٰذا اگر الفاظ کے مفہوم ومعانی سے واقف ہو تب بھی بطورِ نقل اطلاق کرنے سے طلاق نہ ہوگی، قال فی الهندیة حکی یمین رجل فلما بلغ الی ذکر الطلاق خطر بباله امرأته، ان نوی عند ذکر الطلاق عدم حکایته واستیناف الطلاق وکان موصولاً بحیث یصلح للایقاع علی امرأته یقع لانه اوقع وان لم ینو شیئاً لا یقع لانه محمول علی الحکایة کذا فی الفتاوی الکبریٰ (عالمگیریۃ ج ۲ ص ۴۸) وفی الشامیة لو کرر مسائل الطلاق بحضرتها او کتب ناقلاً من کتاب امرأتی طالق مع التلفظ او حکی یمین غیرہ فانه لا یقع اصلا ما لم یقصد زوجته (رد المحتار ج ۲ ص ۵۹۳)

اگر بلا قصدِ انشاء محض نقل ہی سے وقوعِ طلاق کا قول کیا جائے تو پہلے خود مولوی صاحب کی بیوی مطلقہ ہوجانی چاہئے کیونکہ انھوں نے پہلے خود الفاظ مذکورہ کہے، حالانکہ مولوی صاحب عالم بالمعنی والمفہوم ہیں اور زوج غیر عالم ہے، ایسا مولوی جو تلبیس میں ابلیس کا کام انجام دے رہا ہے لائقِ تعزیر ہے، عوام پر لازم ہے کہ اس سے کلی اجتناب اور کامل احتراز کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ رجب ۷۵ھ

تحقیق صور لحاق وعدم لحاق طلاق :

سوال : ما قولکم رحمکم اللہ فی لحاق البائن بالبائن ؟ بینوا بیانا واضحا توجروا اجرا وافیا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اقول وباللہ التوفیق وبیدہ ازمة التحقیق ان محصول المبسوط فی الشامیة وغیرھا من الکتب المعتبرة ان الطلاق اما صریح او بالکنایة وکل منھما اما رجعی او بائن فالطلاق السابق واللاحق کل منھما علی اربعة اقسام وجمیع الصور الممکنة فی اللحاق ست عشرة حصلت من ضرب الاربعة فی الاربعة فلا لحاق فی صورتین ای ان کان الطلاق السابق بائنا صریحا کان او بالکنایة فلا یلحقه البائن بالکنایة فقط الا ان ینوی الانشاء او لم یمکن الحمل علی الاخبار مثل قوله ابنتك باخری، وتلحق البقیة البقیة فی اربع عشرة صورة بشرط بقاء العدة وھذا اخلص ما ھو مسطور فی الکتب المشھورة بالبسط والتفصیل فاغتنمه وتشکر، فقط وھذا ما جاء فی فھم ھذا الفقیر والعلم عند اللہ اللطیف الخبیر،

۲۹ ؍ جمادی الاولیٰ سنہ ۷۲ھ

تعلیق طلاق اور وجودِ شرط میں گواہوں کا اختلاف :

سوال : ایک شخص پیر بخش نامی سے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنی بیوی کی طلاق کو معلق بالشرط کیا ہے، مگر تعلیق بالشرط اور وجودِ شرط میں گواہوں کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے :-

بیانات متعلق تعلیقِ طلاق

بیان مولوی اسد اللہ صاحب :-

میں شہادت دیتا ہوں کہ پیر بخش زوج مسماۃ خاتون نے کہا کہ جس شخص (محمد ولد شہداد) پر میری بیوی کے ساتھ زنا کی تہمت ہے اگر یہ آگ میں سے نہ گذرا تو میری بیوی کو تین طلاقیں، اسی طرح یہ الفاظ تین دفعہ دہرائے۔

بیان علی شیر :-

میں شہادت دیتا ہوں کہ پیر بخش نے کہا کہ محمد نے اگر آگ میں سے گذرنے سے انکار کیا تو میری بیوی کو تین طلاقیں، یہ الفاظ تین دفعہ کہے،

بیانِ خمیسہ :۔

میں شہادت دیتا ہوں کہ پیر بخش نے کہا کہ مولوی اسد اللہ صاحب میرا فیصلہ کریں اور محمد آگ میں نہ گذرا تو میں اپنی بیوی کو طلاق دیدوں گا،

بیانات متعلق وجودِ شرط

بیان مولوی اسد اللہ صاحب :۔

میں شہادت دیتا ہوں کہ پیر بخش کے کہنے پر محمد ولد شہداد کو بلایا گیا، اور اسے قرآن اٹھانے اور آگ سے گذرنے کے متعلق کہا گیا، مگر اس نے انکار کیا،

بیان علی شیر :۔

میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد کو مولوی اسد اللہ صاحب نے کہا کہ ہم آگ جلاتے ہیں تو اس پر سے گذرے گا یا نہیں ؟ محمد نے کہا کہ نہ ہی تو میں اولیا ہوں اور نہ ہی اولیاء کا بیٹا ہوں، کہ آگ سے گذروں، گذرنے سے انکار کر دیا،

مذکورہ طریقہ پر دو شہادتیں اور بھی ہیں :

بیانِ خمیسہ :۔

میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد متہم کو بلایا گیا اور اس سے قسم کے متعلق کہا گیا جس میں آگ سے گذرنے کا کوئی ذکر نہ تھا، محمد نے قسم سے انکار کیا،

بیان ساون :۔

میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد متہم کو مولوی صاحب نے قسم کے متعلق کہا جس میں آگ کا ذکر نہ تھا، محمد نے قسم سے انکار کیا،

مذکورہ طریقہ پر ایک شہادت اور بھی ہے،۔۔۔۔ گواہوں کے بیانات ختم ہوئے،

اب سوال یہ ہے کہ ان شہادتوں پر شرعی حکم کیا ہوگا ؟ بینوا بالبرھان اٴجرکم الرحمٰن،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

خمیسہ کا بیان تعلیق بالشرط کا مثبت نہیں، اس میں صرف وعدۂ طلاق ہے،

مولوی اسد اللہ صاحب اور علی شیر کے بیانات تعلیق پر متفق ہیں، مگر شرط میں اختلاف ہے، مولوی اسد اللہ صاحب کے بیان میں تعلیق الطلاق بترک الدخول فی النار ہے، اور علی شیر کے بیان میں تعلیق الطلاق بانکار الدخول ہے، ترکِ فعل اور انکارِ قولی میں فرق ظاہر ہے، پس دونوں

میں سے کسی پر بھی نصاب کامل نہیں، اور جب تعلیق بالشرط ہی ثابت نہ ہوئی تو نفس شرط میں اختلاف فضول ہے،

البتہ اگر کسی ایک معین شرط کے ساتھ تعلیق پر نصاب شہادت کامل ہو یا شوہر اقرار کرے تو اس صورت میں یہ تفصیل ہے کہ:

اگر تعلیق بترک الفعل ہے تو محمد ولد شہداد نے اگر مرنے سے پہلے دخولِ نار نہ کیا تو اس کی موت کے وقت پیر بخش کی بیوی کو مغلظ طلاق ہوجائے گی، البتہ اگر قرائن سے معلوم ہوجائے کہ پیر بخش نے خاص فیصلہ کی مجلس میں یا دوسرے کسی خاص وقت تک عدمِ دخولِ نار کے ساتھ تعلیق کی ہے کما ھو المتبادر تو اس معین مدت کے گزرنے تک عدمِ دخول سے طلاق ہوجائے گی، اس صورت میں انکارِ دخول کا کوئی اعتبار نہیں،

اور اگر تعلیق بالانکار القولی ثابت ہوجائے تو اس شرط کا وجود مولوی اسد اللہ صاحب اور علی شیر کی شہادت سے ثابت ہے، لہٰذا طلاق واقع ہوجائے گی، اگرچہ خمیسہ اور ساون کی شہادت کے مطابق یہ شرط نہیں پائی گئی، یعنی محمد کی طرف سے انکارِ دخولِ نار نہیں پایا گیا، مگر خمیسہ اور ساون کا یہ بیان مولوی اسد اللہ صاحب اور علی شیر کی شہادت کے مقابلہ میں معتبر نہیں، لان البینۃ للاثبات لا للنفی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ رمضان ۷۲ھ

نکاح فاسد میں تین طلاقوں سے مغلظہ نہ ہوگی:

سوال: ایک شخص نے دوسرے کی عدت میں نکاح کیا، پھر اس عورت کو تین طلاقیں دیدیں، تو اب اسی عورت سے دوبارہ نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

پہلا نکاح فاسد تھا، اور نکاح فاسد میں متارکت کا حکم ہے، طلاق واقع نہیں ہوسکتی، لہٰذا اس عورت سے دوبارہ نکاح درست ہے، قال فی الشامیۃ طلق المنکوحۃ فاسداً ثلاثاً لہ تزوجہا بلا محلل الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۴۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ صفر ۷۵ھ

نابالغ کی طلاق نہیں ہوتی:

سوال: نابالغ کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

نابالغ کی طلاق واقع نہیں ہوتی، کمافی شرح التنویر واھله زوج عاقل بالغ مستیقظ، وفی الشامیة (قوله واھله زوج عاقل الخ) احترز بالزوج عن سید العبد ووالد الصغیر وبالعاقل ولوحکما عن المجنون والمعتوہ والمدھوش والمبرسم والمغمی علیہ بخلاف السکران مضطرًا اومکرهًا وبالبالغ عن الصبی ولو مراهقا وبالمستیقظ عن النائم الخ (رد المحتار ج ۲ ص) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۴ ذیقعدہ ۷۳ھ

سوال مثل بالا:

سوال: صغیر کی بیوی بالغہ ہے، اور زنا میں مبتلا ہے، اس ضرورت اور حاجت کے پیش نظر جواز طلاقِ صغیر کے فتوی کی گنجائش ہے یا نہیں؟ عند الحاجة جواز طلاقِ صغیر شامیہ میں منقول ہے:
اذا تحققت الحاجة الی صحة ایقاع الطلاق من جهته لدفع الضرر کان صحیحًا فاذا اسلمت وابی فرق بینهما وکان طلاقا عند ابی حنیفة ومحمد رحمهما اللہ تعالیٰ واذا ارتد والعیاذ باللہ تعالیٰ وقعت البینونة وکان طلاقا فی قول محمد رحمہ اللہ تعالیٰ واذا وجدته مجبوبا فخاصمته فرق بینهما ویکون طلاقا عند بعض المشایخ (رد المحتار باب نکاح الکافر، ج ۲ ص ۵۳۶)، نور الانوار مبحث الاہلیۃ ص ۲۸۵ میں شمس الائمہ سرخسی سے ایسی روایت منقول ہے، تحقیق انیق تحریر فرماکر ممنون فرمائیں، بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

بوقت ضرورت شدیدہ مذہب مالکیہ کے مطابق عدم نفقہ کی بناء پر حاکم سے نکاح فسخ کرایا جا سکتا ہے، صبی کی طلاق صحیح نہیں، شمس الائمہ سے نور الانوار میں جو روایت ہے وہ شامیہ باب نکاح الکافر میں بھی منقول ہے، جو کہ بظاہر صورتِ مسئلہ میں مجوز طلاق معلوم ہو رہی ہے مگر امور ذیل پر غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ اس صورت میں طلاقِ صبی صحیح نہیں،

(۱) قال فی شرح التنویر الطلاق من القاضی وھو علیهما لانهما فلیسا باھل للایقاع بل للوقوع کما ورث، قریبه، وفی الشامیة (قوله فلیسا باھل للایقاع) ای ایقاع منهما بل هما اھل للوقوع ای حکم الشرع بوقوعه علیهما عند وجود موجبه (رد المحتار ج ۲ ص ۵۳۶)۔

اسی بحث کے آخر میں شمس الائمہ اور صاحب الکشف کی عبارات سے ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ

کا صبی سے جواز ایقاع پر استدلال محلِ نظر ہے، قال الرافعی قد یقال عبارته ای صاحب الکشف لا تفید أن الوقوع منهما بل مشروعیة الطلاق فی حقهما عند الحاجة وهذا امر لا نزاع فیه وعبارة السرخسی انما افادت ملك الطلاق بملك النكاح وانه اذا تحققت الحاجة ولیس فیها ان الایقاع یكون منه او من القاضی بل غایة ماتفیده وجود الحاجة للایقاع من جهته وكون الایقاع الذی یحصل بعد الحاجة منه اومن غیره امر آخر لا دلالة فی الكلام علیه تأمل (التحریر المختار ص۲۰۷ ج۱)

غرضیکہ صاحب الکشف اور شمس الائمہ کی عبارات سے جواز الایقاع من الصبی ثابت نہ ہوا،

(۲) وقوع الطلاق عند الحاجة کے جن مواضع کو حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے، یہ حکم انہی مواضع پر مقصور رہے گا، کیونکہ تصانیف فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا مفہوم مخالف بالاتفاق حجت ہے، کما فی وقف الشامیة ونصها نعم المفهوم معتبر عند نا فی الروایات فی الکتب ومنه قوله فی انفع الوسائل مفهوم التصنیف حجة اھ ای لان الفقهاء یقصدون بذكر الحكم فی المنطوق نفیه عن المفهوم غالباً كقولهم تجب الجمعة علی كل ذكر حر عاقل مقیم فانهم یریدون بهذه الصفات نفی الوجوب عن مخالفها ویستدل به الفقیه علی نفی الوجوب علی المرأة والعبد والصبی الخ (رد المحتار ص۵۷۶ ج۳)

(۳) عورت کا زنا میں مبتلا ہوجانا حاجت مجوزۂ ایقاع نہیں، یعنی شرعاً اسے حاجت شمار نہیں کیا جا سکتا، چنانچہ قضاءً ساری عمر میں صرف ایک دفعہ جماع واجب ہے، اگرچہ دیانۃً ہر چار ماہ میں ایک دفعہ ضروری ہے، اسی اصول کی بناء پر زوجۂ عنین کو ایک دفعہ وقوعِ جماع کے بعد تفریق کا اختیار نہیں رہتا، حالانکہ صبی اور عنین کے درمیان امور ذیل میں فرق بھی ہے:۔

(۱) عنین کے بارہ میں مدۃ العمر تک جماع سے قطعی مایوسی ہے، اور صبی سے متعلق کچھ وقت کے بعد ہمیشہ کے لئے قدرت کاملہ علی الجماع کا ظن غالب ہے،

(۲) عنانت ایک قدرتی ابتلاء ہے، جس میں انسان مجبور محض ہے، اور نکاح بالصبی کی مصیبت عمداً اختیار کی جاتی ہے،

(۳) قبل از نکاح عورت کو عنانت کا علم نہیں ہوتا، اگر علم عنانت پہلے سے ہو تو عورت کو فسخ کا کوئی اختیار نہیں، اگرچہ ایک دفعہ بھی جماع نہ کرسکے اور صبا کا علم عورت اور اس کے اولیاء کو شروع ہی سے ہے،

غرضیکہ عنین میں مندرجہ بالا مجبوریاں ہوتے ہوئے بھی ایک دفعہ جماع پر قدرت کے بعد فسخ نکاح کا حق نہیں رہتا، تو صبی کے حق میں یہ حاجت بطریق اولیٰ مجوز الیقاع نہ بن سکے گی،

④ سندھ میں عدم لحاظِ تناسبِ عمر کی ظالمانہ اور منحوس رسم عام ہے جس کی وجہ سے اہل سندھ کے دین و دنیا کی بربادی ظاہر ہے، اس کی قباحت کے بیان پر قلم اٹھایا جائے تو اس کے لئے وسیع وقت اور بڑے دفتر کی ضرورت ہے، اور ظاہر ہے کہ جوازِ طلاق صبی کے فتویٰ میں اس دین و دنیا کی تباہ کن رسم قبیح کی ترویج داعانت ہے، وقال اللہ تعالیٰ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ، عوام جبکہ اس مسئلہ کو لاینحل نہ سمجھیں گے بلکہ اس کا آسان حل انھیں ہاتھ آجائے گا تو ایسے نکاح کثرت سے ہونے لگیں گے، ایک جزئی صورت میں ایک عورت کو زنا سے بچانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لاکھوں کی تعداد میں عورتیں زنا میں مبتلا ہوں گی، اگر ایک نابالغ طلاق پر راضی ہوگیا تو ضروری نہیں کہ ہر نابالغ راضی ہوجائے گا، بالفرض راضی ہو بھی جائے تو بھی صدور زنا کے بعد راضی ہوگا، لہٰذا علماء وقت کا فرض ہے کہ مسلمانوں سے اس منحوس رسم کے خاتمہ کے لئے پوری جد و جہد سے کام لیں، جوازِ طلاق نابالغ کی فضول کوشش کی بجائے عدم لحاظ تناسبِ عمر کی ظالمانہ روش کے خلاف جہاد کرنا ضروری اور فرض ہے، صورتِ واقعہ سے عبرت حاصل کرکے اس رسم کے خاتمہ کے لئے مؤثر قدم اٹھائیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۸ رذی الحجہ ۷۵ھ

نابالغ کی طلاق کے لئے امام احمد کا مذہب لینا:

سوال: سندھ میں عموماً تناسبِ عمر کا خیال نکاح میں نہیں کیا جاتا، بعض دفعہ لڑکی کے بلوغ اور لڑکے کے عدمِ بلوغ کی وجہ سے ایسی صورتیں پیدا ہوجاتی ہیں کہ لڑکے سے طلاق حاصل کرنی پڑتی ہے، ایسی ضرورت میں امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر عمل کرکے لڑکے سے طلاق حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس صورت میں امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب پر عمل کرنا بوجوہ ذیل جائز نہیں:

① امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں وقوعِ طلاق کے لئے لڑکے کا مراہق ہونا ضروری ہے، (کما فی بدایۃ المجتہد) سو اگر لڑکا مراہق ہے تو تفریق کی کوئی ضرورت شدیدہ نہیں،

② دوسرے مذہب پر فتویٰ کے جواز کے لئے سخت شرائط ہیں، اور ازحد احتیاط کی ضرورت ہے (راجع التفصیل فی الحیلۃ الناجزۃ)

(۳) امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب پر فتویٰ دینے سے فتنہ کا دروازہ کھل جائے گا، اور طلاق کی وارداتیں عام ہو جائیں گی اور عدم تناسبِ عمر کی ظالمانہ روش زیادہ زور پکڑے گی، اعانت علی المعصیۃ خود معصیت ہے، قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ، لہٰذا طلاق نابالغ کو جائز ثابت کرنے کی فضول کوشش کرنے کی بجائے عدمِ لحاظ تناسبِ عمر کی ظالمانہ رسم کے خلاف جد و جہد کرنا ضروری ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ / رجب سنہ ۷۳ھ

تجھے طلاق، مجھے آئندہ کے لئے کوئی حق نہیں:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دے کر کہا کہ "مجھے آئندہ کے لئے کوئی حق نہیں" یہ طلاق رجعی ہوگی یا بائن؟ اور ایک طلاق ہوگی یا دو؟ یہاں اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہو رہا ہے، اس لئے مفصل و مدلل جواب سے نوازیں، جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء،

الجواب ومنه الصدق والصواب

قال فی الشامیۃ قبل باب طلاق غیر المدخول بہا نحو ورقتین تحت عنوان (تتمۃ) وکذلک افتی (ای فی الخیریۃ) بالرجعی فی قولھم انتِ طالق لا یردک قاض ولا عالم لانہ لا یملک اخراجہ عن موضوعہ الشرعی وایدہ فی حواشیہ علی المنح بما فی الصیرفیۃ لو قال انت طالق ولا رجعۃ لی علیک فرجعیۃ ولو قال علی ان لا رجعۃ لی علیک فبائن اھ وقال ان قولھم لا یردک قاض الخ مثل قولہ ولا رجعۃ لی علیک لان حذف الواو کاثباتھا کما ھو ظاھر لا مثل علی ان لا رجعۃ اھ قلت والفرق ان علی ان لا رجعۃ قید للطلاق لانہ شرط فیہ فھو فی معنی انت طالق طلاقاً مشروطاً فیہ عدم الرجعۃ ای طلاقاً بائناً فھو داخل تحت القاعدۃ من انہ اذا وصف الطلاق بضرب من الشدۃ والزیادۃ یقع بہا البائن کما مر عن الھدایۃ اما ولا رجعۃ لی علیک فلیس صفۃ للطلاق بل ھو کلام مستأنف اخبر بہ عما ھو خلاف الشرع فان المشروع ھو وقوع الرجعی بانتِ طالق فقولہ ولا رجعۃ لغو مثل قولہ انتِ طالق وبائن او ثم بائن بلا نیۃ کما مر الخ (رد المحتار ج۲)

تحقیق بالا اس کو مقتضی ہے کہ صورتِ مسئلہ میں ایک طلاق رجعی واقع ہو، مگر "مجھے

کوئی حق نہیں، "کنایۂ طلاق کی صلاحیت میں مشابہ ہے، "بائن" سے اور "طلاق وبائن" سے وقوع واحدۂ رجعیہ میں تأمل ہے، چنانچہ شامیہ میں تحقیق بالا سے تقریباً ایک صفحہ قبل اس پر اشکال مذکور ہے، ونصہ تحت (قولہ وبالفاء فبائنۃ) وانظر لم لم یتعین تکریر الایقاع مع وجود مذاکرۃ الطلاق فان الاصل فی العطف المغایرۃ فکان ینبغی وقوع بائنتین مع الواو وثم (رد المحتار ج ۲) وایضاً قال فی العلائیۃ ولو قال انت طالق اعتدی او عطفہ بالواو او الفاء فان نوی واحدۃ فواحدۃ او ثنتین وقعتا وان لم ینو ففی الواو ثنتان الخ وفی الشامیۃ (قولہ فان نوی واحدۃ) ای بان نوی باعتدی فی الصور الثلاث الامر بالعدۃ بالحیض دون الطلاق فیصدق لظہور الامر فیہ عقب الطلاق کما مر (قولہ ففی الواو ثنتان) وکذا فی صورۃ عدم العطف اصلاً لانہ فی الصورتین یکون امراً مستأنفاً وکلاماً مبتدءً وھو فی حال مذاکرۃ الطلاق فیحمل علی الطلاق، بحر عن المحیط (رد المحتار ج ۲ ص ۵۰۸)

اس سے معلوم ہوا کہ طلاق رجعی کے بعد کنایہ کا لفظ اگر بنیت طلاق یا بلا نیت کہا تو دو طلاقیں ہوں گی، اور اگر دونوں لفظوں سے ایک ہی طلاق مراد ہے تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر کنایہ کا لفظ طلاق پر تفریع کا محتمل ہے جیسے اعتدی، اذھبی وغیرہ، تو ایک ہی طلاق ہوگی، کما ذکر فی العلائیۃ والشامیۃ قبیل الجزئیۃ المذکورۃ فی قولہ اعتدی ثلاثاً، اور اگر لفظ کنایہ محتمل تفریع نہیں تو بہرکیف دو طلاقیں واقع ہوں گی، سوال میں جملہ مذکورہ اسی قسم کا ہے، لہٰذا اس صورت میں دو طلاقیں بائن واقع ہوگئیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ ذی الحجہ ۷۲ھ

تو میری منکوحہ نہیں :

سوال ؛ اس بارہ میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے کہ زید نے اپنی بیوی کو کہا کہ تو میری منکوحہ نہیں تو کیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر زید نے طلاق کی نیت سے مذکورہ الفاظ کہے تو ایک طلاق رجعی ہو جائے گی ورنہ نہیں، کما فی الھندیۃ ولو قال لامرأتہ لست لی بامرأۃ او قال لہا ما انا بزوجک او سئل فقیل لہ ھل لک امرأۃ فقال لا فان قال اردت بہ الکذب یصدق فی

الرضا والغضب جمیعا ولا یقع الطلاق وان قال نویت الطلاق یقع الطلاق فی قول ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وایضا فیہا ولو قال ما انت لی بامرأۃ ولست لك بزوج یقع عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وعندھما رحمہما اللہ تعالیٰ لا یقع (عالمگیریۃ ج ۲) وفی شرح التنویر لست لك بزوج او لست لی بامرأۃ او قالت لہ لست لی بزوج فقال صدقت طلاق ان نواہ خلافا لھما، وفی الشامیۃ تحت (قولہ طلاق ان نواہ) واشار بقولہ طلاق الی ان الواقع بھذہ الکنایۃ رجعی کذا فی البحر من باب الکنایات (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ / محرم ۷۳ھ

یہ میری منکوحہ نہیں، اسکو اسکے والدین کے گھر پہنچادو میری طرف سے اسکو طلاق ہے، دوسرا خاوند بنالے:

سوال: ایک شخص نے کئی دفعہ اپنی عورت کو یہ الفاظ کہے "یہ میری منکوحہ نہیں، اس کو اس کے والدین کے گھر پہنچادو، میری طرف سے اس کو طلاق ہے، اس کو کوئی روک نہیں جس جگہ چاہے اپنا دوسرا خاوند بنالے"، ان الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی؟

جواب از مولانا عبداللہ صاحب مفتی خیر المدارس ملتان:

سوال میں دو لفظ موجب طلاق ہیں "یہ میری منکوحہ نہیں، اس کو اس کے والدین کے گھر پہنچادو"، یہ لفظ الفاظ کنایہ میں سے شمار ہوا ہے، ففی العالمگیریۃ ولو قال لا نکاح بینی وبینك او قال لم یبق بینی وبینك نکاح یقع الطلاق اذا نوی (الی قولہ) ولو قال انا بریء من نکاحك یقع الطلاق اذا نوی، پس اس لفظ سے بقرینہ طلاق صریح کے جو آگے مذکور ہے ایک طلاق بائن ہوگی اور دوسرا لفظ صریح موجود ہے، لہٰذا یہ عورت مطلقہ بدو طلاق ہوگی، انتہی مختصراً،

ایرادات از جانب بندہ رشید احمد برجواب مذکور

(۱) قولکم: سوال میں دو لفظ موجب طلاق ہیں،

اقول: سوال میں تین جملے موجب طلاق ہیں، یہ میری منکوحہ نہیں، اس کو طلاق ہے، اپنا دوسرا خاوند بنالے،

(۲) قولکم: پس اس لفظ سے بقرینہ طلاق صریح کے جو آگے مذکور ہے الخ،

اقول: کیا ذکر طلاق اگر لفظ کنایہ کے بعد ہو تو اسے حالت مذاکرہ طلاق پر محمول کرکے

اس سے وقوعِ طلاق کا حکم لگایا جائے گا ؟ اس پر کیا دلیل ہے ؟

③ قولکم : ایک طلاق بائن واقع ہوگی،

اقول : مذاکرۂ طلاق یا نیتِ طلاق کے وقت ان الفاظ سے ایک طلاق رجعی ہوگی، کما فی شرح التنویر لست لک بزوج اولست لی بامرأۃ (الی قولہ) طلاق ان نواہ، وفی الشامیۃ تحت (قولہ طلاق ان نواہ) واشار بقولہ طلاق الی ان الواقع بھٰذہ الکنایۃ رجعی کذا فی البحر من باب الکنایات،

④ قولکم : یہ عورت مطلقہ بدو طلاق ہوگی،

اقول : بہرصورت تین طلاقیں واقع ہوں گی، اس لئے کہ پہلے جملہ میں تین احتمال ہیں،

(۱) بعد میں مذکور لفظ طلاق کو حالت مذاکرۂ طلاق پر محمول کرکے پہلے جملہ سے طلاق بائن کا حکم لگایا جائے، جیسا کہ آپ کی رائے ہے،

(۲) مذاکرۂ طلاق پر محمول کرکے پہلے جملہ سے رجعی طلاق ثابت کی جائے، کما فی الشامیۃ،

(۳) بعد میں مذکور لفظ طلاق کو حالتِ مذاکرہ تسلیم نہ کیا جائے، اس لئے پہلے جملہ کو موجبِ طلاق نہ کہا جائے، جیسا کہ بندہ کا خیال ہے،

احتمالِ ثانی پر تو ظاہر ہے کہ تین جملوں سے تین طلاقیں ہوجائیں گی، اور احتمالِ اول میں جملۂ اُولیٰ وثانیہ سے دو طلاقیں واقع ہوں گی، اور جملۂ ثالثہ لغو ہوگا، لان البائن بالکنایۃ لا یلحق البائن، اور احتمالِ ثالث میں جملۂ اُولیٰ لغو ہے، صرف جملۂ ثانیہ وثالثہ سے دو طلاقیں واقع ہونگی، مگر سوال میں ہے کہ کئی دفعہ یہ الفاظ کہے، پس اس کا کم از کم اور اقل درجہ یہ ہے کہ دو دفعہ کہے ہوں، لہٰذا احتمالِ اول وثالث پر بھی تکرار کی وجہ سے مغلظ کا وقوع لابدی امر ہے،

جواب از مولانا مفتی عبد اللہ صاحب :

① ہمارے خیال میں چونکہ پہلے جملہ سے بائن واقع ہوئی تھی اس لئے آخری جملہ کو بوجہ عدم وقوع کے علی قاعدۃ البائن لا یلحق البائن ساقط سمجھا گیا تھا اس بناء پر تجوزاً کہدیا گیا تھا کہ دو لفظ موجب طلاق ہیں،

② اس پر صراحۃً جزئیہ نہیں مل سکا، البحر الرائق بحث الکنایات میں یہ عبارت پائی گئی ہے تحت (قولہ لا تطلق بہا الا بنیۃ او دلالۃ الحال) قال والمراد بدلالۃ الحال الحالۃ الظاھرۃ المفیدۃ لمقصودہ ومنہا تقدم ذکر الطلاق کما فی المحیط، اس عبارت

میں دلالتِ حال کو عام کہا گیا ہے، اور تقدمِ ذکرِ طلاق کو اس کا فرد قرار دیا گیا ہے، اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ بعد کی صریح طلاق اگر ایک ہی عبارت میں اور ایک ہی سیاق میں اور ایک ہی مجلس میں واقع ہو تو قرینہ بن جائے گی،

شامی کی عبارت یوں ہے الا بنیۃ او دلالۃ الحال وھی حالۃ مذاکرۃ الطلاق، اس کے تحت شامی تحریر فرماتے ہیں: اشار بہ الی مافی النھر من ان دلالۃ الحال تعم دلالۃ المقال، اس عبارت میں بھی دلالۃ حال کو عام بتایا گیا ہے، قرینۂ حالیہ و قرینۂ مقالیہ دونوں اس میں شامل ہیں، اور دراصل کنایات میں احتمالِ طلاق اور رَدّ یا سبّ کے کئی ہوا کرتے ہیں، جب ایک شخص ایک سانس میں کہے کہ "میرا تیرا نکاح نہیں، میں نے تجھے طلاق دی" تو اس خاص عبارت میں عاجز کے فہمِ ناقص میں ثانی کلام کو کلامِ اوّل کے لئے تفسیر اور قرینہ برارادۂ طلاق بنایا جا سکتا ہے، اگر کہیں اس کے خلاف تصریح مل جائے تو ماننے سے انکار نہیں،

③ اعتراض جناب کا صحیح ہے، اس جملہ سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے،

④ واقعی آپ کا خیال صحیح ہے، یہ عورت حرام بحرمۃ طلقات ثلاث ہو جائے گی،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

ایرادِ ثانی کے جواب میں جو لکھا گیا ہے کہ دلالۃ الحال عام اور شامل ہے قرینۂ حالیہ و مقالیہ کو، اس میں کوئی شک نہیں، مگر حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ قرینۂ حالیہ کو حالِ غضب میں اور قرینۂ مقالیہ کو تقدمِ ذکرِ طلاق میں منحصر فرما رہے ہیں، قال فی شرح التنویر الا بنیۃ او دلالۃ الحال وھی حالۃ مذاکرۃ الطلاق او الغضب، وفی الشامیۃ (قولہ وھی حالۃ مذاکرۃ الطلاق) اشار بہ الی مافی النھر من ان دلالۃ الحال تعم دلالۃ المقال وقال وعلی ھذا فتفسر المذاکرۃ بسؤال الطلاق او تقدیم الایقاع کما فی اعتدی ثلاثا وقال قبلہ المذاکرۃ ان تسألہ ھی او اجنبی الطلاق (ردالمحتار ص ۵۰۲ ج ۲)

تاخیرِ ذکرِ طلاق دونوں میں سے کسی میں بھی داخل نہیں، مزید برایں عبارات ذیل میں اس کی تصریح ہے کہ مذاکرۂ طلاق تاخیرِ ایقاع کو شامل نہیں، فی العلائیۃ قال اعتدی ثلاثا ونوی بالاول طلاقا وبالباقی حیضا صدق قضاءً لنیتہ حقیقۃ کلامہ وان لم ینو بہ ای بالباقی شیئا فثلاث لدلالۃ الحال بنیۃ الاول حتی لو نوی بالثانی فقط فثنتان او بالثالث فواحدۃ ولو لم ینو بالکل لم یقع، وفی الشامیۃ (قولہ

قال اعتدی ثلاثا) ای قاله ثلاث مرات (قوله بنیة الاول) ای دلالة الحال بسبب نیته الایقاع بالاول قال فی فتح القدیر فقد ظهر مما ذکران حالة من اکرة الطلاق لا تقتصر علی السؤال وهو خلاف ما قدموه من انها حال سؤالها او سؤال اجنبی طلاقها بل هی اعم منه ومن مجرد ابتداء الایقاع (قوله نوی بالثانی فقط) ای نوی به الطلاق ولم ینو بغیره شیئا فثنتان ای یقع به واحدة وکذا بالثالث اخری وان لم ینو به لدلالة الحال بایقاع الثانی ولا یقع بالاول شیء لانه لم ینو به ودلالة الحال وجدت بعده (رد المحتار ص ۵۰۷ ج ۲) وفیها ایضا قبیل باب التفویض تحت (قوله تقع واحدة) مع انه مذکور بعده والقرینة لابدان تتقدم (رد المحتار ص ۵۱۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ رجب ۷۵ھ

کوئی دوسرا خاوند بنالے:

سوال: ایک شخص نے اپنی عورت کو کہا کہ جہاں چاہے دوسرا خاوند بنالے، تو طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

مذکورہ الفاظ اگر طلاق کی نیت سے یا بوقت مذاکرۂ طلاق کہے ہیں تو طلاق بائن واقع ہوگی ورنہ نہیں، قال فی الهندیة وابتغی الازواج تقع واحدة بائنة ان نواها او اثنتین وثلاث ان نواها هکذا فی شرح الوقایة (عالمگیریة ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ محرم ۷۳ھ

دو بیویوں کو بدون تعیین تین طلاقیں:

سوال: ایک شخص کی دو بیویاں تھیں، ایک دفعہ اس شخص نے غصہ میں اٹھ کر کہا میں نے تین طلاق دی، تین دفعہ یوں ہی کہا، نہ بیوی کا لفظ کہا اور نہ ہی کسی بیوی کا نام لیا، اب شریعتِ محمدیہ میں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

قال فی الشامیة فی اول باب الصریح تحت (قوله لترکه الاضافة) ولا یلزم کون الاضافة صریحة فی کلامه کما فی البحر لو قال طالق فقیل له من عنیت فقال امرأتی طلقت امرأته، (رد المحتار ص ۴۶۶ ج ۲)، وایضا فیها قبیل باب

الکنایات تحت (قولہ واما تصحیح الزیلعی الخ) ویظہر مما قررناہ ایضاً ان قولہ علی الطلاق کما ھو الشائع فی زماننا مثل قولہ امرأتی طالق لان معناہ کما مرّ ان فعلت کذا الزم الطلاق ووقع ولا یخفی ان ھذا محتمل لان یکون المراد لزم الطلاق من امرأۃ او من اکثر ولا ترجیح لاحدھما علی الآخر فینبغی ان یثبت لہ صرفہ الی من شاء، وفی الشرح قال امرأتہ طالق ولم یسمّ (الی قولہ) ولو کان لہ امرأتان کلتاھما معروفۃ لہ صرفہ الی ایتھما شاء خانیۃ ولم یحک خلافا، وایضاً فیہ قال لنسائہ الاربع بینکن تطلیقۃ طلقت کل واحدۃ تطلیقۃ وکذا لوقال بینکن تطلیقتان او ثلاث او اربع (ای تقع علی کل واحدۃ تطلیقۃ واحدۃ) الا ان ینوی قسمۃ کل واحدۃ بینھن فتطلق کل واحدۃ ثلاثا (رد المحتار ص ۴۹۹، ۴۹۸ ج ۲) وفی الھندیۃ ولو قال لثلاث نسوۃ لہ انتن طوالق ثلاثا او طلقتکن ثلاثا یقع علی کل واحدۃ ثلاث ولا ینقسم بخلاف ما لوقال اوقعت بینکن ثلاثا فانھا تقسم بینھن فتقع علی کل واحدۃ طلقۃ کذا فی غایۃ السروجی (عالمگیریۃ ص ۳۶۱ ج ۱)

جزئیاتِ مذکورہ سے امورِ ذیل ثابت ہوئے:

(۱) اگرچہ طلاق کی نسبت بیوی کی طرف صراحۃً نہیں کی، تو بھی طلاق واقع ہو جائے گی، للقرائن البینۃ،

(۲) دونوں عورتوں میں سے جس کی نیت کی ہو اسی کو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی،

(۳) اگر دونوں کا ارادہ کیا تو ہر ایک کو تین طلاقیں ہوں گی،

(۴) اگر یوں کہے کہ "تین طلاقیں دونوں میں تقسیم کر کے دیتا ہوں" تو ہر ایک پر دو طلاقیں واقع ہوں گی، البتہ اگر تین طلاقوں میں سے ہر طلاق دونوں بیویوں پر تقسیم کرنے کی نیت ہو تو ہر ایک بیوی کو تین طلاقیں ہو جائیں گی،

صورتِ سوال میں تقسیم کا لفظ نہیں، اس لئے دونوں کی نیت تھی تو دونوں پر مغلظ طلاق واقع ہو گئی، اور دونوں میں سے کسی ایک کی نیت تھی تو اس کو مغلظ طلاق ہو گئی، اس صورت میں تین طلاقیں دونوں بیویوں پر تقسیم نہ ہوں گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ جمادی الاولیٰ ۷۳ھ

صیغۂ مستقبل سے طلاق نہیں ہوتی:

سوال: ایک شخص نے اپنی عورت سے کہا کہ اگر تو فلاں کام کرے گی تو میں تجھے طلاق دیدوں گا، اس کے بعد اگر اس عورت نے وہ کام کیا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس صورت میں طلاق واقع نہ ہوگی، اس میں صرف ارادۂ طلاق کا اظہار ہے، قال فی الحامدیۃ صیغۃ المضارع لا یقع بہا الطلاق الا اذا غلب فی الحال کما صرح بہ الکمال ابن الہمام (حامدیۃ ج ۱ ص ۳۸) وفی الشامیۃ تحت (قولہ وما بمعناہا من الصریح) وکذا المضارع اذا غلب فی الحال مثل اطلقك کما فی البحر، (رد المحتار ص۴۶۶ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۶ر شوال ۷۳ھ

طلاق نامہ لکھنے سے طلاق ہو جاتی ہے:

سوال: ایک عورت کا خاوند انڈیا میں رہتا ہے، عورت کے والد نے کئی دفعہ اسے لکھا کہ اپنی بیوی کو آکر لے جاؤ، ورنہ اسے طلاق دیدو، اور طلاق نامہ لکھ کر بھیج دو، اس کے جواب میں عورت کے خاوند نے یہ الفاظ لکھے: "اب میں ایمان سے کہتا ہوں کہ طلاق نامہ میں نے لکھوا لیا ہے اور جلد ہی روانہ کر رہا ہوں" اب یہ شخص طلاقنامہ روانہ کرنے میں تاخیر کر رہا ہے، اور ٹال مٹول کرتا ہے، تو کیا شریعت مطہرہ کے حکم کے بموجب وقوع طلاق کے لئے عورت تک طلاق نامہ پہنچنا شرط ہے یا کہ صرف طلاق نامہ لکھنے سے طلاق واقع ہو گئی؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

وقوع طلاق کے لئے طلاقنامہ کا عورت تک پہنچنا شرط نہیں، صرف لکھنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے، اس لئے صورتِ سوال میں جب کہ اس شخص نے طلاقنامہ لکھوا لیا ہے اس کی بیوی پر اسی قسم کی طلاق رجعی یا بائن واقع ہو گی، جو اس نے لکھوائی ہے، اور عدت بھی طلاق نامہ لکھوانے کے وقت سے شروع ہو گئی، اگرچہ تا حال عورت تک طلاق نامہ نہ ہی پہنچا ہو، نقل فی الشامیۃ قبیل باب الصریح عن الہندیۃ ثم المرسومۃ لا تخلو اما ان ارسل الطلاق بان کتب اما بعد فانت طالق فکما کتب ہذا یقع الطلاق وتلزمہا العدۃ من وقت الکتابۃ وان علق طلاقہا بمجیء الکتاب بان کتب اذا جاء لک کتابی فانت طالق فجاءہا الکتاب فقرأتہ اولم تقرأ یقع الطلاق، کذا فی الخلاصۃ ط، (وبعد اسطر) ولو

قال للکاتب اکتب طلاق امرأتی کان اقرارا بالطلاق وان لم یکتب (رد المحتار ص۴۶۵ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ ذی قعدہ ۷۳ھ

بیوی کو "چلی جاؤ" کہنا:

سوال: ایک شخص نے اپنی عورت کو کہا کہ "اپنے میکہ چلی جاؤ" تو طلاق ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر طلاق کی نیت سے کہا تو طلاق بائن ہوگی ورنہ نہیں، اگر شوہر نیت طلاق کا انکار کرے تو اس کا قول بدون قسم معتبر نہیں، اولاً بیوی خود اس سے گھر ہی میں قسم طلب کرے، اگر قسم سے انکار کرے تو بیوی عدالت میں مقدمہ دائر کرے، اور قاضی اس سے قسم طلب کرے، اگر وہاں بھی قسم سے انکار کرے تو قاضی ان میں تفریق کردے البتہ اگر بیوی کو اس کے صدق کا ظن غالب ہو تو قسم طلب کرنا لازم نہیں، قال فی التنویر وتقع رجعیۃ بقولہ اعتدی واستبرئی رحمک وانت واحدۃ وبباقیہا البائن (رد المحتار ص۵۰۶ ج۲) وقال العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ والقول بیمینہ فی عدم النیۃ ویکفی تحلیفہا لہ فی منزلہ فان ابی رفعتہ للحاکم فان نکل فرق بینہما، مجتبی (رد المحتار ص۵۰۵ ج۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ ربیع الاول ۷۴ھ

سسرال میں نہ رہوں تو بیوی سے لادعوی ہوں:

سوال: ایک شخص نے نکاح سے پہلے یہ اقرار نامہ لکھ دیا کہ میں ہمیشہ بیوی کے اقرباء کے ساتھ رہوں گا، اس کی خلاف ورزی کرنے کی حالت میں اپنی بیوی سے لادعوی ہوں، اب یہ شخص اپنے اقرار کو پورا نہیں کرتا تو اس کی بیوی کو طلاق ہوگئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

سندھ کے عرف میں "بیوی سے لادعوی ہوں" صریح طلاق ہے، اور مثل لفظ حرام ہے، لہٰذا بدون نیت ہی ایک طلاق بائن ہوگئی، کما حققہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی بحث لفظ حرام،

واما صحۃ التعلیق مع عدم الاضافۃ الی الملک صراحۃ فلما فی الہندیۃ فی الفصل الثامن من الباب الرابع ولو قال کل امرأۃ لی طالق ان فعلت کذا

ولیست لہ امرأۃ ونوی امرأۃ یتزوجہا بعد ذلک صحت کما اذا قال کل امرأۃ تکون لی والی ھذا ذھب شمس الاسلام محمود وقال نجم الدین لاتصح وقال السید الامام وبالقول الاول نأخذ کذا فی اصول الاستروشنی (عالمگیریۃ ج ۲) وفی الخلاصۃ ولو قال کل امرأۃ لی فھی طالق ان فعلت کذا ولا امرأۃ لہ فان نوی امرأۃ یتزوجہا یصح ویکون بمنزلۃ قولہ کل امرأۃ یکون لی (خلاصۃ ج ۲)

اقول لا یوھم ان الاضافۃ المعنویۃ الی الملک انما تکفی اذا کانت المرأۃ غیر معینہ واما المعینۃ فوقوع الطلاق علیھا مشروط بکون الاضافۃ مصرحۃ لان المراد من المعینۃ ان تکون مذکورۃ باسمھا ونسبھا ان کانت غائبۃ ومشارًا الیھا ان کانت حاضرۃ فان لم یشر الی الحاضرۃ فھی غیر معینۃ وان ذکر اسمھا ونسبھا، والتفصیل فی الشامیۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۱ر جمادی الاولیٰ ۷۴ھ

فاحشہ کو طلاق دینا مستحب ہے:

سوال: ایک عورت فاحشہ اور بدچلن ہے، سمجھانے کے باوجود باز نہیں آتی، خاوند کی نافرمان ہے، ایسی عورت کو اگر خاوند طلاق دیدے تو اس پر کوئی گناہ تو نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

ایسی عورت کو طلاق دینا گناہ نہیں بلکہ مستحب اور ثواب ہے، اور اگر عورت یہاں تک نافرمان ہے کہ خاوند کے لئے اس کے ساتھ رہنا مشکل ہو، گھر میں ہر وقت فتنہ وفساد برپا رہتا ہو تو ایسی صورت میں طلاق دینا واجب ہے، قال فی التنویر وایقاعہ مباح وقیل الاصح حظرہ الا لحاجۃ، وفی الشرح کریبۃ وکبر (الی ان قال) بل یستحب لو مؤذیۃ او تارکۃ صلوٰۃ غایۃ، ومفادہ ان لا اثم بمعاشرۃ من لا تصلی ویجب لوفات الامساک بالمعروف، وفی الشامیۃ (قولہ لو مؤذیۃ) اطلقہ فشمل المؤذیۃ لہ او لغیرہ بقولھا او بفعلھا الخ (قولہ او تارکۃ صلوٰۃ) الظاھر ان ترک الفرائض غیر الصلوٰۃ کالصلوٰۃ وعن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ لان القی اللہ تعالیٰ وصداقھا بذمتی خیر من ان اعاشر امرأۃ لا تصلی (رد المحتار ص۵۷۲ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۴ر رمضان المبارک ۷۴ھ

مٹی کے ڈھیلے دینے سے طلاق نہیں ہوتی:

سوال: سندھ میں عام رواج ہے کہ عورت کو طلاق کی نیت سے تین ڈھیلے مٹی کے دیتے ہیں، اور اسے تین طلاقیں سمجھتے ہیں، اس سے شرعاً طلاق ہوگی یا نہیں؟ اور رجعی ہوگی یا بائن؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

بغیر تلفظ کے صرف مٹی کے ڈھیلے دینے سے طلاق نہیں ہوتی، قال فی الشامیۃ تحت (قولہ ورکنہ لفظ مخصوص) وبہ ظہر ان من تشاجر مع زوجتہ فاعطاھا ثلاثۃ احجار ینوی الطلاق ولم یذکر لفظاً لاصریحاً ولا کنایۃ لا یقع علیہ کما افتی بہ الخیر الرملی وغیرہ الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۵۷۴)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ جمادی الآخرہ ۷۵ھ

زانی سے معاوضہ لینا طلاق نہیں:

سوال: بلوچستان میں عام رواج ہے کہ اگر کسی عورت پر زنا کا ثبوت مل جائے تو شوہر اپنی بیوی کو گھر سے نکال دیتا ہے، اور قوم کے سردار کے پاس زانی سے بدل (رقم) لینے کی درخواست پیش کرتا ہے، جس پر سردار زانی سے مزنیہ کے شوہر کو رقم دلاتا ہے، بس اسی کو ہی طلاق شدید سمجھا جاتا ہے، آئندہ کے لئے یہ شخص بغیر طلاق وغیرہ دینے کے حرام سمجھتا ہے، کیا شرعاً اس سے طلاق ہو جائے گی؟ یا سردار کے فیصلہ کو تحکیم قرار دے کر قبول بدل (رقم) کو بحکم خلع کہا جا سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

جب تک طلاق کا لفظ صریح یا کنایہ بنیت طلاق نہ کہے گا طلاق نہ ہوگی، محض رقم عوض میں وصول کر کے حرام سمجھنے سے طلاق نہیں ہوتی، قال فی شرح التنویر ورکنہ لفظ مخصوص، وفی الشامیۃ ھو ما جعل دلالۃ علی معنی الطلاق من صریح او کنایۃ فخرج الفسوخ علی ما مر وارادا اللفظ ولو حکماً لیدخل الکتابۃ المستبینۃ واشارۃ الاخرس و الاشارۃ الی العدد بالاصابع فی قولہ انت طالق ھکذا کما سیأتی وبہ ظہران من تشاجر مع زوجتہ فاعطاھا ثلثۃ احجار ینوی الطلاق ولم یذکر لفظاً لاصریحا ولا کنایۃ لا یقع علیہ کما افتی بہ الخیر الرملی وغیرہ وکذا ما یفعلہ

بعض سکان البوادی من امرھا بحلق شعرھا لایقع بہ طلاق وان نواہ (رد المحتار ص۵۷۴ ج۲)

اسے خلع کہنا بھی صحیح نہیں، کیونکہ خلع میں تعلیق الطلاق بقبول البدل ہوتی ہے، اور صورتِ سؤال میں اس کے برعکس پہلے بیوی کو چھوڑ کر بعد میں بدل کا مطالبہ کیا جاتا ہے، البتہ اگر قبولِ بدل سے طلاق کو معلق کیا ہو تو طلاق ہو جائے گی، مگر مال زانی پر واجب نہ ہوگا، اس لئے کہ یہ رقم بدلِ خلع کی حیثیت سے نہیں لی جاتی، بلکہ زنا پر جرمانہ سمجھی جاتی ہے، اور جرمانہ مالی ناجائز ہے، زنا کے عوض میں مال پر مصالحت کی تردید احادیثِ صحیحہ میں موجود ہے "ان ابنی کان عسیفاً الخ" بالفرض اس رقم کو بدلِ خلع قرار دیا جائے تو بھی زانی پر رقم واجب نہ ہوگی، کیونکہ وجوبِ مال کے لئے قابل کی رضا شرط ہے، اور زانی کو قبول پر مجبور کیا جاتا ہے، قال فی شرح التنویر اکرھھا الزوج علیہ تطلق بلا مال لان الرضا شرط للزوم المال وسقوطہ (رد المحتار ج۲ ص۷۷۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ جمادی الآخرہ ۷۵ھ

متعدد بار سوال کے جواب میں اقرار سے ایک طلاق ہوگی:

سوال: ایک شخص اپنی بیوی سے جھگڑ کر باہر نکلا، اس سے کسی نے پوچھا کہ تم نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی ہے، اس نے کہا ہاں دیدی ہے، پھر دوسرے شخص نے پوچھا تو اس کے جواب میں بھی یہی کہا کہ طلاق دیدی ہے، پھر تیسرے نے پوچھا، تو بھی یوں ہی جواب دیا، کیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگئی، اگر ہوگئی تو ایک یا کہ تین؟ بینوا بیانا شافیا، توجروا اجرا وافیا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

پہلی بار سوال کے جواب میں جب اقرار کیا تو بصورت کذب صرف قضاءً اور بصورت صدق دیانۃً بھی طلاق واقع ہو جائے گی، قال فی شرح التنویر لو قیل طلقت امرأتک فقال نعم او بلی بالھجاء طلقت بحر (رد المحتار ج۲ ص۵۹۲) وایضا فیہ قیل لہ الست طلقتہا تطلق ببلی لا بنعم وفی الفتح ینبغی عدم الفرق للعرف، وفی الشامیۃ ان المعتبر فی احکام الشرع العرف حتی یقام کل واحد منھما مقام الآخر (رد المحتار ص۵۸۳ ج۲)

بہرحال عدت میں رجوع نہ کیا تو عورت کو تمکینِ وطء جائز نہیں، قال فی الشامیۃ فی باب الصریح تحت (قولہ ولو نوی عن العمل لم یصدق اصلاً ولو صرح بہ دین فقط) والمرأۃ کالقاضی اذا سمعتہ او اخبرھا عدل لا یحل لھا تمکینہ (رد المحتار ص۵۹۴ ج۲)

دوسری یا تیسری بار سوال کے جواب میں ظاہر ہے کہ انشاء طلاق مقصود نہیں بلکہ اخبار مقصود

ہے، اس لئے طلاق واقع نہ ہوگی، قال فی شرح التنویر فی آخر باب طلاق غیر المدخول بھا (فروع) کرر لفظ الطلاق وقع الکل، وفی الشامیۃ تحت القول المذکور واذا قال انت طالق ثم قیل لہ ماقلت فقال قد طلقتھا او قلت ھی طالق فھی طالق واحدۃ لانہ جواب کذا فی کافی الحاکم (رد المحتار ج ۲ ص ۶۲۳) وفی شرح التنویر لا یلحق البائن البائن اذا امکن جعلہ اخبارا عن الاول (الی قولہ) فلا یقع لانہ اخبار فلا ضرورۃ فی جعلہ انشاءً، وفی الشامیۃ (قولہ لانہ اخبار) ای یجعل اخبارا لانہ امکنہ ذلک (رد المحتار ص ۶۲۶ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۷ محرم ۷۶ھ

"طلاق دیتا ہوں" سے طلاق ہوجاتی ہے:

سوال: زید انتہائی غصہ کی حالت میں اپنی بیوی سے بار بار کہتا ہے کہ میں تجھ کو طلاق دیتا ہوں" مگر اس سے قبل اس کا کوئی ارادہ یا نیت ہرگز نہ تھی، بعض صاحبان یہ کہتے ہیں کہ لفظ "طلاق دیتا ہوں" کوئی اہمیت نہیں رکھتا، اس لئے کہ اکثر غصہ میں بچوں کو، دوسروں کو، بیوی کو کہا جاتا ہے کہ "میں تجھ کو ابھی مارتا ہوں، بدلہ دیتا ہوں، مزہ چکھاتا ہوں" مگر وہ مارتا نہیں، نکالتا نہیں، بدلہ دیتا نہیں، مزہ چکھاتا نہیں، کیا ایسی شکل میں طلاق واقع ہوجاتی ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

لفظ "طلاق دیتا ہوں" حال کے لئے موضوع ہے، لہٰذا اس سے طلاق واقع ہوگئی، اگرچہ یہ جملہ مستقبل قریب کے لئے بھی گاہے گاہے استعمال ہوتا ہے، معہٰذا زوج اگر نیت استقبال کا مدعی ہو تو خلافِ ظاہر ہونے کی وجہ سے اس کا قول قبول نہ ہوگا، صورتِ سؤال میں تو زوج ہی نیتِ استقبال کا مدعی نہیں، اگر اس نے یہ الفاظ تین یا اس سے زیادہ بار کہے تو طلاق مغلظ ہوگئی، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ وما بمعناھا من الصریح) وکذا المضارع اذا غلب فی الحال مثل اطلقک کما فی البحر (رد المحتار ص ۴۶۶ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ربیع الاول ۸۵ھ

تکرارِ تعلیق سے تکرار طلاق:

سوال: کسی نے اپنی بیوی سے دو مرتبہ ان دخلت الدار فانت طالق کہا، اس کے بعد دخولِ دار پایا گیا، تو اس کی بیوی پر کتنی طلاقیں واقع ہوں گی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

دو طلاقیں ہوں گی، البتہ اگر تکرار بنیت تاکید ہو تو دیانۃً ایک طلاق ہوگی، قضاءً دو ہوں گی، قال فی الدر (فروع) فی ایمان الفتح مالفظه وقد عرف فی الطلاق انه لو قال ان دخلت الدار فانت طالق، ان دخلت الدار فانت طالق، ان دخلت الدار فانت طالق وقع الثلاث واقره المصنف ثمة، وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله وقع الثلاث) یعنی بدخول واحد کما تدل علیه عبارة ایمان الفتح حیث قال ولو قال لامرأته والله لا اقربك ثم قال والله لا اقربك فقربها مرة لزمه کفارتان ام والظاهر انه ان نوی التاکید یدین ح (رد المحتار ج ۲ ص ۵۵۹) فقط والله تعالیٰ اعلم،

۱۸ جمادی الاولیٰ سنہ ۸۶ھ

حلالہ کرنے کرانے والوں پر لعنت ہے:

سوال ؛ زید نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے کر جدا کر دی ہے، اب زید دوبارہ اپنا گھر آباد کرنا چاہتا ہے، اگر زید کی مطلقہ کسی شخص سے یہ شرط لگا کر نکاح کرے کہ جب میں چاہوں علیحدگی اختیار کر سکتی ہوں، اس میں شرعی حکم کیا ہے؟ ان کے اس ارادہ کا علم سابق شوہر کو بھی ہے اور عنقریب ہونے والے شوہر کو بھی ہے، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اس مسئلہ کی شرعی حقیقت یہ ہے کہ مطلقہ مغلظہ دوسرے شخص کے ساتھ دائمی نکاح کرکے پھر اتفاقاً وہ طلاق دیدے یا مرجائے تو یہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہے، سوال میں مذکورہ صورت کے مطابق حلالہ کا مروجہ طریقہ حرام ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے شوہر، دوسرے شوہر اور بیوی تینوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت کی بددعاء فرمائی ہے، البتہ اگر کسی کو میاں بیوی کی حالت پر رحم آئے اور وہ اُن پر احسان کی نیت سے نکاح کرلے اور صحبت کے بعد طلاق دیدے تو کوئی گناہ نہیں، بشرطیکہ اس کی نیت کا دوسرے کسی کو بھی قطعاً کوئی علم نہ ہو، اسی طرح اگر عورت کے دل میں یہ نیت تھی کہ وہ دوسرے شخص سے نکاح کے بعد اس سے طلاق حاصل کرکے پھر پہلے شوہر سے نکاح کرے گی اور اس کی اس نیت کا کسی دوسرے کو قطعاً علم نہ ہو تو عورت پر کوئی گناہ نہیں، قال فی العلائیة وکره التزوج للثانی تحریما لحدیث لعن المحلل والمحلل له بشرط التحلیل کتزوجتك علی ان احللك وان حلت للاول لصحة النکاح

وبطلان الشرط فلا یجبر علی الطلاق کما حققه الکمال (الیٰ قوله) اما اذا اضمر ذلک لا یکره وکان الرجل مأجوراً لقصد الاصلاح، وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله وکره التزوج للثانی) کذا فی البحر لکن فی القهستانی وکره للاول والثانی وعزاه محشی مسکین الی الحموی عن الظهیریة وینبغی ان یزاد المرأة بل هی اولیٰ من الاول فی الکراهة لان العقد بشرط التحلیل انما جری بینها وبین الثانی والاول ساع فی ذلک ومتسبب والمباشر اولیٰ من المتسبب ولفظ الحدیث یشمل الکل فان المحلل له یصدق علی المرأة ایضاً قوله لحدیث لعن المحلل والمحلل له) باضافة حدیث الی لعن فهو حکایة للمعنی والا فلفظ الحدیث کما فی الفتح لعن الله المحلل والمحلل له وهو کذلک فی بعض النسخ (رد المحتار ص ۵۸۶ ج ۲)،

ایسے نکاح کی حرمت اور مورد لعنت ہونے کے لئے شرط تحلیل کی تصریح ضروری نہیں بلکہ ایک دوسرے کی نیت کا علم بھی بقاعدۂ "المعروف کالمشروط" اسی میں داخل ہے، وھو مفهوم قوله اما اذا اضمر ذلک لا یکره، فقط والله تعالیٰ اعلم،

۱۵ رجادی الآخرہ ۸۷ھ

"فارغ خطی" صریح طلاق ہے:

سوال: زید نے اپنی بیوی کو ایک تحریر روانہ کی، اس میں یہ الفاظ مرقوم ہیں: "میری طرف سے تمہیں فارغ خطی ہے، تمہارا مہر تم کو ملے گا، بلکہ کچھ سوا" تو اس سے کونسی طلاق واقع ہوگی اور کتنی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

لفظ "فارغ خطی" عرف میں طلاق کے لئے مستعمل ہے، لہٰذا اس سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، اگرچہ طلاق کی نیت نہ ہو، قال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت (قوله حرام) فان سرحتک کنایة لکنه فی عرف الفرس غلب استعماله فی الصریح فاذا قال رھا کردم ای سرحتک یقع به الرجعی مع ان اصله کنایة ایضا وما ذلک الا لانه غلب فی عرف الفرس استعماله فی الطلاق وقد مر ان الصریح مالم یستعمل الا فی الطلاق فی ای لغة کانت (رد المحتار ص ۵۰۳ ج ۲)

امداد الفتاویٰ میں اس لفظ سے وقوع بائن تحریر ہے، جس کی دو وجہیں بیان فرمائی ہیں

ایک یہ کہ اس سے ایقاع بائن متعارف ہے، دوسری یہ کہ سوال میں مذاکرۂ طلاق تحریر ہے، اور "فارغ خطی" بریة وخلیة کا ہم معنی ہے، جس سے بحالتِ مذاکرہ بائن طلاق واقع ہوتی ہے، بندہ کو ان دونوں وجہوں میں اشکال ہے، وجہ اول میں یہ کہ عوام کو رجعی اور بائن میں فرق معلوم نہیں، وہ اس سے بالکل بے خبر ہیں، لہٰذا ایقاع بائن کا متعارف ہونا محل کلام ہے، کما قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت (قوله حرام) فان العامی الجاهل الذی یحلف بقوله علیّ الحرام لا افعل کذا لا یمیز بین البائن والرجعی فضلا عن ان یکون عرفه ایقاع البائن به وانما المعروف عنده ان من حنث بهذا الیمین یقع علیه الطلاق مثل قوله علیّ الطلاق لا افعل کذا (رد المحتار ص۵۰۳ ج ۲)

دوسری وجہ میں یہ اشکال ہے کہ جب "فارغ خطی" کو بوجہ عرف صریح طلاق تسلیم کر لیا گیا تو اس سے کنایہ کا حکم وقوع بائن ختم ہو گیا، جیسا کہ سرحتك دراصل ان کنایات سے ہے جن سے طلاق بائن واقع ہوتی ہے، مگر عرف میں صریح طلاق ہو جانے کی وجہ سے اس سے رجعی واقع ہوتی ہے اسی طرح بریة وخلیة سے اگر عرف میں صریح طلاق واقع ہو جائے تو ان الفاظ سے بھی رجعی ہوگی، چنانچہ لغت ترک میں "سن بوش" خلیة کا ہم معنی ہے، اور عرف کی وجہ سے صریح ہے، اس لئے حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس سے وقوع رجعی کا فیصلہ تحریر فرمایا ہے، البتہ لفظ حرام کی طرح کنایہ کے کسی لفظ میں شدت پائی جائے تو عرف میں اس سے صریح طلاق ہو جانے کے بعد بھی بائن ہی واقع ہوگی، اس لئے سندھی میں "پھٹی کیم" صریح ہونے کے باوجود بائن ہے، کیونکہ یہ "پھینک دی" بلکہ "تحقیر کے ساتھ پھینک دی" کا ہم معنی ہے، جس میں "چھوڑ دی" کے مفہوم سے زائد وصفِ شدت بھی ہے، قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ فی اول باب الصریح (تنبیه) قال فی الشرنبلالیة وقع السؤال عن التطلیق بلغة الترك هل هو رجعی باعتبار القصد او بائن باعتبار مدلول سن بوش او بوس اول لان معناه خالیة او خلیة فینظر اھ، قلت وافتی الرحیمی تلمیذ خیر الرملی بانه رجعی وقال کما افتی به شیخ الاسلام ابو السعود ونقل مثله شیخ مشایخنا الترکمانی عن فتاوی علی افندی مفتی دار السلطنة وعن الحامدیة (رد المحتار ص۴۶۵ ج ۲)

وقال رحمه الله تعالیٰ فی اخر ما قال واطال فی لفظ "حرام"، والحاصل انه لما تعورف به الطلاق صار معناه تحریم الزوجة وتحریمها لا یکون الا بالبائن (رد المحتار ص۵۰۴ ج ۲)

البتہ امداد الفتاویٰ میں مذکورہ صورت سوال میں فارغ خطی بعوض اسقاطِ مہر ہے، اس لئے اگر مجلس ابراء ہی میں شوہر نے فارغ خطی دیدی تو بائن ہوگئی، لما فی خلع الشامیۃ عن الذخیرۃ والخانیۃ وغیرہما طلبت منہ طلاقہا فقال ابرئینی عن کل حق لک حتی اطلقک فقالت ابرأتک عن کل حق للنساء علی الازواج فقال الزوج فی فورہ طلقتک واحدۃ وھی مدخول بہا تقع بائنۃ لانہ طلاق بعوض وھو الابراء دلالۃ اھ (وبعد سطر) فکذا اذا طلب ابرائہا لہ عن المھر والنفقۃ صریحا لیطلقہا فابرأتہ وطلقہا فوراً یصح الابراء لانہ ابراء بعوض (وبعد ثلاثۃ اسطر) وفی الحاوی الزاھدی ولو ابرأتہ لیطلقہا فقام ثم طلقہا یبرأ ان لم ینقطع حکم المجلس والا فلا اھ (رد المحتار ص ۶۱۵ ج ۲) غرضیکہ امداد الفتاویٰ میں منقول سوال کے مطابق جواب صحیح ہے مگر جواب میں مذکورہ وجوہ صحیح نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۸ رجادی الآخرہ سنہ ۸۷ھ

تدبیر ابطالِ تعلیق:

سوال: طلاق ثلاث معلق جیسا کہ ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثا وغیرہ کی صورت میں اس تعلیق کو ختم کرنے کی کوئی صورت ہے کہ دخولِ دار بھی ہو اور طلاق بھی نہ پڑے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اس کی تدبیر یہ ہے کہ ایک طلاق دیدے، عدت گزرنے کے بعد عورت گھر میں داخل ہو اس سے تعلیق ختم ہوجائے گی، پھر اس عورت سے دوبارہ نکاح کرلے، اس کے بعد دخولِ دار سے طلاق نہیں پڑے گی، قال فی العلائیۃ وتنحل الیمین بعد وجود الشرط مطلقا لکن ان وجد فی الملک طلقت والا لا فحیلۃ من علق الثلاث بدخول الدار ان یطلقہا واحدۃ ثم بعد العدۃ تدخلہا فتنحل الیمین فینکحہا (رد المحتار ص ۷۴۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۱۸ رجادی الآخرہ سنہ ۸۷ھ

صیغۂ مستقبل سے وقوعِ طلاق سمجھ کر اقرارِ طلاق کیا:

سوال: ایک آدمی نے اپنی بیوی کو غصہ میں آکر کہا کہ اگر دوبارہ آواز کی تو تجھے تین طلاق دوں گا، اس سے پہلے کچھ کشمکش چل رہی تھی، اس نے خیال کیا کہ میں نے جو الفاظ

استعمال کئے اُن سے شاید طلاق واقع ہوگئی، اس لئے لوگوں سے کہنے لگا کہ اس کو میں نے طلاق دیدی ہے، کیا اس صورت میں طلاق واقع ہوسکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

طلاق ہوگئی، بلکہ کسی مفتی کے غلط فتویٰ کی بناء پر شوہر طلاق کی خبر دے تو بھی قضاءً طلاق ہوجاتی ہے، دیانۃً نہیں ہوتی، صورتِ سوال میں تو اس کی خبر قول مفتی پر مبنی نہیں۔ اس لئے دیانۃً بھی طلاق ہوگئی، مگر طلاق کے عدد میں اس کے قول اول "تین طلاق دیدوں گا" کا اعتبار نہیں بلکہ لوگوں کو خبر دینے میں جو الفاظ استعمال کئے ہیں ان کا اعتبار ہے، اگر یوں کہا کہ "میں نے طلاق دیدی ہے" جیسا کہ سوال میں مذکور ہے، تو ایک طلاق ہوئی، اور اگر "تین طلاق دیدی ہے" کہا تو تین طلاقیں ہوگئیں، قال فی الاشباہ فی القاعدۃ السابعۃ عشر ولو اقر بطلاق زوجتہ ظانا الوقوع بافتاء المفتی فتبین عدمہ لم یقع کما فی القنیۃ وقال الحموی (قولہ لم یقع) ای دیانۃ اما قضاءً فیقع کما فی القنیۃ لاقرارہ بہ (الاشباہ والانظار ص۱۹۴ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۃ رجب ۸۷ھ

رجوع سے طلاق باطل نہیں ہوتی:

سوال: زید نے اپنی زوجہ کو ایک طلاق دیدی، پھر رجوع کرلیا، پھر کچھ دن بعد کسی بات پر طلاق رجعی دیدی، پھر کہنے سننے سے رجعت کرلی، پھر تیسری مرتبہ طلاق رجعی دی، تو اب تین طلاقیں پڑگئیں یا نہیں؟ اور تینوں ملاکر تین طلاقیں ہوگئیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

تین طلاقیں واقع ہوگئیں، رجعی طلاق کے بعد عدت کے اندر رجوع کرلینے سے بیوی حلال تو ہوجاتی ہے مگر اس سے طلاق کا عدد باطل نہیں ہوتا، یعنی رجوع کے بعد بھی یہ طلاق تین طلاقوں کے مجموعہ میں شمار ہوگی، اس لئے اس کے بعد مزید دو طلاقوں سے مغلظ ہوجائے گی، اسی طرح رجعی طلاق کی عدت گذرنے کے بعد دوبارہ نکاح کیا یا بائن طلاق کے بعد دوبارہ نکاح کرلیا تو آئندہ دو طلاقوں سے مغلظ ہوجائے گی، البتہ عورت نے کسی دوسرے شوہر کے ساتھ نکاح کیا اس نے بھی طلاق دیدی یا اس کا انتقال ہوگیا اور عورت نے پھر پہلے شوہر سے نکاح کرلیا تو اب اس کو نئے سرے سے تین طلاقوں کا اختیار ہے، ایک یا دو طلاقوں سے مغلظ

نہ ہوگی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲ رذی الحجہ ۸۰ھ

طلاق کی جھوٹی خبر کا حکم:

سوال: زید کسی ناراضگی کی وجہ سے اپنی بیوی ہندہ کو اس کے والدین کے گھر نہیں جانے دیتا تھا، ایک مرتبہ ہندہ کا بھائی عمر اپنی بہن کو لینے آیا ہوا تھا، اور خاوند عمر کے ساتھ بھیجنے پر آمادہ نہیں تھا، باتوں باتوں میں جھگڑے کی صورت بن گئی، اور انتہائی سخت کلامی تک نوبت پہنچ گئی، اس وقت زید کا والد بکر بھی گھر میں موجود تھا، رات کو یہ جھگڑا ہوا، مگر زید ہندہ کو بھیجنے پر آمادہ نہ ہوا، یہ مجلس ناکامی پر اختتام پذیر ہوئی، اور سارے افراد سو گئے، صبح کو زید نے محسوس کیا کہ والد صاحب اس کی مرضی کے برخلاف ہندہ کو عمرو کے ساتھ ضرور بھیج دیں گے، اور مجھے بھی اس پر مجبور کریں گے، لہٰذا اس نے خیال کیا کہ میں گھر سے چلا جاؤں، چنانچہ وہ کسی دوسرے شہر میں چلا گیا، اور بیوی کو کہہ گیا کہ تو میکے مت جانا، زید کے چلے جانے پر بکر نے ہندہ کو عمرو کے ہمراہ روانہ کر دیا، دو تین دن کے بعد آکر جب زید نے دیکھا کہ بیوی چلی گئی تو غصہ میں ایک تحریر طلاق کی اپنی بیوی کو لکھ بھیجی، جس کی نقل ہمراہ لف ہے، تحریر بھیجنے کے بعد اسے یہ احساس ہوا کہ میں نے بڑی سخت غلطی کی، اور والد صاحب کی ناراضگی اس کے لئے مزید پریشانی کا موجب بن گئی، کہ والد صاحب سمجھیں گے کہ چونکہ انھوں نے ہندہ کو بھیج دیا تھا تو ان کے اس بھیجنے سے ناراض ہو کر زید نے طلاق کا انتہائی اقدام کیا، والد کی اس ناراضگی سے بچنے کے لئے زید نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ میں نے ہندہ کو طلاق والد صاحب کے بھیجنے کی وجہ سے نہیں دی بلکہ یہ تحریر بعد میں بھیجی گئی، اس سے پہلے جس رات عمرو کے ساتھ میرا جھگڑا ہوا تھا اس رات کو سوتے وقت میں نے بہت دفعہ ہندہ کو طلاق دیدی تھی، زید نے یہی بیان اپنے بھائی خالد کے پاس بھی دیا، اور کہا میں نے اس رات نہ جانے کتنے سینکڑوں مرتبہ طلاق دیدی تھی، اور اپنے ایک دوسرے بھائی صادق کے پاس بھی یہی بیان کیا، علاوہ ازیں اپنے والد بکر کو بھی یہی لکھا کہ جس رات جھگڑا ہوا تھا اسی شب بعد میں میں نے طلاق دیدی تھی، اس تحریر کی نقل بھی لف ہذا ہے، اب کچھ عرصہ کے بعد زید حقیقتِ حال کو یوں واضح کرتا ہے کہ شب مذکور میں میں نے ہرگز طلاق نہیں دی، طلاق کا کوئی لفظ میرے مُنہ سے نہیں نکلا تھا، نہ اس شب اور نہ اب تک، میرے سابقہ بیانات صرف والد صاحب کی ناراضگی کم کرنے کے لئے تھے اور فی الواقع طلاق کے سلسلہ میں جو کچھ ہوا وہ سب اُس تحریر میں منحصر ہے جو کہ ہندہ کو بھیجی گئی تھی، اور شب مذکور میں طلاق دینا میں نے قصداً جھوٹ کہا تھا

قابلِ دریافت یہ امور ہیں :

① برتقدیرِ صحتِ واقعہ قصداً جھوٹ کہنے سے دیانۃً طلاق ہوگی یا نہیں ؟

② اگر نہیں تو زید نے جو تحریر ہندہ کو بھیجی تھی جس کی نقل ہمراہ ارسال ہے اس سے کونسی طلاق واقع ہوگی، رجعی یا بائن یا مغلّظ ؟

③ صورتِ مسئولہ میں ہندہ کو زید کے ہاں بدون تجدیدِ نکاح یا بعد تجدیدِ نکاح آباد ہوجانا درست ہے ؟

بیوی کے نام بھیجی ہوئی تحریر کا ضروری حصہ

"میں آج شام جب گھر واپس آیا تو آپ کو غائب پایا، جس سے اندازہ ہوا کہ بیٹی بھی خاوند کی مرضی کے خلاف باپ کے نقشِ قدم پر چلنے لگی ہے، جو بیوی اپنے خاوند کے حکم کو ماننے کو تیار نہ ہو اس کے ساتھ زندگی گذارنا یا اس پر اعتماد کرنا گویا اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے، اس لئے آپ کی آزادیِ طبع کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کو مکمل آزادی دیتا ہوں تاکہ آپ اپنی زندگی اپنی اور اپنے باپ کی مرضی کے مطابق گذار سکیں، اب میرے گھر آنے کی ناکام کوشش مت کرنا"

والد کے نام خط کا ضروری حصہ

(بیوی کا نام) کا فیصلہ لکھا اور نہ جانے زبان سے کتنے سینکڑوں مرتبہ طلاق کا تلفظ کیا اور بستر پر کروٹیں لیتے ہوئے رات گذاری، صبح اُٹھتے ہی شہر کو چل دیا، صادق آباد سے .... کی معرفت ...... کے نام فیصلہ روانہ کیا، تین دن کے بعد ہوش آیا اور چک واپس گیا، مگر چک میں بڑی مشکل سے چند گھنٹے رہ سکا، نہ جانے میں کس عذاب میں پھنس گیا ہوں، خدا کے لئے میری اس عذاب سے جان چھڑائیے، آپ باپ ہیں، خدا کے بعد باپ کے سوا میں اور کس سے مدد مانگ سکتا ہوں، مجھے کسی طرح چین نہیں آتا،

الجواب باسم ملهم الصواب

① اگر زید نے واقعۃً طلاق کی جھوٹی خبر دی تھی تو دیانۃً طلاق نہیں ہوئی، لیکن قضاءً ہوجائیگی یعنی اگر معاملہ کسی حاکم یا عدالت یا پنچائت تک پہنچا تو وقوعِ طلاق کا فیصلہ کیا جائے گا، چونکہ سینکڑوں مرتبہ طلاق دینے کا اقرار ہے اس لئے طلاق مغلظ کا حکم دیا جائے گا،

اگر جھوٹی خبر سے قبل کسی کو گواہ بنا لیتا کہ میں اس طرح کی جھوٹی خبر دوں گا تاکہ والد صاحب ناراض نہ ہوں تو قضاءً بھی طلاق کا حکم نہ ہوتا،

② لفظ "آزادی دیتا ہوں" عرف میں طلاق کے لئے مستعمل ہے، خط میں "مکمل آزادی" کا

لفظ ہے جو بدون طلاق بائن کے حاصل نہیں ہوتی، لہٰذا اس تحریر سے ایک طلاق بائن واقع ہوگئی،

(۳) اگر عدالت یا پنچائت تک معاملہ نہ پہنچا تو صرف تحریر کی وجہ سے ایک طلاق بائن ہوئی، اس لئے تجدید نکاح کر سکتا ہے، اور عدالت یا پنچائت تک معاملہ پہنچ گیا تو طلاق مغلّظ کا فیصلہ ہوگا، اس لئے تجدید نکاح کی بھی کوئی گنجائش نہیں رہے گی، نقل فی الشامیۃ عن البحر ولو اقر بالطلاق کاذبًا او ھازلًا وقع قضاءً لادیانۃً اھ ویأتی تمامہ (رد المحتار ص ۴۵۷ ج ۲) وایضًا فیہا تحت (قولہ او ھازلًا) عن البزازیۃ والقنیۃ لوارادبہ الخبرعن الماضی کذبًا لا یقع دیانۃً وان اشہد قبل ذٰلک لایقع قضاءً ایضًا (رد المحتار ص ۴۵۹ ج ۲) وفی شرح التنویر قال انت طالق او انت حرو عنی الاخبار کذبًا وقع قضاءً الا اذا اشہد علی ذٰلک (رد المحتار ص ۴۹۹ ج ۲)

اگر بیوی کو کئی طلاقوں کے اقرار کا علم ہوگیا تو اس کے لئے اس شوہر کے ساتھ تجدید نکاح جائز نہیں لان المرأۃ کالقاضی، البتہ اگر بیوی کو حقیقتِ امر کا کامل یقین ہو اور اس کا قلب پورے طور پر مطمئن ہو کہ شوہر نے سینکڑوں طلاقوں کی جھوٹی خبر دی ہے تو اس کا شوہر کے ساتھ تجدید نکاح کرنا جائز ہے، اس لئے کہ طلاق کی جھوٹی خبر سے قضاءً وقوعِ طلاق کا حکم مظنۂ تہمت ہونے کی بناء پر کیا جاتا ہے، چنانچہ وجود بیّنہ کی صورت میں یہ بناءِ حکم موجود نہیں، اس لئے وقوعِ طلاق کا حکم بھی نہیں لگایا جاتا، اسی طرح عورت پر حقیقتِ حال واضح ہونے کی صورت میں اس کے حق میں مظنۂ تہمت نہیں، لہٰذا اس کے لئے حرمت بھی ثابت نہ ہوگی، المرأۃ کالقاضی کا مقتضی بھی یہی ہے، اس لئے کہ قضاء القاضی بعلمہ میں یہ تفصیل ہے کہ خالص حدود اللہ میں جائز نہیں، اور غیر حدود میں عند المتقدمین جائز ہے، متأخرین نے فسادِ زمان کی بناء پر اس کو ناجائز قرار دیا ہے، اس علت کا اثر صرف غیر کے لئے قضاء پر پڑتا ہے، خود اپنے نفس کے لئے حکم معلوم کرنے پر اس کا کوئی اثر نہیں، لہٰذا اپنے لئے اپنے علم کے مطابق عمل کرنا جائز ہے، نقل فی الشامیۃ عن منیۃ المفتی الملخصۃ من السراجیۃ مانصہ قال القاضی یقضی بعلمہ بحد القذف والقصاص والتعزیر ثم قال قضی بعلمہ فی الحدود الخالصۃ للہ تعالیٰ لایجوز اھ افادہ بعض المحشین وھٰذا موافق لما مرّ عن الفتح معنی الفرق بین الحد الخالص للہ تعالیٰ وبین غیرہ ففی الاول لا یقضی اتفاقًا بخلاف غیرہ فیجوز القضاء فیہ بعلمہ وھٰذا علی قول المتقدمین وھو خلاف المفتی بہ کما علمت (رد المحتار ص ۴۹۵ ج ۴) وقال

العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ ان المعتمد عدم حکمہ بعلمہ فی زماننا اشباہ، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ای عند المتأخرین لفساد قضاۃ الزمان وعبارۃ الاشباہ الفتوی الیوم علی عدم العمل بعلم القاضی فی زماننا کما فی جامع الفصولین (رد المحتار، ص ۳۹۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۶ ربیع الاول ۸۸ھ

شوہر بوقت طلاق جنون کا مدعی ہے:

سوال: نہایت ادب سے التماس ہے کہ میں عرصہ چار پانچ ماہ سے بعارضہ ٹی بی مبتلا ہوں ڈاکٹری علاج کرا رہا ہوں، ضعف اور ناتوانی کی وجہ سے گرم دواؤں اور انجکشنوں کی گرمی دماغ کی طرف رجوع ہوگئی، عرصہ ایک ماہ سے چکر آنے لگے، اور دماغی صلاحیت جاتی رہی، معمولی معمولی باتوں پر گھر میں بیوی اور بچوں سے جھگڑا کرنے لگا، اس وقت میری عمر چھیاسٹھ ۶۶ سال کی ہو اور میری بیوی کی عمر پچاسں سال کی ہے، میرے پانچ لڑکے اور پانچ لڑکیاں ہیں جن میں سے دو لڑکے اور تین لڑکیاں شادی شدہ ہیں، تین لڑکے اور دو نابالغ لڑکیاں غیر شادی شدہ ہیں جو کہ میری پرورش میں ہیں، جن کا ذریعۂ معاش میری آمدنی پر ہے، مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۶۸ء کو بوقت پانچ بجے شام میری بیوی جو کہ چار پانچ روز سے بیمار تھی میں نے اس کو ڈاکٹر کے ہاں لے جانے کے لئے کہا، وہ نہیں گئی، اس بات پر مجھ کو غصہ آگیا، اور میرا دماغی توازن بگڑ گیا، اس وقت میری سمجھ میں اچھا برا کچھ نہیں آیا، عقل ماری گئی، اور جنونی کیفیت پیدا ہوگئی، اسی حالت میں میں نے اپنی بیوی کو تین مرتبہ طلاق ایک ہی زبان میں کہہ ڈالا، تھوڑی دیر کے بعد جب میرے ہوش و حواس درست ہوئے تو مجھ کو اپنی غلطی پر سخت ندامت ہوئی، اور اس شیطانی حرکت پر سخت افسوس ہوا، مجھ سے یہ حرکت دماغی توازن بگڑ جانے کی وجہ سے سرزد ہوئی ہو، اس صورت میں طلاق ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر آپ کی جنونی کیفیت پہلے سے لوگوں میں مشہور تھی اور آپ حلفیہ بیان دیں کہ بوقتِ طلاق آپ پر یہی جنونی کیفیت طاری تھی تو طلاق نہیں ہوئی، اور اگر آپ کا جنون پہلے سے لوگوں میں معروف نہیں تھا تو اگر دو معتبر مرد یا ایک معتبر مرد اور دو معتبر عورتیں یہ شہادت دیں کہ بوقتِ طلاق آپ کی جنونی کیفیت تھی تو طلاق نہیں ہوئی،

اگر آپ کا جنون پہلے سے لوگوں کو معلوم نہیں اور وقتِ طلاق میں جنونی حالت طاری ہونے پر

تفصیل مذکور کے مطابق دو معتبر گواہ بھی نہیں تو تین طلاقیں واقع ہوگئیں اور بیوی آپ پر حرام ہوگئی، نقل ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن الخیریۃ تحت قول الدر (وفی القاموس دهش) وسئل نظماً فیمن طلق زوجتہ ثلاثا فی مجلس القاضی وھو مغتاظ مدھوش فاجاب نظماً ایضاً بان الدھش من اقسام الجنون فلا یقع واذا کان یعتادہ بان عرف منہ الدھش مرۃ یصدق بلا برھان اھ (رد المحتار ص ۴۶۳ ج ۲) وقال فی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ والقول قولہ بیمینہ ان عرف منہ الدھش وان لم یعرف منہ لا یقبل قولہ قضاءً الا ببینۃ کما صرح بذلک العلماء الحنفیۃ رحمہم اللہ تعالیٰ (العقود الدریۃ ص ۳۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۷ رمضان ۸۸ھ

طلاق کے بعد زوجین کا بضرورت اکٹھے رہنا:

سوال (متعلق مسئلہ بالا): میں ایک مہلک مرض میں مبتلا ہوں، اس حالت میں بیوی کے سوا دوسرا کوئی میری تیمارداری کرنے والا نہیں، اور نہ میرے بیوی بچوں کا میرے سوا کوئی پرورش کا ذریعہ ہے، لہٰذا ایسی صورت میں میں اپنی بیوی کو چھوڑنا نہیں چاہتا، حالات مندرجہ بالا کو مدنظر رکھ کر کوئی گنجائش نکالئے، ورنہ میری اور بچوں کی زندگی تباہ ہو جائے گی، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بڑھاپے اور مرض کے پیش نظر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور خدمت جائز ہے، بشرطیکہ میاں بیوی جیسا معاملہ نہ ہونے پائے، اگر کسی ناجائز معاملہ میں ابتلاء کا ادنیٰ سا خطرہ بھی ہو تو بالکل علیحدگی اختیار کرنا فرض ہے، اور ایک مکان میں رہنا جائز نہیں، فی فصل الحداد من عدۃ العلائیۃ معزیاً الی المجتبیٰ لھما ان یسکنا بعد الثلاث فی بیت واحد اذا لم یلتقیا التقاء الازواج ولم یکن فیہ خوف فتنۃ انتھی، وسئل شیخ الاسلام عن زوجین افترقا ولکل منھما ستون سنۃ وبینھما اولاد وتتعذر علیھما مفارقتھم فیسکنان فی بیتھم ولا یجتمعان فی فراش ولا یلتقیان التقاء الازواج ھل لھما ذلک قال نعم واقرہ المصنف، وفی الشامیۃ (قولہ وسئل شیخ الاسلام) حیث اطلقوہ ینصرف الی بکر المعروف بخواھر زادہ وکأنہ اراد بنقل ھذا تخصیص ما نقلہ عن المجتبیٰ بما اذا کانت السکنی معھا لحاجۃ کوجود اولاد یخشی ضیاعھم لو سکنوا معہ او معھا او کونھما کبیرین لا یجد ھو من یعولہ ولا ھی من یشتری لھا

اونحو ذلك والظاهران المتقيين بكون سنهما ستين سنة وبوجود الاولاد مبنى على كونه كان كذلك فى حادثة السؤال كما افاده ط (رد المحتار ص ۲۷۵ ج ۲)، فقط والله تعالیٰ اعلم،
۲۷ رمضان ۸۸ھ

جبری طلاق واقع ہوجاتی ہے :

سوال : زید نے ایک باشعور لڑکی سے شادی کی، شادی کے تین چار مہینے بعد میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہوتا ہے تو عورت کے ورثہ پستول کے ذریعہ جبری طلاق لیتے ہیں، شوہر بیچارہ ڈر کے مارے تین طلاق تین لفظوں سے بغیر کسی مال کے عوض کے دے کر نیت رجعی کرتا ہے، پھر دس، پندرہ یوم کے بعد اعلانِ رجعت بھی کرتا ہے، اب اس کا رجوع کرنا صحیح ہوگا یا نہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

مکرہ کی طلاق واقع ہوجاتی ہے، اس لئے طلاق مغلظ ہوگئی، اور طلاقِ مغلظ میں نیتِ رجوع کا کوئی اعتبار نہیں، اس لئے اس سے رجوع کرنا صحیح نہیں، ایسے ابتلاء کی حالت میں یہ تدبیر اختیار کی جاسکتی ہے کہ طلاق لکھدے زبان سے نہ کہے، حالتِ اکراہ میں لکھنے سے طلاق نہیں پڑتی، دوسری تدبیر یہ ہے کہ لفظ طلاق کے ساتھ متصل ان شاء اللہ کہدے تو طلاق نہیں ہوگی خواہ ان شاء اللہ آہستہ ہی کہا ہو، بشرطیکہ خود آواز سنے، عند الکرخی یہ شرط بھی نہیں، قال فی شرح التنویر ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقل ولو تقديراً بدائع ليدخل السكران ولو عبداً اومكرهاً فان طلاقه صحيح لا اقراره بالطلاق (رد المحتار ص ۴۵۶ ج ۲) وفى الشامية (قوله ان لم يطلق بائناً) هذا بيان لشرط الرجعة ولها شرط خمس تعلم بالتأمل شرنبلالية قلت هى ان لايكون الطلاق ثلاثا فى الحرة اوثنتين فى الامة الخ (رد المحتار ص ۵۲۶ ج ۲)، فقط والله تعالیٰ اعلم،
۲۲ ذیقعدہ ۸۸ھ

مجبوراً اقرارِ طلاق سے طلاق نہیں ہوتی :

سوال : ایک شخص کو طلاق پر مجبور کیا گیا اس نے مجبور ہوکر گذشتہ زمانہ میں طلاق دینے کا جھوٹا اقرار کیا، کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی تھی، حالانکہ اس سے قبل اس نے کوئی طلاق نہیں دی تھی، اس صورت میں طلاق ہوجائے گی یا نہیں ؟

بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

حالتِ اکراہ میں طلاق دینے سے طلاق ہوجاتی ہے، مگر اقرارِ طلاق سے طلاق نہیں ہوتی، لہٰذا صورتِ سوال میں طلاق واقع نہ ہوگی، قال فی التنویر ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل ولو عبدًا او مکرهًا، وفی الشرح فان طلاقه صحیح لا اقراره بالطلاق، (رد المحتار ص ۴۵۲ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۳ر محرم ۹۰ھ

جبراً طلاق لکھوانے سے طلاق نہیں ہوتی:

سوال: میں اپنے والدین سے علیحدہ رہتا ہوں، ایک دفعہ والدین سے ملنے گیا تو ان لوگوں نے مجھے جان سے مارنے کی دھمکی دے کر کہا کہ ہم نے تمہاری شادی کرائی تھی اور ہمارے کہنے سے تمہیں یہ شادی چھوڑنی پڑے گی، کیونکہ لڑکی خراب ہے، پھر میرے والد صاحب مجھے جج کورٹ لے کر گئے، میں ایک اَن پڑھ آدمی ہوں، ان لوگوں نے وہاں ایک اسٹامپ لکھوایا، مجھے نہیں معلوم اس پر کیا لکھا ہوا تھا، اتنا ضرور پتہ تھا کہ یہ سب کچھ میری بیوی کو طلاق دینے کے لئے کیا جارہا ہے، میں نے ان لوگوں کے دباؤ میں آکر اسٹامپ پر دستخط کردیئے، اور منہ سے ایک مرتبہ بھی اپنی بیوی کا نام لیکر طلاق نہیں دی، اب براہِ مہربانی مجھے یہ مسئلہ بتائیں کہ میری بیوی کو طلاق ہوگئی یا نہیں؟ اگر ہوئی تو کوئی ایسا طریقہ شرع میں ہے کہ جس سے میں اپنی بیوی سے دوبارہ تعلقات بحال کرسکوں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

جبراً طلاق لکھوانے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، جب تک زبان سے طلاق کے الفاظ نہ کہے، لہٰذا صورتِ سوال اگر صحیح ہے تو طلاق نہیں ہوئی، قال فی الشامیة تحت (قوله لا اقراره بالطلاق) وفی البحران المراد الاکراه علی التلفظ بالطلاق فلو اکره علی ان یکتب طلاق امرأته فکتب لا تطلق لان الکتابة اقیمت مقام العبارة باعتبار الحاجة ولا حاجة هنا کذا فی الخانیة (رد المحتار ص ۴۵۲ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ر جمادی الاولیٰ ۸۷ھ

تیرے ہاتھ کا کھانا نہیں کھاؤں گا، میں نے تجھ کو چھوڑ دیا، چلی جا:

سوال: ایک آدمی اپنی بیوی کو حالتِ غضب میں کہتا ہے تیرے ہاتھ کا کھانا نہیں کھاؤنگا تجھ کو میں نے چھوڑ دیا ہے، تو چلی جا، جب شہادت طلب کی گئی تو تین آدمیوں نے جن میں سے

دو مطلّق کے بھائی ہیں، بعینہٖ الفاظ مذکورہ پر شہادت دی، جب اس مطلّق کے والد حج سے واپس تشریف لائے تو دو گواہوں نے اس پہلی گواہی سے یوں رجوع کیا ہے کہ پہلے ہم نے جس طرح گواہی دی، معاملہ اس قسم کا نہیں تھا، بلکہ اس نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دو طلاق تین طلاق، ایک دو تین طلاق کہا تھا، مگر پہلے ہم گواہی دیتے تو ہمیں جان کا خطرہ تھا، اب چونکہ والد صاحب موجود ہیں لہٰذا ہمارے لئے کوئی خطرہ نہیں، صورت مذکورہ کا شرعی حکم کیا ہوگا؟ نیز جملہ اولیٰ کا حکم کیا ہوگا؟ جملہ ثانیہ ایک طلاق رجعی ہے، اور جملہ ثالثہ کو جملہ ثانیہ کا جزء قرار دینا صحیح ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

جملہ اُولیٰ "میں تیرے ہاتھ کا کھانا نہیں کھاؤں گا" میں طلاق پر دلالت کرنے والا کوئی لفظ موجود نہیں، لہٰذا اس سے کچھ واقع نہ ہوگا،

جملہ ثانیہ "تجھ کو میں نے چھوڑ دیا" سرحتک کی طرح صریح طلاق ہے، لہٰذا بلانیت ہی اس سے طلاق رجعی ہوگئی،

جملہ ثالثہ "تو چلی جا" اگر بدون نیت یا بنیت طلاق کہا تو اس سے طلاق بائن واقع ہوگی، البتہ اگر طلاق سابق پر تفریع کی نیت سے کہا تو صرف جملہ ثانیہ سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگی،

جملہ ثالثہ میں بدون نیت کے وقوع طلاق پر اگر یہ شبہ ہو کہ اسے فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اُن الفاظ میں شمار کیا ہے جو بہر حال نیت پر موقوف ہیں ان میں مذاکرۂ طلاق کو نیت کے قائم مقام نہیں کیا، تو اس کا جواب یہ ہے کہ حالت مذاکرۂ طلاق یعنی حالت سؤال طلاق میں اذھبی میں چونکہ ردّ و طلاق دونوں احتمال تھے اس لئے نیت کی شرط لگائی گئی، مگر مسئلۂ زیر نظر میں ایک طلاق دینے کے بعد رَد کا کوئی احتمال نہیں، بلکہ اس میں تفریع و طلاق جدید کا احتمال ہے، لہٰذا اگر تفریع کی نیت نہ ہوگی، تو مستقل طلاق شمار ہوگی،

باقی رہا مسئلۂ شہادت، سو اگر پہلی شہادت فیصلہ کی مجلس میں نہ ہوئی ہو، بلکہ ویسے ہی شاہدوں نے اس کا تذکرہ کیا ہو تو اس کا اعتبار نہیں، فیصلہ کی مجلس میں جو کچھ بیان کریں گے وہ معتبر ہوگا، اگر پہلی شہادت فیصلہ کی مجلس میں ہوئی ہو اور اس کے مطابق فیصلہ ہو چکا ہو تو دوسری شہادت کا اعتبار نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱ر صفر سنہ ۸۹ھ

ایسی بیوی مجھے درکار نہیں:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو یہ کہکر گھر سے نکال دیا کہ ایسی بیوی مجھے درکار نہیں.

اس سے طلاق ہوئی یا نہیں؟ اگر طلاق ہوگئی تو رجعی ہوئی یا بائن؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ان الفاظ سے طلاق نہیں ہوئی، نقل فی الهندیة عن السراج الوهاج ولو قال لا حاجة لی فیك ینوی الطلاق فلیس بطلاق (عالمگیریة ص۳۷۵ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۶ رجمادی الآخرہ سنہ ۸۹ھ

خیارِ طلاق مجلس کے ساتھ خاص ہے:

سوال: ایک شخص نے شادی کرتے وقت شرط لگائی تھی اور شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں عورت کو دو عالموں کے سامنے طلاق واقع کرنے کا اختیار دیا تھا، دریافت طلب اینکہ شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں عورت کا خیار مجلس کے ساتھ خاص ہوگا یا بعد میں جب بھی وہ چاہے طلاق واقع کر سکتی ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

عورت کو جب شرط کی خلاف ورزی کا علم ہوا اس کی اسی مجلس میں اس کو خیارِ طلاق ہے، اس کے بعد نہیں، اگر اسی وقت دو عالموں کی تلاش شروع کردی تاکہ اُن کے سامنے طلاق واقع کرے تو خیار رہے گا ورنہ نہیں، البتہ اگر شوہر نے ہمیشہ کے لئے خیار دیا ہو مثلاً یہ کہا کہ "جب چاہے طلاق واقع کرلے" تو ہمیشہ کے لئے عورت کو خیارِ طلاق مل جائے گا، قال فی التنویر قال لها اختاری او امرك بیدك ینوی الطلاق او طلقی نفسك فلها ان تطلق فی مجلس علمها به وان طال مالم تقم او تعمل مایقطعه لابعده الا اذا زاد متی شئت او متی ماشئت او اذا شئت او اذا ماشئت، وفی الشامیة تحت (قوله مالم تقم الخ) والاصح کما فی البحر والنهر انه لابد ان یدل علی الاعراض واثر الخلاف یظهر فیما لو قامت لتدعوا الشهود کما یأتی (رد المحتار ص۵۱۶ ج۲) فلما لم یبطل الخیار المطلق بالتأخیر لطلب الشهود فالخیار المقید بکونه عند الشهود من العلماء لایبطل بالاولیٰ،

وفی البحر واطلق الامر بالید فشمل المنجز والمعلق اذا وجد شرطه ومنه مافی المحیط لو قال ان دخلت الدار فامرك بیدك فان طلقت نفسها کما وضعت القدم فیها طلقت لان الامر فی یدها وان طلقت بعد مامشت خطوتین لم تطلق

لانها طلقت بعد ما خرج الامر من یدها، وفی المنحۃ (قولہ وان بعد ما مشت خطوتین لم تطلق) قال المقدسی فی شرحہ وفی العتابیۃ وان مشت خطوۃ بطل، ا ھ قول توفیقہ ان ما فی العتابیۃ یحمل علی ما اذا کانت رجلہا فوق العتبۃ والاخری داخلت بہا وما سبق علی ما اذا کانت خارج العتبۃ فباول خطوۃ لم تتعد اولی الدخول فبالثانیۃ تتعدی ویخرج الامر من یدہا (البحر الرائق ص ۳۱۸ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ شعبان سنہ ۸۹ھ

طلاق بعد خلوت صحیحہ بائن ہے :

سوال : اگر کسی نے محض خلوتِ صحیحہ کے بعد یعنی قبل الدخول اپنی بیوی کو طلاق دیدی، تو وہ کونسی طلاق شمار ہوگی؟ رجعی یا بائن؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

بائن ہوگی، قال العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ فی بیان الصور التی تکون الخلوۃ الصحیحۃ فیہا کالوطء وکذا فی وقوع طلاق بائن اٰخر علی المختار، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی البزازیۃ والمختار انہ یقع علیہا طلاق اٰخر فی عدۃ الخلوۃ وقیل لا ا ھ وفی الذخیرۃ واما وقوع طلاق اٰخر فی ہذہ العدۃ فقد قیل لا یقع وقیل یقع وہو اقرب الی الصواب لان الاحکام لما اختلفت یجب القول بالوقوع احتیاطاً ثم ہذا الطلاق یکون رجعیاً او بائنا ذکر شیخ الاسلام انہ یکون بائنا ا ھ ومثلہ فی الوہبانیۃ وشرحہا والحاصل انہ اذا خلا بہا خلوۃ صحیحۃ ثم طلقہا طلقۃ واحدۃ فلا شبہۃ فی وقوعہا فاذا طلقہا فی العدۃ طلقۃ اخری فمقتضی کونہا مطلقۃ قبل الدخول ان لا تقع علیہا الثانیۃ لکن لما اختلفت الاحکام فی الخلوۃ فی انہا تارۃ تکون کالوطء وتارۃ لا تکون جعلناہا کالوطء فی ہذا فقلنا بوقوع الثانیۃ احتیاطاً لوجودہا فی العدۃ والمطلقۃ قبل الدخول لا یلحقہا طلاق اٰخر اذا لم تکن معتدۃ بخلاف ہذہ والظاہر ان وجہ کون الطلاق الثانی بائنا ہو الاحتیاط ایضاً ولم یتعرضوا للطلاق الاول وافاد الرحمتی انہ بائن ایضاً لانہ طلاق قبل الدخول غیر موجب للعدۃ لان العدۃ انما وجبت لجعلنا الخلوۃ کالوطء احتیاطاً فان الظاہر وجود الوطء فی الخلوۃ الصحیحۃ ولان الرجعۃ حق الزوج واقرارہ بانہ

طلق قبل الوطء ینفذ علیه فیقع بائنا واذا کان الاول لا تعقبه الرجعۃ یلزم کون الثانی مثله اھ ویشیر الی ھذا قول الشارح طلاق بائن آخر فانه یفید ان الاول بائن ایضا ویدل علیه ما یأتی قریبا من انه لا رجعۃ بعدہ وسیأتی التصریح به فی باب الرجعۃ وقد علمت مما قررناہ ان المذکور فی الذخیرۃ ھو الطلاق الثانی دون الاول فافھم ثم ظاھر اطلاقھم وقوع البائن اولا وثانیا وان کان بصریح الطلاق وطلاق الموطوأۃ لیس کذلک فیخالف الخلوۃ الوطء فی ذلک واجاب ح بان المراد التشبیه من بعض الوجوہ وھو ان فی کل منھما وقوع طلاق بعد آخر اھ واما الجواب بان البائن قد یلحق البائن فی الموطوأۃ فلا یدفع المخالفۃ المذکورۃ فافھم (رد المحتار ص ۳۷۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵ ربیع الآخر سنہ ۹۰ ھ

بلا ارادہ لفظ طلاق نکلنے سے طلاق ہوگئی:

سوال: ہم آپس میں بات چیت کر رہے تھے اچانک مُنہ سے یہ بات نکل گئی "میری منکوحہ آسیہ تجھے ایک طلاق دو طلاق تین طلاق" اب حسبِ شرع کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

تین طلاقیں واقع ہوگئیں، قال فی التنویر ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل ولو عبدا او مکرھا او ھازلا (الی قوله) او مخطئا، وفی الشرح بان اراد التکلم بغیر الطلاق فجری علی لسانه الطلاق (رد المحتار ص ۴۲۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۵ محرم سنہ ۹۱ ھ

نکاح پر معلق طلاق میں تدبیر اخفاءِ تجدید نکاح:

حضرت والا کی خدمت میں خیر المدارس کا سوال وجواب پیش کرتا ہوں، براہِ کرم اس پر نظر فرما کر تصویب فرمائیں:

سوال: زید کو کسی مجبوری کی بنا پر یہ کہنا پڑا کہ نکاح کرتے ہی میری بیوی پر طلاق رجعی ہے، آیا صورتِ مسئولہ میں طلاق بائن ہوگی یا رجعی؟ اگر بائن ہو تو کیا کوئی ایسی صورت ہے کہ راز افشا نہ ہو مثلاً نکاح پڑھاتے وقت مجلسِ واحد میں ولی نکاح جو منکوحہ کا باپ ہو نکاح کے الفاظ کو بجائے ایک دفعہ کے دو دفعہ تلفظ کرے اور زید بھی قبول کے لفظ کو دو دفعہ کہے تو اس سے تجدید نکاح ہو جائے گی

یا نہیں؟ بینوا توجروا،

جواب از خیر المدارس ملتان:

صورت مسئولہ میں بر تقدیر صحت واقعہ شخص مذکور کے اس کہنے سے بوقت نکاح طلاق بائن واقع ہوجائے گی، لیکن اگر ایجاب وقبول کے الفاظ دوبارہ لوٹائے گئے تو پھر دوسری مرتبہ کہنے سے نکاح منعقد ہوجائے گا، فقط

بندہ محمد اسحٰق غفرلہ، نائب مفتی خیر المدارس ملتان

۲۱ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۱ھ

الجواب صحیح، محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ ۲۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۱ھ

اسی مجلس میں دوبارہ ایجاب وقبول کرنے سے دوبارہ نکاح منعقد ہوجائے گا، اور اس کی خبر ملنے پر منکوحہ کے سکوت کرنے یا قبض مہر یا رخصتی وغیرہ سے لازم ہوجائے گا، فقط والجواب صحیح،

عبد الستار عفا اللہ عنہ

خیر المدارس ملتان، ۲۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۱ھ

الجواب باسم ملهم الصواب

جواب مذکور دو وجہ سے صحیح نہیں، اوّلاً اس لئے کہ ولی ایجاب کا تکرار نکاح کی تاکید کے لئے کرے گا نہ کہ بنیت تجدید، لہٰذا اس سے جدید نکاح منعقد نہ ہوگا، ثانیاً اس لئے کہ اگر ولی نے قبل از نکاح لڑکی سے اجازت لی تو یہ وکیل ٹھہرا، پس ایجاب اول سے اس کی وکالت ختم ہوگئی اور ایجاب ثانی فضولی کا ہوا، جو لڑکی کی دوبارہ اجازت پر موقوف ہوگا، اور لڑکی کی دوبارہ اجازت قولی یا فعلی جب معتبر ہوگی کہ وہ اسے اجازت سابقہ کی تاکید نہ سمجھے، بلکہ تجدید کی نیت سے اجازت دے اور ظاہر ہے کہ یہ جب ہی ہوسکتا ہے کہ لڑکی کو کسی نہ کسی طریق سے اجازت سابقہ کے کالعدم ہوجانے کا علم ہوجائے، رضا بالابقاء رضا بالاحداث کو مستلزم نہیں، اور اگر باپ نے پہلا ایجاب بلا اجازت کیا تو ابھی تک نکاح نافذ نہیں ہوا، لہٰذا طلاق بھی نہیں ہوگی، تکرار ایجاب وقبول کے بعد جب لڑکی کو علم ہوگا اور وہ قبول کرے گی اس وقت نکاح نافذ ہوکر طلاق بائن واقع ہوجائے گی، لہٰذا محررہ حیلہ بہرکیف بے کار رہا، بندہ نے صحیح مخلص تلاش کرنے پر غور کیا، مگر کوئی سبیل نظر نہیں آتی، ممکن ہو تو یہ تدبیر اختیار کی جاسکتی ہے کہ دوسری بار لڑکی کا والد ایجاب نہ کرے، بلکہ شوہر یا اس کا وکیل ایجاب کرے، اور لڑکی کا والد قبول کرے، اس صورت میں نکاح اول سے والد کی وکالت ختم ہوجانے کی

وجہ سے اس کا قبول کرنا صحیح نہیں ہوا اگر شوہر یا اس کے وکیل کا ایجاب صحیح ہوگیا، بعد میں شوہر بیوی پر حقیقتِ حال ظاہر کر دے، اس کے بعد اگر بیوی نے قولاً یا فعلاً قبول کرلیا تو یہ نکاح نافذ ہو جائے گا، اور اگر لڑکی سے پہلے اجازت نہ لی گئی ہو تو اس کو پوری تفصیل بتانا ضروری نہیں، دوسری بار مجلسِ نکاح میں شوہر کی طرف سے ایجاب کے بعد شوہر کا بیوی کو اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ میرا تجھ سے نکاح ہوگیا، اگر اس پر بیوی نے قولاً یا فعلاً اجازت دیدی تو نکاح نافذ ہوگیا، شوہر کی خبر پر بیوی کا سکوت بحکم اجازت نہیں ہوگا، سکوت بحکم اجازت صرف اس صورت میں ہوتا ہے کہ نکاح کی خبر ولی اقرب نے دی ہو، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۳ ر جمادی الآخرہ سنہ ۹۱ھ

تو طلاق ہے:

سوال: کسی نے اپنی زوجہ کو اس طرح کہا کہ "تو طلاق ہے تو طلاق ہے تو طلاق ہے" کیا عورت اپنے زوج پر حرام ہوگئی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

تین طلاقیں واقع ہو کر حرام ہوگئی، قال فی التنویر وفی انت الطلاق او طالق الطلاق او انت طالق طلاقا یقع واحدۃ رجعیۃ ان لم ینو شیئا او نوی واحدۃ او ثنتین فان نوی ثلاثا فثلاث (رد المحتار ص ۴۶۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳۰ ر شوال سنہ ۹۱ھ

ایک دو تین، جاؤ، تو میری ماں بہن ہے:

سوال: ایک فتویٰ ارسالِ خدمت ہے، اس سے متعلق اپنی رائے عالی و تحقیق انیق تحریر فرما کر تشفی فرمائیں، والا جرعند اللہ الکریم،

سوال: شخصے درحالتِ غضب و مذاکرۂ طلاق زوجۂ خویش را مخاطب کردہ گفت "یک دو سہ برو، تو مادر و خواہر من ہستی" و کدام نیت از طلاق وغیرہ نداشتہ بود، آیا بگفتنِ الفاظ مذکورہ بر زوجۂ آں طلاق واقع می شود یا نہ؟ اگر می شود پس چند و کدام؟ بینوا توجروا،

الجواب:

اقول وباللہ التوفیق ومنہ السداد، ایں الفاظ تجزیہ طلب اند و کل سہ اجزاء اند، ہر یک جزء را حکم علیحدہ نوشتہ می شود، جزء اول، یک دو سہ، جزء دوم، برو، جزء سوم، تو مادر و خواہر من ہستی،

جواب جزء اول آنکہ یک دوسہ اوصاف اند وآں ہم بوجہ تابع بودن موصوف خود مفید برائے طلاق نیستند، بالفرض اگر نیت طلاق داشتہ باشد پس ہم یک دوسہ تنہا ایں الفاظ مہمل شمردہ می شوند ازاں تکرار طلاق دراں وقت می شود ہرگاہ اززبان ایں جانب اشارۂ لفظی کردہ باشد، لیکن درینجا بہ ہمراہی عدد کدام اشارہ لفظی نیست، ومجرد عدد اند وعدد کدام مفہوم ندارد، کما فی الشامیۃ ص ۴۸۶ ج ۲ وقد تقرر فی الاصول ان العدد لامفہوم لہ اھ، وایضاً فی الشامیۃ وبہ ظہر ان من تشاجر مع زوجتہ فاعطاہا ثلاثۃ احجار وینوی بہ الطلاق ولم یذکر لفظاً لاصریحا ولا کنایۃً لایقع علیہ کما افتی بہ الخیر الرملی رد المحتار ص۴۵۳ ج ۲ ونظیر آں در اہمال لفظ ہکذا کہ شخص بسہ انگشت خود زن خود را اشارہ کردہ بگوید انت ھکذا فقط، اینجا اشارہ بیان است ملفوظ را وآں دریں جا موجود نیست، کما قال فی الدر المختار ولو قال انت ھکذا مشیرا ولم یقل طالق لم ارہ، ودر غایۃ الاوطار تحت عبارت مذکورہ نقلاً عن حاشیۃ المدنی نوشتہ است حلبی می گوید کہ دریں صورت طلاق واقع نشدن نہایت صریح است، زیرانکہ ایں لفظ نہ صریح است ونہ در کنایہ داخل است واشارہ بیان است ملفوظ را وایں جا آں ہم موجود نیست،

وخیر الدین رملی گفتہ کہ ایں طور قول لغو اند اگرچہ قائل نیت طلاق داشتہ باشد، وحموی بر حاشیۃ الاشباہ والنظائر ہم عدم وقوع را از قول بعضے علماء تصریح کردہ است (حاشیۂ مدنی علی الدر) و علامہ شامی در منحۃ الخالق حاشیہ البحر الرائق ص ۲۸۶ ج ۳ می فرماید قال الرملی وقید بقولہ انت طالق لانہ لو قال انت ھکذا فہو لغو ولو نوی الطلاق لان اللفظ لایشعر بہ والنیۃ لاتؤثر بغیر اللفظ، قال الزیلعی فی تعلیل اصل المسألۃ لان الاشارۃ بالاصابع تفید العلم بالعدد عرفاً وشرعاً اذا اقترنت بالاسم المبہم اھ ولاطلاق ھنا یشار الیہ بہ فتأمل ولم ارہ من صرح بہ فی ھذا المحل الی الآن ثم راجعت احکام الاشارۃ من الاشباہ والنظائر فوجدتہ قال ولم ار الآن انت ھکذا مشیرا باصابعہ ولم یقل طالق اھ اقول وقد رأیت الحکم کما ذکرتہ بالعلۃ المذکورۃ فی کتب الشافعیۃ کشرح الروض لشیخ الاسلام زکریا وغیرہ ولاشیء من قواعدنا ینافیہ فتأمل،

ونظیر دوم آنچہ کسے بجواب زوجۂ خود کہ مرا طلاق بدہ بسہ انگشت بطرفش اشارہ کرد

ونیتِ طلاق داشت وبزبان ہیچ نگفت کما قال فی الخانیة المرأة قالت لزوجها طلقنی فاشار الیها بثلٰث اصابع ونوی به التطلیقات لا تطلق ما لم یتلفظ به اھ،

ونظیر سوم آنچه که بجواب مطالبۂ طلاق از زن شوہرآں بطرفش سه عدد کلوخ انداخت وگفت بگیر، که درابہام مثل یک دوسه اند ولغو اند اگرچه ایں القاءِ احجار وغیرہ را دراعتقادِ خود طلاق می پندارد کما قال الشامی ص ۴۶۵ ولا یقع بالقاء ثلاثة احجار الیها اوامرها بحلق شعرها وان اعتقد الالقاء والحلق طلاقا کما قدمنا لان رکن الطلاق اللفظ وما یقوم مقامه مما ذکر کما مرّ،

ایضاً قال العلامة الشامی فی منحة الخالق حاشیة البحر ص ۲۸۷ ج ۳ وبه یعلم جواب ما یقع من الاتراك من رمی ثلاث حصوات، قائلاً انت هٰکذا اولا ینطق بلفظ الطلاق وهو عدم الوقوع تأمل،

لن ابلفظ هٰکذا اودرمذاکرۂ طلاق سه انگشت اشاره کردن یا سه کلوخ انداختن یا یک دوسه گفتن کدام طلاق واقع نمی شود اگرچه نیتِ طلاق داشته باشد، زیرانکه رکن طلاق لفظ طلاق ست یا چیزے که قائم مقام طلاق باشد وایں الفاظ نه الفاظ طلاق اند ونه قائم مقام طلاق،

وآنچه درفتاوی خلاصه ص ۹۸ ج ۲ نوشته است وفی الفتاوی رجل قال لامرأته ترا یکے تراسه اوقال تو یکے تو سه قال ابوالقاسم الصفار لا یقع شی، وقال الصدر الشهید یقع اذا نوی وقال به یفتی الخ،

باید دانست که فرق درمیان ترا یکے وتراسه وتو یکے وتوسه درمیان یک دوسه واضح ست فتأمل، چنانکه درمیان انت واحدة ودرمیان صرف واحدة گفتن، اول ازکنایات طلاق ند ووقوع ازاں موقوف بر نیت ست ودوم لغو، کما قال فی البحر الرائق ص ۲۶۱ ج ۳ وظاهره انت منی بثلاث وانت بثلاث بحذف منی سواء فی کونه کنایة واما انت الثلاث فلیس بکنایة اھ، ہرگاه که توسه کنایه ازطلاق نیست بلکه لغو ست پس درلغویت فقط "سه" کدام یک اشتباه باقی نمی ماند،

سوال کے تین اجزاء میں سے صرف ایک کی تشریح ہوگئی باقی دو اجزاء رہ گئے ہیں،

الجواب باسم ملهم الصواب

جواب مذکور صحیح نہیں، اس میں سب سے پہلا استدلال وقد تقرر فی الاصول ان

العدد لا مفہوم لہ ایسا ہے کہ اس کے جواب سے سکوت ہی بہتر ہے۔ اس کے بعد القاء احجار واشارہ بالاصابع سے عدم وقوعِ طلاق سے متعلق جزئیات تحریر ہیں مگر ایک دو تین کو القاء احجار واشارہ بالاصابع پر قیاس کرکے لغو قرار دینا صحیح نہیں، اس لئے کہ ایک دو تین ملفوظات ہیں اور ملفوظات کو غیر ملفوظات پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے، کیونکہ مقیس وقوعِ طلاق کے لئے شرط ہے اور مقیس علیہ ایقاعِ طلاق میں مؤثر نہیں،

اشارہ بالاصابع کے ساتھ انت ھکذا بھی کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی، محرّر نے اس بارہ میں علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت منحۃ الخالق سے نقل کی ہے، مگر معلوم نہیں کہ رد المحتار کی طرف کیوں رجوع نہیں کیا؟ رد المحتار میں علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ رملی کا کلام مذکور نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں ورأیت بخط السائحانی مقتضی ما فی الخانیۃ من قولہ ولو قال لامرأتہ انت بثلاث قال ابن الفضل اذا نوی یقع، انہ یقع ھنا اذا نوی فیھا ایضا اذا قال طالق فقیل من عنیت فقال امرأتی طلقت ولو قال انت منی ثلاثا طلقت ان نوی او کان فی من اکرۃ الطلاق والا قالوا یخشی ان لا یصدق قضاء اھ وکذا نقل الرحمتی عبارۃ الخانیۃ الاولیٰ ثم قال والظاھر ان قولہ ھکذا مثل قولہ بثلاث اھ اقول ای لان کلا منھما مرتبط بلفظ طالق مقدرًا وقول الرملی ان اللفظ لا یشعر بہ غیر مسلم وما نقلہ عن الزیلعی لا ینافیہ لان المراد بالاسم المبھم لفظ ھکذا المراد بہ العدد الذی اشیر بہ الیہ و سماہ مبھما لکونہ لم یصرح بکمیتہ کما حققہ فی النھر والاسم المبھم من کورنی مسئلتنا فیفید العلم بعدد الطلاق المقدر الذی نواہ المتکلم کما ان قولہ بثلاث دل علی عدد طلاق مقدر نواہ المتکلم ولا فرق بینھما الا من جھۃ ان العدد فی احدھما صریح وفی الآخر غیر صریح وھذا الفرق غیر مؤثر بدلیل انہ لا فرق بین قولہ انت طالق ھکذا مشیرا الی الاصابع الثلاث وبین قولہ انت طالق بثلاث، ھذا ما ظھر لی فافھم (رد المحتار ص ۴۸۶ ج ۲)

آخر میں انت واحدۃ اور صرف واحدۃ میں جو فرق بیان کیا ہے وہ بھی صحیح نہیں، اس لئے کہ استدلالاً البحر الرائق کی جو عبارت پیش کی گئی ہے وہ محرر کے دعویٰ کی تائید نہیں کرتی، بلکہ اس کے خلاف حجت بن رہی ہے، پوری عبارت یوں ہے: لو قال انت الثلاث ونوی لا یقع لانہ جعل الثلاث صفۃ للمرأۃ لا صفۃ للطلاق المضمر فقد نوی ما لا یحتملہ لفظہ فلم یصح

ولو قال لأمرته انت منی بثلاث ونوی الطلاق طلقت لانه نوی مایحتمله الخ، عبارتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ انت الثلاث کے کنایات طلاق میں نہ ہونے کی علت یہ ہے کہ اس ترکیب میں ثلاث، امرأۃ کی صفت ہے نہ کہ طلاق محذوف کی، اور لفظ کا حمل معنی غیر محتمل پر صحیح نہیں، اس لئے یہ کلام لغو ہے، بخلاف انت منی بثلاث اور انت بثلاث کے، اس لئے کہ ان دونوں جملوں میں ثلاث طلاق محذوف کی صفت بن سکتی ہے، لہٰذا متکلم انت منی بثلاث کہکر طلاق کی نیت کرے تو یہ نوی مایحتمله لفظه میں داخل ہے، اس تفصیل کے بعد دیکھنا ہو کہ صرف "واحدۃ" انت واحدۃ، انت منی بثلاث اور ترا یکے، ترا سہ وغیرہ کی طرح کنایات کے قبیل سے ہے یا انت الثلاث کے قبیل سے؟ یہ بالکل ظاہر ہو کہ جس طرح "انت واحدۃ" وغیرہ میں واحدۃ کو طلاق محذوف کی صفت قرار دینا صحیح ہے، اسی طرح صرف "واحدۃ" کو بھی طلاق محذوف کی صفت قرار دیا جا سکتا ہے، ترکیب میں کسی قسم کی قباحت لازم نہیں آتی، اور کلام بالکل صحیح بنتا ہے، بلکہ انت واحدۃ کی بنسبت صرف واحدۃ میں احتمالِ طلاق زیادہ قوی ہو، اسلئے کہ اس میں صرف عددِ مبہم کی توضیح مطلوب ہے، آگے جو مفسر بھی لے لیا جائے صحیح ہے، مفسر کے سب افراد برابر ہیں، کسی کو دوسرے پر ترجیح نہیں، صرف نیت قاضی ہوگی، بخلاف انت واحدۃ کے کہ اس میں بظاہر واحدۃ، انت کی صفت ہے، اس کے باوجود بوقت نیتِ طلاق خلاف ظاہر اس کو طلاق کی صفت قرار دے کر وقوعِ طلاق کا حکم دیا جاتا ہے، جب وجودِ نیت سے خلاف ظاہر فیصلہ کیا جا رہا ہے تو احتمالاتِ متساویہ میں سے کسی ایک کی ترجیح کے لئے بطریق اولیٰ نیت کے مطابق فیصلہ کرنا لازم ہے،

ممکن ہے کہ کسی کے وہم میں یہ فرق آئے کہ انت واحدۃ جملہ ہے اور صرف واحدۃ مفرد ہے، سو یہ فرق اس لئے صحیح نہیں کہ وقوعِ طلاق کے لئے جملہ کا تلفظ ضروری نہیں، بلکہ تلفظ بالمفرد باضمار الاضافة الی المرأة سے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے، کما اذا قال لامرأته "طلاق" ولم یصرح بالاضافة الیها طلقت،

بحر کی تحریر مذکور کے پیشِ نظر "انت الثلاث" سے عدمِ وقوع محلِ تأمل ہے، انت واحدۃ، تو یکے، تو سہ میں وقوع مصرّح ہے، اور ان جملوں میں خلاف ظاہر عدد کو صفت طلاق قرار دینے کی تصحیح کی گئی ہے، ان سے انت ثلاث کا فرق ظاہر نہیں، اگر یہ فرق بیان کیا جائے کہ تو سہ جملہ خبریہ ہے اور انت الثلاث ترکیب توصیفی ہے تو یہ دو وجہ سے قابلِ قبول نہیں، اوّلاً اس لئے

کہ خبر و نعت کے درمیان وقوع و عدم وقوع میں فرق غیر ظاہر ہے، ثانیاً انت الثلاث کو بھی جملۂ خبریہ قرار دیا جا سکتا ہے، قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت (قوله انت واحدة) علی ان الرفع لاینافی الوقوع لاحتمال ان یرید انت طلقة واحدة فجعلها نفس الطلقة مبالغة کرجل عدل (رد المحتار ص ۵۰۴ ج ۲) بعینہ یہی تقریر انت الثلاث میں بھی جاری ہو سکتی ہے، اسی لئے خلاصہ کی عبارت مذکورہ فی السؤال میں "تو یک تو سہ" سے وقوع طلاق کو مفتیٰ بہ قرار دیا ہے، وکذا فی الخانیة علی هامش الهندیة ص ۴۶۴ ج ۱، والبزازیة علی هامش الهندیة ص ۱۹۷ ج ۴، والحمادیة عن التاتارخانیة والحجة والظهیریة (حمادیة ص ۱۴۲ ج ۱) بلکہ حمادیہ میں ظہیریہ سے قال غیر ابی القاسم کے الفاظ منقول ہیں، اس سے ثابت ہوا کہ انت الثلاث سے وقوع طلاق کو صرف صدر شہید ہی نے مفتیٰ بہ قرار نہیں دیا بلکہ ابو القاسم کے سوا سب کا مختار یہی ہے کہ اس سے طلاق واقع ہو جاتی ہے جبکہ مذاکرۂ طلاق یا نیتِ طلاق ہو، تفصیل مذکور سے ثابت ہوا کہ صورتِ سوال میں تین طلاقیں واقع ہو گئیں،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ صفر سنہ ۹۲ھ

طلاق "کلما" سے بچنے کی تدبیر:

سوال: ایک شخص نے کہا کہ جب جب میں کسی عورت سے نکاح کروں تو وہ مطلقہ ثلاث ہوگی، اب اس شخص کے لئے کوئی عورت اپنے نکاح میں لانے کی کوئی صورت شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ صورت ہو سکتی ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر کوئی اجنبی شخص اس کا نکاح کرا دے، پھر جب اس کو نکاح کی خبر پہنچے تو زبان سے اجازت نہ دے، ورنہ تین طلاقیں ہو جائیں گی، خبر سن کر بالکل خاموش رہے، تحریری اجازت دیدے یا مہر کل یا اس کا کچھ حصہ بیوی کی طرف بھیج دے، تحریری اجازت بیوی کو بھیجنا ضروری نہیں، اپنے ہی طور پر کسی کاغذ پر اس نکاح کی اجازت لکھ لینے سے نکاح نافذ ہو جائیگا اور طلاقیں واقع نہ ہوں گی، تحریری اجازت یا مہر بھیجنے سے قبل اگر کسی نے نکاح کی مبارکباد دی تو اس پر سکوت بھی زبانی اجازت کے حکم میں ہے، یعنی طلاقیں واقع ہو جائیں گی، ایسے ابتلاء کے وقت یہ تدبیر اختیار کی جا سکتی ہے کہ مبارک باد دینے والے کو یوں جواب دے کہ "میں ابھی اس پر غور کر رہا ہوں"

قال فی العلائیۃ حلف لایتزوج فزوجہ فضولی فاجاز بالقول حنث، وبالفعل ومنہ الکتابۃ خلافاً لابن سماعۃ لایحنث بہ یفتی، خانیۃ، وفی الشامیۃ (قولہ فاجاز بالقول) کرضیت وقبلت نہر، وفی حاوی الزاہدی لوھناہ الناس بنکاح الفضولی فسکت فھو اجازۃ (قولہ وبالفعل) کبعث المھر او بعضہ بشرط ان یصل الیھا وقیل الوصول لیس بشرط نہر، وکتقبیلھا بشھوۃ او جماعھا لکن یکرہ تحریماً القرب لقوۃ العقد من المحرم بحر، قلت فلو بعث المھر اولا لم یکرہ التقبیل والجماع لحصول الاجازۃ قبلہ (قولہ ومنہ الکتابۃ ای من الفعل مالو اجاز بالکتابۃ لما فی الجامع حلف لایکلم فلانا اولا یقول لہ شیئا فکتب الیہ کتاباً لایحنث وذکر ابن سماعۃ انہ یحنث نہر (قولہ بہ یفتی) مقابلہ مافی جامع الفصولین من انہ لایحنث بالقول کما مر فکان المناسب ذکرہ قبل قولہ وبالفعل افادہ ط (ردالمحتار ص ۱۴۱ ج ۳)

بوقت تہنئۃ سکوت اجازت قولیہ نہیں فعلیہ ہے تفصیل تتمہ میں

فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۹ ربیع الآخر سنہ ۹۲ھ

حکم تفویض قبل النکاح:

سوال: ایک شخص نے مذکورہ ذیل شرائط پر نکاح کیا:

(۱) میں اپنی منکوحہ فلانہ بنت فلاں کو نان و نفقہ ماہوار حسب دستور ادا کرتا رہوں گا،

(۲) اگر سفر درپیش ہو تو چھ مہینے سے زائد نہیں ٹھہروں گا،

(۳) موصوفہ کی اجازت کے بغیر دوسری شادی نہیں کروں گا،

(۴) خدانخواستہ کہیں لاپتہ یا مجنون یا محبوس یا عنین ہوجاؤں تو موصوفہ کو دیندار پنچایت کے فیصلہ پر دو طلاق بائن کا اختیار ہے،

اب شخص مذکور چھ مہینے سے لاپتہ ہے، نہ خط و کتابت ہے اور نہ نان و نفقہ بیوی کو پہنچاتا ہے، اس کی بیوی کو کھانے پینے کی انتہائی تکلیف ہورہی ہے، تو کیا بناء بر شرائط بالا اس کو اختیار مل سکتا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

مرقومہ شرائط اگر نکاح سے پہلے لکھی گئی ہیں تو سب شرائط باطل ہیں، اس لئے اُن کے خلاف کرنے سے بیوی کے لئے خیار ثابت نہ ہوگا، صحتِ تعلیق کے لئے نکاح یا اضافۃ الی النکاح شرط

ہے، مثلاً یوں کہے کہ "اگر میں نے فلانہ بنت فلاں کے ساتھ نکاح کے بعد شرائط کے خلاف کیا تو اس کو اختیار ہوگا،

اگر یہ شرائط نکاح کے بعد لکھی ہیں تو بجز آخری شرط کے باقی سب وعدے ہیں، ان کی خلاف ورزی سے اختیار نہیں ہوگا، البتہ آخری شرط کے مطابق یہ مقدمہ دیندار پنچایت کے سامنے پیش کیا جائے وہ اس کے شوہر کی تحقیق کرے کہ کہاں ہے؟ اگر پنچایت شرعی تحقیق کے بعد شوہر کے مجنون یا محبوس یا بالکل لاپتہ ہونے کا فیصلہ کردے تو بیوی کو دو طلاق بائن کا اختیار ہوگا، فیصلہ کی مجلس ہی میں اپنے اوپر طلاق بائن واقع کرلے، مجلس بدلنے سے خیار باطل ہوجائے گا،

اگر بطریق مذکور عورت طلاق حاصل نہ کرسکے اور اس کے نان ونفقہ کا بھی کوئی انتظام نہ ہو تو دوبارہ استفتاء کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۹ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۲ھ

صحتِ تفویض کی شرائط:

سوال: بے دینی اور غلبۂ شر وفساد کے اس دور میں ظالم مردوں کی طرف سے عورتوں پر سخت مظالم کے واقعات مسلسل روزمرہ کا معمول بن گئے ہیں، کوئی شادی کے بعد بیوی کو چند روز رکھ کر لاپتہ ہوجاتا ہے، کوئی نہ بساتا ہے اور نہ ہی طلاق دیتا ہے، کوئی نان ونفقہ نہیں دیتا، کوئی مار پٹائی کے ذریعہ ظلم کرتا ہے، کوئی معاذ اللہ اسلام ہی سے برگشتہ ہوجاتا ہے، ان مظالم سے بچنے کے لئے اگر عورت یا اس کے اولیاء شوہر سے حق طلاق کی تحریر نکاح سے قبل لکھوانا چاہیں تو اس کی صحیح صورت کیا ہے؟ تاکہ بوقتِ ضرورت اُس کی رُو سے عورت اپنے نفس پر طلاق واقع کرکے ظالم شوہر کے پنجہ سے نجات حاصل کرے، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اس کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں:

① تفویض طلاق زبانی یا تحریری نکاح سے قبل ہو، اس میں نکاح کی طرف نسبت کرنا شرط ہے، مثلاً یوں کہے کہ "میرا نکاح فلانہ بنت فلاں سے ہونے کے بعد اگر میں فلاں فلاں شرط کی خلاف ورزی کروں تو اس کو طلاق بائن کا اختیار ہوگا" اس صورت میں بیوی کا خیارِ طلاق خلاف ورزی کا علم ہونے کی مجلس کے ساتھ خاص ہوگا، اسی مجلس میں اس نے طلاق بائن واقع کرلی تو ہوجائے گی، اس مجلس کے بعد خیار باطل ہوجائے گا، اور اگر شوہر نے یوں کہا کہ "خلاف ورزی کی صورت میں جب چاہے طلاق بائن واقع کرلے"، تو مجلسِ علم کے بعد بھی عورت کو خیار رہے گا،

اگر تفویض کی اس صورت میں نکاح کی طرف نسبت نہ کی تو یہ لغو ہے، اس سے عورت کے لئے خیار ثابت نہ ہوگا، البتہ اگر ایسی تحریر نکاح سے قبل لکھی گئی مگر اس پر شوہر نے دستخط نکاح کے بعد کئے تو یہ تفویض صحیح ہوجائے گی، قال فی التنویر فی باب التعلیق وشرطه الملك كقوله لمنكوحته ان ذهبت فانت طالق او الاضافة اليه كان نكحتك فانت طالق فلغا قوله لاجنبية ان زرت زيدًا فانت طالق فنكحها فزارت (رد المحتار ص ۵۳۷ ج ۲)

(۲) ایجاب وقبول کے وقت عورت کی طرف سے ایجاب میں تفویض کی شرط لگائی جائے، اس میں دو شرطیں ہیں، ایک یہ کہ ایجاب مع شرط عورت کی جانب سے ہو، مرد قبول کرے، اگر مرد کی طرف سے ایجاب مشروط ہوا اور عورت کی طرف سے قبول کیا گیا تو خیار ثابت نہ ہوگا، دوسری یہ کہ ایجاب مع شرط زبانی ہو صرف تحریر کافی نہیں، البتہ زبان سے تمام شرائط کی تفصیل بتانا ضروری نہیں، بلکہ شرائط کی تفصیل لکھنے کے بعد بوقت ایجاب زبانی اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ فلانہ کا نکاح اس تحریر میں مندرجہ شرائط کے ساتھ کرتا ہوں، قال فی شرح التنویر قبیل فصل المشیئة نكحها على ان امرها بيدها صح، وفی الشامية (قوله صح) مقيد بما اذا ابتدأت المرأة فقالت زوجت نفسي منك على ان امري بيدي اطلق نفسي كلما اريد او على اني طالق فقال الزوج قبلت اما لو بدأ الزوج لا تطلق ولا يصير الامر بيدها كما في البحر عن الخلاصة والبزازية (رد المحتار ص ۵۲۶ ج ۲) ونقل ابن عابدين رحمه الله تعالى وجه الفرق عن الفقيه ابى الليث رحمه الله تعالى تحت قول العلائية لا يقع طلاق المولى على امرأته الا اذا قال الخ ونصه لان البداءة اذا كانت من الزوج كان الطلاق والتفويض قبل النكاح فلا يصح اما اذا كانت من المرأة يصير التفويض بعد النكاح لان الزوج لما قال بعد كلام المرأة قبلت والجواب يتضمن اعادة ما في السؤال فصار كأنه قال قبلت على انك طالق او على ان يكون الامر بيدك فتصير مفوضًا بعد النكاح اھ (رد المحتار ص ۴۶۲ ج ۲) فقط والله تعالى اعلم،

۱۹ رجمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ

اپنی لڑکی لے جاؤ:

سوال: عبداللہ نے اپنی بیوی مسماۃ نورجہاں پر شک کی بناء پر نورجہاں کے والد کو بلا کر یہ الفاظ کہے کہ تم اپنی لڑکی کو اپنے گھر لے جاؤ، مجھے اس پر شک ہے، تو کیا ان الفاظ سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر شوہر نے یہ الفاظ طلاق کی نیت سے کہے تو ایک طلاق بائن ہوگئی، فقط واللہ تعالیٰ أعلم،

۱۵ رجمادی الآخرہ ۹۳ھ

تجھے ماں بہن بناتا ہوں:

سوال: زوج نے زوجہ سے کہا کہ "خدا رسول کی قسم میں تجھے ماں بہن بناتا ہوں، میرے سامنے سے دُور ہوجا"، کیا نکاح باقی رہا یا نہیں؟ اگر کوئی کفارہ ہے تو اس کی کیا نوعیت ہوگی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

"تجھے ماں بہن بناتا ہوں" اور "میرے سامنے سے دور ہوجا" یہ دونوں جملے کنایات طلاق میں سے ہیں، اور غصہ کی حالت نیت طلاق پر قرینہ ہے، لہٰذا پہلے جملہ سے ایک طلاق بائن واقع ہوگئی، اور دوسرے جملہ سے طلاق نہیں ہوئی، قال فی التنویر وان نوی بانت علی مثل أمی برًّا او ظهارًا او طلاقًا صحت نیته والا لغا (رد المحتار ص ۶۲۲ ج ۲) وفی العلائیة لایلحق البائن البائن، (رد المحتار ص ۵۰۹ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ رشوال ۹۴ھ

فلاں کام کیا تو طلاق پڑجائے گی:

سوال: زوج نے تحریر "اگر میں فلاں بستی میں گیا تو میری زوجہ کو تین طلاقیں پڑجائیں گی"، پر دستخط کئے اور اس کے بعد شرط توڑ دی، اب کیا حکم ہے؟

الجواب باسم ملهم الصواب

"اگر فلاں کام کروں تو تین طلاقیں پڑجائیں گی" سے تعلیق کے معنیٰ ادا نہیں ہوتے، البتہ اس سے اقتضاءً تعلیق مفہوم ہوتی ہے، تقدیر عبارت یوں ہوگی کہ "اگر میں فلاں کام کروں تو تین طلاقیں پڑجائیں گی اس لئے کہ میں نے طلاق کو اس کام پر معلق کردیا ہے"، اور اقتضاءً وقوع طلاق کو فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے معتبر قرار دیا ہے، کما قالوا فی اعتدّی وامثاله، لہٰذا بندہ کے خیال میں اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی،

اس کے بعد درمختار میں باب الصریح کے شروع میں یہ جزئیہ نظر سے گذرا، لوقال ان خرجت یقع الطلاق اولا تخرجی الا باذنی فانی حلفت بالطلاق فخرجت لم یقع

لترک الاضافۃ الیہا، ردالمحتار ص ۴۶۶ ج ۲) اس سے ثابت ہوا کہ بصورتِ وجودِ اضافت طلاق ہوجائے گی، وجودِ اضافت سے متعلق علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحقیق (قولہ لترکہ الاضافۃ) کے تحت مسطور اور اہلِ فن میں مشہور ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرۂ ذی الحجہ ۱۳۹۴ھ

جبراً ایقاعِ شرط سے طلاقِ معلق واقع ہوجاتی ہے:

سوال: ما تقولکم ایہا المفتون الکرام فی ھٰذہ المسألۃ: ان امرأۃ خرجت من دار زوجہا بدون علمہ، فجاء زوجہا من العمل متعبا ومنہک القوی من شدۃ الجوع والعطش فسأل ابویہا این زوجتہ؟ فقالوا لا نعلم این ذہبت، فخرج الزوج حائرا یبحث عنہا حتی وجدہا فی بیت اناس وحینما طرق باب البیت وقال لزوجتہ بالحرف الواحد مرۃ واحدۃ افتحی الباب والا انت طالق بالثلاثۃ فارادت زوجتہ ان تفتح الباب لکنہا منعت واجبرت فلم تستطع ان تفتح الباب فہل یقع الطلاق وتصیر مغلظۃ ام لا؟ واذا ارادت الآن الزوجۃ ان تعود لزوجہا فکیف یکون العمل؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

صارت تلک الزوجۃ مغلظۃ فلا یمکن الرجوع، قال فی الدرالمختار ولو حلف (الیٰ قولہ) ان لم تحضری اللیلۃ منزلی فکذا فمنعہا ابوہا حنث فی المختار، (رد المحتار ص ۲۸۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۲ محرم ۱۳۹۶ھ

قبل النکاح کہا ان دخلتُ الدار فامرأتی طالق:

سوال: ایک شخص نے شادی سے قبل کہا ان دخلتُ الدار فامرأتی طالق، اس کے بعد شادی کی تو کیا دخولِ دار سے طلاق واقع ہوگئی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر یہ نیت ہو کہ جس عورت سے شادی کرے گا اس کو طلاق، تو اس میں اضافت الی النکاح حکماً موجود ہے لہٰذا طلاق واقع ہوجائے گی، اگرچہ الفاظ میں اضافت الی الملک نہ کی ہو، اور اگر یہ نیت نہیں تھی بلکہ محض بطور ہزل ایسا کہا تو طلاق نہ ہوگی، قال فی الہندیۃ فی الفصل الثامن من الباب الرابع لو قال کل امرأۃ لی طالق ان فعلت کذا ولیست لہ امرأۃ ونوی

امرأة یتزوجها بعد ذلك صحت کما اذا قال کل امرأة تکون لی والی هذا ذهب شمس الاسلام محمود رحمه الله تعالیٰ وقال نجم الدین رحمه الله تعالیٰ لا تصح وقال السید الامام رحمه الله تعالیٰ بالقول الاول نأخذ کذا فی اصول الاستروشنی (عالمگیریة ص۴۱۹ ج ۱) فقط والله تعالیٰ اعلم،

۱۶ / ذی الحجہ سنہ ۹۵ھ

حالتِ نشہ میں طلاق ہوجاتی ہے:

سوال: ایک شخص نے شراب پی کر تقریباً دو بجے دن کو اسی حالت میں اپنی زوجہ سے کہا کہ بچوں کو تعلیم دینا بند کرو جبکہ زوجہ بیچاری بچوں کو عربی تعلیم دے رہی تھی، زوجہ نے جواب دیا کہ آپ جائیں، میں صحیح تعلیم دے رہی ہوں، اسی اثناء میں اس نے اپنی زوجہ کو متواتر تین طلاقیں دیدیں، جس وقت وہ طلاق دے رہا تھا اس کے منہ سے شراب کی بُو آرہی تھی، کچھ دیر کے بعد اس کو اس فعل پر ندامت ہوئی، اس کو اعتراف ہے کہ طلاق دیتے وقت وہ ہوش میں نہ تھا، اس کی طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

نشہ کی حالت میں بھی طلاق ہوجاتی ہے، اس لئے اس کی بیوی کو تین طلاقیں ہوگئیں، اب اس کے ساتھ دوبارہ نکاح نہیں ہوسکتا، عدت گذارنے کے بعد یہ عورت کسی دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرسکتی ہے، قال فی التنویر ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل ولو عبداً او مکرهاً او هازلاً او سفیهاً او سکران، وفی الشرح تحت قوله عاقل ولو تقدیراً بدائع لیدخل السکران (رد المحتار ص۵۶۴ ج ۲) فقط والله تعالیٰ اعلم،

۱۴ / ذی الحجہ سنہ ۹۶ھ

اقرارِ طلاق سے طلاق واقع ہوجاتی ہے:

ایک شخص کے متعلق مشہور ہوگیا کہ اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدی ہیں اس بناء پر والدین اپنی لڑکی کو گھر لے گئے، پھر جب خاوند سے اس کے ماموں نے پوچھا کہ واقعی تو نے طلاق دیدی ہے تو کہا کہ ہاں میں نے بیوی کو کہا ہے کہ تجھ کو تین طلاقیں ہیں، چلی جا، اس کے علاوہ اور بھی لوگوں نے پوچھا کہ واقعی تو نے طلاق دیدی ہے؟ تو اس نے جواب میں کہا کہ ہاں، بعض کو زبان سے اور بعض کو سر ہلا کر، اب دو مہینے گذرنے کے بعد کہتا ہے کہ میں نے اپنی بیوی کو یوں کہا تھا کہ سیدھی چلی جا، ورنہ تین چار

طلاقیں دیدونگا، اور بیوی بھی پہلے ہی سے یہ کہتی ہے کہ مجھے خاوند نے طلاق نہیں دی، البتہ کہا تھا، کہ اگر تم سیدھی نہ چلی تو تین چار طلاقیں دیدوں گا، اس صورت میں شرع محمدی کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اقرارِ طلاق سے بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے، لہٰذا تین طلاقیں واقع ہوگئیں، نقل ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن البحر ولو اقر بالطلاق کاذبا او هازلا وقع قضاء لا دیانة (رد المحتار ص ۵۷۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷ر صفر سنہ ۹۷ھ

لفظ "حرام" طلاق صریح بائن ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی منکوحہ کو کہا کہ تو میرے اوپر حرام ہے حرام ہے حرام ہے، حرام کا لفظ تین بار کہا تو کیا اس سے تین طلاقیں واقع ہوں گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

لفظ "حرام" طلاق صریح بائن ہے، اس سے بدون نیت بھی طلاق بائن واقع ہوجاتی ہے، لہٰذا تین بار کہنے سے تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اب اس بیوی کے ساتھ دوبارہ نکاح نہیں ہوسکتا، قال فی التنویر قال لامرأته انت علیّ حرام (الی قوله) ویفتی بانه طلاق بائن وان لم ینوه، وفی الشرح لغلبة العرف (رد المحتار ص ۶۰۱ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

(اس پر اشکال وجواب تتمہ میں ہے) ۳ر جمادی الآخرہ سنہ ۹۷ھ

الفرق بین اکتب طلاق امرأتی واستکتب کتابا بطلاقها:

سوال: زید نے اپنے دوست سے کہا کہ اس کی بیوی کا طلاق نامہ لکھ دو، دوست نے اس خیال سے ٹال دیا کہ شاید غور وفکر کے بعد اس کا یہ وقتی خیال تبدیل ہوجائے، مگر زید نے دوسرے روز پھر یہی تقاضا کیا، اس کے دوست نے اس کو سمجھایا کہ طلاق دینے میں جلدی نہیں کرنا چاہئے، پہلے اپنے خسر کو لکھئے کہ اگر آپ طلاق ہی لینا چاہتے ہیں تو میں طلاق دینے کو تیار رہوں، پھر اگر وہ طلاق طلب کریں تو آپ طلاق دیں، یہ بات زید کی سمجھ میں آگئی اور وہ سردست طلاق نامہ لکھوانے سے رُک گیا،

اس صورت میں سوال یہ ہے کہ زید کے اپنے دوست کو یہ کہنے سے کہ "میری بیوی کا طلاق نامہ لکھو" طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ شامیہ کے جزئیہ منقولہ من التاتارخانیہ ولو قال للکاتب اکتب طلاق امرأتی کان اقرارا بالطلاق وان لم یکتب سے معلوم ہوتا ہے کہ صورتِ مذکورہ میں طلاق واقع ہوگئی،

مگر آگے فرماتے ہیں ولو استکتب من اٰخر کتابا بطلاقہا وقرأہ علی الزوج فاخذہ الزوج وختمہ وعنونہ وبعث بہ الیہا فاتاہا وقع ان اقر الزوج انہ کتابہ او قال للرجل ابعث بہ الیہا اوقال لہ اکتب نسخۃ وابعث بہا الیہا وان لم یقر انہ کتابہ ولم تقم بینۃ لکنہ وصف الامر علی وجہہ لا تطلق قضاء ولا دیانۃ وکذا کل کتاب لم یکتبہ بخطہ ولم یملہ بنفسہ لا یقع الطلاق ما لم یقر انہ کتابہ اھ (رد المحتار ص۴۶۵ ج۲) اس سے ثابت ہوتا ہے کہ طلاق نہیں ہوئی، بظاہر تاترخانیہ کے دونوں جزئیات متعارض نظر آتے ہیں، ان میں کیا فرق ہے؟ اور صورتِ مسئلہ ان میں سے کسی میں داخل ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

طلاق بالکتابۃ کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں:

مستبین وغیر مستبین، پھر مستبین کی دو قسمیں ہیں مرسوم وغیر مرسوم، پھر مرسوم کی دو قسمیں ہیں، منجز و معلق بوصول الکتاب، جزئیہ اولیٰ "ولو قال للکاتب اکتب الخ" میں طلاق مستبین غیر مرسوم مراد ہے، اور جزئیہ ثانیہ "استکتب من غیرہ کتابا الخ" میں طلاق مستبین مرسوم معلق بوصول الکتاب مراد ہے، کما ھو ظاہر من قولہ عنونہ وبعث بہ الیہا فاتاہا، طلاق منجز میں وقوع طلاق کے لئے یہ قیود نہیں ہوتیں، چونکہ یہ طلاق بلوغ کتابِ زوج پر معلق ہے اس لئے جب تک اس کتاب کا کتابِ زوج ہونا ثابت نہ ہوگا طلاق نہ ہوگی، اور کسی کتاب کی نسبت کسی کاتب کی طرف جب ہوتی ہے کہ وہ خود لکھے یا بطور املا لکھائے، اس لئے اگر دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت بھی نہیں تو طلاق نہ ہوگی، لفقد ان الشرط الا ان یقر انہ کتابہ فیؤخذ باقرارہ، چونکہ طلاق معلق میں تقدم طلاق کا کوئی احتمال نہیں اس لئے جزئیہ ثانیہ کو متضمن اقرار طلاق نہیں قرار دیا گیا، اسکے برعکس جزئیہ اولیٰ محتمل تقدم طلاق ہے اس لئے اسکو متضمن اقرار طلاق قرار دیا گیا ہے، ولذا قال کان اقرارا بالطلاق ولم یقل کان طلاقا،

مذکورہ بالا دو صورتوں کے علاوہ ایک تیسری صورت یہ ہے کہ زوج نے طلاق مستبین مرسوم منجز کی کتابت کا امر کیا ہو، شامیہ میں اس کا حکم مذکور نہیں، مگر ظاہر ہے کہ اس صورت میں کتابتِ طلاق کے بعد فوراً طلاق واقع ہو جائے گی، لان فعل الوکیل کفعل الموکل ولو کتب الزوج بنفسہ یقع الطلاق علی الفور فکذا حکم کتابۃ وکیلہ،

صورتِ سوال میں زوج کی طرف سے جزئیہ اولیٰ کے مطابق طلاق مستبین غیر مرسوم کی کتابت کا امر ہے، لہٰذا طلاق واقع ہو گئی،

وان قیل لما کان هذا اقرارًا بالطلاق فینبغی ان لا یقع الطلاق دیانۃً کما فی الاقرار کاذبًا، قلت ان الطلاق ھھنا یثبت اقتضاء کما فی قولہ اعتدی فیقع دیانۃً ایضًا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۶ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۸ھ

بیوی کو ماں کہنا طلاق بائن ہے:

سوال: ایک آدمی نے اپنی عورت کو کہا کہ تو میری ماں ہے، یا تو میری بہن ہے، (انت امی او انت اختی) اور حروفِ تشبیہ میں سے کوئی حرف ذکر نہیں کیا، آیا طلاق واقع ہو جائیگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

طلاق واقع ہو جائے گی، قال فی شرح التنویر ولا ینوی شیئًا اوحذف الکاف لغا، وفی الشامیۃ (قولہ لغا) لانہ مجمل فی حق التشبیہ فما لم یتعین مراد مخصوص لا یحکم بشیء فتح (رد المحتار ص ۶۲۶ ج ۲) اس سے ثابت ہوا کہ تعین ارادۂ طلاق کی صورت میں طلاق واقع ہو جائے گی، اس کے بعد علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ فتح القدیر سے نقل فرماتے ہیں وفیہ حدیث رواہ ابو داؤد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع رجلًا یقول لامرأتہ یا اخیۃ فکرہ ذلک ونھی عنہ ومعنی النھی قربہ من لفظ التشبیہ ولولا ھذا الحدیث لامکن ان یقال ھو ظھار لان التشبیہ فی انت امی اقوی منہ مع ذکر الاداۃ ولفظ یا اخیۃ استعارۃ بلا شک وھی مبنیۃ علی التشبیہ لکن الحدیث افاد کونہ لیس ظھارًا حیث لم یبین فیہ حکمًا سوی الکراھۃ والنھی فعلم انہ لابد فی کونہ ظھارًا من التصریح باداۃ التشبیہ شرعًا (رد المحتار ص ۶۲۶ ج ۲)، ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس تحقیق کا حاصل یہ ہو کہ حذفِ اداۃِ تشبیہ کی صورت میں بمقتضائے قیاس بطریق اولیٰ وقوعِ طلاق یا ظہار کا حکم ہونا چاہئے، مگر حدیث کی وجہ سے قیاس کے مطابق حکم نہیں لگایا جائیگا۔ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کے استدلال میں یہ اشکال ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس شخص کے بارے میں قرائن سے یہ علم تھا کہ اس نے یہ الفاظ بنیت طلاق نہیں کہے اور اس وقت ان الفاظ سے طلاق کا عرف عام بھی نہیں تھا، اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق کا حکم نہیں فرمایا، طلاق کی نیت یا عرف کی صورت میں حدیث سے عدمِ وقوع ثابت نہیں ہوتا، لہٰذا بمقتضائے قیاس تشبیہ بلیغ سے بطریق اولیٰ طلاق بائن واقع ہوگی، کما یدل علیہ ما نقلنا عن الشامیۃ عن قول ابن الھمام نفسہ فما لم یتعین مراد مخصوص لا یحکم بشیء اھ، وقال الشیخ الانور

رحمہ اللہ تعالیٰ قال العلماء لابد فی الظہار من التشبیہ، واذا قال انت امی لایکون ظہاراً بل لغو، اقول لابدّ من ان یکون طلاقاً بائناً عند النیۃ. وقد روی عن ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ فی العمدۃ (العرف الشذی ص۳۳) وقال الحافظ العینی رحمہ اللہ تعالیٰ تحت باب اذا قال لامرأتہ وھو مکرہ ھذہ اختی فلاشیء علیہ، قال ابن بطال اراد البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ بھذا التبویب ردّ قول من نہی ان یقول الرجل لامرأتہ یا اختی فمن قال لامرأتہ کذلک وھو ینوی مانواہ ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والسلام فلا یضرہ شیء. قال ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ ان لم یکن لہ نیۃ فھو تحریم وقال محمد بن الحسن ھو ظہار اذا لم یکن لہ نیۃ ذکرہ الخطابی (عمدۃ القاری ص۲۵۰ ج۲۰) وقال ایضاً فی باب الظہار اعلم ان الالفاظ التی یصیر بہا المرأ مظاھراً علیٰ نوعین، صریح نحو انت علیّ کظہر امّی او انت عندی کظہر امی وکنایۃ نحو ان یقول انت علیّ کامی او مثل امی او نحوھما یعتبر فیہ نیتہ فان اراد ظہاراً کان ظہاراً وان لم ینو لایصیر ظہاراً وعند محمد بن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ ھو ظہار وعند ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ ھو مثلہ ان کان فی الغضب وعنہ ان یکون ایلاء وان نویٰ طلاقاً کان طلاقاً بائناً (عمدۃ القاری ص۲۸۱ ج۲۰) عمدۃ القاری کی عبارتِ اُولیٰ میں اداۃ تشبیہ محذوف ہے، اور عبارتِ ثانیہ میں مذکور ہے، معہٰذا دونوں میں حکم واحد ہے، اسی طرح حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی دونوں صورتوں میں حرمت تحریر فرمائی ہے، ونصہ تحت قولہ تعالیٰ (وانّ اللہ لعفوٌ غفور) ای عما کان منکم فی حال الجاھلیۃ وھکذا ایضاً عما خرج من سبق اللسان ولم یقصد الیہ المتکلم کما رواہ ابوداؤد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع رجلا یقول لامرأتہ یا اختی فقال اختک ھی؟ فھذا انکار ولکن لم یحرمہا بمجرد ذلک لانہ لم یقصدہ ولو قصدہ لحرمت علیہ لانہ لافرق علی الصحیح بین الام وبین غیرھا من سائر المحارم من اخت وعمۃ وخالۃ وما اشبہ ذلک (تفسیر ابن کثیر ص۳۲۱ ج۴ سورۃ المجادلۃ) ، غرضیکہ حذفِ اداۃ تشبیہ کی صورت میں بھی نیت یا عرفِ طلاق سے طلاق بائن ہوجاتی ہے، آجکل کے عرفِ عام میں یہ الفاظ صرف طلاق ہی کے لئے متعین ہیں، لہٰذا بدونِ نیت بھی طلاق بائن واقع ہوجائے گی، بلکہ زوج کوئی دوسری نیت بتائے تو بھی طلاق ہی کا حکم دیا جائے گا، اس کا قول خلافِ ظاہر ہونے کی وجہ سے قبول

نہیں کیا جائے گا،

العبارات المزیدۃ :

(۱) قال الحافظ رحمه الله تعالیٰ تحت "باب اذا قال لامرأته وهو مکره هذه اختی فلا شیء علیه الخ"
قال ابن بطال اراد بذلك رد من کره ان یقول لامرأته یا اختی وقد روی عبد الرزاق
من طریق ابی تمیمة الهجیمی مر النبی صلی الله علیه وسلم علی رجل وهو یقول لامرأته یا اختیة
فزجره قال ابن بطال ومن ثم قال جماعة من العلماء یصیر بذلك مظاهرا اذا قصد ذلك
فارشده النبی صلی الله علیه وسلم الی اجتناب اللفظ المشکل (فتح الباری شرح صحیح البخاری ص ۳۲۰ ج ۹)

(۲) وقال الشیخ محمد زکریا رحمه الله تعالیٰ وقال الباجی ان قال انت علیّ کامّی فقد قال
مالك وهو مظاهر قال ابو القاسم کانت له نیة اولا قال ابن القاسم وکذلك ان قال انت
امّی خلافا لابی حنیفة والشافعی فی قولیهما ان لم ینو الظهار فهو محمول علی البر والکرامة
انتهی (اوجز المسالك ص ۵۷ ج ۱۰)

(۳) وقال العلامة ابو الولید الباجی رحمه الله تعالیٰ وان اثبت للجملة حکم الجملة فقال انت
علیّ کامّی فقد قال مالك رحمه الله تعالیٰ هو مظاهر قال الشیخ ابو القاسم کانت له نیة اولم تکن قال
ابن القاسم وکذلك اذا قال لها انت امّی قال القاضی ابو محمد خلافا لابی حنیفة والشافعی رحمهما
الله تعالیٰ فی قولیهما ان لم ینو الظهار فانه محمول علی البر والکرامة وهذا یقتضی ان یکون مظاهرا
ان لم تکن له نیة جملة واما ان کانت له نیة الاکرام والبر فیجب ان لا یکون مظاهرا (المنتقی ص ۳۸ ج ۴)

(۴) وقال العلامة السهارنفوری رحمه الله تعالیٰ تحت "باب فی الرجل یقول لامرأته یا اختی" و
یحتمل ان یکون النهی عنده للکراهة سدا للباب فانه یحتمل انه اذا لم ینبه علی ذلك یعتادون
فیه ویمکن ان یتکلموا بلفظ یؤدی الی الظهار فتحرم علیه وتجب الکفارة او الفراق
اذا نوی الظهار، قال الحافظ قال ابن بطال ومن ثم قال جماعة من العلماء
یصیر بذلك مظاهرا اذا قصد ذلك فارشده النبی صلی الله علیه وسلم
الی اجتناب اللفظ المشکل، قال ولیس بین هذا الحدیث وبین قصة ابراهیم
معارضة لان ابراهیم علیه السلام انما اراد بها انها اخته فی الدین فمن
قال ذلك ونوی اخوة الدین لم یضره (بذل المجهود ص ۴۶ ج ۳) فقط والله تعالیٰ اعلم

مزید بحث تتمہ میں ہے۔ ۲۱ محرم سنہ ۹۹ ھ

تین نوٹ دے کر کہا تجھے طلاق:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین نوٹ لپیٹ کر ہاتھ میں دیئے اور کہا تجھے طلاق، اس صورت میں کتنی طلاقیں ہوئیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

تین نوٹ دینا اس پر قرینہ ہے کہ شوہر نے لفظ طلاق سے تین طلاقوں کی نیت کی ہے جو صحیح ہے، اس لئے تین طلاقیں واقع ہوگئیں، ولا یرد علیہ ما فی العلائیۃ فی بحث الاشارۃ بالاصابع ولو لم یقل ھکذا یقع واحدۃ لفقد التشبیہ، وفی الشامیۃ ای بالعدد، قال القہستانی لانہ کما لا یتحقق الطلاق بدون اللفظ لا یتحقق عددہ بدونہ (رد المحتار ص ۴۸۶ ج ۲) لان ھذا فی قولہ انت طالق وھو لا یحتمل العدد فاحتیج الی لفظہ بخلاف مسألتنا فانہا متعلقۃ بقولہ طلاق وھو یحتمل العدد فالاشارۃ تکون قرینۃ علی النیۃ لاسیما اذا صار ذلک عرفا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

تو فارغ ہے:

سوال: کوئی شخص بیوی کو کہے "تو فارغ ہے" یہ کونسا کنایہ ہے اگر اس بات کو دیکھا جائے کہ فارغ کا لفظ اپنے مفہوم وموارد میں خلیۃ وبریۃ وبائن کے مقارب ہے، کہا جاتا ہے یہ مکان یا برتن فارغ ہے، یہاں خالی کے معنی میں استعمال ہوا، اور کہا جاتا ہے کہ فلاں مولوی صاحب مدرسہ سے فارغ کردیئے گئے ہیں، یا ملازمت سے فارغ ہیں، یہاں علیحدگی اور جدائی کے معنی میں استعمال ہوا ہے جو بائن اور بریہ کا ترجمہ ہے، یا اس کے مقارب ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ فارغ کے لفظ سے خلیۃ وامثالہا کی طرح حالتِ غضب میں طلاق نہ ہو، لیکن اگر اس امر کو دیکھا جائے کہ ہمارے عرف میں فارغ کا لفظ سب کے لئے مستعمل نہیں صرف جواب کو محتمل ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ حالتِ غضب میں طلاق ہوجائے ولو لم ینو، لیکن اگر یہ لفظ رد کا احتمال بھی رکھے تو پھر ہر حالت میں نیت کے بغیر طلاق نہ ہوگی، یہ بندہ کے اوہام ہیں، حضرت والا اپنی رائے سے مطلع فرمائیں، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بندہ کا خیال بھی یہی ہے کہ عرف میں یہ لفظ صرف جواب ہی کے لئے مستعمل ہے، اس لئے عند القرینہ بلانیت بھی اس سے طلاق بائن واقع ہوجائے گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

تحقیق لفظ "طلاق رَن":

سوال: زوج اور زوجہ میں تیز کلامی ہوئی جس پر مرد نے عورت کو کہا "طلاق رَن بس کر" یعنی طلاق عورت بس کر، سوال یہ ہے کہ مرد کے اس قول سے جو ذکر ہوا طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ اگر واقع ہوگی تو بلانیت یا مع النیۃ؟ بینوا بالدلیل توجروا عند اللہ الجلیل،

الجواب باسم ملهم الصواب

جملہ "طلاق رَن" عرف سندھ میں طلاق کے لئے متعین نہیں، اس کو گالی کے طور پر بھی بکثرت استعمال کرتے ہیں، اس موقع پر یہ بمعنی "قابل طلاق" یا "مطلقہ جیسی" ہوگا، لہٰذا اگر زوج نے گالی کے طور پر یہ الفاظ کہے ہیں تو طلاق نہ ہوگی، اس پر یہ اشکال وارد نہیں ہوتا کہ طلاق صریح بہر کیف واقع ہوجاتی ہے، اس لئے کہ وقوع بالصریح کے لئے جملہ مختص بالایقاع ضروری ہے، جہاں جملہ دوسرے کسی مفہوم کا بھی محتمل ہو وہاں دوسرا مفہوم مراد لینے کی صورت میں صریح لفظ سے بھی طلاق واقع نہ ہوگی کلفظۃ المضارع لا یقع بہا الطلاق اذا نوی الاستقبال، اس کی مثال بعینہ یہ ہے کہ زوج نے بیوی سے کہا کہ "تو قابل طلاق ہے" یا "مطلقہ جیسی ہے"، دیکھئے یہاں طلاق کا صریح لفظ ہونے کے باوجود اس لئے طلاق نہیں ہوگی کہ ایقاع نہیں پایا گیا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۶ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

"خلاص ہستی" طلاق صریح ہے:

سوال: زنے بر شوہر خود مدعیہ است کہ در حالتِ خشم گفتہ است مرا کہ از خانہ بیروں شو، از من خلاص ہستی، وسہ بار ایں کلمہ را تکرار کردہ است، وزن بریں دعویٰ خود گواہ ندارد،

① بدیں الفاظ طلاق واقع شود یا نہ؟

② اگر واقع شود کدام قسم؟

③ زوج چونکہ منکر است تصدیق کردہ شود یا نہ؟

④ اگر تصدیق کردہ شود بہ قسم یا بلا قسم؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

"خلاص ہستی" ترجمۂ "سرحتک" ہست، بدیں وجہ ایں طلاق صریح است وبتکرار سہ بار مغلظہ شد، تصدیق زوج بقسم خواہد شد، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۴ر جمادی الآخرہ سنہ ۹۹ھ

سوال متعلق بالا:

سوال: حضرت والا نے طلاق مغلظ کا فتویٰ تحریر فرمایا ہے، مگر نیوٹاؤن کے فتویٰ میں صرف ایک طلاق بائن تحریر ہے، یہ فتویٰ ارسالِ خدمت ہے، ملاحظہ فرماکر جواب سے تشفی فرمائیں،

جواب نیوٹاؤن:

الجواب باسمہ تعالیٰ

از خانہ بیروں شو، یا اردو میں "گھر سے نکل جا" یا صرف یہ کہنا کہ "نکل جا" کنایات کی ان اقسام میں سے ہے جس میں ہر حالت میں نیت کی ضرورت ہوتی ہے، کما فی الدر المختار ورد المحتار، بصورت مسئولہ شوہر کا اس کے بعد تین بار کہنا کہ "از من خلاص ہستی" قائم مقام نیت ہے، اس لئے بیوی پر طلاق بائن واقع ہوگئی، اور جب عورت پہلے کلمہ سے بائنہ ہوگئی تو طلاق کی محل نہیں رہی، لہٰذا باقی الفاظ لغو ہوگئے، شوہر سے عدت کے اندر یا عدت کے بعد نکاح ہوسکتا ہے، حلالہ کی ضرورت نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

ولی حسن عفی عنہ

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی

الجواب باسم ملہم الصواب

اس فتویٰ میں دو تسامح واقع ہوئے ہیں، ایک قرینہ متأخرہ کو نیت طلاق کے قائم مقام قرار دینا اور دوسرا عورت کے بائنہ ہوجانے کے بعد اس کا محلِ طلاق نہ رہنا، اس فتویٰ کی تحریر کے مطابق بھی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، کیونکہ اس میں "خلاص ہستی" کو "بیروں شو" میں نیتِ طلاق کا قرینہ قرار دیا ہے، اس سے ثابت ہوا کہ وہ "خلاص ہستی" کو طلاق صریح سمجھ رہے ہیں، اگر یہ بھی بائن ہے تو یہ خود قرینہ کی محتاج ہے، تو دوسرے کے لئے قرینہ کیسے ہوئی؟

حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے تصریح فرمائی ہے کہ: "سرحتك" صریح طلاق ہے، اور "خلاص ہستی" سرحتك ہی کا ترجمہ ہے، نیز عام عرف میں یہ کلمہ صرف طلاق ہی کے لئے مستعمل ہے، اس لئے بلاشبہہ یہ طلاق صریح ہے،

قاعدہ "البائن لایلحق البائن" میں طلاق لاحق سے بائن بالکنایہ اور طلاق سابق سے مطلق بائن مراد ہے، سواء کان صریحا او بالکنایۃ، صورت زیر بحث میں طلاق لاحق بائن بالکنایہ نہیں ہے، بلکہ صریح ہے، لہٰذا سابق سے لاحق ہوکر دو طلاقیں ہوگئیں، پھر دوسری بار تکرار میں "بیرون شو" لاحق نہ ہوگی، لانہ بائن بالکنایۃ، اور "خلاص ہستی" لاحق ہوگی، لانہ صریح، پس یہ الفاظ دوبار

کہنے سے مغلظ طلاق واقع ہوگئی۔

یہ تقریر فتاویٰ نیوٹاؤن کے پیش نظر ہے، جس میں قرینۂ متأخرہ کو بھی معتبر قرار دیا گیا ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ کنایہ سے وقوع طلاق کے لئے تقدیم قرینہ شرط ہے، قرینۂ متأخرہ معتبر نہیں، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ قرینۂ حالیہ کو حالتِ غضب میں اور قرینہ مقالیہ کو تقدمِ ذکرِ طلاق میں منحصر فرما رہے ہیں،

قال فی شرح التنویر الا بنیۃ او دلالۃ الحال وھی حالۃ مذاکرۃ الطلاق او الغضب، وفی الشامیۃ (قولہ وھی حالۃ مذاکرۃ الطلاق) اشار بہ الی ما فی النھر من ان دلالۃ الحال تعم دلالۃ المقال وقال وعلی ھذا فتفسر المذاکرۃ بسؤال الطلاق او تقدیم الایقاع کما فی اعتدی ثلاثا وقال قبلہ المذاکرۃ ان تسألہ ھی او اجنبی الطلاق، (رد المحتار ص ۵۰۲ ج ۲)، تاخیر ذکر طلاق دونوں میں سے کسی میں بھی داخل نہیں، مزید برین عبارات ذیل میں اس کی تصریح ہے کہ مذاکرۂ طلاق تاخیر ایقاع کو شامل نہیں، فی العلائیۃ قال اعتدی ثلاثا ونوی بالاول طلاقا وبالباقی حیضا صدق قضاء لنیتہ حقیقۃ کلامہ وان لم ینو بہ ای بالباقی شیئا فثلاث لدلالۃ الحال بنیۃ الاول حتی لو نوی بالثانی فقط فثنتان او بالثالث فواحدۃ ولو لم ینو بالکل لم یقع، وفی الشامیۃ (قولہ قال اعتدی ثلاثا) ای قال ثلاث مرات (قولہ بنیۃ الاول) ای دلالۃ الحال بسبب نیتہ الایقاع بالاول قال فی فتح القدیر فقد ظھر مما ذکران حالۃ مذاکرۃ الطلاق لا تقتصر علی السؤال وھو خلاف ما قدموہ من انھا حال سؤالھا او سؤال اجنبی طلاقھا بل ھی اعم منہ ومن مجرد ابتداء الایقاع (قولہ نوی بالثانی فقط) ای نوی بہ الطلاق ولم ینو بغیرہ شیئا فثنتان ای یقع بہ واحدۃ وکذا بالثالث اخری وان لم ینو بہ لدلالۃ الحال بایقاع الثانی ولا یقع بالاول شیء لانہ لم ینو بہ ودلالۃ الحال وجدت بعدہ (رد المحتار ص ۵۰۷ ج ۲) وفیھا ایضا قبیل باب التفویض تحت (قولہ تقع واحدۃ بلا نیۃ) مع انہ مذکور بعدہ والقرینۃ لا بد ان تتقدم (رد المحتار ص ۵۱۵ ج ۲)۔

اس تفصیل کے تحت صورت مسئلہ کی تقریر یوں ہوگی، پہلی بار "از خانہ بیروں شو" لغو ہے لعدم تقدم القرینۃ، اس کے بعد "خلاص ہستی" سے ایک طلاق رجعی ہوگئی، پھر دوسری بار پہلے جملہ سے دوسری طلاق بائن ہوئی لتقدم القرینۃ اور دوسرے جملہ سے تیسری طلاق ہوگئی لان الصریح یلحق البائن، اور اگر پہلا جملہ صرف ایک بار کہا ہے، تین بار تکرار صرف دوسرے جملہ کا کیا ہے تو تنقیح

طلاقیں اسی جملہ کے تین بار تکرار سے ہوگئیں اور پہلا جملہ لغو ہوا، بہرکیف صورتِ سؤال میں طلاق مغلظہ ہوگئی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۹ھ

"جواب دیدیا" طلاق صریح ہے:

سوال: منیر احمد کے سسر نے پنچایت میں کہا کہ میرا فیصلہ کرو، لڑکی کو جواب دلوا دو، وہاں پر پنچایت میں یہ بات چلی کہ لڑکے نے جواب دیا ہوا ہے فلاں شخص کے سامنے، لڑکے کے وارث نے دو روز کا وقت لے کر اس شخص سے معلوم کیا، اس نے یہ کہا کہ میں بھی موجود تھا، دو تین آدمی اور بھی تھے، سب کے سامنے لڑکے نے کہا کہ "میں نے جواب دیدیا ہے" لڑکے کے وارث نے لڑکے سے پوچھا تو لڑکے نے یہ کہا کہ "میں نے جواب نہیں دیا ہے" لیکن لڑکا قابلِ اعتبار نہیں، جو شخص یہ کہتا ہے کہ میرے سامنے جواب دیا ہے وہ شخص قابلِ اعتبار ہے، اور وہ یہ کہتا ہے کہ اس وقت دو تین آدمی اور بھی موجود تھے، ہمارے سامنے اس نے یہ کہا ہے کہ میں نے اپنی عورت کو جواب دیدیا ہے، اس کا شرعی فیصلہ تحریر فرمائیں، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

"جواب دیدیا" عرف میں طلاق کے لئے مستعمل ہے، اس لئے اگر دو معتبر گواہوں سے ثابت ہو جائے کہ لڑکے نے جواب دینے کا اقرار کیا ہے تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ رمحرم سنہ ۱۴۰۰ھ

رشتہ ختم ہوچکا:

سوال: ایک شخص نے اپنے سسرال والوں کے نام خط لکھا ہے جس میں اور فضولیات کے علاوہ مندرجہ ذیل عبارت بھی لکھی ہے:۔

① طلاق نامہ پر لڑکی کے دستخط لیکر مجھے روانہ کردو، اس کے بعد میں آپ کو روانہ کردوں گا،
② میں اس رنڈی کو کسی حالت پر رکھنے کو تیار نہیں ہوں، کسی بھی قیمت پر نہیں رکھ سکتا،
③ لڑکی کو گھر روانہ نہیں کرنا، مجھے طلاق چاہئے اور کچھ نہیں چاہئے،
④ آپ کا اور میرا رشتہ ختم ہوچکا ہے،
⑤ مجھے زبیدہ نہیں چاہئے،

اس قسم کا خط شوہر نے سسر کے نام لکھا تھا، اب فرمائیے کہ ان عبارات سے طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ یا کوئی گنجائش ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس تحریر میں دو جملے موجبِ طلاق ہیں، ایک "طلاق نامہ پر لڑکی کے دستخط لیکر مجھے روانہ کردو" دوسرا "آپ کا اور میرا رشتہ ختم ہوچکا ہے"، پہلا جملہ طلاق صریح ہے، اور دوسرا جملہ کنایہ ہے، اس سے تقدم مذاکرہ طلاق کی وجہ سے طلاق بائن ہوگئی، اس لئے مجموعہ دو بائن طلاقیں ہوگئیں، رجوع کی کوئی صورت نہیں، البتہ دوبارہ نکاح کی گنجائش ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ محرم سنہ ۱۴۰۰ھ

ابطال فیصلۂ عدالت:

سوال: محترم جناب حضرت مفتی صاحب! مؤدبانہ گذارش یہ ہے کہ مجھے مندرجہ ذیل حالات پر آپ سے اسلام کی روشنی میں فتوٰی درکار ہے، حالات کے ساتھ مقدمہ کی درخواست کا اردو ترجمہ؛ مقدمہ کے فیصلہ کا اردو ترجمہ اور خلع کی ڈگری کا اردو ترجمہ اور جیکب لائن کے مفتی صاحب کے دو عدد فتوٰی کی نقول کی فوٹو کاپی بھی منسلک ہے،

میری شادی سنہ ۱۹۶۳ء میں ظفر احمد کے ساتھ ہوئی، جس کے بعد کچھ ناگزیر وجوہ پر میں جنوری سنہ ۱۹۶۸ء میں اپنے والدین کے گھر آگئی، ۴ مارچ سنہ ۱۹۶۸ء کو میرے شوہر نے مجھے تحریراً طلاق بھیجی، اس کے بعد ۴ اپریل سنہ ۱۹۶۸ء کو انھوں نے دوسری تحریری طلاق بھیجی، اس وقت میں حاملہ تھی، اس کے بعد میرے شوہر نے کراچی آکر ۲ مئی سنہ ۱۹۶۸ء کو دونوں طلاقیں واپس لے لیں، جس کی اطلاع علاقہ یونین کمیٹی کو دیدی تھی، میرے شوہر نے دونوں طلاقیں حمل کے دوران دی تھیں، اور حمل کے دوران ہی واپس لے لیں، اور بچہ کی پیدائش سے پہلے ہی رجعت کرلی تھی، اس وقت بھی میں میکہ میں تھی اور آج تک بھی اپنے والدین کے گھر ہوں، اس کے بعد وہ ستمبر میں لاہور واپس چلے گئے، اور میرے اوپر مقدمہ کردیا، وہ لاہور تھے اور میں کراچی میں ان کے مقدمہ کرنے کے بعد میں نے اپنے بچاؤ کے لئے خلع کی درخواست دیدی، پہلی پیشی پر وہ حاضر ہوئے، دوسری پیشی پر وہ کورٹ نہیں آئے اور کورٹ نے یک طرفہ فیصلہ دیدیا، یہ فیصلہ ۳ دسمبر سنہ ۱۹۶۹ء کو ہوا، اس کے بعد ۹۰ دن کی میعاد کے بعد چیرمین کمیٹی کی طرف سے ڈگری بھی دیدی گئی، اس بات کو آج تقریبًا بارہ۱۲ سال سے زیادہ گذر گئے ہیں،

میرے شوہر کہتے ہیں کہ تم اب بھی شرعًا میری بیوی ہو، میرے پاس قانونی خلع کی ڈگری ہے، مفتی صاحب جیکب لائن کے فتوٰی اور قانونی خلع کی ڈگری کی روشنی میں آپ مجھے اس مسئلہ کے بارے میں قرآن وسنت کی روشنی میں شرعی حکم بتائیں، کیا واقعی اب بھی شرعًا میں اس کی بیوی ہوں؟

وہ کہتے ہیں کہ تم شرعاً میری بیوی ہو، اس لئے کہ میں نے تم کو اپنے منہ سے یا تحریر سے تیسری طلاق نہیں دی ہے، اور تمہارا دوسرا نکاح بھی نہیں ہو سکتا، ان حالات میں میں تذبذب میں ہوں کہ کیا کروں؟ ایک طرف قانون کی خلع کی ڈگری دوسری طرف مفتی صاحب کا فتویٰ، فتویٰ ڈگری سے پہلے اور بعد دونوں کا ہے، کیا اب بھی میں اُن کے نکاح میں ہوں یا نہیں؟ خدا کے لئے مسئلہ کا حل ضرور تحریر کیجئے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

میں نے عدالت کے مقدمہ کی مفصل کارروائی اور عدالت کے فیصلہ کی نقل ملاحظہ کی، عدالت کا یہ فیصلہ مندرجہ ذیل وجوہ کی بناء پر خلافِ شرع ہونے کی وجہ سے باطل ہے:

① شرعاً مدعیہ پر لازم ہے کہ وہ عدالت میں مدعیٰ علیہ کے ساتھ اپنے نکاح پر شرعی شہادت پیش کرے، اور اس پر قسم بھی اُٹھائے، عدالت کے فیصلہ میں یہ شرط مفقود ہے۔

② مدعیٰ علیہ پر جن الزامات کی بناء پر عدالت نے فسخِ نکاح کا فیصلہ دیا ہے ان میں سے عدمِ نفقہ کے سوا کوئی الزام بھی ایسا نہیں جس کی وجہ سے شرعاً فسخِ نکاح کا اختیار ہو۔

③ نفقہ نہ ملنے کی بناء پر فسخِ نکاح کا شرعاً اختیار ہے، مگر اس میں یہ شرط ہے کہ مدعیہ اس پر شرعی شہادت پیش کرے اور قسم بھی اٹھائے، نیز شہادتِ شرعیہ اور قسم کے ساتھ یہ بھی ثابت کرے کہ اس نے نفقہ معاف نہیں کیا، عدالت کے فیصلہ میں نفقہ سے متعلق نہ کوئی شہادت ہے اور نہ مدعیہ سے قسم لی گئی ہے۔

④ نفقہ نہ ملنے کی صورت میں شرعاً جج پر لازم ہے کہ وہ مدعیٰ علیہ کو بذریعہ نوٹس تنبیہ کرے کہ اگر اس نے عدالت میں حاضر ہو کر آئندہ کے لئے نفقہ دینے کا وعدہ نہ کیا تو اس کا نکاح فسخ کر دیا جائیگا، مذکور فیصلہ میں مدعیٰ علیہ کو اس قسم کا کوئی نوٹس نہیں دیا گیا۔

لہٰذا مدعیہ کا مدعیٰ علیہ کے ساتھ نکاح بدستور قائم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۹ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ

طلاق کے مروج دستور پر تعزیر واجب ہے:

سوال: آجکل معاشرہ میں ابغض الحلال الی اللہ کی بہتات ہے، اس کے باعث اعتداءِ حدود اللہ، نشوزِ ذہن اور کثرتِ بغاوت ہے، بہرحال مرد کی جانب سے جائز طلاق تو محل کلام نہیں، تحقیق طلب امر یہ ہے کہ بغیر عذرِ شرعی مرد کا طلاق دیدینا یعنی ظالم بھی خود اور طلاق دینے پر جری بھی خود

ایسی صورت میں طلاق شرعاً تعزیری جرم ہے یا نہیں؟ تعزیر سے مراد یہ ہے کہ اہلِ قبیلہ وبرادری ایسے شخص سے نفرت بالقلب کے علاوہ معاشرتی مقاطعہ بھی کریں، تاکہ احکامِ الٰہیہ سے مذاق کا سلسلہ ختم ہو، تو آیا یہ مقاطعہ یعنی معاشرتی ترکِ تعلق جائز ہوگا کہ نہیں؟ جواب سے تشفی فرمائیں، جزاکم اللہ تعالیٰ جزاءً حسنا،

الجواب باسم ملہم الصواب

آجکل کے دستورِ طلاق میں کئی معاصی کا ارتکاب ہوتا ہے، طلاق کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے اصلاح ذات البین کی کوشش کی جائے، مایوسی کی صورت میں اہلِ صلاح سے استشارہ واستخارہ کیا جائے، اس کے بعد بھی طلاق ہی میں خیر نظر آئے تو حیض کے بعد قبل وطء صرف ایک طلاق رجعی دی جائے، اس کے برعکس آجکل طلاق میں مندرجہ ذیل معاصی کا ارتکاب لازم ہوگیا ہے:

① بدون غور وفکر جلدبازی،
② اصلاح کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی،
③ خاندان کے با اثر وباصلاح اشخاص سے مشورہ نہیں لیا جاتا،
④ استخارہ نہیں کیا جاتا،
⑤ حیض سے فراغت کا انتظار نہیں کیا جاتا،
⑥ بیک وقت دو تین بلکہ تین ہی طلاقیں لازم سمجھی جاتی ہیں،
⑦ تین طلاقیں دینے کے بعد جب کوئی صورت واپسی کی نہیں ہوتی تو حلالۂ ملعونہ سے کام لیا جاتا ہے، اور بعض تو لعنت حلالہ کی بجائے عمر بھر لعنتِ زنا میں مبتلا رہتے ہیں،

ان وجوہ کی بنا پر طلاق کا مروّج دستور بلاشبہہ واجب التعزیر جرم ہے، حکومت پر فرض ہے کہ ایسے مجرم پر عبرتناک سزا دے، حکومت کی طرف سے غفلت کی صورت میں برادری کی طرف سے مقاطعہ کی تعزیر مناسب ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ر جمادی الآخرہ سنہ ۱۴۰۰ھ

شرط یا استثناء میں اختلاف:

سوال: مندرجہ ذیل امور میں سے کسی میں زوجین کے درمیان اختلاف ہوجائے تو فیصلہ کی کیا صورت ہے؟

① تعلیقِ طلاق میں اختلاف، زوجہ مطلق طلاق کا دعویٰ کرتی ہے اور زوج مدعیِ تعلیق ہے،

(۲) وجودِ شرط میں اختلاف، زوجہ وجودِ شرط کی مدعیہ ہے اور زوج منکر ہے،

(۳) استثناء میں اختلاف، زوج مدعی ہے کہ اس نے طلاق کے ساتھ "ان شاء اللہ" کہا ہے عورت انکار کرتی ہے،

ان صورتوں میں بیّنہ کس پر ہے اور یمین کس پر؟ بندہ کو شامیہ سے یہ مقام سمجھ میں نہیں آیا، وضاحت فرما کر ممنون فرمائیں، بینوا بیانا شافیا، توجروا اجرا وافیا،

الجواب باسم ملهم الصواب

تعلیق اور وجودِ شرط میں بیّنہ زوجہ پر ہے ورنہ قول زوج مع الیمین قبول ہوگا، اور استثناء میں یہ تفصیل ہے کہ زوجہ پر بیّنہ ہے اگر وہ بیّنہ نہ پیش کرے تو اگر زوج صلاح وتقویٰ میں معروف ہے تو اس کا قول مع الیمین معتبر ہے، ورنہ قول زوج بدون بیّنہ قبول نہ کیا جائے گا، قال فی التنویر فان اختلفا فی وجود الشرط فالقول له مع الیمین الا اذا برهنت، وفی الشامیۃ (قوله فی وجود الشرط) ای اصلا او تحققا کما فی شرح المجمع ای اختلفا فی وجود اصل التعلیق بالشرط او فی تحقق الشرط بعد التعلیق وفی البزازیۃ ادعی الاستثناء او الشرط فالقول له ثم قال وذکر النسفی ادعی الزوج الاستثناء وانکرت فالقول لها و لا یصدق بلا بینۃ وان ادعی تعلیق الطلاق بالشرط وادعت الارسال فالقول له اھ وسیذکر المصنف الاختلاف فی دعوی الاستثناء وظاهر ماذکر عن النسفی ان الاختلاف غیر جار فی دعوی الشرط تأمل وفی البحر عن القنیۃ ادعت انه طلقها من غیر شرط والزوج یقول طلقتها بالشرط ولم یوجد فالبینۃ فیه للمرأۃ اھ (رد المحتار ص ۵۴۵ ج ۲) وفی بحث الاستثناء من العلائیۃ ویقبل قوله ان ادعاه وانکرته فی ظاهر المروی عن صاحب المذهب وقیل لا یقبل الا ببیّنۃ وعلیه الاعتماد والفتوی احتیاطاً لغلبۃ الفساد خانیۃ وقیل ان عرف بالصلاح فالقول له، وفی الشامیۃ (قوله و یقبل قوله الخ) قال الخیر الرملی فی حواشی المنح لم یذکر أهو بیمینه وکذلک صاحب البحر والنهر والکمال ولم اره لاحد وینبغی علی ما هو المعتمد ان یکون بیمینه اذا انکرته الزوجۃ واما اذا لم تنکره فلا یمین علیه اللهم الا اذا اتهمه القاضی اھ (قوله ان ادعاه وانکرته) ای ادعی الاستثناء ومثله الشرط کما فی الفتح وغیره، (قوله وقیل لا یقبل الخ) قال الخیر الرملی اقول حیث ماوقع خلاف وترجیح لکل من

القولین فالواجب الرجوع الی ظاهر الروایۃ لان ما عداها لیس مذهبا لاصحابنا و ایضا کما غلب الفساد فی الرجال غلب فی النساء فقد تکون کارهۃ له فتطلب الخلاص منه فتفتری علیه فیفتی المفتی بظاهر الروایۃ الذی هو المذهب ویفوض باطن الامر الی الله تعالیٰ فتأمل وانصف من نفسك اھ، قلت الفساد وان کان فی الفریقین لکن اکثر العوام لا یعرفون ان الاستثناء مبطل للیمین وانما یعلمه ذلك حیلۃ بعض من لا یخاف الله تعالیٰ وایضا فان دعوی الزوج خلاف الظاهر فانه بدعوی الاستثناء یدعی ابطال الموجب بعد الاعتراف به بخلاف ما مر من ان القول قوله فی وجود الشرط کدخولها الدار مثلا فانه بعد قوله ان دخلت الدار فانت طالق لم ینعقد الموجب للطلاق الا بعد وجود الدخول وهو ینکره والظاهر یشهد له اما هنا فالظاهر خلاف قوله واذا عم الفساد ینبغی الرجوع الی الظاهر قال فی الفتح نقل نجم الدین النسفی عن شیخ الاسلام ابی الحسن ان مشایخنا اجابوا فی دعوی الاستثناء فی الطلاق ان لا یصدق الزوج الا ببینۃ لانه خلاف الظاهر وقد فسد حال الناس اھ (قوله وقیل ان عرف بالصلاح الخ) قائله صاحب الفتح (الی قوله) قلت ولا یخفی ان هذا تحقیق للقول الثانی المفتی به لان المشایخ عللوه بفساد الزمان ای فیکون الزوج متهما واذا کان صالحا تنتفی التهمۃ فیقبل قوله فلا یکون هذا قولا ثالثا (رد المحتار ص ۵۵۵ ج ۲) فقط والله تعالیٰ اعلم،

۲۸ رمضان المبارک سنہ ۱۴۰۰ھ

لفظ "تاک" سے طلاق نہیں ہوتی:

سوال: میری پہلی بیوی اور بچوں نے مجھے دوسری بیوی کو طلاق دینے پر سخت مجبور کیا، میں نے پریشان اور سخت مجبور ہو کر دفع الوقتی کے لئے دوسری بیوی کے مشورہ سے یہ صورت نکالی کہ پہلی بیوی کے سامنے دوسری بیوی کو ایک بار لفظ طلاق کہکر اس کے بعد دوبار "تاک" کہدوں، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، اس صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

ایک طلاق واقع ہوئی، اس کے بعد لفظ "تاک" جو دوبار استعمال کیا اس سے کوئی طلاق نہیں ہوئی، اس لئے آپ عدت کے اندر رجوع کر سکتے ہیں، قال فی الهندیۃ فی الفصل الاول من

الباب الثانی ناقلاً عن البحر وان حذف اللام فقال انت طاق لا یقع وان نوی (عالمگیریۃ ص ۳۵۰ ج ۱) وکذا فی اوائل کتاب الطلاق من البحر تحت قول الکنز الصریح کأنت طالق ومطلقۃ وطلقتک (البحر الرائق ص ۲۵۵ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ ذی الحجہ سنہ ۱۴۰۰ھ

طلاق مُغلّظ میں غیر مقلد سے فتویٰ لینا جائز نہیں:

سوال: آجکل یہ مرض عام ہوگیا ہے کہ لوگ غصہ میں آکر تین طلاقیں بیک وقت دیدیتے ہیں، اس کے بعد پریشان ہوکر اہلِ فتویٰ کی طرف بھاگتے ہیں، جب کہیں سے بھی کوئی حل نہیں ملتا تو کسی غیر مقلد سے حلت کا فتویٰ لے کر بیوی کو اپنے گھر میں بسا لیتے ہیں، کیا اُن کا یہ فعل شرعاً جائز ہے؟ اور کیا اس طرح سے بیوی حلال ہوجائے گی؟ اگر کسی نے یہ حرکت کی تو کیا اس کے ساتھ تعلقات رکھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ امر بالکل ظاہر ہے کہ اپنے فائدہ اور نفسانی خواہش کی خاطر اپنے مذہب کو چھوڑ کر کسی دوسرے مذہب پر عمل کرنا دینِ اسلام کا مذاق اڑانا ہے، اور اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو اپنی نفسانی خواہش کے تابع بنانا ہے، دنیا کی چند روزہ راحت وعیش کی خاطر مالک کو ناراض کرنا اور عذابِ جہنم کا سامان کرنا بہت بڑی حماقت و ناعاقبت اندیشی ہے، اس لئے اس پر پوری امت کا اجماع ہے کہ نفسانی خواہش کی بناء پر کسی مسئلہ میں غیر کے مذہب کو لینا حرام ہے، خود غیر مقلدین کے امام حافظ ابن تیمیہ نے اس کی حرمت پر اجماعِ امت تحریر کیا ہے: حیث قال فیمن نکح عند شھود فسقۃ ثم طلقھا ثلاثا فاراد التخلص من الحرمۃ بان النکاح کان فاسدا فی الاصل علی مذھب الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ فلم یقع الطلاق ما نصہ وھذا القول یخالف اجماع المسلمین فانھم متفقون علی ان من اعتقد حل الشیء کان علیہ ان یعتقد ذلک سواء وافق غرضہ اوخالف ومن اعتقد تحریمہ کان علیہ ان یعتقد ذلک فی الحالین وھؤلاء المطلقون لا یقولون بفساد النکاح بفسق الولی الا عند الطلاق الثلاث لا عند الاستمتاع والتوارث یکونون فی وقت یقلدون من یفسدہ و فی وقت یقلدون من یصححہ بحسب الغرض والھوی ومثل ھذا لا یجوز باتفاق الامۃ (ثم قال بعد ثلاثۃ اسطر) ونظیر ھذا ان یعتقد الرجل ثبوت شفعۃ

الجواز اذا کان طالبًا لها وعدم ثبوتها اذا کان مشتریًا فان هذا لا یجوز بالاجماع وکذا من بنی علی صحة ولایة الفاسق فی حال نکاحه وبنی علی فساد ولایته حال طلاقه لم یجز ذلك باجماع المسلمین ولو قال المستفتی المعین انا لم اکن اعرف ذلك وانا الیوم التزم ذلك لم یکن من ذلك له لان ذلك یفتح باب التلاعب بالدین ویفتح الذریعة الی ان یکون التحلیل والتحریم بحسب الاهواء،

(فتاوی ابن تیمیة ص ۲۴۰ ج ۲)

حاصل یہ کہ تین طلاقوں کے بعد کسی غیر مقلد سے فتوی لینا باجماعِ امت حرام ہے اور خود غیر مقلدین کے امام حافظ ابن تیمیہ اس کی حرمت پر اجماعِ امت کے قائل ہیں، غیر مقلد سے فتوی لینے سے بیوی حلال نہیں ہوئی، یہ مرد اور عورت دونوں عمر بھر بدکاری کے گناہ میں مبتلا رہیں گے، عذابِ آخرت کے علاوہ دنیوی وبال الگ،

اہلِ اثر مسلمانوں پر فرض ہے کہ ان میں تفریق کرائیں، اور جب تک وہ اس حرام کاری سے باز نہیں آتے ان کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعلق نہ رکھیں، ورنہ دنیوی وبال واخروی عذاب میں ان کے ساتھ وہ سب لوگ بھی شریک ہونگے جو اُن سے قطع تعلق نہیں کرتے، اور ان کو حرامکاری سے روکنے کی کوشش نہیں کرتے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۵ رمضان المبارک سنہ ۱۴۰۴ھ

تعلیق بنکاحِ فاسد صحیح ہے :

سوال ؛ ایک لڑکی جنت جو کہ تقریبًا چھ سال کی تھی اس کے باپ نے زید نامی لڑکے سے نکاح کرا دیا تھا، منکوحہ جنت بالغ ہوئی تو اس کے بھائیوں نے باپ کی وفات کے بعد اس کا نکاح دوسرے شخص بکر کے ساتھ کر دیا، زید سے طلاق لئے بغیر، اس کے بعد جب قوم اور برادری نے زور بھرا اور علماء نے اس کے خلاف فتوی دیا تو اس وقت جنّت کے بھائیوں نے نجات پانے کے لئے اس جنّت کی مطلقہ بہن اس کے عوض میں اس شرط پر دی کہ زید اپنی منکوحہ زوجہ جنت کو طلاق دے، جب برادری اکٹھی ہوئی تو نکاح خواں مولوی صاحب بھی آتے، زید بولا اگر میں اپنی منکوحۂ اُولیٰ کو پہلے طلاق دوں گا تو یہ پھر دھوکہ کریں گے، لہٰذا پہلے میرا نکاح جنت کی بہن کے ساتھ پڑھایا جائے اس کے بعد طلاق دوں گا، آخر کار طلاق معلق بالشرط بنا کر نکاح پڑھا دیا، یعنی زید نے یہ شرط لگائی کہ

جس وقت میرا نکاح جنت کی بہن سے پڑھا جائے گا اسی وقت اسی ساعت میری پہلی منکوحہ جنت کو طلاق واقع ہوگی، گویا یوں کہا کہ جب میں قبول کرلوں گا تو جنت کو تین طلاقیں ہوں گی، اس صورت میں واضح فرمائیں کہ یہ نکاح اور طلاق دونوں صحیح ہیں یا غلط؟ اور جمع بین الاختین جو کہ حرام ہے وہ ہوا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

منکوحہ کی بہن سے جو نکاح ہوا وہ فاسد ہے، اور منکوحہ جنت پر تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اس کی بہن سے دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے، اگر وہ دوبارہ نکاح پر راضی نہ ہو تو شوہر اُسے چھوڑ دے، اگر نہیں چھوڑتا تو عورت زبان سے کہدے کہ میں نے اس نکاح کو فسخ کردیا، اس کے بعد وہ دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے، قال ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ وفی الظهيرية رجل قال لامرأة لا يحل نكاحها ان تزوجتكِ فعبدی حرٌ فتزوجها حنث لان يمينه تنصرف الى مايتصور (البحر الرائق ص ۳۴۸ ج ۴) وفی ابتداء تعليق الشامية عن تلخيص الجامع وشرحه الفارسى لوحلف لايبيع فباع فاسدا احنث لوجود ركن البيع وان كان المطلوب منه وهو انتقال الملك غير ثابت (رد المحتار ص ۵۳۵ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ شعبان ۱۴۰۲ھ

تعلیق بعدم اداء قرض کے بعد قرضخواہ مرگیا:

سوال: زید نے خالد سے کہا کہ اگر میں نے کل تک تمہارا قرض ادا نہ کیا تو میری منکوحہ مغلظہ ہوجائے گی،

امر مطلوب یہ ہے کہ اگر خالد کل صبح فوت ہوگیا یا لاپتہ ہوگیا یا کہیں چلا گیا یا کسی ظالم نے اسے گم کردیا یا حکومت نے کسی جرم کے تحت اُسے قید کرلیا کہ وہاں تک زید عادۃً نہیں پہنچ سکتا، پس ان سب صورتوں میں کہ زید نے خالد کو میعاد مقررہ پر قرض ادا نہیں کیا نہ زید کی منکوحہ مطلقہ مغلظہ ہوجائے گی یا نہیں ہوگی؟

اس مسئلہ سے متعلق مختلف جزئیات ارسالِ خدمت ہیں، ان میں تطبیق یا ترجیح کی کیا صورت ہوگی؟

① فی الهندية رجل قال لغيره ان لم آتك غدًا ان استطعت فامرأته طالق

ولم یمرض ولم یمنعه سلطان ولا غیره ولم یجیٔ امر لا یقدر معه علیٰ ایتانه فلم یأت حنث فی یمینه وهٰذا اذا لم تکن له نیة الخ (ص ۴۳۰ ج ۱)

(۲) وفیها لو قال ان لم اخرج من هٰذه الدار الیوم فامرأته طالق فقید الحالف ومنع من الخروج ایاما یحنث الحالف وهو الصحیح (ص ۴۳۰ ج ۱)

(۳) وفیها لو حلف ان لا یسکن هٰذه الدار فقید ومنع من الخروج لا یحنث، کذا فی خزانة المفتین (ص ۴۳۰ ج ۱)

(۴) وفی البدائع ولو قال لامرأته انت طالق ثلاثا او واللہ لاضربن فلانة فماتت فلانة قبل ان یضربها فقد حنث فی یمینه وهو مخیر ان شاء الزم نفسه الطلاق وان شاء الکفارة لان شرط البر فات بموتها فحنث فی احدی الیمینین (ص ۳۰ ج ۳) بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بصورتِ موت خالد کے ورثہ اس کے قائم مقام ہیں، لہٰذا زید نے ان کو اس روز قرض ادا کر دیا تو حانث نہ ہوگا، بقیہ سب صورتوں میں اور بصورتِ موت ورثہ کے عدم علم کی حالت میں زید نے خالد کا قرض اس روز قاضی کے سپرد کر دیا تو حانث نہ ہوگا، اگر قاضی کے سپرد نہ کیا یا وہاں قاضی نہیں تھا تو حانث ہو جائے گا، قال فی العلائیة یبرأ المدیون فی حلفه لرب الدین لاقضین مالك الیوم فجاء به فلم یجده ودفع للقاضی ولو فی موضع لا قاضی له حنث به یفتی منیة المفتی (رد المحتار ص ۱۳۷ ج ۳)،

اس سے ثابت ہوا کہ رب الدین کے قائم مقام کو ادا کر دینے سے حانث نہیں ہوتا، اور بصورتِ موت رب الدین کے ورثہ اس کے قائم مقام ہیں، لہٰذا ان کو دینے سے حانث نہ ہوگا،

سوال کے ساتھ مندرجہ جزئیات کی توضیح درج ذیل ہے:

جزئیۂ اولیٰ میں ان استطعت کی قید ہے اس لئے بصورت عدمِ استطاعت حانث نہیں ہوتا،

جزئیۂ ثانیہ میں شرطِ بر یعنی خروج نہیں پایا گیا، اس لئے حانث ہو گیا،

جزئیۂ ثالثہ میں شرطِ بر عدمِ سکونت ہے، اور عرفاً صرف اختیاری رہائش کو سکونت کہا جاتا ہے جو یہاں مفقود ہے، اور شرطِ بر یعنی عدمِ سکونت اختیاری متحقق ہے اسلئے حانث نہیں ہوا،

جزئیہ رابعہ میں برّ کی کوئی صورت ممکن نہیں رہی، اس لئے حانث ہوگیا، بخلاف مسئلۂ زیر نظر کے کہ اس میں بطریق الاداء الی الورثۃ والقاضی برّ ممکن ہے، لہٰذا بصورتِ اداء حانث نہ ہوگا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

۲۳ شوال سنہ ۱۴۰۳ھ

جاؤ، چلی جاؤ، آزاد کردیا:

سوال: زید کا اپنی بیوی سے کئی مرتبہ گھریلو تنازع ہوا، اور بیوی نے کہا کہ مجھے چھوڑ دو تو زید نے غصہ میں آکر کہا کہ جاؤ اپنے ابا کے گھر چلی جاؤ، میں نے آزاد کردیا، اور پھر اس کے بعد آج سے تین روز قبل دورانِ تنازع زید نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں تمہارے جسم کو ہاتھ نہیں لگاؤں گا، اگر لگایا تو خود کو مَرا ہوا پاؤں گا، بیوی کہتی ہے کہ ان الفاظ سے ہمارا زن وشوہر والا تعلق نہیں رہا، اب آپ فرمائیں کہ شریعت کی روشنی میں کیا واقعی ان الفاظ سے طلاق ہوجاتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اس تحریر میں طلاق کے تین جملے ہیں، (۱) جاؤ (۲) اپنے ابا کے گھر چلی جاؤ (۳) میں نے آزاد کردیا۔

پہلا جملہ بنیّتِ طلاق کہا ہو تو اس سے ایک طلاق بائن واقع ہوگئی ورنہ نہیں۔

دوسرے جملہ میں طلاق کی نیت نہ ہو تو اس سے کوئی طلاق نہیں ہوئی۔

دوسرے جملہ میں طلاق کی نیت تھی، پہلے میں نہیں تھی تو دوسرے جملہ سے ایک طلاق بائن ہوگئی۔

دونوں جملوں میں طلاق کی نیت تھی تو پہلے جملہ سے ایک طلاق بائن ہوگئی، دوسرے سے کوئی طلاق نہیں ہوئی۔ لانّ البائن الکنائی لایلحق البائن۔

تیسرا جملہ طلاق صریح بائن ہے، لہٰذا اس سے طلاق کی نیت ہو یا نہ ہو بہرحال ایک طلاق بائن ہوگئی۔

خلاصہ: پہلے دونوں جملوں میں طلاق کی نیت نہ ہو تو صرف تیسرے جملہ سے ایک طلاق بائن ہوئی۔

پہلے دونوں جملوں میں یا دونوں میں سے ایک میں طلاق کی نیت ہو تو ایک طلاق بائن یہ ہوگئی اور دوسری بائن تیسرے جملہ سے، مجموعہ دو بائن طلاقیں ہوگئیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب ○

ایقاع الطلقات

بالقاء الحجر

بعض علاقوں میں طلاق دینے کا یہ دستور ہے
کہ بیوی کی طرف تین کنکریاں پھینک کر کہتے ہیں:
"یہ طلاقیں ہیں"۔ اس رسالہ میں ثابت کیا
کیا گیا ہے کہ اس سے تین طلاقیں ہوجاتی ہیں،
اس سلسلہ میں مختلف تحریرات کی تنقیحات،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایقاع الطلقات بالقاء الجمرات

تین کنکریاں پھینک کر کہا یہ طلاقیں ہیں:

سوال ؛ ایک شخص کی دو بیویاں ہیں، ان میں سے ایک کا نام رحیمہ ہے، یہ شخص حالتِ غضب وتشاجر میں تین عدد جمرات (کنکریاں) پھینک کر کہے کہ یہ رحیمہ کی طلاقیں ہیں، رحیمہ میری ماں بہن ہے، آیا اس شخص کی بیوی رحیمہ تین طلاقوں سے مغلظہ ہو جائے گی؟ بوجہ مفہوم مخالف عبارت درمختار کے کہ لکھا ہے وبہ ظهران من تشاجر مع زوجته فاعطاها ثلاثة احجار ينوى الطلاق ولم يذكر لفظاً لا صريحا ولا كناية لا يقع عليه الخ (رد المحتار ص ۴۵۳ ج ۲) و بوجہ تصریح فتاوی بزازیہ کے جو فرمایا ہے ۰ لو طلبت الطلاق فضربها وقال اينك طلاق لا ولو قال اينكت طلاق يقع وبقول امام احمد القلانسی کے جو بزازیہ میں ایک سطر کے بعد مذکور ہے وسئل احمد القلانسي عمن وكز امرأته فقال اينك يك طلاق ثم وكز ثانيا وقال اينك دو طلاق وكذا في الوكزة الثالثة قال تطلق ثلاثا قال شيخ الاسلام لا يقع لانه سمى الضرب طلاقا فيبطل والامام احمد يقول سمى الطلاق فيقع (الفتاوى البزازية على هامش الهندية ص ۱۷۲ ج ۴) وكذا في الهندية ص ۳۸۲ ج ۱) یا کہ شخص مذکور کے الفاظ مذکورہ باطل اور لغو ہوں گے؟ اور اس کی زوجۂ مذکورہ کو کوئی طلاق بھی واقع نہ ہوگی، لما مرّ انفاً من قول شيخ الاسلام من البزازية والهندية ولما صرح في الخانية رجل وقعت الخصومة بينه وبين امرأته فقالت المرأة ضع ثلاث تطليقات ههنا وهناك ثلاث قصبات صغار مما يكون للحائك بلا غزل فابان الرجل باصبع رجله واحدة وقال هذا طلاقك ثم وثم حتى نحاها عن اماكنها ثم قال ادفعيه الى الحائك لينسجه في ثوبك قالوا ينبغي ان لا تطلق امرأته

لانه جعل القصب طلاقا اھ (خانیة علیٰ هامش الهندیة ص ۴۶۲ ج ۱) ونما فی تنویر الابصار وشرحه حیث قال وان نوی بانت علیّ مثل امی اوکامی وکذا لو حذف علیّ خانیة برًّا او ظهارًا او طلاقًا صحت نیته ووقع مانواه لانه کنایة والا ینو شیئًا او حذف الکاف لغا وتعین الادنیٰ ای البر یعنی الکرامة (رد المحتار ص ۵۲۶ ج ۲)

الجواب باسم ملهم الصواب

صورت مذکورہ میں تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی، تین کنکریاں عدد کی وضاحت اور تاکید کے لئے دی گئی ہیں، جن عبارات میں ضربات وقصبات دینے کی صورت میں عدمِ وقوعِ طلاق کا ذکر ہے ان میں اور مسئلۂ زیر بحث میں دو وجہ سے فرق ہے:

① عدد کی توضیح کے لئے ضربات عرفاً مستعمل نہیں، اور قصبات سے متعلق ادفعیه الی الحائط کا قول اس پر قرینہ ہے کہ قصبات سے عدد کی توضیح مقصود نہیں، بلکہ قصبات ہی کو طلاق کہہ رہا ہے،

② آجکل عرف میں یہ طریقہ عام مروج ہے کہ عددِ طلاق کی توضیح کے لئے تین پتھر وغیرہ پھینکے جاتے ہیں، لہٰذا عرف کے مطابق تین کنکریوں کو عدد پر محمول کیا جائے گا اور تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۹؍ رجب سنہ ۹۵ھ

سوال متعلق بالا:

سوال: آپ نے القاءِ جمرات ثلاث سے وقوعِ طلاق مغلظ کا حکم تحریر فرمایا تھا، یہاں کے دو عالموں نے اس کے خلاف لکھا ہے، دونوں کی تحریریں ارسالِ خدمت ہیں، ان پر غور فرماکر اپنی رائے تحریر فرمائیں،

تحریر اول:

در مسئلہ مذکورہ اشارہ بسوئے شی محسوسہ یعنی جمرات ثلاثہ است وخبر برائے ہمیں اسم اشارہ است واشیاءِ محسوسہ را موسوم بہ سون (طلاق) کردہ است، لذا کلامش لغو میشود، سئل احمد القلانسی عمن وکز امرأته فقال اینك یك طلاق ثم ذکر ثانیا وقال اینك وطلاق وکذا فی الوکزة الثالثة قال تطلق ثلاثًا، قال شیخ الاسلام لایقع لانه سمی الضرب طلاقًا فیبطل، والامام احمد یقول سمی الطلاق فیقع اھ (بزازیة علی الهندیة ص ۱۷۲ ج ۴) وهکذا فی العالمگیریة عن الخلاصة مطبوعة

هندیہ (ص ۶۵ ج ۲) وفی الهامش علی قول شیخ الاسلام (فیبطل) وهو الاظهر،
ہندیہ از ارباب ترجیح است، وپیوستہ قول راجح را اخیراً ذکر می کند چنانچہ مذکورہ بالا است
ونیز در ہامش لفظ وهو الاظهر ترجیح بطلان بر ایقاع طلاق است، لذا زوجۂ عبدالواحد
ہمچناں در نکاح باقی است، ہیچ طلاقے واقع نشدہ،

۲۴ رجب سنہ ۱۳۹۵ھ

تحریر ثانی:

علاوہ بریں کہ منطوق بر مفہوم خود برتری ورجحان دارد، مفہوم مخالف عبارت شامیہ اینست کہ اگر مرد با نداختن سہ تا سنگ بسوئے زن لفظے از الفاظ طلاق صریحاً وکنایۃً ذکر کرد طلاق واقع میشود نہ اینکہ با ذکر لفظ طلاق فقط با نداختن سہ تا سنگ بدون ذکر لفظ دال بر عدد سہ طلاق خواہد شد، زیرا نکہ ہمچنانکہ برائے وقوع طلاق ذکر لفظ صریح یا کنایہ طلاق شرط ہست برائے تعدد طلاق ہم لفظ دال بر عدد ضروری است، وانداختن سنگہا از قبیل افعال است نہ از جنس اقوال والفاظ، زیرا نکہ نگفت مثل ایں سنگہائے ولو قالت لزوجها طلقنی فاشارت بثلاث اصابع واراد بذلك ثلاث تطليقات لا يقع مالم يقل بلسانه، هكذا فی الظهيرية اھ (هندية ص ۲۵۱ ج ۲) انت طالق هكذا مشيراً بالاصابع المنشورة وقع بعدده ای بعدد ما اشار اليه من الاصابع الاشارة اللغوية او بعدد ما اشار به منها الاشارة الحسية تأمل فان اشار بثلاث فهی ثلاث او ثنتين او بواحدة فواحدة كما فی الهداية قال فی البحر لان هذا تشبيه بعدد مشار اليه وهو العدد المفاد كميته بالاصابع المشار اليه لان الهاء للتنبيه والكاف للتشبيه وذا للاشارة اھ وانظر هل الاشارة الى غير الاصابع من المعدودات كذلك ام لا لاختصاص ارادة العدد فی العادة بالاصابع تأمل (شامية ص ۴۴۷ ج ۲)

والظاهر ان فی عرف ديارنا القاء الاحجار وغيرها كذلك لكن ان وجد لفظ الاشارة بها،

ولو لم يقل هكذا ای بان قال انت طالق واشار بثلاث اصابع ونوى الثلاث ولم يذكر بلسانه فانها تطلق واحدة خانية اھ قوله لفقد التشبيه

ای بالعدد قال القہستانی لانہ کما لا یتحقق الطلاق بدون اللفظ لا یتحقق عدد بدونہ اھ (شامیۃ ص ۴۸۸ ج ۲) معلوم شد کہ مفہوم عبارت شامیہ با منطوق عبارت خانیہ مخالفتی ندارد،

وسئل احمد القلانسی عمن وکز امرأتہ فقال اینک یک طلاق ثم وکز ثانیًا وقال اینک دو طلاق وکذا فی الوکزۃ الثالثۃ، قال تطلق ثلاثًا قال شیخ الاسلام لا یقع لانہ سمی الضرب طلاقًا فیبطل والامام احمد یقول سمی الطلاق فیقع اھ (بزازیۃ علی الھندیۃ ص ۱۷۲ ج ۴) وعبارۃ الھندیۃ وفی مجموع النوازل سئل شیخ الاسلام عمن ضرب امرأتہ فقال دار طلاق قال لا تطلق، اگرچہ لفظ قالوا کہ در عبارتِ خانیہ واقع است در اصطلاح فقہاء از الفاظ تبری وعدم رضا است وہمچنیں لفظ ینبغی از اضعف الفاظ ترجیح، اما اولًا ایں اصطلاحی نیست وثانیًا صاحبِ خانیہ کہ از اجل ارباب ترجیح است قولے دیگر کہ مخالف ایں روایت باشد نقل نفرمودہ است، وثالثًا از قول شیخ الاسلام کہ لفظ وھو الاظھر براں نوشتہ شدہ است، تائید آں میشود ونیز از صیغۂ قالوا معلوم میشود کہ شیخ الاسلام دریں قول منفرد نیست موافقے ہم دارد، بنا بریں ایں روایت قابلِ قبول خواہد بود، البتہ دو اشکال در پیش اند،

(۱) عبارتِ ہندیہ کہ از مجموع النوازل نقل شدہ است قول شیخ الاسلام در مسئلہ معبر عنہا بہ "دار طلاق" مذکور است، وحال آنکہ در خود ہندیہ بعد از چند سطر می نویسد ولو قال لہا دار طلاق لا یقع فی جنس الاضافۃ اذ الم ینو لعدم الاضافۃ الیہا وقیل یقع من غیر نیتہ وھو الاشبہ لان قولہ دار فی العادۃ وقولہ خذ سواء ولو قال لہا خذی طلاقک یقع من غیر نیۃ کذا ھھنا کذا فی المحیط (ہندیۃ ص ۶۵ ج ۲ مطبوعہ ہند)۔

شاید سبق وہم شود کہ قول شیخ الاسلام در مسئلہ دار طلاق بعدم وقوع مبنی بر عدم وجود اضافت است، ودر مسئلۂ ما اضافت (ای حلیمۂ سونت) موجود است،

دفعش ایں است کہ در مسئلۂ محیط "دار طلاق" امر محسوسے بمانند ضرب موجود نیست، کہ بقول شیخ الاسلام باسم طلاق مسمّٰی گردد ولذا عدم وقوع بعلت عدم اضافت است اما در مسئلہ مجموع النوازل لفظ سئل شیخ الاسلام ہمیں فعل ضرب را مفعول صیغہ امر "دار" قرار میدہد ومیگوید کہ زوج ہمیں ضرب را بنام طلاق نامیدہ وزن را بداشتن آں امر

کردہ است، لذا طلاق واقع نمیشود و دلیل برین عبارت بزازیہ ہست کہ در مسئلہ "وکز" کہ در آں اشارہ بلفظ اینک یک طلاق موجود است اختلاف شیخ و امام قلانسی را ذکر فرمودہ است، ظاہر است کہ امر بداشتن بمانند اشارہ در مورد امر محسوس چوں ضرب و وکز و القاء حجر وغیرہ میشود، البتہ وقتی کہ شی محسوس وجود نہ دارد طلاق کہ از امور معنوی است مراد گرفتہ خواہد شد، فلا منافاۃ بین الروایتین،

(۲) لو قالت طلقنی فضربها وقال اینک طلاق لا یقع ولو قال اینکت طلاق یقع اھ (ھندیۃ ص ۵۴ ج ۲) ازیں عبارت بطور وضوح معلوم می شود کہ عدم وقوع در صورتِ اُولیٰ بعلتِ عدم اضافت و وقوع در صورت ثانیہ بسبب وجودِ اضافت یعنی تاءِ خطاب ہست، لذا ایں عبارت ظاہرًا با قول شیخ الاسلام و مسئلہ زیر بحث مخالفت دارد، زیرا نکہ اینجا ضرب موجود ہست ومع ذلک مشار الیہ و مسمّٰی باسم طلاق قرار دادہ نشدہ است، اللّٰھم الّا ان یفرق بینھما بان قولھا طلقنی سؤال عن الطلاق و دلیل علی ان المشار الیہ فی قولہ اینکت طلاق ھو الطلاق دون الضرب لان السؤال معاد فی الجواب کما فی قواعد الاشباہ فالوقوع لیس بمجرد اضافۃ الطلاق الیھا بل بہ ولانہ سمّی الطلاق الذی تضمنہ السؤال طلاقا لا غیر الطلاق طلاقًا وبھذا یظھر الجواب عما فی مسألۃ الخانیۃ فانّ فیھا ایضًا قالت المرأۃ ضع ثلاث تطلیقات ھٰھنا، لان الطلاق لیس ممّا یوضع فی مکان فتدبر،

خلاصۂ جواب آنکہ چوں در مسئلۂ مورد بحث جمرات محسوسہ موجود ہستند، وسؤال از طلاق ہم وجود ندارد، واشارہ در اصل وضع برائے امر محسوس است، واگر بسوئے امر غیر محسوس اشارہ می کنند آنرا مبالغہ وادعاء بمنزلۂ محسوس قرار می دہند کما ھو مقرر فی علم المعانی، اما چوں امر محسوس قابل اشارہ موجود است عدول از معنی وصفی اسم اشارہ خلاف ظاہر است، بناء بریں طلاق واقع نخواہد شد، ومحل قول علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ ولم یذکر لفظًا لا صریحًا ولا کنایۃ ایں است ولم یذکر لفظًا موقعًا و در مسئلۂ ما ذکر لفظ "سون" بعلت اشارہ بسوئے جمرات علی وجہ الایقاع نیست، و زیادتِ ایں قید ضروری است، زیرا نکہ ذکر ہر لفظ طلاق برائے ایقاع نیست کما تشھد لہ فروع کثیرۃ مذکورۃ فی کتب الفقہ، ھٰذا ما ادی الیہ فھمی القصیر والعلم عند اللہ العلیم الخبیر، چوں مسئلہ

حامل اہمیت فوق العادہ است ازمواضع قابلِ اطمینان استفسار فرمایند، اقول قولی ھٰذا واستغفر اللہ العظیم،

۲۹ رجب سنہ ۱۳۹۵ھ

الجواب باسم ملہم الصواب

مذکورہ بالا دونوں تحریروں میں عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ میں غور نہ کرنے سے مغالطہ لگا ہے، ذیل میں ان دونوں تحریروں کی تنقیح اور اس کے ضمن میں عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کی توضیح کی جاتی ہے:

تنقیح تحریر اوّل

(۱) **قولہ**، ہندیہ از ارباب ترجیح است،

اقول، ہندیہ کسی مصنف کا نام نہیں جو اربابِ ترجیح میں سے ہو، نیز یہ کسی فردِ واحد کی تصنیف نہیں جس کو اربابِ ترجیح سے شمار کیا جاسکے، اسے تو علماء کی ایک جماعت نے لکھا ہے، آپ کس کس کو اربابِ ترجیح میں سے شمار کر رہے ہیں؟ نیز ہندیہ کے مصنفین کو کسی نے بھی اربابِ ترجیح میں سے نہیں لکھا، اگر لکھا ہے تو اس کی وضاحت مطلوب ہے،

(۲) **قولہ**، وپیوستہ قول راجح را اخیراً ذکر می کند چنانچہ مذکورہ بالا است،

اقول، عالمگیریہ کی پوری عبارت یہ ہے: وفی مجموع النوازل سئل شیخ الاسلام عمن ضرب امرأتہ فقال دار طلاق قال لا تطلق وسئل الامام احمد القلانسی رحمہ اللہ تعالیٰ عمن وکز امرأتہ وقال اینک یک طلاق ثم وکزھا ثانیا وقال اینک دو طلاق وکذا الثالث قال تطلق ثلاثا فشیخ الاسلام یقول سمی الضرب طلاقاً فیبطل والامام احمد یقول سمی الطلاق فیقع اھ (ھندیۃ ص ۳۸۲ ج ۱)

محولہ بالا عبارت میں سب سے پہلے احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول مذکور ہے، پھر شیخ الاسلام رحمہ اللہ تعالیٰ کا اور آخر میں پھر احمد کا قول مع وجہ ذکر کیا گیا ہے، اس لئے قول اخیر کو اگر مفتی بہ تسلیم کیا جائے تو بھی وہ احمد کا قول ہی، نہ کہ شیخ الاسلام کا قول، قول شیخ الاسلام کو درمیان میں لائے ہیں، اس لئے اصول فتویٰ کے مطابق یہ قول مفتیٰ بہ نہیں ہوسکتا، نیز احمد کے قول کو مع وجہ مؤخر ذکر کرنا اس کی ترجیح کی دلیل ہے،

(۳) **قولہ**، ونیز در ہامش لفظ وھو الاظھر ترجیح بطلان بر ایقاع طلاق است،

اقول، یہ محشی کون ہے اور اس کے اصحابِ ترجیح میں سے ہونے پر کیا دلیل ہے ؟

تنقیح تحریر ثانی

① **قولہ**، ازیں عبارت بطورِ وضوح معلوم میشود کہ عدم وقوع در صورتِ اُولیٰ بعلت عدم اضافت و وقوع در صورتِ ثانیہ بسبب وجود اضافت یعنی تاء خطاب است ،

اقول، عبارت مذکورہ واقعی اسی فرق پر مبنی ہے مگر شامیہ میں اس کی تصریح ہے کہ مفتیٰ بہ قول پر اضافت وعدمِ اضافت کا فرق غیر معتبر ہے،

② **قولہ**، قولہا طلقنی سؤال عن الطلاق الخ

اقول، جب بیوی کا سؤال عن الطلاق تعیین مرجع کے لئے قرینہ بن سکتا ہے تو شوہر کی نیت تعیین مرجع کے لئے کیوں کافی نہیں ؟ حالانکہ مرادِ متکلم میں خارجی قرائن کی بنسبت اس کی نیت کو زیادہ دخل ہے، اگر وہ نیت کا انکار کرے تو عرف اس کی تکذیب کرتا ہے، اس لئے اسکا انکار معتبر نہیں، صورت زیرِ بحث میں تو دلالۃ الحال، نیت اور عرف سب ایقاعِ طلاق پر متفق ہیں،

③ بالفرض شیخ الاسلام کے قول کو لے لیا جائے تو مابہ الفرق وہی ہے جو ہم اس سے قبل اسی سوال کے جواب میں تحریر کرچکے ہیں،

④ مسئلۂ زیرِ بحث اور ضرب والے مسئلہ میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ جب کسی سے کوئی چیز طلب کی جاتی ہے اور اس کو وہ چیز دینا منظور نہ ہو تو اس کو مار کر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لے اپنی مطلوب چیز، اس کا مقصد وہ چیز دینا نہیں ہوتا بلکہ اس کے مطالبہ کو رَد کرنا مقصد ہوتا ہے، بخلاف جمرات و احجار کے کہ اُن میں عرفاً مطالبہ کو رَد کرنا نہیں ہوتا،

⑤ جس علاقہ میں یہ رواج ہے کہ احجار و جمرات کے ذریعہ ہی طلاق دیتے ہیں وہاں آخر طلاق کی کیا صورت ہوگی ؟ مذکورہ جوابات کے مطابق تو بلوچستان میں کبھی بھی طلاق واقع نہیں ہوئی ہوگی، اور نہ ہی آئندہ کبھی ہوگی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ ربیع الآخر ۹۶ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

التّفریق

بین

التّقیید والتّعلیق

طلاق کے ایک مسئلہ میں اکابر مفتیانِ کرام کے جوابات
میں اختلاف ہوا تو بالآخر فیصلہ کے لئے سب جوابات
حضرت مؤلف دامت برکاتہم کی خدمت میں پیش کئے گئے،
نوعمری کے باوجود آپ کی نظرِ عمیق ایسے نکتہ پر پہنچی کہ
اس سے بناءِ اختلاف ہی منہدم ہوگئی،

وہ کیا ہے؟

تقیید وتعلیق کی تعریف اور انکے احکام میں فرق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

التفریق بین التقیید والتعلیق

تقیید و تعلیق میں فرق:

طلاق کا ایک مسئلہ حضرات مفتیانِ کرام میں مختلف فیہا بنا ہوا ہے، سب حضرات کے فتاویٰ جناب کی خدمت میں ارسال ہیں، اُن پر نظر فرما کر اپنی رائے عالی وقولِ فیصل تحریر فرما کر ممنون فرمائیں:

سوال: ایک شخص پہلے نکاح کے بعد دوسرا نکاح منکوحۂ اولیٰ کے غیر آباد ہونے کی وجہ سے کرنا چاہتا ہے، منکوحۂ ثانیہ کے متولیوں کو مندرجہ ذیل تحریر کا ایک وثیقہ لکھ کر دیتا ہے:۔

منکہ مسمیٰ امیر احمد ولد فلاں قوم فلاں اقرار کرتا ہوں کہ مسماۃ غلام سہارہ (منکوحۂ اُولیٰ) دختر مولوی محمد رمضان کو روبرو گواہانِ مسلماناں سہ مشروط طلاق بائن دے کر اس کے حقوقِ ازدواجی اپنے پر حرام کرتا ہوں، بشرطیکہ مسماۃ غلام سہارہ کو غلام سکینہ دختر غلام حسین (منکوحۂ ثانیہ) کی حینِ حیات تک اپنے گھر لا کر آباد کروں یا اس کے ساتھ (یعنی غلام سہارہ منکوحۂ اولیٰ) کے ساتھ گذارۂ زوجیت یا برتاؤ کروں،

العبد امیر احمد ، گواہ ۱ ، گواہ ۲

اس تحریر کے بعد کیا کوئی صورت منکوحۂ اُولیٰ کے ساتھ گذر بسر کرنے کی ہو سکتی ہے یا نہیں؟ اگر ایک دفعہ یمین منحل ہو جائے تو نکاحِ جدید کے بعد یمین باقی رہے گی یا نہ؟

اس کے جواب میں اہلِ علم حضرات کی آراء باہم مخالف ہیں جو درج ذیل ہیں، چونکہ معاملہ اہلِ علم گھرانے کا ہے اور سخت کش مکش برپا ہے، لہٰذا جب تک کسی ایک مفتی کی رائے بناء بر دلائل اکثر اہلِ علم حضرات کی تائید سے قوی تر ثابت نہ ہو جائے سُلجھاؤ مشکل ہے، لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل فتاویٰ میں غور و فکر فرمانے کے بعد اپنی تحقیق جو بھی ہو مدلل یا تائید کسی ایک کی تحریر فرما کر مشکور فرمائیں، اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ،

خلاصہ فتویٰ نمبر ۱:۔

منکوحۂ اولیٰ کی تحلیل کی صورت یہ ہے کہ عورت کو ایک طلاق رجعی یا بائن دی جائے ، بعد مرورِ عدت اس کو زوج لاکر اپنے گھر آباد کرے تو یمین منحل ہو کر سہ طلاق لغو ہو جائیں گی، بعد لغویت سہ طلاق تجدیدِ نکاح کرلی جائے، محمد نور

صدر مدرس مدرسہ سراج العلوم سرگودھا

چنانچہ وثیقہ تحریر کنندہ اسی فتویٰ پر عمل کرتے ہوئے منکوحۂ اولیٰ کے ساتھ گذر بسر کر رہا ہے، اور ثانیہ غیر آباد ہے، منکوحۂ ثانیہ کے متولیوں نے دوسرے اہلِ علم حضرات کی طرف رجوع کیا تو مندرجہ ذیل جوابات موصول ہوئے :

خلاصہ فتویٰ نمبر ۲:۔

اس صورت میں جس شرط پر تین طلاقوں کو معلق کر دیا گیا ہے وہ شرط ایسی ہے کہ اس کے غیر منکوحہ ہونے کی حالت میں وہ وقوع میں نہیں آسکتی، "گھر میں لاکر آباد کروں، یا اس کے ساتھ گذارۂ زوجیت یا برتاؤ کروں" یہ شرط صرف اسی صورت میں پائی جاسکتی ہے جبکہ مسماۃ غلام سہاڑ اس کے نکاح میں ہو، اس کو طلاق بائن یا رجعی دی جائے اور وہ نکاح سے نکل جائے، تو پھر گھر میں آباد کرنے اور گذارۂ زوجیت کی شرط کہاں پائی جاسکتی ہے ؟ لہٰذا اس کو اگر اولاً طلاق بائن دیکر ثانیہ منکوحہ بنا دینے کے بعد پھر اس کے گھر میں آباد کرایا جائے، تو چونکہ وہ تعلیقِ طلاق ابھی تک موجود ہوگی منحل نہیں ہوگی، لہٰذا وقوعِ شرط کے ساتھ ہی تین طلاقیں پڑ جائیں گی ، اور حرمت مغلظہ ثابت ہوگی، میں نے سوچا، لیکن میرے ذہن میں اب تک کوئی ایسی تدبیر سمجھ میں نہیں آئی جو کہ فقہی قوانین و قواعد کے مطابق ہو، اور حرمتِ مغلظہ سے محفوظ رہ کر اس منکوحۂ اولیٰ کو گھر میں آباد بھی کرسکے، سیاح الدین

مفتی مدرسہ اشاعۃ العلوم جامع مسجد فیصل آباد

خلاصہ فتویٰ نمبر ۳:۔

چونکہ شوہر کی شرط میں "حینِ حیات تک" کا لفظ موجود ہے اس لئے پھر دوبارہ نکاح کے بعد حینِ حیات باقی رہے گا، شرط پائی جائے گی، اور طلاق واقع ہوگی، وہ حیلہ (پہلے طلاق دیکر مرورِ عدت کے بعد گھر آباد کرنا اور پھر تجدیدِ نکاح کرلینا) اس وقت درست تھا جب کوئی لفظ ایسا نہ ہوتا، صرف ایک ہی وقت کا قصہ ہوتا، اب تو تا حیات یہی ہوگا کہ تین باتوں میں سے ایک

بھی پائی گئی تو طلاق ہوگی، جمیل احمد تھانوی

مفتی جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور

اصل وثیقہ کی تحریر اور مذکورہ بالا جوابات مفتی عطاء محمد صاحب کی خدمت میں برائے تبصرہ وتائید پیش کئے گئے تو ان کا مندرجہ ذیل جواب موصول ہوا:

فتویٰ نمبر۴:

باسمہ تعالیٰ

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ خصوصاً علیٰ خاتم الانبیاء وعلیٰ آلہ واصحابہ البررۃ التقی، امابعد! فقیر نے آپ کے تحریر کردہ مسودہ وثیقہ اور اس پر متعدد فتاوئے علماء کرام کو غور سے دیکھا ہے، فقیر کے نزدیک مفتی جمیل احمد صاحب کی رائے صحیح اور قواعد فقہیہ کے مطابق ہے، مفتی سیاح الدین صاحب کی رائے بھی اس کے قریب ہے، اور مآل میں دونوں متحد ہیں، وہ حیلہ جو کہ سراج العلوم سرگودھا کے مدرس صاحب نے لکھا ہے بے محل ہے اور غیر مفید، آپ نے مدلل تحریر کرنے کو لکھا ہے، حسب الفہم عرض ہے ملاحظہ فرمائیں:

علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے رسائل کے رسالہ ۱۳ ص ۲۹۵ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

① اعلم ان الحالف علیٰ شیٔ لابد ان یکون لہ فی الاقدام علی الیمین غرض ثم ان ذلک الغرض قد یکون نفس الفعل الذی سماہ مثل لا ادخل الدار وقد یکون ذلک الفعل المسمّٰی مع شیٔ اٰخر مثل لا اشتریہ بعشرۃ فالفعل ھو عدم الشراء بعشرۃ والغرض عدم الشراء بھا وبما فوقھا لانہ مستنقص فمرادہ الشراء بمادونھا وقد یکون الغرض امراً خارجاً عن الفعل المسمّٰی ولا یکون المسمّٰی مراداً اصلا مثل لا اضع قدمی فی دار فلان فان الفعل المحلوف علیہ ھو عدم وضع القدم والغرض المنع من الدخول مطلقاً والمسمّٰی غیر مراد حتّٰی لو وضع قدمہ ولم یدخل لم یحنث،

② ثم ان البر لا یتحقق الا بتحقق الغرض فصار حصول الغرض شرطاً للبر ومن المعلوم ان الحنث نقیض البر والحنث لا یتحقق الّا بما یفوت الغرض وھو عدم الفعل المحلوف علیہ اثباتاً او نفیاً،

③ ففی لا ادخل انما یتحقق الحنث بالدخول وفی لا ادخلن بعدمہ فاذا تحقق الفعل الذی ھو شرط الحنث وفات بہ الغرض فقد فات شرط البر

من کل وجه فتحقق الحنث المطلق المترتب علیه حکمه منه لزوم کفارة ونحوها لتحقق شرطه وهو وجود الفعل المفوت للغرض،

④ لان شرط الحنث الکامل هو وجود الفعل مع فوات الغرض،

ان قواعد مذکورۂ بالا کی رُو سے جب تحریر کردہ وثیقہ کو سمجھا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ اگرچہ ناکح نکاحِ ثانی کرتے وقت پہلی منکوحہ کے گھر لانے اور اس سے حقوقِ زوجیت برتنے پر حلف کر رہا ہے (یعنی تعلیق وقوعِ طلقات ثلاث منکوحۂ اولیٰ پر) مگر اصلی غرض اس کی یہ ہے کہ زوجۂ اولیٰ کو زوجۂ ثانیہ کے ساتھ حقوق میں شریک نہ بنائے گا، اسی غرض سے زوجۂ ثانیہ کو اس کے اطمینان کے لئے یہ تحریر کردی گئی ہے، لیکن واضح ہے کہ "گھر میں لانے" سے مراد نہ صرف ورود ہی ہے بلکہ بطور زوجیت کے پہلی منکوحہ کو آباد کرنا ہی گھر لانا ہے، اور ظاہر ہے کہ فواتِ غرض یعنی اشتراک فی حقوق الزوجیۃ "گھر لانے" اور حقوقِ زوجیت برتنے کو بتقدیر وجود زوجہ ثانیہ کے لازم ہے، بناءً علیٰ ہذا جب بھی یہ شخص زوجۂ اولیٰ کے ساتھ بموجودگی ثانیہ کے بطور زوجیت کے تعلق رکھے گا تو اس وقت فعل محلوف علیہ کے وجود کے ساتھ فواتِ غرض بھی موجود ہو جائے گی، اور حنث متحقق ہو کر زوجۂ اولیٰ پر طلاق ثلاث عائد ہوں گی، جب کہ یہ مقرر ہوا کہ حالف کے "گھر لانے" سے مراد نہ صرف ورود ہے، تو پھر تحریر شدہ تخریج میں غور کرنے سے اس حیلہ کا بے محل ہونا بھی واضح ہو سکتا ہے، واللہ تعالیٰ اعلم

حرّرہ الفقیر عطاء محمد عفی عنہ

از جامع مسجد چودھواں ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

۱۴ ؍ رجب المرجب ۱۳۸۰ھ ہجری

جواب نمبر۵:

ہمارے نزدیک مسماۃ غلام سہارہ کے آباد کرنے کی بحیات زوجۂ ثانیہ کوئی شکل و صورت صحیح نہیں ہے، جب بھی اُسے زوجۂ ثانیہ کی حیات میں لاکر آباد کرے گا چاہے مطلقہ بائنہ کر کے دوبارہ تجدید نکاح کرے تب بھی شرط کا تحقق ہو جائے گا اور تین طلاقوں سے حرام ہو جائے گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

محمد عبداللہ

مفتی خیر المدارس مُلتان

جواب نمبر ٦:

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا

ہمارے نزدیک بھی مفتی جمیل احمد صاحب و مولانا عبداللہ صاحب اور ان کے مؤیدین کا جواب صحیح ہے کہ غلام سہارہ کے آباد کرنے کی بحیثیت زوجۂ ثانیہ کوئی شکل نہیں، چونکہ زوج کی شرط میں حینِ حیات کا لفظ موجود ہے جس سے کوئی گنجائش باقی نہیں رہی، فقط واللہ اعلم بالصواب وعلمہٗ اتم واکمل،

محمد وجیہ غفرلہ

مدرس مدرسہ دار العلوم ٹنڈو اللہ یار

الجواب صحیح ظفر احمد عثمانی عفی عنہ ۳۰ ر ذیقعدہ ۱۳۷۸ھ

جواب نمبر ۷: از مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دار العلوم کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الجواب، اقول باللہ التوفیق ومنہ السداد والصواب

میرے نزدیک تینوں فتووں میں مولانا محمد نور صاحب کا فتویٰ صحیح و درست ہے، اس پر جو اشکال مولانا سیاح الدین صاحب کے فتویٰ میں کیا گیا ہے وہ اس لئے مرتفع ہے کہ جب کسی شخص کے نام کے ساتھ کوئی صفت ذکر کی جاتی ہے تو قواعدِ اصول کے مطابق اکثر احکام میں صفت ہوا ہو جاتی ہے اور معاملہ اس شخص کی ذات کے ساتھ رہتا ہے، عبارت مندرجہ میں جو تعلیق طلاق کی کی گئی ہے وہ مسماۃ غلام سہارہ کے نام پر کی گئی ہے، اس کا منکوحہ و زوجہ ہونا ایک صفت ہے، اس صفت پر مدارِ احکام اس جگہ نہیں ہوگا، بلکہ اس کے نام اور ذات کے ساتھ ہوگا، اس لئے طلاق بائن کے بعد جب اس کو اپنے گھر میں آباد کر لیا تو اگرچہ وہ اس وقت اسکی زوجہ نہیں لیکن تعلیق کی شرط پائی گئی، کیونکہ شرط تعلیق بحرف تردید دو میں سے کوئی ایک چیز ہے، اس کو گھر میں آباد کرنا، یا اس کے ساتھ گزارۂ زوجیت یا برتاؤ زوجیت کا کرنا، صورتِ مذکورہ میں اگرچہ گزارہ اور برتاؤ زوجیت کا حرام ہے، مگر اوّل تو اس تعلیق کا مدار حلال و حرام پر ہی نہیں، نفس برتاؤ زوجیت پر ہے وہ متحقق ہو گیا، ثانیاً اس کی شق اوّل یہ ہے کہ گھر میں آباد کرے وہ علاقۂ زوجیت منقطع ہو جانے کے بعد بھی جائز طور سے ہو سکتا ہے، اس لئے وہ اشکال مرتفع ہو گیا، اور مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہٗ کے فتویٰ میں جو اشکال حین حیات کے ساتھ مقید ہونے کی بناء پر کیا گیا ہے وہ بھی غور کرنے کے بعد ساقط ہو جاتا ہے، کیونکہ اس

تعلیق میں اگرچہ مدت وقوعِ طلاق کی وسیع کردی گئی ہے کہ زوجۂ ثانیہ کے حینِ حیات میں جب کبھی یہ واقعہ پیش آئے کہ زوجۂ اولیٰ کو آباد کرے تو زوجۂ اُولیٰ پر تین طلاقیں ہوجائیں گی، مگر وہ صرف ایک مرتبہ واقع ہوکر تعلیق ختم اور یمین منحل ہوجائے گی، نکاحِ جدید کے بعد دوسری مرتبہ اس پہلی تعلیق کی وجہ سے کسی قسم کی طلاق نہ ہوگی، کیونکہ تعلیق مذکور میں مدت کی توسیع ہے مرّات کی نہیں، یعنی اس میں یہ نہیں کہ اس کے حینِ حیات جب کبھی یا جتنی مرتبہ آباد کیا جائے گا ہر مرتبہ طلاق واقع ہوگی، کما یستفاد من کلام العالمگیریۃ نقلاً عن الجوھرۃ، ان قال لھا طلقی متی شئت فلھا ان تطلقھا فی المجلس وبعدہ ولھا المشیئۃ مرّۃ واحدۃ وکذا قولہ متی ما شئت واذا ما شئت ولو قال کلما شئت کان ذٰلک لھا ابدًا حتی یقع ثلاث (عالمگیریۃ فصل المشیئۃ ص ۷۸ ج ۲)

مذکورہ عبارت میں اس فرق کو واضح کردیا گیا ہے کہ تعلیقات وغیرہ میں وقت اور زمانہ کی توسیع الگ چیز ہے اور مرّۃً بعد مرّۃٍ (یکے بعد دیگرے) چند بار کرنے کی توسیع علیحدہ ہے، وہ کلما یا اس کے ہم معنی لفظ سے حاصل ہوتی ہے، تعلیق مندرجہ سوال میں کوئی لفظ ایسا نہیں جس سے مرّۃً بعد مرّۃ کی اجازت اور وسعت مفہوم ہو، اس لئے پہلی مرتبہ جب زوجۂ اولیٰ کو اپنے گھر میں آباد کرلے گا تعلیق ختم ہوجائے گی، اور یہ آبادی اگر طلاق بائن کے بعد ہو تو وقوعِ شرط کے وقت وہ محلِ طلاق نہ رہے گی، اس لئے طلاق ثلاث نہیں پڑیں گی، اور نکاحِ جدید کے بعد تعلیق ختم ہوچکے گی، اس کی وجہ سے پھر کوئی طلاق عائد نہ ہوگی، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم،

محمد شفیع عفا اللہ عنہ

دار العلوم کراچی

۱۲ رذی الحجہ ۱۳۷۸ھ

اس سے قبل مفتی محمد شفیع صاحب سرگودھا والے اور ان کے فرزند نائب مفتی احمد سعید صاحب نے بھی اولاً حیلہ کو مفید مان کر جواب تحریر فرمایا تھا، مگر دیگر علماء کے فتاوی خصوصاً مفتی سیاح الدین صاحب، مولانا جمیل احمد صاحب، مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی ٹنڈوالہیار اور مفتی عطاء محمد صاحب و مفتی محمد عبد اللہ صاحب خیر المدارس ملتان وغیرہم کے اُن کی خدمت میں بھیجے گئے تو انھوں نے رجوع فرماتے ہوئے مذکورہ بالا حضرات کی تائید فرمائی،

التفریق ———— ۷

الجواب ومنه الصدق والصواب

اقول وباللہ التوفیق وبیدہ ازمۃ التحقیق مستفتحًا بسبحانک لاعلم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم، حضرات محررین میں سے اگر کسی کی توجہ اس طرف منعطف ہوجاتی کہ وثیقہ محررہ میں تعلیق بالشرط نہیں بلکہ تقیید بالشرط ہے، تو اس قدر تطویل مضمون اور علماء کے درمیان طویل تحریری مباحثات کی نوبت ہی نہ آتی، طلاق کو مقید بالشرط کرنے کی صورت میں طلاق منجزاً واقع ہوجاتی ہے اور شرط باطل ہوتی ہے، قال فی التنویر وما لا یبطل بالشرط الفاسد القرض والهبة والصدقة والنکاح والطلاق، وفی العلائیۃ یصح (الی ان قال) ویبطل الشرط، وفی الشامیۃ (قوله والطلاق) کطلقتک علی ان لا تتزوجی غیری بحر (رد المحتار کتاب البیوع ج ۴ ص ۲۵۵) وایضًا فی الطلاق منها معزیًا الی البحر ولو قال انت طالق علی دخولک الدار ان قبلت یقع والا فلا، لانه استعمل الدخول استعمال الاعواض فکان الشرط قبول العوض لا وجوده کما لو قال انت طالق علی ان تعطینی الف درهم اھ (رد المحتار کتاب الطلاق ج ۲ ص ۵۴۲) چونکہ "علیٰ" عوض کے لئے بھی مستعمل ہے اس لئے طلاق قبول زوجہ پر موقوف ہوگی، کما ھو شأن الاعواض، ورنہ محض تقیید تنجیز سے مانع نہیں،

تعلیق و تقیید میں فرق عنایہ میں اس طرح تحریر ہے تحت (قوله والابراء مما یتقید بالشرط وان کان لا یحتمل التعلیق به) انهما متغایران لفظاً ومعنیً، اما لفظاً فهو ان التقیید بالشرط لا یستعمل فیه لفظ الشرط صریحًا ای اداۃ الشرط ان واخواتها کما سیجئ، والتعلیق به یستعمل فیه ذلک واما معنیً فلان فی التقیید به الحکم ثابت فی الحال علی عرضیۃ ان یزول ان لم یوجد الشرط و فی التعلیق به الحکم غیر ثابت فی الحال وهو بعرضیۃ ان یثبت عند وجود الشرط (عنایۃ مع الفتح ج ۷ ص ۴۴ باب الصلح فی الدین)

وفی بیوع الشامیۃ قبل باب الصرف تحت عنوان (ما یبطل بالشرط الفاسد ولا یصح تعلیقه به) والتعلیق ربط حصول مضمون جملۃ بحصول مضمون جملۃ اُخریٰ وتقدم الکلام علیه فی کتاب الطلاق ومثال الشرط الفاسد بعتک بشرط کذا ومثال التعلیق بعتک ان رضی فلان وفی حاشیۃ الاشباہ للحموی عن

قواعد الزرکشی الفرق بین التعلیق والشرط ان التعلیق داخل فی اصل الفعل بان و نحوها والشرط ماجزم فیہ باصل الفعل او یقال التعلیق ترتیب امر لم یوجد علی امر لم یوجد بان او احدی اخواتها والشرط التزام امر لم یوجد فی امر لم یوجد بصیغۃ مخصوصۃ اھ (رد المحتار ج ۴ ص ۲۴۷)

٣٨ – الإنصاف طبع بمطبعة السنة المحمدية عام ١٣٧٧هـ .

٣٩ – مجموع فتاوى شيخ الإسلام .

٤٠ – زاد المعاد طبع مطبعة أنصار السنة المحمدية .

٤١ – أعلام الموقعين الطبعة المنيرية .

٤٢ – إغاثة اللهفان طبعة حلبية عام ١٣٥٧هـ .

٤٣ – مسودة آل تيمية .

٤٤ – سير الحاث إلى علم الطلاق الثلاث ليوسف بن حسن بن عبد الرحمن بن عبد الهادي طبعه محمد نصيف ضمن مجموعة رأس الحسين .

المحلى لابن حزم الطبعة الأولى .

التجريد في أسماء الصحابة للذهبي الطبعة الأولى في مطبعة دائرة المعارف النظامية بحيدرآباد الدكن .

الناسخ والمنسوخ لابن النحاس الطبعة الأولى .

× × ×

القـــرار

بعد الأطلاع على البحث المقدم من الأمانة العامة لهيئة كبار العلماء والمعد من قبل اللجنة الدائمة للبحوث والإفتاء في موضوع «الطلاق الثلاث بلفظ واحد».

وبعد دراسة المسألة وتداول الرأي واستعراض الأقوال التي قيلت فيها ومناقشة ما على كل قول من إيراد توصل المجلس بأكثريته إلى اختيار القول بوقوع الطلاق الثلاث بلفظ واحد ثلاثاً، وذلك لأمور أهمها ما يلي:

أولاً لقوله تعالى (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ).[1] إلى قوله تعالى: (وَتِلْكَ حُدُودُ اللهِ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ لا تَدْرِي لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَلِكَ أَمْراً).[2] فإن الطلاق الذي شرعه الله هو ما يتعقبه عدة وما كان صاحبه مخيراً بين الإمساك بمعروف — والتسريح بإحسان، وهذا منتف في إيقاع الثلاث في العدة قبل الرجعة فلم يكن طلاقاً للعدة وفي فحوى هذه الآية دلالة على وقوع الطلاق لغير العدة إذ لو لم يقع لم يكن ظالماً لنفسه بإيقاعه لغير العدة

(١) الآية الكريمة من سورة الطلاق : ١ .
(٢) الآية الكريمة من سورة الطلاق : ٢ .

ولم يسد الباب أمامه حتى يحتاج إلى المخرج الذي أشارت إليه الآية الكريمة (وَمَنْ يتقِ اللهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجاً)[1] وهو الرجعة حسبما تأوله ابن عباس — رضي الله عنه — حين قال للسائل الذي سأله وقد طلق ثلاثاً. أن الله تعالى يقول : (وَمَنْ يتقِ اللهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجاً) وإنك لم تتق الله فلم أجد لك مخرجاً عصيت ربك وبانت منك امرأتك .

ولا خلاف في أن من لم يطلق للعدة بأن طلق ثلاثاً مثلاً فقد ظلم نفسه فعلى القول بأنه إذا طلق ثلاثاً فلا يقع من طلاقه إلاّ واحدة فما هي التقوى التي بالتزامها يكون المخرج واليسر وما هي عقوبة هذا الظالم نفسه المتعدي لحدود الله حيث طلق بغير العدة فلقد جعل الشارع على من قال قولاً منكراً لا يترتب عليه مقتضى قوله المنكر عقوبة له على ذلك كعقوبة المظاهر من امرأته بكفارة الظهار فظهر والله أعلم أن الله تعالى عاقب من طلق ثلاثاً بإنفاذها عليه وسد المخرج أمامه حيث لم يتق الله فظلم نفسه وتعدى حدود الله .

ثانيا

ما في الصحيحين عن عائشة — رضي الله عنها — أن رجلاً طلق امرأته ثلاثاً فتزوجت فطلقت فسُئل النبيُ — صلى الله عليه وسلم — أتحلُ للأول؟ قال : « لا حتى يذوقَ عُسيلتَها كما ذاق الأول». فقد ذكره البخاري رحمه الله تحت ترجمة « باب من أجاز الطلاق ثلاثاً » واعترض على الاستدلال به بأنه مختصر من قصة رفاعة بن وهب التي جاء في بعض رواياتها عند مسلم أنها طلقها زوجها آخر ثلاث تطليقات ، ورد الحافظ بن حجر — رحمه الله — الاعتراض ، بأن غير رفاعة قد وقع له مع امرأته نظير ما وقع لرفاعة فلا مانع من التعدد. فإن كلا من رفاعة القرظي ورفاعة النضري وقع له مع زوجة له طلاق فتزوج كلا منهما عبد الرحمن بن الزبير فطلقها قبل أن يمسها ثم قال : وبهذا يتبين خطأ من وحد بينهما ظناً منه أن رفاعة بن سموءل هو رفاعة بن وهب . اهـ .

وعند مقابلة هذا الحديث بحديث ابن عباس الذي رواه عنه طاوس « كان الطلاقُ على عهد رسول الله — صلى الله عليه وسلم — وأبي بكر وصدر من خلافة عمر طلاق الثلاث واحدة الخ فإن الحال لا تخلو من أمرين : إما أن يكون معنى الثلاث في حديث عائشة وحديث طاوس أنها مجتمعة أو متفرقة . فإن كانت مجتمعة فحديث عائشة متفق عليه فهو أولى بالتقديم وفيه التصريح بأن تلك الثلاث تحرمها ولا تحل إلاّ بعد زوج ، وإن كانت متفرقة فلا حجة في حديث طاوس على محل النزاع في وقوع الثلاث بلفظ واحد واحدة . وأما اعتبار الثلاث في حديث عائشة مفرقة وفي حديث طاوس مجتمعة فلا وجه له ولا دليل عليه .

---

(۲) الآية الكريمة من سورة الطلاق : ۲ .

ثالثا

لما وجه به بعض أهل العلم كابن قدامه – رحمه الله – حيث يقول: ولأن النكاح ملك يصح إزالته متفرقاً فصح مجتمعاً كسائر الأملاك. والقرطبي – رحمه الله – حيث يقول: وحجة الجمهور من جهة اللزوم من حيث النظر ظاهرة جداً وهو أن المطلقة ثلاثاً لا تحل للمطلق حتى تنكح زوجاً غيره، ولا فرق بين مجموعها ومفرقها لغة وشرعاً وما يتخيل من الفرق صوري ألغاه الشارع اتفاقاً في النكاح والعتق والأقارير. فلو قال المولى أنكحتك هؤلاء الثلاث في كلمة واحدة انعقد كما لو قال أنكحتك هذه وهذه وهذه، وكذلك في العتق والإقرار وغير ذلك من الأحكام. أهـ، وغاية ما يمكن أن يتجه على المطلق بالثلاث لومه على الإسراف برفع نفاذ تصرفه.

رابعا

لما أجمع عليه أهل العلم إلا من شذ في إيقاع الطلاق من الهازل استناداً إلى حديث أبي هريرة وغيره مما تلقته الأمة بالقبول، من أن ثلاثاً جدهن جد وهزلهن جد: الطلاق والنكاح والرجعة. ولأن قلب الهازل بالطلاق عمد ذكره كما ذكر ذلك شيخ الإسلام ابن تيمية – رحمه الله في تعليله القول بوقوع الطلاق من الهازل حيث قال: ومن قال لا لغو في الطلاق فلا حجة معه بل عليه لأنه لو سبق لسانه بذكر الطلاق من غير عمد القلب لم يقع به وفاقاً وأما إذا قصد اللفظ به هازلاً فقد عمد قلبه ذكره. أهـ. فإن ما زاد على الواحدة لا يخرج عن مسمى الطلاق بل هو من صريحه، واعتبار الثلاث واحدة إعمال لبعض عدده دون باقيه بلا مسوغ، اللهم إلا أن يكون المستند في ذلك حديث ابن عباس ويأتي الجواب عنه إن شاءالله

خامسا

إن القول بوقوع الثلاث ثلاثاً قول أكثر أهل العلم فلقد أخذ به عمر وعثمان وعلي والعبادلة ابن عباس وابن عمر وابن عمرو وابن مسعود وغيرهم من أصحاب رسول الله – صلى الله عليه وسلم – وقال به الأئمة الأربعة: أبو حنيفة ومالك والشافعي وأحمد وابن أبي ليلى والأوزاعي وذكر ابن عبد الهادي عن ابن رجب – رحمه الله – بقوله: اعلم أنه لم يثبت عن أحد من الصحابة ولا من التابعين ولا من أئمة السلف المعتد بقولهم في الفتاوى في الحلال والحرام شيء صريح في أن الطلاق الثلاث بعد الدخول يحسب واحدة إذا سبق بلفظ واحد. أهـ وقال شيخ الإسلام ابن تيمية في معرض بحثه الأقوال في ذلك: الثاني – أنه طلاق محرم ولازم وهو قول مالك وأبي حنيفة وأحمد في الرواية المتأخرة عنه، اختارها أكثر أصحابه وهذا القول منقول عن كثير من السلف من الصحابة والتابعين. أهـ وقال ابن القيم: واختلف الناس فيها، أي في وقوع الثلاث بكلمة واحدة – على أربعة مذاهب أحدها: أنه يقع وهذا قول الأئمة الأربعة وجمهور التابعين وكثير من الصحابة. أهـ وقال القرطبي: قال علماؤنا – واتفق أئمة الفتوى على لزوم إيقاع الطلاق الثلاث في كلمة واحدة وهو قول جمهور السلف.

وقال ابن العربي في كتابه الناسخ والمنسوخ ونقله عنه ابن القيم — رحمه الله — في تهذيب السنن : قال تعالى : (الطَّلاقُ مَرَّتَانِ) [1] زل قوم في آخر الزمان فقالوا إن الطلاق الثلاث في كلمة واحدة لا يلزم . وجعلوه واحدة ونسبوه إلى السلف الأول فحكوه عن علي والزبير وعبد الرحمن بن عوف وابن مسعود وابن عباس ، وعزوه إلى الحجاج ابن أرطاة الضعيف المنزلة والمغموز المرتبة ورووا في ذلك حديثاً ليس له أصل — إلى أن قال : وما نسبوه إلى الصحابة كذب بحت لا أصل له في كتاب ولا رواية له عن أحد — إلى أن قال : وأما حديث الحجاج بن أرطاة فغير مقبول في الملة ولا عند أحد من الأئمة . أهـ .

سادساً لتوجه الإيرادات على حديث ابن عباس — رضي الله عنه — كان الطلاقُ على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وخلافةِ أبي بكرٍ وصدرٍ من خلافةِ عمرَ طلاقُ الثلاثِ واحدةً إلى آخر الحديث مما يضعف الأخذ به والاحتجاج بما يدل عليه . فإنه يمكن أن يجاب عنه بما يلي :

■ — ما قيل من أن الحديث مضطرب سنداً ومتناً أما اضطراب سنده فلروايته تارة عن طاوس عن ابن عباس وتارة عن طاوس عن أبي الصهباء عن ابن عباس وتارة عن أبي الجوزاء عن ابن عباس ، وأما اضطراب متنه فإن أبا الصهباء تارة يقول : ألم تعلم أن الرجل كان إذا طلق امرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها جعلوها واحدة . وتارة يقول : ألم تعلم أنَّ الطلاقَ الثلاثَ كان على عهد رسول الله — صلى الله عليه وسلم — وأبي بكرٍ وصدر من خلافةِ عمرَ واحدةً .

■ — قد تفرد به عن ابن عباس طاوس وطاوس متكلم فيه من حيث روايته المناكير عن ابن عباس قال القاضي اسماعيل في كتابه (أحكام القرآن) طاوس مع فضله وصلاحه يروي أشياء منكرة منها هذا الحديث . وعن أيوب أنه كان يعجب من كثرة خطأ طاوس . وقال ابن عبد البر شذ طاوس في هذا الحديث . وقال ابن رجب وكان علماء أهل مكة ينكرون على طاوس ما ينفرد به من شواذ الأقاويل . ونقل القرطبي عن ابن عبد البر أنه قال : رواية طاوس وهم وغلط لم يعرج عليها أحد من فقهاء الأمصار بالحجاز والشام والمغرب .

■ — ما ذكره بعض أهل العلم من أن الحديث شاذ من طريقين : أحدهما تفرد طاوس بروايته وأنه لم يتابع عليه . قال الإمام أحمد في رواية ابن منصور : كل أصحاب ابن عباس

(١) الآية الكريمة من سورة البقرة : ٢٢٩ .

رووا عنه خلاف ما روى طاوس . وقال الجوزجاني هو حديث شاذ : وقال ابن رجب ونقله عنه ابن عبد الهادي : وقد عنيت بهذا الحديث في قديم الدهر فلم أجد له أصلاً .

الثاني ما ذكره البيهقي فإنه ساق الروايات عن ابن عباس بلزوم الثلاث ثم نقل عن ابن المنذر أنه لا يظن بابن عباس أنه يحفظ عن النبي — صلى الله عليه وسلم — شيئاً ويفتي بخلافه ، وقال ابن التركماني وطاوس يقول إن أبا الصهباء مولاه سأله عن ذلك ولا يصح ذلك عن ابن عباس لرواية الثقات عنه خلافه ، ولو صح عنه ما كان قوله حجة على من هو من الصحابة أجل وأعلم منه وهم عمر وعثمان وعلي وابن مسعود وابن عمر وغيرهم . أه .

فلما في هذا الحديث من الشذوذ فقد أعرض عنه الشيخان الجليلان أبو عبدالله أحمد بن حنبل فقد قال للأثرم وابن منصور بأنه رفض حديث ابن عباس قصداً لأنه يرى عدم الإحتجاج به في لزوم الثلاث بلفظ واحد ، لرواية الحفاظ عن ابن عباس ما يخالف ذلك ، والإمام محمد بن اسماعيل البخاري ذكر عنه البيهقي أنه ترك الحديث عمداً لذلك الموجب الذي تركه من أجله الإمام أحمد ولا شك أنهما لم يتركاه إلاّ لموجب يقتضي ذلك .

■ — إن حديث ابن عباس يتحدث عن حالة اجتماعية مفروض فيها أن تكون معلومة لدى جمهور معاصريها ، وتوفر الدواعي لنقلها بطرق متعددة مما لا ينبغي أن يكون موضع خلاف ، ومع هذا لم تنقل إلاّ بطريق آحادي عن ابن عباس فقط ولم يروها عن ابن عباس غير طاوس الذي قيل عنه بأنه يروي المناكير . ولا يخفى ما عليه جماهير علماء الأصول من أن خبر الآحاد إذا كانت الدواعي لنقله متوفرة ولم ينقله إلاّ واحد ونحوه أن ذلك يدل على عدم صحته . فقد قال صاحب جمع الجوامع عطفاً على ما يجزم فيه بعدم صحة الخبر : والمنقول آحاداً فيما تتوفر الدواعي إلى نقله خلافاً للرافضة . أه وقال ابن الحاجب في مختصره الأصولي : إذا انفرد واحد فيما تتوفر الدواعي إلى نقله وقد شاركه خلق كثير كما لو انفرد واحد بقتل خطيب على المنبر في مدينة فهو كاذب قطعاً خلافاً للشيعة . أه .

فلا شك أن الدواعي إلى نقل ما كان عليه رسول الله — صلى الله عليه وسلم — والمسلمون بعده في خلافة أبي بكر وصدر من خلافة عمر من أن الطلاق الثلاث كانت تجعل واحدة متوفرة توافراً لا يمكن إنكاره . ولا شك أن سكوت جميع الصحابة عنه حيث لم ينقل عنهم حرف واحد في ذلك غير ابن عباس يدل دلالة واضحة على أحد أمرين : إما أن المقصود بحديث ابن عباس ليس معناه بلفظ واحد، بل بثلاثة ألفاظ في وقت واحد ، وإما أن الحديث غير صحيح لنقله آحاداً مع توفر الدواعي لنقله .

■ — ما عليه ابن عباس — رضي الله عنه — من التقى والصلاح والعلم والاستقامة والتقيد بالاقتداء

والقوة في الصدع بكلمة الحق التي يراها ، يمنع القول بانقياده إلى ما أمر به عمر – رضي الله عنه – من إمضاء الثلاث والحال أنه يعرف حكم الطلاق الثلاث في عهد رسول الله – صلى الله عليه وسلم – وأبي بكر وصدر من خلافة عمر من أنه يجعل واحدة

فلا يخفى خلافه مع عمر رضي الله عنهما في متعة الحج وبيع الدينار بالدينارين وفي بيع أمهات الأولاد وغيرها من مسائل الخلاف فكيف يوافقه في شيء يروى عن النبي – صلى الله عليه وسلم – فيه خلافه ، وإلى قوته – رضي الله عنه – في الصدع بكلمة الحق التي يراها ، تشير كلمته المشهورة في مخالفته عمر في متعة الحج زهي قوله : يوشك أن تنزل عليكم حجارةٌ من السماء أقولُ قال رسولُ الله وتقولون قال أبو بكر وعمر .

و – على فرض صحة حديث ابن عباس فإن ما عليه أصحاب رسول الله – صلى الله عليه وسلم – من التقى والصلاح والاستقامة وتمام الاقتداء بما عليه الحال المعتبرة شرعاً في عهد رسول الله – صلى الله عليه وسلم – وأبي بكر وصدر من خلافة عمر يمنع القول بانقيادهم إلى أمر عمر – رضي الله عنه – في إمضاء الثلاث ، والحال أنهم يعرفون ما كان عليه أمر الطلاق الثلاث في ذلك العهد . ومع هذا فلم يثبت بسند صحيح أن أحداً منهم أفتى بمقتضى ما عليه الأمر في عهد رسول الله – صلى الله عليه وسلم – وأبي بكر وصدر من خلافة عمر حسبما ذكره ابن عباس في حديثه .

ز – ما في حديث ابن عباس من الدلالة على أن عمر أمضى الثلاث عقوبة للناس لأنهم قد استعجلوا أمراً كان لهم فيه أناة ، وهذا مشكل ووجه الإشكال كيف يقرر عمر – رضي الله عنه – وهو هو تقى وصلاحاً وعلماً وفقهاً – بمثل هذه العقوبة التي لا تقتصر آثارها على من استحقها وإنما تتجاوزه إلى طرف آخر ليس له نصيب في الإجرام ، ونعني بالطرف الآخر الزوجات حيث يترتب عليها إحلال فرج حرام على طرف ثالث ، وتحريم فرج حلال بمقتضى عقد الزواج ، وحقوق الرجعة ، مما يدل على أن حديث طاوس عن ابن عباس فيه نظر ، وصلى الله على محمد وعلى آله وصحبه وسلم .

× × ×

وجهة نظر المخالفين

نرى أن الطلاق الثلاث بلفظ واحد طلقة واحدة ، وقد سبقنا إلى القول بهذا ابن عباس في رواية صحيحة ثابتة عنه ، وأفتى به الزبير بن العوام وعبد الرحمن بن عوف وعلي بن أبي طالب وعبدالله بن مسعود من الصحابة في رواية عنهم وأفتى به عكرمة وطاوس وغيرهما من التابعين وأفتى به ممن بعدهم محمد بن اسحاق وخلاس ابن عمرو والحارث العكلي، والمجد بن تيمية، وشيخ الإسلام أحمد بن عبد الحليم بن تيمية، وتلميذه شمس الدين ابن القيم وغيرهم . . وقد استدل على ذلك بما يأتي :

الدليل الأول

قوله تعالى : (الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ)[1] وبيانه : أن الطلاق الذي شرع للزوج فيه الخيار بين أن يسترجع زوجته أو يتركها بلا رجعة حتى تنقضي عدتها فتبين منه — مرتان مرة بعد مرة ، سواء طلق في كل مرة منهما طلقة أو ثلاثاً مجموعة ، لأن الله تعالى قال : (مَرَّتَانِ) : ولم يقل طلقتان، ثم قال تعالى في الآية التي تليها : (فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ)[2] فحكم بأن زوجته تحرم عليه بتطليقه إياها المرة الثالثة حتى تنكح زوجاً غيره ، سواء نطق في المرة الثالثة بطلقة واحدة أم بثلاث مجموعة ، فدل على أن الطلاق شرع مفرقاً على ثلاث مرات ، فإذا نطق بثلاث في لفظ واحد كان مرة واعتبر واحده .

الدليل الثاني

ما رواه مسلم في صحيحه من طريق طاوس عن ابن عباس — رضي الله عنه — قال : كان الطلاقُ الثلاثُ على عهد رسول الله — صلى الله عليه وسلم — وأبي بكرٍ وسنتين من خلافة عمر طلاقُ الثلاثِ واحدةً ، فقال عمر رضي الله عنه : إنَّ الناس قد استعجلوا في أمرٍ كانت لهم فيه أناةٌ ، فلو أمضيناه عليهم ، فأمضاه عليهم » وفي صحيح مسلم أيضاً عن طاوس عن ابن عباس أن أبا الصهباء قال لابن عباس هاتِ من هناتك، ألم يكن الطلاقُ الثلاثُ على عهدِ رسول الله — صلى الله تعالى عليه وسلم — وأبي بكرٍ واحدةً ، قال : قد كان ذلك ، فلما كان في عهد عمر تتابع الناسُ في الطلاقِ فأجازه عليهم » . فهذا الحديث واضح الدلالة على اعتبار الطلاق الثلاث بلفظ واحد طلقة واحدة وعلى أنه لم ينسخ لاستمرار العمل به في عهد أبي بكر وسنتين من خلافة عمر ، ولأن عمر علل إمضاءه ثلاثاً بقوله : « إن الناس قد استعجلوا في أمر كانت لهم فيه أناة » ولم يدع النسخ ولم يعلل الإمضاء به ، ولا بظهوره بعد خفائه ، ولأن عمر استشار الصحابة في إمضائه ثلاثاً ، وما كان عمر ليستشير أصحابه في العدول عن العمل بحديث علم أو ظهر له أنه منسوخ . . وما أجيب به عن حديث ابن عباس فهو إما تأويل متكلف ، وحمل للفظه على

(١) الآية الكريمة من سورة البقرة : ٢٢٩ .
(٢) الآية الكريمة من سورة البقرة : ٢٣٠ .

خلاف ظاهره بلا دليل ، وإما طعن فيه بالشذوذ والاضطراب وضعف طاوس ، وهذا مردود بأن مسلماً رواه في صحيحه وقد اشترط ألاّ يروى في كتابه إلاّ الصحيح من الأحاديث . ثم إن الطاعنين فيه قد احتجوا بقول عمر في آخره « إن الناس قد استعجلوا في أمر كانت لهم فيه أناة فلو أمضيناه عليهم ، فأمضاه عليهم » فكيف يكون آخره حجة مقبولة ويكون صدره مردوداً لاضطرابه وضعف راويه ، وأبعد من هذا ما ادعاه بعضهم من أن العمل كان جارياً على عهد النبي — صلى الله تعالى عليه وسلم — بجعل الطلاق الثلاث واحده لكنه صلى الله عليه وسلم — لم يعلم بذلك . إذ كيف تصح هذه الدعوى والقرآن ينزل والوحي مستمر ، وكيف تستمر الأمة على العمل بالخطأ في عهده وعهد أبي بكر وسنتين أو ثلاث من خلافة عمر ، وكيف يعتذر عمر في عدوله عن ذلك إلى إمضائه عليهم بما ذكر في الحديث من استعجال الناس في أمر كانت لهم فيه أناة ، ومن الأمور الواهية التي حاولوا بها رد الحديث معارضته بفتوى ابن عباس على خلافه ، ومن المعلوم عند علماء الحديث وجمهور الفقهاء أن العبرة بما رواه الراوي متى صحت الرواية لا برأيه وفتواه بخلافه لأمور كثيرة استندوا إليها في ذلك ، وجمهور من يقول بأن الطلاق الثلاث بلفظ واحد يعتبر ثلاثاً يقولون بهذه القاعدة ، ويبنون عليها الكثير من الفروع الفقهية وقد عارضوا الحديث أيضاً بما ادعوه من الإجماع على خلافه بعد سنتين من خلافة عمر — رضي الله عنه — مع العلم بأنه قد ثبت الخلاف في اعتبار الثلاث بلفظ واحد ثلاثاً واعتباره واحدة بين السلف والخلف ، واستمر إلى يومنا ، ولا يصح الاستدلال على اعتبار الطلاق الثلاث بلفظ واحد ثلاثاً بحديث عائشة — رضي الله تعالى عنها — في تحريم الرسول — صلى الله تعالى عليه وسلم — زوجة رفاعة القرظي عليه حتى تنكح زوجاً غيره لتطليقه إياها ثلاثاً ، لأنه ثبت أنه طلقها آخر ثلاث تطليقات ، كما رواه مسلم في صحيحه فكان الطلاق مفرقاً ولم يثبت أن رفاعة بن وهب النضري جرى له مع زوجته مثل ما جرى لرفاعة القرظي حتى يقال بتعدد القصة ، وأن إحداهما كان الطلاق فيها ثلاثة مجموعة ولم يحكم ابن حجر بتعدد القصة بل قال : إن كان محفوظاً — يعني حديث رفاعة النضري — فالواضح تعدد القصة ، واستشكل ابن حجر تعدد القصة في كتابه الإصابة حيث قال : لكن المشكل اتحاد اسم الزوج الثاني عبد الرحمن بن الزبير .

الدليل الثالث ما رواه الإمام أحمد في مسنده ، قال : حدثنا سعد بن ابراهيم حدثنا أبي عن محمد ابن إسحاق . قال حدثني داود بن الحصين عن عكرمة مولى ابن عباس ، عن ابن عباس قال : طلق رُكانة بن عبد يزيد — أخو بني المطلب — امرأته ثلاثاً في مجلس واحد ، فحزن عليها حزناً شديداً ، قال : فسأله رسول الله — صلى الله تعالى عليه وسلم — : « كَيْفَ طَلَّقْتَهَا » ، قال : طلقتها ثلاثاً قال : فقال : « فِي مَجْلِسٍ وَاحِدٍ » قال : نعم ، فقال : « فَإِنَّمَا تِلْكَ وَاحِدَةٌ فَارْجِعْهَا إِنْ شِئْتَ » ، قال : فراجعها ، قال : فكان ابن عباس يرى أن الطلاق عند كل طهر قال ابن القيم في كتابه أعلام الموقعين : « وقد صحح الإمام أحمد هذا الإسناد وحسنه » ، وضعف أحمد وأبو عبيد والبخاري ما روى من أن ركانة طلق زوجته بلفظ — البتة .

الدليل الرابع بالإجماع ، وبينه ابن تيمية وابن القيم وغيرهما بأن الأمر لم يزل على اعتبار الثلاث بلفظ واحد طلقة واحدة في عهد أبي بكر وسنتين أو ثلاث من خلافة عمر ، وأن ما روى عن الصحابة من الفتوى بخلاف ذلك فإنما كان من بعضهم بعدما أمضاه عمر ثلاثاً تعزيراً وعقوبة ، لما استعجلوا أمراً كان لهم فيه أناة ، ولم يُرِد عمر بإمضاء الثلاث أن يجعل ذلك شرعاً كلياً مستمراً وإنما أراد أن يلزم به ما

ما دامت الدواعي التي دعت إليه قائمة كما هو الشأن في الفتاوى التي تتغير بتغير الظروف والأحوال وللإمام أن يعزر الرعية عند إساءة التصرف في الأمور التي لهم فيها الخيار بين الفعل والترك بقصرهم على بعضها ومنعهم من غيره ، كما منع النبي - صلى الله عليه وسلم - الثلاثة الذين خلفوا من زوجاتهم مدة من الزمن عقوبة لهم على تخلفهم عن غزوة تبوك مع أن زوجاتهم لم يسئن ، وكالزيادة في عقوبة شرب الخمر ، وتحديد الأسعار عند استغلال التجار مثلاً للظروف وتواطئهم على رفع الأسعار دون مسوغ شرعي إقامة للعدل ، وفي معنى هذا تنظيم المرور ، فإن فيه منع الناس من المرور في طرق قد كان مباحاً لهم السير فيها من قبل محافظة على النفوس والأموال ، وتيسيراً للسير مع أمن وسلام .

الدليل الخامس قياس الطلاق الثلاث على شهادات اللعان ، قالوا كما لا يعتبر قول الزوج في اللعان : أشهد بالله أربع شهادات أني رأيتها تزني إلا شهادة واحدة لا أربعاً ، فكذا لو قال لزوجته : أنت طالق ثلاثاً لا يعتبر إلا طلقة واحدة لا ثلاثاً ، ولو قال : أقر بالزنا أربعاً مكتفياً بذكر اسم العدد عن تكرار الإقرار لم يعتبر إلا واحدة عند من اعتبر التكرار في الإقرار . فكذا لو قال لزوجته : أنت طالق ثلاثاً مكتفياً باسم العدد عن تكرار الطلاق لم يعتبر إلا واحدة ، وهكذا كل ما يعتبر فيه تكرار القول لا يكفي فيه عن التكرار ذكر اسم العدد كالتسبيح والتحميد والتكبير عقب الصلوات المكتوبة ، والله ولي التوفيق ، وصلى الله على نبينا محمد وآله وسلم . . .

حرر في ۱۲/۱۱/۹۳ ھ

باب الایلاء

بیوی سے چار ماہ تک بات نہ کی:

سوال: زید نے غصہ کے اندر اپنی زوجہ سے چار پانچ ماہ تک بات نہیں کی مگر نان نفقہ دیتا رہا تو ایلاء ہوا یا نہیں؟ اور کسی قسم کی طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس صورت میں ایلاء نہیں ہوا، اور کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، البتہ اگر زید نے قسم کھائی کہ چار ماہ یا زیادہ مدت تک بیوی کے پاس نہیں جائے گا یا اور کوئی ایسا لفظ کہا جو صیغۂ ایلاء صریح یا کنایہ بننے کی صلاحیت رکھتا ہو، یعنی اس سے حرمتِ جماع مفہوم ہو، یا بیوی کے ساتھ صحبت کو کسی ایسے فعل کے ساتھ معلق کیا جس میں مشقت ہے، مثلاً یوں کہا کہ "اس سے صحبت کر دوں تو اس کو طلاق" تو یہ ایلاء ہے، اس صورت میں چار ماہ تک صحبت نہ کرنے سے طلاق بائن واقع ہو جائیگی۔

قال فی التنویر هو الحلف علی ترك قربانها (الی قوله) وحکمه وقوع طلقة بائنة ان بر والکفارة او الجزاء ان حنث واقلها للحرة اربعة اشهر الخ (رد المحتار ص ۵۹۳ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

یوم العرفۃ ۸۳ھ

جبتک بیوی کے گھر والے معافی نہ مانگیں وہ حرام ہے:

سوال: زید شافعی العقیدہ ہے، اس نے اپنی بیوی ہندہ سے کہا جو حنفی العقیدہ ہے "آج سے میرا اور تمہارا میاں بیوی کا تعلق ختم ہوا، اور اس وقت تک تمہارے ساتھ سونا حرام ہے جب تک تمہارے گھر والے مجھ سے معافی نہ مانگیں"، تو کیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

زید نے دو جملے خط کشیدہ کہے ہیں، پہلا جملہ کنایۂ طلاق ہے، جس سے وقوعِ طلاق نیت یا مذاکرۂ طلاق پر موقوف ہے، مگر یہاں دوسرا جملہ اس کی وضاحت کر رہا ہے کہ پہلے جملہ سے طلاق

مقصود نہیں، دوسرے جملہ میں لفظ "حرام" اگرچہ عرف میں طلاق کے لئے متعین ہے، مگر ایک خاص وقت تک اس کی تقیید اس پر قرینہ ہے کہ یہاں لفظ حرام کی حقیقت عرفیہ مراد نہیں، بلکہ یمین مقصود ہے، معہذا یہ ایلاء نہ ہوگا، اس لئے کہ ایلاء میں تابید یا کم از کم چار ماہ کی مدت شرط ہے، اور یہاں جس امر سے حرمت کو مقید کیا ہے اس کا وقوع چار ماہ کے اندر محتمل ہے، غرضیکہ اس صورت میں کسی قسم کی طلاق واقع نہیں ہوئی، صرف قسم ہے، اگر زید نے اس کے خلاف کیا تو اس پر قسم کا کفارہ واجب ہوگا، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله لا اقربك) ای بلا بیان مدة اشار الی انه کالموقت بمدة الایلاء لان الاطلاق کالتأبید ومثله لوجعل له غایة لا یرجی وجودها فی مدة الایلاء کقوله فی رجب لا اقربك حتی اصوم المحرم وکقوله الافی مکان کذا وحتی تفطمی ولدك وبینهما اربعة اشهر فاکثر ولو اقل لم یکن مولیاً (رد المحتار ص ۵۹۴ ج ۲) وفی الخانیة وکذا لو قال واللہ لا اقربك حتی یقدم فلان لا یکون مولیاً لانه یتوهم قدومه فی المدة (خانیة علی هامش الهندیة ص ۵۴۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ ذی الحجہ سنہ ۹۵ھ

"ایلاء کرتا ہوں" سے ایلاء ہوجاتا ہے:

سوال: کسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں تجھ سے ایلاء کرتا ہوں، کیا صرف اتنا لفظ کہنے سے ایلاء ہوجائے گا؟ جبکہ صحبت نہ کرنے پر کوئی قسم نہیں اٹھائی، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

ایلاء کے معنی ہی قسم کے ہیں، لہٰذا ان الفاظ سے ایلاء ہوجائے گا، قال ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ وهو لغة الیمین وشرعاً قوله هو الحلف علی ترك قربانها اربعة اشهر او اکثر ای الزوجة وهو تعریف لاحد قسمی الایلاء الحقیقی وهو ما اشتمل علی القسم کقوله البت ان لا اقربك او حلفت او واللہ او ما یؤل الیه کقوله انا منك مول قاصداً به الایجاب او انت مثل امرأة فلان وقد کان فلان آلی من امرأته لان معناه انا منك حالف (البحر الرائق ص ۶۰ ج ۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳ شعبان سنہ ۱۴۰۰ھ

باب الخلع

حکم خلع فضولی:

سوال: ایک عورت کی طرف سے اجنبی شخص نے شوہر سے خلع کیا تو کیا یہ خلع صحیح ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اگر اجنبی اپنے مال سے خلع کرے یا خود ضامن بنے تو خلع صحیح ہو گیا اور مال اس پر لازم ہو گیا اور اگر عورت کے مال پر خلع کیا یا کسی کا بھی مال معین نہ کیا اور خود ضامن بھی نہ ہوا، تو یہ خلع بیوی کی اجازت پر موقوف رہے گا، اگر اس نے اجازت نہ دی تو مال واجب نہ ہوگا، طلاق ہو جائے گی، خلع میں بائن اور طلاق علی مال میں رجعی ہوگی، قال فی الشامیة تحت (قوله وکذا الکبیرة الخ) وفی الفصولین اذا ضمنه الاب او الاجنبی وقع الخلع ثم ان اجازت نفذ علیها (الی قوله) وان لم یضمن توقف الخلع علی اجازتها فان اجازت جاز وبرئ الزوج عن المهر والا لم یجز، قال فی الذخیرة ولا تطلق وقال غیره ینبغی ان تطلق لانه معلق بالقبول وقد وجد اھ ای بقبول المخالع وفی البزازیة وان لم یضمن توقف علی قبولها فی حق المال قال وهذا دلیل علی ان الطلاق واقع وقیل لا یقع الا باجازتها اھ (رد المحتار ص ۷۱۶ ج ۲) وفی الدر لو کان بلفظ الطلاق یقع رجعیا (رد المحتار ص ۷۱۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ رذی الحجہ سنہ ۷۲ھ

حکم خلع والد:

سوال: اور اگر عورت کی طرف سے اس کا باپ خلع کرے تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

باپ کے خلع کا بھی وہی حکم ہے جو اجنبی کے خلع کا، جس کی تفصیل سوال سابق کے جواب میں گذری، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ رذی الحجہ سنہ ۷۲ھ

حکم خلع والدہ:

سوال: اگر کسی عورت کی طرف سے اس کی والدہ اس عورت کے شوہر سے خلع کرے تو اس کا شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس میں بھی باقی تفصیل تو وہی ہے جو فضولی کے حکم میں گذری، مگر اتنا فرق ہے کہ اگر اس کی والدہ نے نہ اپنے مال پر خلع کیا اور نہ ہی خود ضامن ہوئی، اور عورت نے بھی اجازت نہ دی تو اس صورت میں طلاق واقع نہ ہوگی، قال فی الشامیة (قوله ولا یصح من الام الخ) قال فی البحر قید بالاب لانه لو جری الخلع بین زوج الصغیرة وامها فان اضافت الام البدل الی مالها او ضمنت تم الخلع کالاجنبی والا فلا روایة فیه والصحیح انه لا یقع الطلاق بخلاف الاب (رد المحتار ص ۶۱۷ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ ذی الحجہ ۷۲ھ

خلع والد مُسقِطِ مہر نہیں:

سوال: آنجناب نے جو ہمارا فیصلہ طے فرمایا تھا اس کے متعلق مجھے بعد میں خیال آیا کہ خلع اور مباراۃ مسقط مہر ہیں، تسکینِ قلب کے لئے یہ سوال ہے، امید ہے کہ اس پر غور فرمائیں گے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

عورت کی طرف سے بدون اس کے اذن کے اگر کوئی اس کا رشتہ دار یا اجنبی شخص خلع کرے تو مہر ساقط نہیں ہوتا قال فی شرح التنویر فان خالعها الاب علی مال ضامناً له ای ملتزماً لا کفیلا لعدم وجوب المال علیها صح والمال علیه کالخلع مع الاجنبی فالاب اولی بلا سقوط مهر لانه لم یدخل تحت ولایة الاب، وفی الشامیة تحت (قوله بلا سقوط مهر) ای سواء کان الخلع علی المهر او علی الف مثلا لکن اذا کان علی المهر فلها ان ترجع به علی الزوج والزوج یرجع به علی الاب لضمانه اما لو کان علی الف فانها اذا رجعت بالمهر علی الزوج لا یرجع به علی الاب لانه لم یضمن له المهر بل ضمن له الالف وکلام الفتح محمول علی هذا التفصیل الخ (رد المحتار ص ۶۱۷ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ رمضان ۷۴ھ

خلع کے بعد طلاق:

سوال: ایک شخص نے خلع کیا، اس کے بعد دو طلاقیں دیں، خلع حالتِ حمل میں ہوا ہے؛

اس کے بعد اب فرزند پیدا ہوا ہے، اب مرد اور عورت دونوں پشیمان ہیں اور چاہتے ہیں کہ پھر نکاح ہو جائے شرعاً اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

خلع سے طلاق صریح بائن واقع ہوئی، اس کے بعد عدت میں دو طلاقیں دینے سے مغلظہ ہو گئی، اس لئے اب کوئی گنجائش نہیں، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ ویلحق البائن) کما لو قال انت بائن او خالعہا علی مال ثم قال انت طالق او ھذہ طالق بحر عن البزازیۃ (رد المحتار ص ۵۰۹ ج ۲) ثم قال بعد ورقتین تحت (قولہ ویستثنی الخ) قال فی النھر فی المنصوری شرح المسعودی المختلعۃ یلحقہا صریح الطلاق اذا کانت فی العدۃ اھ (رد المحتار ص ۵۱۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ ربیع الاول ۸۵ھ

خلع میں قبول و رجوع کی تفصیل:

سوال: زوجین میں سے کسی ایک نے خلع کا ایجاب کیا تو دوسری جانب سے قبول اسی مجلس میں ہونا لازم ہے یا کہ مجلس بدلنے کے بعد بھی قبول کرنا صحیح ہے؟ نیز قبول سے پہلے ایجاب سے رجوع صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

خلع جانب زوج میں نذر یعنی طلاق معلق ہے، اس لئے اگر ایجاب جانب زوج سے ہے تو وہ قبول زوجہ سے قبل بھی رجوع نہیں کر سکتا، اور زوج کی مجلس بدلنے سے خلع باطل نہ ہوگا، اور جانب زوجہ میں خلع بیع و شراء وغیرہ کی طرح معاوضہ ہے، اس لئے اس کی طرف سے قبول میں یہ شرط ہے کہ بوقت ایجاب حاضر تھی تو اپنی اسی مجلس میں قبول کرے، اور غائب تھی تو مجلس علم کے اندر قبول کرے اور اس کی مجلس بدلنے سے خلع باطل ہو جائے گا، البتہ اگر زوج نے قبول زوجہ کے لئے کوئی مدت معین کر دی تو اس مدت کے اندر اس کو قبول کرنے کا اختیار ہوگا۔

اور اگر ایجاب زوجہ کی طرف سے ہو تو وہ قبول زوج سے قبل رجوع کر سکتی ہے، اور قبول زوج سے قبل زوجین میں سے کسی ایک کی مجلس بدل گئی تو خلع باطل ہو گیا، اور زوج کو قبول کا حق نہ رہا، قال فی شرح التنویر ھو یمین فی جانبہ لانہ تعلیق الطلاق بقبول المال فلا یصح رجوعہ عنہ قبل قبولہا ولا یصح شرط الخیار لہ ولا یقتصر علی المجلس

ای مجلسه ویقتصر قبولها علی مجلس علمها وفی جانبها معاوضة بمال فصح رجوعها قبل قبوله وصح شرط الخیار لها ولو اکثر من ثلاثة ایام بحر ویقتصر علی المجلس کالبیع، وفی الشامیة (قوله فصح رجوعها) ای اذا کان الابتداء منها بان قالت اختلعت نفسی منك بکذا فلها ان ترجع عنه قبل قبول الزوج ویبطل بقیامها عن المجلس وبقیامه ایضا ولا یتوقف علی ماوراء المجلس بان کان الزوج غائبا حتی لو بلغه وقبل لم یصح ولا یصح تعلیقه ولا اضافته بدائع (رد المحتار ص ۶۰۷ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۹ رجب سنہ ۸۷ھ

خلع میں عدت کے نفقہ وسکنیٰ کا حکم:

سوال: خلع میں نکاح کی وجہ سے واجب ہونے والے حقوق ساقط ہو جاتے ہیں مگر ایام عدت کا نفقہ وسکنیٰ ساقط نہیں ہوتا، اس کی تشریح فرما کر ممنون فرمائیں، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر خلع میں ایام عدت کے نفقہ وسکنیٰ کا ذکر نہ آیا ہو تو یہ دونوں ساقط نہ ہوں گے، اور اگر ان دونوں کے سقوط کی تصریح کی ہو تو دونوں ساقط ہو جائیں گے، مگر چونکہ عدت اسی مکان میں گذارنا واجب ہے جس میں طلاق واقع ہوئی ہے اس لئے اگر بوقت طلاق زوج کے مکان میں سکونت تھی تو عدت گذرنے تک وہاں سے نکلنا جائز نہیں، بلکہ اسقاط سکنیٰ کی وجہ سے زوج کو مکان کا کرایہ ادا کرنے، قال فی شرح التنویر الا نفقة العدة وسکناها فلا یسقطان الا اذا نص علیهما فتسقط النفقة لا السکنیٰ لانها حق الشرع الا اذا ابرأته عن مؤنة السکنیٰ فیصح فتح، وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله لانها حق الشرع) لان سکناها فی غیر بیت الطلاق معصیة بحر عن الفتح، (قوله الا اذا ابرأته عن مؤنة السکنیٰ) بان کانت ساکنة فی بیت نفسها او تعطی الاجرة من مالها فیصح التزامها ذلك فتح لکن مقتضی هذا انه لا بد من التصریح بمؤنة السکنیٰ مع انه ذکر فی الفتح وغیره فی فصل الاحداد لو اختلعت علی ان لا سکنیٰ لها فان مؤنة السکنیٰ تسقط عن الزوج ویلزمها ان تکتری بیت الزوج ولا یحل لها ان تخرج منه اھ تأمل (رد المحتار ص ۶۱۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۰ محرم سنہ ۸۸ھ

حکم بدلِ خلع :

سوال : زید نے ہندہ کے ساتھ شادی کی تھی، تقریباً نو ماہ گذر گئے اس دوران میں ہندہ بڑی خوشی کے ساتھ زندگی بسر کر رہی تھی، اب اتفاقاً والدین کے ساتھ اُن کے گھر ملنے کی غرض سے گئی تو دوبارہ زید کے پاس آنے سے انکار کر دیا، انکار کا سبب یہ بتاتی ہے کہ زید نامرد ہے، زید کا دعوٰی ہے کہ اس کے اندر مردانگی کا حصہ موجود ہے، زید نے پوری کوشش کی کہ ہندہ دوبارہ آجائے لیکن ہندہ کسی طرح آنے کو تیار نہیں، اب دریافت یہ کرنا ہے کہ کیا زید کو یہ حق ہے کہ اس نے زیورات کی شکل میں جو مہر دیا تھا اس کے عوض میں خلع کرے، اس کے بغیر طلاق نہ دے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر شوہر کا قصور ہو تو طلاق کے عوض بیوی سے کچھ لینا حرام ہے، اور بیوی کا قصور ہو یا میاں بیوی دونوں قصور وار ہوں تو لینا جائز ہے، مگر شوہر نے جو کچھ دیا ہے اس سے زیادہ لینا خلافِ اَولیٰ ہے، قال فی شرح التنویر وکرہ تحریماً اخذ شیء ویلحق بہ الابراء عما لہا علیہ ان نشز وان نشزت لا ولو منہ نشوز ایضا ولو باکثر مما اعطاہا علی الاوجہ فتح وصحح الشمنی کراہۃ الزیادۃ وتعبیر الملتقی لا بأس بہ یفید انہا تنزیہیۃ وبہ یحصل التوفیق، وفی الشامیۃ ای بین ما رجحہ فی الفتح من نفی کراہۃ اخذ الاکثر وھو روایۃ الجامع الصغیر وبین ما رجحہ الشمنی من اثباتہا وھو روایۃ الاصل فیحمل الاول علی نفی التحریمیۃ والثانی علی اثبات التنزیہیۃ وھذا التوفیق مصرح بہ فی الفتح فانہ ذکر ان المسألۃ مختلفۃ بین الصحابۃ وذکر النصوص من الجانبین ثم حقق ثم قال وعلی ھذا یظہر کون روایۃ الجامع اوجہ نعم یکون اخذ الزیادۃ خلاف الاولیٰ والمنع محمول علی الاولیٰ اھ ومشی علیہ فی البحر ایضاً (رد المحتار ص ۶۰۹ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ذیقعدہ سنہ ۹۲ھ

خلع کے بعد دوبارہ نکاح جائز ہے :

سوال : میری بیوی نے کورٹ کی معرفت خلع کرالیا تھا، اب ہم دوبارہ میاں بیوی بننا چاہتے ہیں، کیا حلالہ کے سوا کوئی صورت ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

خلع سے ایک طلاق بائن واقع ہوتی ہے، اس لئے اگر تین طلاقیں نہیں دیں تو دوبارہ نکاح

کرسکتے ہیں، قال فی التنویر الواقع بہ (الخلع) وبالطلاق علی مال طلاق بائن، (رد المحتار ص ۶۰۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۳ ربیع الآخر ۹۴ھ

لفظ خلع طلاق صریح بائن ہے :

سوال : شوہر اپنی بیوی کو خلع کا لفظ کہلواتا ہے، ایک بار پھر دو بار پھر سہ بار، آیا طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ اور کونسی طلاق واقع ہوئی؟ اور شوہر کیلئے رجوع کی کیا صورت ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

لفظ خلع عرفاً صرف طلاق کے لئے مستعمل ہے، اس لئے اس سے بلا نیت بھی طلاق صریح بائن واقع ہوجاتی ہے، اور صریح بائن کے بعد دوسری صریح بائن واقع ہوسکتی ہے، اس لئے سوال میں تین بار لفظ خلع کہلانے سے تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اب رجوع کی کوئی صورت نہیں، تجدید نکاح کی بھی گنجائش نہیں، خلع سے بسببِ نکاح واجب ہونے والے حقوق مالیہ حالیہ جانبین سے ساقط ہوجاتے ہیں، اس لئے بیوی نے مہر لیلیا ہو تو شوہر واپس نہیں لے سکتا، اور اگر بیوی نے تاحال مہر نہیں لیا تو ساقط ہوگیا، شوہر سے مطالبہ نہیں کرسکتی، البتہ ایام عدت کا نفقہ وسکنیٰ شوہر کے ذمہ ہے، اس لئے کہ یہ بوقت خلع واجب نہ تھا، بعد میں واجب ہوا ہے، اور خلع سے صرف حقوق حالیہ معاف ہوتے ہیں، فی خلع التنویر وھو من الکنایات فیعتبر فیہ مایعتبر فیہا، وفی الشرح فیہ اشارۃ الی اشتراط النیۃ وھو ظاھر الروایۃ الا ان المشایخ قالوا لاتشترط النیۃ ھٰھنا لانہ بحکم غلبۃ الاستعمال صار کالصریح کما فی القہستانی عن متفرقات طلاق المحیط، وفی الشامیۃ (قولہ ھٰھنا) ای فی لفظ الخلع (الی قولہ) وفیہ اشارۃ الی ان المبارأۃ لم یغلب استعمالہا فی الطلاق عرفاً بخلاف الخلع فانہ مشتھر بین الخاص والعام فافہم (رد المحتار ص ۶۰۶ ج ۲)

شامیہ میں جامع الفصولین وخانیہ سے نقل ہے کہ اس صورت میں طلاق بلا بدل واقع ہوگی ونصہا واما ان یقول اخلعی ولم یزد علیہ فخلعت فعند ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ لم یکن خلعاً وعن محمد رحمہ اللہ تعالیٰ تطلق بلا بدل وبہ اخذ کثیر من المشایخ (رد المحتار ص ۶۰۵ ج ۲)

مگر اب لفظ خلع عرفِ عام میں بمعنی خلع شرعی ہی مستعمل ہے جو مسقط مہر ہے، اس لئے صورتِ سوال میں مہر ساقط ہوجائے گا، کما قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ بعنوان (تنبیہ) فی التاترخانیۃ وغیرھا مطلق لفظ الخلع محمول علی الطلاق بعوض حتی لو قال لغیرہ اخلع

امرأتی فخلع بلاعوض لایصح (رد المحتار ص ۶۰۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۵ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۴ھ

خلع کے بعد تین طلاقیں:

سوال: مدعیہ نے خلع کا دعویٰ عدالت میں دائر کیا، جج نے عورت کے حق میں فیصلہ کیا اور جج کے سامنے ہی مرد نے تین طلاقیں دیدیں، کیا رجوع کی کوئی صورت عدت کے اندر یا عدت کے بعد شرعاً نکل سکتی ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

خلع جانبین کی رضامندی سے ہوتا ہے، اگر عدالت نے شوہر کی رضا کے بغیر فیصلہ کردیا تو خلع نہیں ہوا، البتہ شوہر نے اسی مجلس میں خلع قبول کرلیا تو یہ خلع صحیح ہوگیا، دونوں صورتوں میں بعد میں تین طلاقیں دینے سے حرمتِ مغلظہ ہوگئی، لہٰذا شوہر رجوع نہیں کرسکتا، اور اس عورت کے ساتھ دوبارہ نکاح کرنے کی بھی گنجائش نہیں، قال فی التنویر الواقع بہ وبالطلاق علیٰ مال طلاق بائن (رد المحتار ص ۶۰۸ ج ۲) وفی العلائیۃ الصریح یلحق الصریح ویلحق البائن بشرط العدۃ، وفی الشامیۃ کما لو قال لہا انت بائن اوخالعہا علی مال ثم قال انت طالق او ھذہ طالق بحر عن البزازیۃ (رد المحتار ص ۵۰۹ ج ۲) ثم قال بعد ورقتین تحت (قولہ ویستثنی الخ) قال فی النہر وفی المنصوری شرح المسعودی المختلعۃ یلحقہا صریح الطلاق اذا کانت فی العدۃ اھ (رد المحتار ص ۵۱۳ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۱ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۴ھ

خلع بلا ذکرِ مال:

سوال: میں مسمی محمد شریف ولد محمد یوسف صاحب بہوش وحواس اپنی بیوی ساجدہ خاتون عرف کوثر بنت صابر علی خاں صاحب کو جو مجھ سے کورٹ کے ذریعہ خلع مانگ رہی ہے، خلع بخوشی دے رہا ہوں، اس طرح یہ مقدمہ ختم ہوجائے گا، ساجدہ خاتون نے بھی خلع قبول کرلیا ہے اور مجھے لکھ کر دیدیا ہے کہ خلع کے بعد وہ مجھ سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گی، شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

خلع کی وجہ سے ایک طلاق صریح بائن ہوگئی، قال فی العلائیۃ ان المشایخ قالوا لاتشترط النیۃ ھٰہنا لانہ بحکم غلبۃ الاستعمال صار کالصریح کما فی القہستانی

عن متفرقات المحیط (رد المحتار ص ۱۰۶ ج ۲) مہر دیا جاچکا ہے تو شوہر واپس نہیں لے سکتا، او
اگر ابھی تک ادا نہیں کیا تو بیوی کو مطالبہ کا حق نہیں،

یہاں عقد خلع میں اگرچہ مہر وغیرہ بدلِ خلع کا کوئی ذکر نہیں مگر آجکل عرف عام میں لفظ خلع صرف
اسقاطِ مہر ہی کے معنی میں مستعمل ہے، اس لئے خلع بلا ذکرِ عوض بھی مسقطِ مہر ہے، قال فی الشامیۃ
(تنبیہ) فی التاترخانیۃ وغیرھا مطلق لفظ الخلع محمول علی الطلاق بعوض حتی
لو قال لغیرہ اخلع امرأتی فخلع بلا عوض لا یصح (رد المحتار ص ۷۰۵ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ رشوال سنہ ۱۴۰۰ھ

نابالغ کا خلع صحیح نہیں:

سوال: ایک شخص نے اپنی بالغ لڑکی کا نکاح نابالغ لڑکے سے کر دیا، کچھ مدت کے بعد
لڑکی نے عدالت میں خلع کا دعویٰ کر دیا، عدالت نے لڑکی کے حق میں فیصلہ دیدیا، جبکہ لڑکا اس پر
راضی نہیں، اس بارے میں مندرجۂ ذیل سوالات کا جواب مطلوب ہے:

① نابالغ کی طلاق تو غیر معتبر ہے، نابالغ کے خلع کا کیا حکم ہے؟ چونکہ خلع میں نابالغ کو عوض
مل رہا ہے اس لئے بیع صغیر پر قیاس کرکے اس کا جواز نکل سکتا ہے؟

② لڑکے کی رضا کے بغیر عدالت کے فیصلہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

① نابالغ کی طلاق کی طرح اس کا خلع بھی صحیح نہیں، قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ
تعالیٰ وشرطہ کالطلاق، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ وشرطہ
کالطلاق) وھو اھلیۃ الزوج وکون المرأۃ محلاً للطلاق منجزاً او معلقاً علی الملک (رد المحتار ص ۶۰۶ ج ۲)
وفی طلاق العلائیۃ واھلہ زوج عاقل بالغ مستیقظ، وفی الشامیۃ احترز بالزوج عن سید
العبد و والد الصغیر (الی قولہ) وبالبالغ عن الصبی و لو مراھقا (رد المحتار ص ۴۵۳ ج ۲)

② عدالت کا فیصلہ غلط ہے، عدالت بالغ شوہر کو بھی خلع پر مجبور کرنے کی مجاز نہیں،
حالانکہ وہ خلع وطلاق کا اھل ہے، نابالغ میں تو خلع وطلاق کی اہلیت ہی نہیں، وہ
اپنی رضا سے بھی خلع نہیں کر سکتا، اس کے خلاف خلع کا فیصلہ سراسر ظلم اور
شریعتِ مقدسہ کی مخالفت ہے، دلائل کی تفصیل میرے رسالہ "جبری خلع"
میں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ رمحرم سنہ ۱۴۰۷ھ

الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ وَبِمَا أَنفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ

جبری خلع

- خلع میں رضائے زوجین شرط ہے،
  - کلام اللہ تعالیٰ،
  - حدیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم،
  - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ،
  - خلفاءِ راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فیصلے،
  - اجماعِ اُمت،
  - مذاہب اربعہ،
- حکمِ حکمین میں جبراً تفریق جائز نہیں،
  - کلام اللہ تعالیٰ،
  - ائمۂ تفسیر وفقہ کی تشریحات،
  - تفسیر مذہب مالکیہ،

شفیق فاروقی

بسم الله الرحمٰن الرحيم

جبری خُلع

خلع میں رضائے زوجین شرط ہے:

سوال: ہفتۂ بیداریِ نسواں کے اختتام پر خواتین نے مطالبات پیش کئے ہیں، اُن میں ایک مطالبہ خلع کا بھی ہے، جس کا حق حکومت اس معنی میں خواتین کو دینا چاہتی ہے کہ جو خاتون چاہے ہر وقت خلع کا حق رکھتی ہے، اور قاضی یا مجسٹریٹ کو یہ ضرورت نہیں ہے کہ وہ تحقیق کرے کہ آیا اس خاتون کا مطالبہ حقائق پر مبنی ہے یا نہیں؟ بس یہ کافی ہے کہ خاتون خلع لینا چاہتی ہے، لہٰذا اسے ملنا چاہئے، اس کو اسلام کے مطابق اور حق بجانب ثابت کرنے کے لئے مضامین لکھے جا رہے ہیں، اس مسئلہ پر توجہ دینے کی سخت ضرورت ہے، کیونکہ یہ قانون کے طور پر اسمبلی میں پاس ہونے کے لئے پیش ہونے والا ہے، اس بارے میں آپ سے مفصل فیصلہ درکار ہے کہ آیا ان حالات میں خُلع جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اس نوعیت کے جو سوالات بھی ہمارے سامنے آتے ہیں ان میں خلع اور فسخِ نکاح کو ایسا خلط کر دیا جاتا ہے کہ گویا یہ دونوں ایک ہی چیز ہیں، حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ خلع اور فسخِ نکاح دونوں بالکل الگ ہیں۔

خلع ایک عقد ہے جو دوسرے عقود بیع، اجارہ اور نکاح وغیرہ کی طرح جانبین کی کامل رضامندی پر موقوف ہے، خلع کے لئے عدالت میں جانے کی ضرورت نہیں، بلکہ زوجین اپنے طور پر اپنی صوابدید کے مطابق عوضِ خلع متعین کر کے معاملہ کر سکتے ہیں، یہ الگ بحث ہے کہ شوہر کے لئے کن صورتوں میں عوض لینا جائز ہے، اور عوض کی کتنی مقدار کا جواز ہے، اس تفصیل سے قطع نظر جس صورت میں بھی اور جتنی رقم پر بھی جانبین نے معاملہ طے کر لیا وہ نافذ ہو جائے گا، عدت گذرنے کے بعد عورت دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے،

فسخِ نکاح میں عوض نہیں ہوتا، اور اس کا اختیار صرف حکومت کو ہے، جو مندرجہ ذیل صورتوں میں منحصر ہے:

(۱) عنین: جبکہ شوہر نکاح سے پہلے ہی مکمل نامرد ہو، جماع پر ایک بار بھی قدرت نہ ہوئی ہو۔

اور بیوی کو بوقت نکاح اس کا علم نہ ہو، اور علم ہونے کے بعد اس کے ساتھ رہنے پر رضا کا کبھی اظہار نہ کیا ہو،

(۲) متعنت؛ وہ شخص جو بیوی کو نہ نفقہ دیتا ہو اور نہ ہی طلاق پر راضی ہو، حاکم کے کہنے پر بھی دونوں صورتوں میں سے کوئی قبول نہ کرے،

(۳) غائب؛ وہ شخص جو نہ نفقہ دیتا ہو نہ طلاق، اور نہ ہی عدالت میں جواب دہی کے لئے حاضر ہو،

(۴) مُعسر؛ جو تنگدستی کی وجہ سے نفقہ پر قادر نہ ہو اور طلاق بھی نہ دے،

(۵) مفقود؛ ایسا لاپتہ کہ انتہائی تلاش اور تمام تر ذرائعِ جستجو استعمال کرنے کے باوجود بھی اس کا کوئی سُراغ نہ لگ سکا ہو،

(۶) مجنون؛ جبکہ وہ نفقہ پر قادر نہ ہو، یا اس سے قتل کا خوف ہو، یا اس کے ساتھ رہنا ناقابلِ برداشت ہو،

ان صورتوں کے سوا اور کسی صورت میں حکومت کو فسخِ نکاح کا اختیار نہیں، ان صورتوں میں بھی صحتِ فسخ چند شرائط کے ساتھ مقید ہے، بعض شرائط صحتِ دعویٰ کی ہیں، بدون اُن کے عورت کا دعویٰ ناقابلِ سماع قرار دے کر خارج کر دیا جائے گا، اور بعض صحتِ قضاء کی شرائط ہیں، ان دونوں قسم کی شرائط میں سے اگر کوئی ایک شرط مفقود ہوئی تو حاکم کو فسخِ نکاح کا اختیار نہیں، اگر بدون رعایتِ شرائط حاکم نے فسخِ نکاح کا فیصلہ کر دیا تو وہ شرعاً غیر معتبر ہوگا، اس صورت میں عورت بدستور اسی شوہر کے نکاح میں رہے گی، اور اس کے لئے کسی دوسری جگہ نکاح کرنا حرام اور بحکم زنا ہوگا، ان شرائط کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں، (احسن الفتاویٰ کی اسی جلد میں باب خیار الفسخ میں ملاحظہ ہو، مرتب)

اس پر امتِ مسلمہ کے تمام مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ کا اجماع ہے کہ خلع زوجین کی باہمی رضا پر موقوف ہے، حاکم خلع پر مجبور نہیں کر سکتا، اس پر مذاہبِ اربعہ کے علاوہ اہلِ ظاہر کا بھی اتفاق ہے، ان مذاہب کی تصریحات ملاحظہ ہوں:۔

مذہب حنفی؛

(۱) قال شمس الائمة السرخسی رحمه الله تعالیٰ فیحتمل الفسخ بالتراضی ایضا وذلك بالخلع واعتبر هذه المعاوضة المحتملة للفسخ بالبيع والشراء فی جواز فسخها بالتراضی

(مبسوط ص ۱۷۱ ج ۶)

(۲) وقال ایضًا والخلع جائز عند السلطان وغيره لانه عقد يعتمد التراضی كسائر

العقود (مبسوط ص ۱۷۳ ج ۶)

③ قال الامام الکاسانی رحمه الله تعالیٰ واما رکنه فهو الایجاب والقبول لانه عقد علی الطلاق بعوض فلا تقع الفرقة ولا یستحق العوض بدون القبول،

(بدائع الصنائع ص ۱۴۵ ج ۳)

④ قال الامام الزیلعی رحمه الله تعالیٰ لا ولایة لاحدهما فی الزام صاحبه بدون رضاه (تبیین الحقائق ص ۲۷۱ ج ۲)

⑤ نقل العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ ایضاً عبارة الزیلعی المتقدمة تحت قول الشارح لانه تعویض (رد المحتار ص ۷۱۱ ج ۲)

⑥ قال الامام ابوبکر الجصاص الرازی رحمه الله تعالیٰ لو کان الخلع الی السلطان شاء الزوجان او ابیا اذا علم انهما لا یقیمان حدود الله لم یسألهما النبی صلی الله علیه وسلم عن ذلك ولا خاطب الزوج بقوله اخلعها بل کان یخلعها منه ویرد علیه حدیقته وان ابیا او واحد منهما کما لما کانت فرقة المتلاعنین الی الحاکم لم یقل للملاعن خل سبیلها بل فرق بینهما (احکام القرآن ص ۳۹۵ ج ۱)

مذہب مالکی:

① قال العلامة ابو الولید الباجی رحمه الله تعالیٰ فی شرحه لموطا الامام مالك رحمه الله تعالیٰ وتجبر علی الرجوع الیه ان لم یرد فراقها بخلع او غیره (المنتقی ص ۶۱ ج ۴)

② قال العلامة ابن رشد رحمه الله تعالیٰ واما ما یرجع الی الحال التی یجوز فیها الخلع من التی لا یجوز فان الجمهور علی ان الخلع جائز مع التراضی اذا لم یکن سبب رضاها بما تعطیه اضرارة بها (بدایة المجتهد ص ۲۸ ج ۲)

علامہ ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ اس عبارت کے چند سطر بعد فرماتے ہیں: والفقه ان الفداء انما جعل للمرأة فی مقابلة ما بید الرجل من الطلاق فانه لما جعل الطلاق بید الرجل اذا فرك المرأة جعل الخلع بید المرأة اذا فركت،

اس عبارت کے مفہوم کی تعیین کے لئے حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا اسلوبِ بیان سمجھنا ضروری ہے، فقہاء کا دستور یہ ہے کہ وہ احکام اور ان کی علل بیان فرماتے ہیں، احکام کی حکمتیں و مصلحتیں نہیں بتاتے مگر کبھی شاذونادر بلفظ "الفقه فیه" یا "السر فیه" کے تحت حکمت بھی بیان

فرمادیتے ہیں، حکمت مدار حکم نہیں ہوتی، علت مدار حکم ہوتی ہے، حکمت کہیں کامل پائی جاتی ہے کہیں ناقص اور کہیں بالکل معدوم ہوتی ہے، اس عبارت میں حکم خلع کی علت کا بیان نہیں بلکہ حکمتِ ناقصہ کا بیان ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ کسی حد تک بیوی کے لئے بھی اختیارِ تفریق کی صورت موجود ہے، وہ یہ کہ وہ شوہر کو مال کی ترغیب دے کر خلع پر راضی کر سکتی ہے، یہ مطلب ہرگز نہیں کہ "بیوی خیارِ تفریق میں شوہر کے برابر ہے جس طرح شوہر بیوی کی رضا کے بغیر طلاق دے سکتا ہے اسی طرح بیوی شوہر کی رضا کے بغیر خلع کر سکتی ہے"، یہ مطلب بوجوہ ذیل باطل ہے:

① یہ مطلب خود علامہ ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ کی اُس تصریح کے خلاف ہے جو اس عبارت سے چند سطور پہلے تحریر ہے،

② اس مطلب کی بنا پر بیوی کو بلاعوض بھی طلاق واقع کرنے کا حق ہونا چاہئے، اس لئے کہ شوہر کے ساتھ برابری تو اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ جیسے شوہر بلاعوض طلاق دے سکتا ہے اسی طرح بیوی بھی بلاعوض طلاق دے سکے اور اس کا دنیا میں کوئی قائل نہیں،

③ جیسے شوہر ایقاعِ طلاق میں عدالت کی طرف رجوع کا محتاج نہیں از خود طلاق دے سکتا ہے اسی طرح عورت کو بھی بذریعہ عدالت خلع حاصل کرنے کی پابند نہیں کرنا چاہئے، حالانکہ دورِ حاضر کے فتنہ میں مبتلا لوگ بدون عدالت بیوی کو یہ حق نہیں دے رہے،

مذہبِ شافعی:

① قال الامام الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ وان قال لا افارقها ولا اعدل لها اجبر علی القسم لها ولا یجبر علی فراقها (کتاب الام ص ۱۸۹ ج ۵)

② وقال ایضاً ولیس له (الحاکم) ان یأمرهما (الحکمین) یفرقان ان رأیا الا بامر الزوج ولا یعطیا من مال المرأة الا باذنها (کتاب الام، ص ۱۹۴ ج ۵)

③ وقال ایضاً وانما جعلناها تطلیقة لان اللہ تعالیٰ یقول الطلاق مرتان فعقلنا من اللہ تعالیٰ ان ذلك انما یقع بایقاع الزوج وعلمنا ان الخلع لم یقع الا بایقاع الزوج (کتاب الام ص ۱۹۸ ج ۵)

④ وقال ایضاً وکذلك سید العبد ان خالع عن عبده بغیر اذنه لان الخلع طلاق فلا یکون لاحد ان یطلق عن احد اب ولا سید ولا ولی ولا سلطان انما یطلق المرء عن نفسه او یطلق علیه السلطان بما لزمه من نفسه اذا امتنع هو ان یطلق وکان

ممن له طلاق ولیس الخلع من هذا المعنی بسبیل (کتاب الام ص ۲۰۰ ج ۵)

⑤ وقال العلامة ابواسحٰق الشیرازی رحمه الله تعالیٰ لانه رفع عقد بالتراضی جعل لدفع الضرر فجاز من غیر ضرر کالاقالة فی البیع (المهذب ص ۷۱ ج ۲)

مذہبِ حنبلی :

① قال العلامة موفق الدین ابن قدامة رحمه الله تعالیٰ ولانه معاوضة فلم یفتقر الی السلطان کالبیع والنکاح ولانه قطع عقد بالتراضی اشبه الاقالة (المغنی ص ۳۲۴ ج ۷)

② وقال الحافظ ابن القیم رحمه الله تعالیٰ (فی تسمیته صلی الله علیه وسلم الخلع فدیة دلیل علی ان فیه معنی المعاوضة ولهذا اعتبر فیه رضا الزوجین (زاد المعاد ص ۲۳۸ ج ۲)

مذہبِ ظاہری :

① قال العلامة ابن حزم رحمه الله تعالیٰ لیس فی الآیة ولا فی شیء من السنن ان للحکمین ان یفرقا ولا ان ذلک للحاکم (المحلی ص ۸۸ ج ۱۰)

② وقال ایضًا الخلع وهو الافتداء اذا کرهت المرأة زوجها فخافت ان لا توفیه حقه او خافت ان یبغضها فلا یوفیها حقها فلها ان تفتدی منه ویطلقها ان رضی هو والا لم یجبر هو ولا اجبرت هی، انما یجوز بتراضیهما ولا یحل الافتداء الا باحد الوجهین المذکورین او باجتماعهما فان وقع بغیرهما فهو باطل ویرد علیها ما اخذ منها وهی امرأته کما کانت ویبطل طلاقه ویمنع من ظلمها فقط (المحلی ص ۲۳۵ ج ۱۰)

یہ اجماع قرآن کریم کے ارشادات اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وخلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فیصلوں پر مبنی ہے جو درج ذیل ہیں :-

① قال الله تعالیٰ: وَلَا یَحِلُّ لَکُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ شَیْئًا اِلَّآ اَنْ یَّخَافَآ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِهٖ

اس آیت میں تین دلائل ہیں :

(۱) اِلَّآ اَنْ یَّخَافَآ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ، اس میں واضح دلیل ہے کہ یہ حکم اس صورت سے متعلق ہے جبکہ میاں بیوی دونوں کو حدود اللہ کو قائم نہ رکھ سکنے کا خطرہ ہو، اس لئے وہ دونوں خلع کرنا چاہتے ہوں،

(۲) فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا، یہ جملہ بھی زوجین کی تراضی کو ثابت کر رہا ہے، اس کا مطلب واضح ہے

کہ زوجین خلع پر راضی ہیں، مگر ان کو مال کے لین دین کے جواز میں شبہہ ہے اس لئے ارشاد ہوا کہ اس میں کوئی گناہ نہیں، کوئی ادنیٰ فہم رکھنے والا بھی اس جملہ سے یہ نہیں سمجھ سکتا کہ شوہر خلع پر راضی نہ ہو تو حاکم اس کو خلع پر مجبور کر سکتا ہے،

(۳) فِيمَا افْتَدَتْ بِهٖ، اس میں بدلِ خلع کو "فدیہ" قرار دیا گیا ہے، جس سے ثابت ہوا کہ خلع عقد معاوضہ ہے، اس لئے اس میں فریقین کی رضامندی شرط ہے، اوپر "مذہب حنبلی" کے تحت حافظ ابن قیم رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی یہی مضمون نقل کیا جا چکا ہے،

فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ میں خطاب کس کو ہے؟ اس میں دو قول ہیں، ایک یہ کہ حکام مخاطب ہیں، دوسرا یہ کہ زوجین، اگر خطابِ حکام کا قول لے لیا جائے تو بھی اس سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ حاکم شوہر کو خلع پر مجبور کر سکتا ہے، یہ جملہ ایسے تینوں جملوں کے درمیان میں واقع ہوا ہے جن میں سے ہر ایک میں تراضی زوجین پر واضح دلیل موجود ہے، علاوہ ازیں فَاِنْ خِفْتُمْ الخ پہلے جملہ اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَنْ لَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ پر تفریع ہے، اور یہ پہلا جملہ تراضی زوجین کی صورت میں ہے، جیسا کہ اوپر بیان ہوا، لہٰذا اس پر متفرع ہونے والا جملہ فَاِنْ خِفْتُمْ الخ بھی اسی صورتِ تراضی سے متعلق ہوگا، اوپر فلا جُنَاحَ علیہما کے تحت بھی اس کی کچھ وضاحت گذر چکی ہے،

اگر اس جملہ سے اس پر استدلال صحیح تسلیم کر لیا جائے کہ حاکم جبراً بذریعہ خلع نکاح فسخ کر سکتا ہے تو حاکم کے لئے یہ اختیار میاں بیوی دونوں یا صرف بیوی کی رضا کے بغیر بھی ثابت ہوگا، حالانکہ فتنۂ حاضرہ کے علم بردار ان دونوں صورتوں میں حاکم کو اختیار نہیں دیتے، صرف شوہر پر جبر کے قائل ہیں، بیوی پر نہیں، پس اس جملہ سے جس طرح پہلی دو صورتوں یعنی میاں بیوی دونوں یا صرف بیوی پر جبر کیلئے استدلال صحیح نہیں بعینہٖ اسی طرح شوہر پر جبر کے لئے بھی استدلال صحیح نہیں،

رہا یہ سوال کہ اگر حاکم کو جبر کا اختیار نہیں تو عدالت میں جانے سے کیا فائدہ؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نظرِ شرع میں حاکم کا کام صرف جبراً حکم مسلط کرنا ہی نہیں بلکہ وہ جانبین کا بہی خواہ و مشیرِ صلاح و خیر بھی ہے، بسا اوقات ایسی شخصیت کی طرف رجوع سے یہ مقصود ہوتا ہے کہ جانبین میں موافقت کی کوئی صورت پیدا ہو جائے، اس کی دو وجہیں ہو سکتی ہیں، ایک یہ کہ اس شخص کے ذہن میں بعض مرتبہ تراضیِ طرفین کی کوئی ایسی صورت آجاتی ہے جو خصمین کے ذہن میں نہیں تھی، دوسری وجہ یہ کہ اس کی محبت وعقیدت یا اس کی وجاہت کے تحت جانبین اس کا مشورہ قبول کر لیتے ہیں، دنیا میں ایسے واقعات کی کمی نہیں کہ فریقین اپنے طور پر مصالحت میں ناکام رہے مگر کسی مشفق و مہربان کے

پاس جانبین سے مسئلہ حل ہوگیا، یا تو اس نے کوئی ایسی صورت بتادی جو جانبین کے لئے قابل قبول ہو، یا اس کے ساتھ محبت وعقیدت کی وجہ سے جانبین نے اس کا مشورہ بطیبِ خاطر قبول کرلیا، یا اس کی وجاہت کی بناء پر بادلِ نخواستہ راضی ہوگئے،

(۲) وقال تعالیٰ: وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ط حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس آیت میں اَلَّذِیْ بِیَدِہٖ عُقْدَةُ النِّکَاحِ سے مراد شوہر ہے، عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولی عقدۃ النکاح الزوج رواہ الدارقطنی (تفسیر القرطبی ص ۲۰۶ ج ۳) اس حدیث کی سند درجۂ حسن سے کم نہیں، اسی مضمون کی دوسری مرفوع حدیث بسند حسن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی ابن جریر، ابن ابی حاتم، طبرانی اور بیہقی رحمہم اللہ تعالیٰ نے روایت کی ہے، (روح المعانی ص ۱۳۳ ج ۲)

اس سے ثابت ہوا کہ عقد نکاح کے بعد اس کا کلی اختیار صرف شوہر ہی کے قبضہ میں ہے، اس کی رضا کے بغیر اس کو کسی طرح بھی فسخ نہیں کیا جا سکتا،

بعض مفسرین نے الذی بیدہ عقدۃ النکاح سے عورت کا ولی مراد لیا ہے جو بوجوہ ذیل باطل ہے،

(۱) یہ خیال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ارشاد فرمودہ تفسیر کے خلاف ہے،

(۲) حافظ ابن جریر طبری رحمہ اللہ تعالیٰ نے نہایت مفصل ومدلل بحث کے بعد اسی تفسیر کو صحیح قرار دیا ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے (تفسیر ابن جریر ص ۳۱۸ ج ۲)

(۳) قال القاضی ابو السعود رحمہ اللہ تعالیٰ ان الاول انسب لقولہ تعالیٰ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی فان اسقاط حق الصغیرۃ لیس فی شئ من التقوی (تفسیر ارشاد العقل السلیم ص ۹۰ ج ۱) یعنی الذی بیدہ عقدۃ النکاح سے عورت کا ولی مراد لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ عورت کی اجازت کے بغیر ولی مہر معاف کرسکتا ہے، اور یہ اسی آیت کے اگلے جملہ وان تعفوا اقرب للتقوی کے خلاف ہے، کیونکہ ولی کا مہر معاف کردینا کسی حیثیت سے تقوی نہیں ہو سکتا، اس لئے یہاں شوہر ہی مراد ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اگر وہ ایثار کرکے پورا مہر دیدے تو یہ تقوی سے قریب تر ہے،

④ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان امرأة ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یارسول اللہ ثابت بن قیس ما اعتب علیہ فی خلق ولادین ولکنی اکرہ الکفر فی الاسلام فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتردین علیہ حدیقتہ؟ قالت نعم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقبل الحدیقة وطلقها تطلیقة (صحیح بخاری ص ۷۹۴ ج۲) وفی روایة النسائی فارسل الی ثابت فقال لہ خذ الذی لہا علیک وخل سبیلہا قال نعم (سنن نسائی ص ۹۳ ج۲ عدة المختلعة) وفی روایة ابی داؤد قال (ثابت بن قیس) ویصلح ذلک یارسول اللہ قال نعم (ابوداؤد ص ۲۲۱ ج۲) وفی روایة الدارقطنی والبیہقی ومصنف عبدالرزاق فاخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالہ وخلی سبیلہا فلما بلغ ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قبلت قضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (دارقطنی ص ۲۵۵ ج۳، بیہقی ص ۳۱۴ ج۷، مصنف عبدالرزاق ص ۵۰۲ ج۶) قال الدارقطنی اسنادہ صحیح (زادالمعاد ص ۲۳۷ ج۲)

اس حدیث میں واضح دلیل ہے کہ حاکم کو فسخ نکاح کا اختیار نہیں، اگر حاکم کو اختیار ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیوی سے اتردین علیہ حدیقتہ؟ سے استفہام اور شوہر کو طلقہا یا خل سبیلہا نہ فرماتے بلکہ خود نکاح فسخ فرمادیتے، اس استدلال کی تقریر اور "مذہب حنفی" کے تحت امام ابوبکر جصاص رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کی جاچکی ہے،

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فیصلہ تراضیِ طرفین سے تھا، خلع پر جبر نہ تھا، روایاتِ مذکورہ میں مختلف جملے اس پر شاہد ہیں جیسا کہ بیوی سے استفہام اتردین علیہ حدیقتہ؟ پھر بیوی کا قول "نعم" اور روایت نسائی میں شوہر کا قول "نعم" اور روایتِ ابوداؤد میں ویصلح ذلک یارسول اللہ؟ اور روایت دارقطنی میں قبلت قضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، علاوہ ازیں مدعا علیہ کی عدم موجودگی میں قضاء مستقل دلیل ہے کہ یہ جبری قضاء نہ تھی، لعدم جواز القضاء علی الغائب، اس لئے یہ قضاء رضائے مدعیٰ علیہ کے تیقن پر مبنی تھی، روایت مصنف عبدالرزاق کے الفاظ مذکورہ سب روایات سے زیادہ واضح ہیں، فقالت انا اردانیہ حدیقتہ، قال اوتفعلین؟ قالت نعم، فدعا زوجہا فقال انہا ترد علیک حدیقتک، قال اوذلک لی؟ قال نعم، قال فقد قبلت یارسول اللہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذہبا فہی واحدة ثم نکحت بعدہ رفاعة

العابدی فضربها فجاءت عثمان فقالت انا ارد الیہ صداقہ فدعا عثمان فقبل الحدیث (مصنف عبد الرزاق ص ۴۸۲ ج ۶) اسی لئے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ھو امر ارشاد و اصلاح لا ایجاب، (فتح الباری ص ۳۵۱ ج ۹)

(۴) قال عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذا اراد النساء الخلع فلا تکفروھن (السنن الکبریٰ للبیہقی ص ۳۱۵ ج ۷) اس سے ثابت ہوا کہ خلع طرفین کی رضا پر موقوف ہے، حاکم کو جبر کا اختیار نہیں، اگر حاکم کو یہ اختیار ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مردوں کو یہ ارشاد نہ فرماتے بلکہ خود ہی جبرًا بذریعہ خلع نکاح فسخ کر دیا کرتے، آپ کے اس ارشاد سے ثابت ہوا کہ بیوی خلع چاہے تو اس کا اتمام شوہر کے قبول پر موقوف ہے، اسی لئے آپ نے مردوں کو یہ مشورہ دیا کہ وہ قبول کر لیا کریں،

حکم حکمین:

زوجین میں مصالحت سے متعلق قرآن کریم میں ارشاد ہے: وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَیْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا اِنْ یُّرِیْدَاۤ اِصْلَاحًا یُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَیْنَهُمَا، اس سے متعلق ائمۂ تفسیر و فقہ رحمہم اللہ تعالیٰ کی تشریحات درج ذیل ہیں:۔

قال الامام ابو بکر الجصاص رحمہ اللہ تعالیٰ ویدل ایضا قولہ فابعثوا حکما من اہلہ وحکما من اہلہا علی ان الذی من اہلہ وکیل لہ والذی من اہلہا وکیل لہا کانہ قال فابعثوا رجلا من قبلہ ورجلا من قبلہا فہذا یدل علی بطلان قول من یقول ان للحکمین ان یجمعا ان شاءا وان شاءا فرقا بغیر امرہما وبعد اسطر ان الحکمین ینبغی ان یکونا وکیلین لہما احدہما وکیل المرأۃ والاخر وکیل الزوج وکذا روی عن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ وروی ابن عیینۃ عن ایوب عن ابن سیرین عن عبیدۃ قال اتی علیا رجل وامرأتہ مع کل واحد منہما فئام من الناس فقال علی ما شأن ہذین قالوا بینہما شقاق قال فابعثوا حکما من اہلہ وحکما من اہلہا ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ بینہما فقال علی تدریان ما علیکما ان رأیتما ان تجمعا وان رأیتما ان تفرقا فقالت المرأۃ رضیت بکتاب اللہ فقال الرجل اما الفرقۃ فلا فقال علی کذبت واللہ لا تنفلت منی حتی تقر کما اقرت فاخبر علی ان قول الحکمین انما یکون برضا الزوجین فقال اصحابنا لیس للحکمین ان یفرقا الا ان یرضی الزوج وذلک لانہ لا خلاف ان الزوج لو اقر بالاساءۃ الیہا لم یفرق بینہما ولم یجبرہ الحاکم علی طلاقہا

قبل تحکیم الحکمین وکذلک لو اقرت المرأۃ بالنشوز لم یجبرها الحاکم علی خلع ولا علی رد مهرها فاذا کان کذلک حکمهما قبل بعث الحکمین فکذلک بعد بعثهما لا یجوز ایقاع الطلاق من جهتهما من غیر رضا الزوج وتوکیله ولا اخراج المهر عن ملکها من غیر رضاها فلذلک قال اصحابنا انهما لا یجوز خلعهما الا برضی الزوجین فقال اصحابنا لیس للحکمین ان یفرقا الا برضی الزوجین لان الحاکم لا یملک ذلک فکیف یملکه الحکمان وانما الحکمان وکیلان لهما احدهما وکیل المرأۃ والآخر وکیل الزوج فی الخلع او فی التفریق بغیر جعل ان کان الزوج قد جعل الیه ذلک (احکام القرآن ص ۱۹۱ ج ۲) وقال ایضا فکیف یجوز للحکمین ان یوقعا خلعا او طلاقا من غیر رضاهما وقد نص اللہ علی انه لا یحل له اخذ شیء لما اعطی الا بطیبة من نفسها ولا ان تفتدی به فالقائل بان للحکمین ان یخلعا بغیر توکیل من الزوج مخالف لنص الکتاب وقال اللہ تعالی یایها الذین آمنوا لا تأکلوا اموالکم بینکم بالباطل الا ان تکون تجارۃ عن تراض منکم، فمنع کل احد ان یأکل مال غیرہ الا برضاہ وقال اللہ تعالی ولا تأکلوا اموالکم بینکم بالباطل وتدلوا بها الی الحکام، فاخبر تعالی ان الحاکم وغیرہ سواء فی انه لا یملک اخذ مال احد ودفعه الی غیرہ وقال النبی صلی اللہ علیه وسلم لا یحل مال امرئ مسلم الا بطیبة من نفسه وقال صلی اللہ تعالی علیه وسلم فمن قضیت له من حق اخیه بشیء فانما اقطع له قطعة من النار فثبت بذلک ان الحاکم لا یملک اخذ مالها ودفعه الی زوجها ولا یملک ایقاع طلاق علی الزوج بغیر توکیله ولا رضاہ وهذا حکم الکتاب والسنة واجماع الامة فی انه لا یجوز للحاکم فی غیر ذلک من الحقوق اسقاطه ونقله عنه الی غیرہ من غیر رضا من هو له (احکام القرآن ص ۱۹۲ ج ۲) وقال ایضًا فاذا جعل کل واحد منهما الی الحکم الذی من قبله ماله من التفریق والخلع کانا مع ماذکرنا من امرهما وکیلین جائز لهما ان یخلعا ان رأیا وان یجمعا ان رأیا ذلک صلاحًا فهما فی حال شاهدان وفی حال مصلحان وفی حال آمران بمعروف وناهیان عن منکر ووکیلان فی حال اذا فوض الیهما الجمع والتفریق واما قول من قال انهما یفرقان ویخلعان من غیر توکیل من الزوجین فهو تعسف خارج عن حکم الکتاب والسنة واللہ اعلم بالصواب (احکام القرآن ص ۱۹۳ ج ۲)

وقال الامام ابوجعفر الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ ولیس للحکمین فی الشقاق ان یفرقا الا ان یجعل ذلک الیہما الزوج (مختصر الطحاوی ص ۱۹۱)

وقال الامام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ وذلک احسن ما سمعت من اهل العلم ان الحکمین یجوز قولهما بین الرجل وامرأته فی الفرقة والاجتماع (موطا مالک ص ۵۲۷)

وقال العلامة ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ اتفق العلماء علی جواز بعث الحکمین اذا وقع التشاجر بین الزوجین وجهلت احوالهما فی التشاجر اعنی المحق من المبطل لقوله تعالیٰ (وان خفتم شقاق بینهما فابعثوا حکما من اهله وحکما من اهلها) الآیة، واجمعوا علی ان الحکمین لا یکونان الا من اهل الزوجین، احدهما من قبل الزوج، والآخر من قبل المرأة الا ان لا یوجد فی اهلهما من یصلح لذلک فیرسل من غیرهما واجمعوا علی ان الحکمین اذا اختلفا لم ینفذ قولهما، واجمعوا علی ان قولهما فی الجمع بینهما نافذ بغیر توکیل من الزوجین واختلفوا فی تفریق الحکمین بینهما اذا اتفقا علی ذلک هل یحتاج الی اذن من الزوج، اولا یحتاج الی ذلک فقال مالک واصحابه رحمهم اللہ تعالیٰ یجوز قولهما فی الفرقة والاجتماع بغیر توکیل الزوجین ولا اذن منهما فی ذلک، وقال الشافعی وابوحنیفة واصحابهما رحمهم اللہ تعالیٰ لیس لهما ان یفرقا الا ان یجعل الزوج الیهما التفریق، وحجة مالک رحمہ اللہ تعالیٰ ما رواه من ذلک عن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنه انه قال فی الحکمین الیهما التفرقة بین الزوجین والجمع وحجة الشافعی وابی حنیفة رحمهما اللہ تعالیٰ ان الاصل ان الطلاق لیس بید احد سوی الزوج اومن یوکله الزوج (الی قوله) واختلف اصحاب مالک رحمهم اللہ تعالیٰ فی الحکمین یطلقان ثلاثا، فقال ابن القاسم تکون واحدة، قال اشهب والمغیرة تکون ثلاثا ان طلقاها ثلاثا والاصل ان الطلاق بید الرجل الا ان یقوم دلیل علی غیر ذلک وقد احتج الشافعی وابوحنیفة رحمهما اللہ تعالیٰ بما روی فی حدیث علی رضی اللہ تعالیٰ عنه هذا انه قال للحکمین هل تدریان ما علیکما ان رأیتما ان تجمعا جمعتما وان رأیتما ان تفرقا فرقتما، فقالت المرأة رضیت بکتاب اللہ وبما فیه لی وعلی فقال الرجل اما الفرقة فلا فقال علی رضی اللہ تعالیٰ عنه لا واللہ لا تنقلب حتی تقر بمثل ما اقرت به المرأة، قال فاعتبر فی ذلک اذنه، ومالک رحمہ اللہ تعالیٰ یشبه الحکمین

بالسلطان والسلطان يطلق بالضرر عند ذلك اذ تبين (بداية المجتهد ص ۹۵ ج ۲)

وقال العلامة الباجی رحمه الله تعالیٰ ومن صفة الحكمين التی هی شرط فی صحة كونهما حكمين الاسلام والبلوغ والحرية والذكورة فان عدم شیء من ذلك لم يجز تحكيمهما برضا الزوجين ولا ببعثة السلطان قاله مالك رحمه الله تعالیٰ وكذلك العدالة ولهما صفات اخرهی من صفة كمالهما ان يكونا من اهلهما وان يكونا فقيهين، فقد قال ابن القاسم ان جعل ذلك الزوجان ووليا اليتيمين الیٰ من لا يجوز ان يكون حكما لم يجز لان ذلك من باب الغرر،

ولو جعل الزوجان ذلك الیٰ رجل واحد جاز اذا كان من اهل الحكم قاله ابن القاسم فی المدونة قال القاضی ابو الوليد رضی الله تعالیٰ عنه ووجه ذلك عندی ان يكون من جهة الزوجين لان الحق فی ذلك لا يخرج عنهما ولا يجوز للسلطان ولا لولی اليتيمين لان ذلك اسقاط لحق الزوجين ولا يجوز ذلك فی جزاء الصيد لانه حق الله تعالیٰ ولم يأمر فيه الا بحكمين،

وسبب تحكيم الحكمين ان يقبح ما بين الزوجين ويظهر الشقاق بينهما، قال القاضی ابو محمد اعلم ان كان ذلك من احدهما امر بازالته وان جهل ذلك بعث الحاكم حكمين، وسواء بنی بها الزوج او لم يبن بها قاله ابن المواز لان التقابح قد يقع بينهما قبل البناء،

واذا نزع احد الزوجين او نزعا جميعًا قبل حكم الحكمين فلا يخلو ان يبعث الحكمين السلطان او غيره فان بعثهما السلطان لم يكن لهما نزوع لان تحكيمهما حكم من السلطان فليس لهما نقضه فان بعثهما غير السلطان جاز لهما النزوع ما لم يستوعب الكشف عن امرهما فلا نزوع لواحد منهما ويلزم حكمهما قاله ابن المواز وجه ذلك ما احتج به من ان رجلين لو حكما بينهما رجلا فلما ظهر وجه الحق وعلم احدهما انه محكوم عليه واراد النزوع لم يكن له ذلك،

وما يحكم به الحكمان فعلی وجه الحكم لا علی وجه الوكالة والنيابة فينفذ حكمهما وان خالف مذهب الحاكم الذی انفذ سواء جمعا او فرقا وبه قال النخعی والشافعی وغيرهم رحمهم الله تعالیٰ خلافا لابی حنيفة رحمه الله تعالیٰ واحد قولی الشافعی انهما ان جمعا جاز ذلك وان فرقا لم يلزم ذلك الزوج والدليل علی ذلك قوله تعالیٰ

فابعثوا حکمًا من اهله وحکمًا من اهلها فسماهما حکمین والحکم لا یحتاج فیما یوقعه من الطلاق الی اذن الزوج کالوالی،

ومن حکم الحکمین ان یکونا فقیهین لیعلما مواقع الحق لیحکما به ویکون احدهما من اهله والثانی من اهلها لان الاهل اعلم بباطن امرهما واعرف بوجوه منافعهما ویکونان عدلین لیؤمن جورهما فان لم یکن من اهلهما من هذه صفته جاز ان یکونا اجنبیین واللّٰہ اعلم (المنتقی شرح موطا مالک ص ۱۱۳، ۱۱۴ ج ۴)

وقال العلامة الخرشی رحمه اللّٰہ تعالیٰ (ص) من اهلهما ان امکن (ش) ای ویشترط وجوبًا کون الحکمین من اهل الزوجین مع الامکان ولا یجوز للحاکم ان یبعث اجنبیین مع وجود الاهل ولو واحدًا وهل ینتقض الحکم اذا بعث القاضی اجنبیین مع وجودهما من اهل ام لا تردد فی ذلک اللخمی، قال فی التوضیح ظاهر الآیة ان کونهما من الاهلین مع الوجد ان واجب شرطا فلو امکن اقامة الاهل من احد الزوجین دون الآخر فهل یتعین کونهما اجنبیین او یقاء الذی من الاهل واجنبی من الجانب الآخر وعلی الاول ابن الحاجب وعلی الثانی اللخمی وهو موافق لکلام المؤلف لان مفهوم ان امکن عدم الامکان من الجانبین او احدهما. (الخرشی علی مختصر خلیل ص ۸ ج ۴)

وقال العلامة الدسوقی رحمه اللّٰہ تعالیٰ (قوله تردد) ای تحیر اللخمی والظاهر نقض الحکم لان ظاهر الآیة ان کونهما من اهلهما مع الوجد ان واجب شرط کما فی التوضیح ولا یقال ان ظاهر المصنف عدم البطلان حیث لم یعد ذلک من مبطلات حکمهما الآتیة لانا نقول المصنف لم یدع حصر البطلان فی الامور الآتیة فحکمه بالبطلان بها لا ینافی البطلان بغیرها کما اذا کانا اجنبیین مع وجود الاهل (حاشیة الدسوقی علی الشرح الکبیر ص ۳۴۴ ج ۲)

وقال العلامة الصاوی رحمه اللّٰہ تعالیٰ (فان لم یمکن فاجنبیین) فان بعث اجنبیین مع الامکان ففی نقض حکمهما تردد والظاهر نقضه لان ظاهر الآیة ان کونهما من اهلهما واجب شرط کما فی التوضیح (حاشیة الصاوی علی شرح الدردیر ص ۵۱۳ ج ۲)

وقال الامام الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ ولیس لہ ان یأمرھما یفرقان ان رأیا الا بامر الزوج ولا یعطیا من مال المرأۃ الا باذنھا (قال) فان اصطلح الزوجان والا کان علی الحاکم ان یحکم لکل واحد منھما علی صاحبہ بما یلزمہ من حق فی نفس و مال وادب (قال) وذلک ان اللہ عزوجل انما ذکر انھما "ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ بینھما" ولم یذکر تفریقا (قال) واختار للامام ان یسأل الزوجین ان یتراضیا بالحکمین ویوکلاھما معا فیوکلھما الزوج ان رأیا ان یفرقا بینھما فرقا علی ما رأیا من اخذ شیء او غیر اخذہ (کتاب الام ص ۱۹۴ ج ۵) وقال ایضا ولا یجبر الزوجان علی توکیلھما ان لم یوکلا، (کتاب الام ص ۱۹۵ ج ۵)

وقال الحافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ وقد اجمع العلماء علی ان الحکمین لھما الجمع والتفرقۃ حتی قال ابراھیم النخعی ان شاء الحکمان ان یفرقا بینھما بطلقۃ او بطلقتین او ثلاث فعلا وھو روایۃ عن مالک، وقال الحسن البصری الحکمان یحکمان فی الجمع لا فی التفرقۃ وکذا قال قتادۃ وزید بن اسلم وبہ قال احمد بن حنبل وابو ثور وداؤد، ومأخذھم قولہ تعالیٰ (ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ بینھما) ولم یذکر التفریق واما اذا کانا وکیلین من جھۃ الزوجین فانہ ینفذ حکمھما فی الجمع والتفرقۃ بلا خلاف وقد اختلف الائمۃ فی الحکمین ھل ھما منصوبان من جھۃ الحاکم فیحکمان وان لم یرض الزوجان او ھما وکیلان من جھۃ الزوجین علی قولین و الجمھور علی الاول لقولہ تعالیٰ (فابعثوا حکما من اھلہ وحکما من اھلھا) فسماھما حکمین ومن شأن الحکم ان یحکم بغیر رضا المحکوم علیہ وھذا ظاھر الآیۃ والجدید من مذھب الشافعی وھو قول ابی حنیفۃ واصحابہ الثانی منھما القول علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ للزوج حین قال اما الفرقۃ قال کذبت حتی تقربما اقرت بہ قالوا فلو کانا حکمین لما افتقر الی اقرار الزوج واللہ اعلم (تفسیر ابن کثیر ص ۴۹۳ ج ۱)

وقال الامام الفخر الرازی رحمہ اللہ تعالیٰ قال الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ المستحب ان یبعث الحاکم عدلین ویجعلھما حکمین، والاولیٰ ان یکون واحد من اھلہ وواحد من اھلھا لان اقاربھما اعرف بحالھما من الاجانب واشد طلبا للصلاح فان کانا اجنبیین جاز (تفسیر کبیر ص ۹۳ ج ۹)

وقال العلامة ابن قدامة رحمه الله تعالیٰ قال رحمه الله والزوجان اذا وقعت بینہما العداوة وخشی علیہما ان یخرجہما ذلك الی العصیان بعث الحاکم حکما من اھلہ و حکما من اھلہا مأمونین برضا الزوجین وتوکیلہما بان یجمعا اذا رأیا او یفرقا فما فعلا من ذلك لزمہما وجملة ذلك ان الزوجین اذا وقع بینہما شقاق نظر الحاکم فان بان له انه من المرأة فہو نشوز قد مضی حکمه وان بان انه من الرجل اسکنہما الی جانب ثقة یمنعه من الاضرار بہا والتعدی علیہا، وکذلك ان بان من کل واحد منہما تعدٍ او ادعی کل واحد منہما ان الاٰخر ظلمه اسکنہما الی جانب من یشرف علیہما و یلزمہما الانصاف، فان لم یتہیأ ذلك وتمادی الشر بینہما وخیف الشقاق علیہما والعصیان بعث الحاکم حکما من اھله وحکما من اھلہا فنظرا بینہما، وفعلا ما یریان المصلحة فیه من جمع او تفریق لقول الله تعالیٰ "وان خفتم شقاق بینہما فابعثوا حکما من اھله وحکما من اھلہا ان یریدا اصلاحا یوفق الله بینہما"، واختلف الروایة عن احمد رحمه الله تعالیٰ فی الحکمین ففی احدی الروایتین عنه انہما وکیلان لہما لا یملکان التفریق لہما الا باذنہما، وھذا مذھب عطاء واحد قولی الشافعی، وحکی ذلك عن الحسن وابی حنیفة لان البضع حقه والمال حقہا وھما رشیدان فلا یجوز لغیرھما التصرف فیه الا بوکالة منہما او ولایة علیہما، والثانیة انہما حاکمان ولہما ان یفعلا ما یریان من جمع وتفریق بعوض وغیر عوض ولا یحتاجان الی توکیل الزوجین ولا رضاھما، وروی نحو ذلك عن علی وابن عباس وابی سلمة بن عبد الرحمن والشعبی والنخعی وسعید بن جبیر ومالك والاوزاعی واسحٰق وابن المنذر لقول الله تعالیٰ فابعثوا حکما من اھله وحکما من اھلہا، فسماھما حکمین ولم یعتبر رضا الزوجین ثم قال (ان یریدا اصلاحا) فخاطب الحکمین بذلك، وروی ابو بکر باسناده عن عبیدة السلمانی ان رجلا وامرأة اتیا علیا رضی الله تعالیٰ عنه مع کل واحد منہما فئام من الناس فقال علی رضی الله تعالیٰ عنه ابعثوا حکما من اھله وحکما من اھلہا، فبعثوا حکمین ثم قال علی رضی الله تعالیٰ عنه للحکمین ھل تدریان ما علیکما من الحق؟ علیکما من الحق ان رأیتما ان تجمعا جمعتما وان رأیتما ان تفرقا فرقتما، فقالت المرأة رضیت بکتاب الله علیّ ولی، فقال الرجل، اما الفرقة، فقال علی رضی الله تعالیٰ

عنه کذبت حتی ترضی بما رضیت به وهذا یدل علی انه اجبرہ علی ذلک، ویروی ان عقیلاً تزوج فاطمة بنت عتبة فتخاصما فجمعت ثیابها ومضت الی عثمان رضی الله تعالی عنه فبعث حکما من اهله عبد الله بن عباس رضی الله تعالی عنهما وحکما من اهلها معاویة رضی الله تعالی عنه، فقال ابن عباس رضی الله تعالی عنهما لا فرقن بینهما وقال معاویة رضی الله تعالی عنه ماکنت لا فرق بین شیخین من بنی عبد مناف فلما بلغا الباب کانا قد اغلقا الباب واصطلحا، ولا یمتنع ان تثبت الولایة علی الرشید عند امتناعه من اداء الحق کما یقضی الدین عنه من ماله اذا امتنع ویطلق الحاکم علی المولی اذا امتنع (المغنی ص ۳۲۰ ج ۷) وقال ایضاً والاولی ان یکونا من اهلهما لامر الله تعالی بذلک ولانهما اشفق واعلم بالحال فان کانا من غیر اهلهما جاز لان القرابة لیست شرطاً فی الحکم ولا الوکالة فکان الامر بذلک ارشاداً واستحباباً (المغنی ص ۳۲۱ ج ۷)

وقال الحافظ ابن القیم رحمه الله تعالی وقد اختلف السلف والخلف فی الحکمین هل هما حاکمان او وکیلان علی قولین احدهما انهما وکیلان وهو قول ابی حنیفة رحمه الله تعالی والشافعی رحمه الله تعالی فی قول واحمد رحمه الله تعالی فی روایة والثانی انهما حاکمان وهذا قول اهل المدینة ومالک رحمه الله تعالی واحمد رحمه الله تعالی فی الروایة الاخری والشافعی رحمه الله تعالی فی القول الآخر (زاد المعاد ص ۲۳۳ ج ۲) وقال العلامة ابن حزم رحمه الله تعالی لیس فی الآیة ولا فی شیء من السنن ان للحکمین ان یفرقا ولا ان ذلک للحاکم (المحلی ص ۸۸ ج ۱۰)

ان تشریحات سے ثابت ہوا کہ امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد اور اہل ظاہر رحمہم اللہ تعالیٰ سب اس پر متفق ہیں کہ زوجین میں تفریق بلاعوض یا خلع کے لئے اُن کو توکیلِ حکمین پر مجبور کرنا، یا حکمین کو اُن پر جبراً مسلط کرنا جائز نہیں، حکمین نے زوجین کی رضا کے بغیر خلع کا فیصلہ کردیا، یا بدون رضائے زوج تفریق بلاعوض کردی تو ان کا یہ فیصلہ نافذ نہ ہوگا، خلع میں رضائے زوجین ضروری ہے اور تفریق بلاعوض میں صرف رضائے زوج شرط ہے،

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول اول میں حکمین کو تفریق کا اختیار ہے، مگر آخری قول یہی ہے کہ اختیارِ تفریق نہیں، یہی قول اُن کا مختار ہے، چنانچہ انھوں نے خود "کتاب الام" میں صرف یہی قول تحریر فرمایا ہے،

امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ سے دونوں روایتیں ہیں، المغنی میں علامہ ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر سے اختیارِ فسخ کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، مگر متن میں رضائے زجین کی شرط تحریر ہے، اصولِ ترجیح کے مطابق روایتِ متن راجح ہے،

صرف امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ اس کے قائل ہیں کہ حاکم کی طرف سے متعین حکمین کو بدون رضائے زوجین بھی خلع یا تفریق بلا عوض کا اختیار ہے، البتہ زوجین نے خود حکمین کو وکیل بنایا تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ زوجین میں سے کسی ایک کا جرم واضح و ثابت ہوجانے کے بعد اس کو فسخِ توکیل کا اختیار نہیں، بلکہ حکمین کا فیصلہ واجب القبول ہوگا، البتہ وضوحِ حق سے قبل جانبین کو فسخِ توکیل کا اختیار ہے،

مذہبِ مالک رحمہ اللہ تعالیٰ میں حکمین کے حکمِ خلع یا تفریق بلا عوض کے لئے مندرجہ ذیل شرائط ہیں:۔

(۱) حکمین میں سے ایک کا اہلِ زوج سے ہونا اور دوسرے کا اہلِ زوجہ سے ہونا، البتہ ان کے اہل میں ایسے افراد نہ ہوں تو اجانب سے بھی ہوسکتے ہیں،

امام شافعی و امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ امر استحبابی ہے، لازم نہیں، مگر امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں واجب ہے، البتہ اس کی شرطیت میں مالکیہ میں اختلاف ہے، علامہ باجی رحمہ اللہ تعالیٰ نے المنتقی شرح الموطا میں اس کو صفاتِ کمال میں شمار فرمایا ہے، اس سے نفیِ وجوب مراد نہیں بلکہ نفیِ شرطیت مقصود ہے، جیسا کہ پوری عبارت سے واضح ہے، اور آگے فان لم یکن من اھلھما من ھذہ صفته جاز ان یکونا اجنبیین میں وجوب کی تصریح ہے، غرضیکہ عند المالکیہ وجوب متفق علیہ ہے کما صرح به العلامة ابن رشد رحمه الله تعالیٰ، البتہ عند البعض شرط نہیں، اکثر شرطیت کے قائل ہیں وھو الصحیح،

اگر زوجین کسی فردِ واحد کی تحکیم پر راضی ہوجائیں تو جائز ہے، مگر حاکم کی طرف سے فردِ واحد کی تحکیم جائز نہیں، تعدد شرط ہے،

(۲) فیصلہ پر حکمین دونوں متفق ہوں،

(۳) ضرورتِ شدیدہ ہو، مثلاً باہمی نزاع و شقاق کا فتنہ بہت خطرناک صورت اختیار کر گیا ہو، اور حکمین کی طرف سے ان کو فہمائش اور ذرائع حکومت سے رفعِ ظلم کی ہر ممکن کوشش، اس مقصد کے لئے ان پر کسی نگراں کی تعیین وغیرہ سب تدابیر ناکام ہوگئی ہوں، شوہر کی صورت یا سیرت کی وجہ سے بیوی

کو نفرت، یا شوہر کی مار پٹائی وغیرہ کی بناء پر حکم تفریق جائز نہیں

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی کو اتنا مارا کہ اس کا ہاتھ ٹوٹ گیا، علاوہ ازیں بیوی کو ان کی شکل وصورت سے بھی بے حد نفرت تھی، اس کے باوجود ان کے قصہ سے متعلق علامہ باجی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وقولها لا انا ولا ثابت بن قیس ظاهره الامتناع منه و حكمه حكم النشوز وتجبر على الرجوع اليه ان لم يرد فراقها بخلع او غيره ، (المنتقى شرح موطا مالك ص ۶۱ ج ۴)

ہاتھ ٹوٹنے کی روایات ابوداؤد ص ۲۲۱ ج ۲، نسائی ص ۹۳ ج ۲، مصنف عبدالرزاق ص ۴۸۲ ج ۶ میں اور شکل وصورت سے متعلقہ روایات سنن ابن ماجہ ص ۱۴۸، مصنف عبدالرزاق ص ۴۸۳ ج ۶ میں ہیں، وقال الحافظ رحمه الله تعالىٰ (قوله فى خلق ولا دين) بضم الخاء المعجمة واللام ويجوز اسكانها اى لا اريد مفارقته لسوء خلقه ولا لنقصان دينه، زاد فى رواية ايوب المذكورة ولكني لا اطيقه كذا فيه لم يذكر مميز عدم الطاقة وبينه الاسماعيلى فى روايته ثم البيهقى بلفظ لا اطيقه بغضا وهذا ظاهره انه لم يصنع بها شيئا يقتضى الشكوى منه بسببه لكن تقدم من رواية النسائى انه كسر يدها فيحمل على انها ارادت انه شيء الخلق لكنها ما تعيبه بذلك بل بشيء آخر وكذا وقع فى قصة حبيبة بنت سهل عند ابى داود انه ضربها فكسر بعضها لكن لم تشك واحدة منهما بسبب ذلك بل وقع التصريح بسبب آخر وهو انه كان دميم الخلقة ففى حديث عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عند ابن ماجة كانت حبيبة بنت سهل عند ثابت بن قيس وكان رجلا دميما فقالت والله لولا مخافة الله اذا دخل على لبصقت فى وجهه واخرج عبد الرزاق عن معمر قال بلغنى انها قالت يارسول الله بى من الجمال ما ترى وثابت رجل دميم وفى رواية معتمر بن سليمان عن فضيل عن ابى جرير عن عكرمة عن ابن عباس اول خلع كان فى الاسلام امرأة ثابت بن قيس اتت النبى صلى الله عليه وسلم فقالت يارسول الله لا يجتمع رأسى ورأس ثابت ابدا انى رفعت جانب الخباء فرأيته اقبل فى عدة فاذا هو اشدهم سوادا واقصرهم قامة واقبحهم وجها فقال اتردين عليه حديقته قالت نعم وان شاء زدته ففرق بينهما،

(فتح البارى ص ۳۵۰ ج ۹)

۲۶

تنبیہات :

① حکم تفریق کے لئے بیوی کی طرف سے طلب یا رضا شرط نہیں، جس طرح رضائے زوج ضروری نہیں، اسی طرح رضائے زوجہ بھی ضروری نہیں، اگر حکمین کی نظر میں بدون تفریق رفع فساد کی کوئی صورت نہ ہو تو وہ بدون رضائے زوجین تفریق کر سکتے ہیں، اس سے ثابت ہوا کہ یہ تفریق بیوی کا حق نہیں بلکہ رفع فتنہ وفساد کی ایک صورت ہے، لہذا مفتونِ نسواں کا اس کو حقوقِ نسواں میں داخل کرنا سراسر جہالت ہے،

② حاکم کو بذاتِ خود بلا نصبِ حکمین یہ اختیار نہیں، علامہ ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت وما لك يشبه الحكمين بالسلطان والسلطان يطلق بالضرر عند ذلك اذ تبين، کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں حاکم کو بھی یہ اختیار رہے، مگر در حقیقت یہاں تفصیلِ حکم کا بیان نہیں بلکہ مآخذِ حکم کا بیان ہے، جس کے لئے علت میں اشتراک کافی ہے، جو یہاں تبیّنِ ضرر ہے، زوجۂ مفقود و مُعسر وغیرہ کے ضرر کا تبیّن حاکم کو بلا نصبِ حکمین بھی ہو سکتا ہے مگر ضررِ نزاع وشقاق کا تبیّن بدون نصبِ حکمین نہیں ہو سکتا، اگر دفعِ ضررِ نزاع وشقاق کے لئے بلا نصبِ حکمین حاکم کو اختیارِ تفریق ہوتا تو نصبِ حکمین، پھر ان کی قیود و شرائط کے تکلفات و طولِ عمل کی کیا ضرورت تھی؟ ذرا ان تکلفات کی تفصیل پر نظر ڈالیں:

① نصبِ حکمین،

② عددِ حکمین،

③ ان کا اقاربِ زوجین سے ہونا،

④ ایک کا اہلِ زوج سے ہونا اور دوسرے کا اہلِ زوجہ سے،

⑤ ان میں شرائطِ حاکم کا وجود،

⑥ حکمِ تفریق سے قبل دفعِ ضرر کی ہر ممکن تدبیر اختیار کرنا، حتیٰ کہ اس مقصد کے لئے زوجین کو کسی نگراں کے پاس رہنے کا حکم کرنا،

⑦ حکمِ تفریق پر حکمین کا اتفاق،

ظاہر ہے کہ ان سب تکلفات کا تحمل صرف اس لئے کیا گیا ہے کہ بدون اس کے ضررِ شقاق کا تبیّن و تحقق نہیں ہو سکتا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ کا شوہر کو توکیلِ حکمین پر مجبور کرنا بھی اس پر دلیل ہے، ورنہ وہ خود اپنی توکیل کا حکم فرماتے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۳ ذیقعدہ ۹۶ھ

بابُ الظّہار

تجھے طلاق، تو میری ماں بہن جیسی ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ "تجھے طلاق تو میرے لئے ماں بہن جیسی ہے" اس عورت کو کتنی طلاقیں ہوئیں؟ لفظ "مجھ پر" اور "میرے لئے" میں کچھ فرق ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

"تو میرے لئے ماں بہن جیسی ہے" یہ جملہ ظہار کے لئے صریح نہیں، بلکہ کنایہ ہے، سو اس میں تین احتمال ہیں:

① کرامت ② ظہار ③ طلاق

قال فی شرح التنویر وان نوی بانت علی مثل امی او کأمی وکذا لو حذف علی خانیة برا او ظهارا او طلاقا صحت نیته ووقع ما نواه لانه کنایة والا ینو شیئا او حذف الکاف لغا وتعین الادنی ای البر یعنی الکرامة (الی قوله) وبانت علی حرام کظهر امی ثبت الظهار لا غیر لانه صریح. وفی الشامیة (قوله وان نوی) بیان لکنایات الظهار واشار الی ان صریحه لابد فیه من ذکر العضو (قوله لانه کنایة) ای من کنایات الظهار والطلاق قال فی البحر واذا نوی به الطلاق کان بائنا کلفظة الحرام، وایضا فیها قبل ما مر بورقة (قوله کانت علی) قال فی البحر ومنی وعندی ومعی کعلی (رد المحتار ج ۲)

غرضیکہ اس جملہ میں فی نفسہ تین احتمال ہیں، مگر صورتِ سؤال میں مذاکرۂ طلاق کی وجہ سے طلاق بائن متعین ہے، عورت اگر مدخول بہا ہے تو دو طلاق بائن ہوں گی، البتہ غیر مدخول بہا کو صرف پہلی طلاق ہوگی، اور اس کے لئے یہی بائن ہے،

لفظ "میرے لئے" اگرچہ بظاہر کرامت اور محبت پر دلالت کرتا ہے مگر مذاکرۂ طلاق کے وقت

اسے کرامت پر محمول نہیں کیا جا سکتا، علاوہ ازیں لفظ "عُدنی" عظمت کے لئے متبادر ہے، حرمت کے لئے مستعمل نہیں، ایسے ہی لفظ "مُنی" اور "مُعی" بھی، اس کے باوجود شامیہ میں ان سب کو "لغو" جیسا قرار دیا ہے، غرضیکہ مذاکرۂ طلاق کے وقت یہ الفاظ طلاق ہی کے لئے متعین ہیں، کوئی اور احتمال ان میں نہیں لیا جا سکتا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۷ رصفر ۷۴ھ

بیوی کو ماں بہن کہنا :

سوال : اگرچہ تمام شروح و متون میں صراحۃً مذکور و مشرح ہے کہ اپنی بیوی کو ماں یا بہن کہنے سے کسی قسم کی طلاق نہیں ہوتی اگرچہ ایسا کہنا مکروہ ہے، مگر یہ قاعدہ بھی مسلم ہے کہ طلاق کا مدار عرف پر ہے، ہمارے بلوچستان میں بالخصوص ہمارے اطراف میں طلاق کے لئے یہ الفاظ اس قدر استعمال کرتے ہیں کہ صریح الفاظِ طلاق بھی اتنا استعمال نہیں کرتے، قاعدۂ مسلمہ کی بنا پر شبہ ہو رہا ہے کہ اس زمانہ میں اس علاقہ میں ان الفاظ سے طلاق واقع ہو جاتی ہے؟ متون و شروح میں مذکور حکم اس زمانہ اور ان دیار سے متعلق ہے جہاں یہ لفظ طلاق کیلئے معروف نہ ہو، اس بارہ میں اپنی رائے صائب سے ممنون فرمائیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ الفاظ بحکم عرف صرف طلاق کے لئے متعین ہیں، اس لئے ان سے طلاق کی نیت نہ ہو جب بھی ایک طلاق صریح بائن واقع ہو جائے گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ رذیقعدہ ۸۶ھ

(اس کی تفصیل کتاب الطلاق میں ہی بعنوان "بیوی کو ماں کہنا" مرتب)

تمہیں رکھوں تو اپنی ماں کو رکھوں :

سوال : ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں تمہیں رکھوں تو اپنی ماں کو رکھوں، اس کا کیا حکم ہے؟ عالمگیریہ میں ہے لو قال ان وطئتک وطئت امی فلاشیء علیہ، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان الفاظ سے طلاق یا ظہار کچھ بھی نہیں ہوتا، آپ کی کیا رائے ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

عالمگیریہ میں اس کو ظہار اس لئے نہیں قرار دیا کہ اس میں حرف تشبیہ صراحۃً نہیں، مگر اب یہ الفاظ عرف عام میں صرف طلاق ہی کے لئے مستعمل ہیں، اس لئے ایک طلاق صریح بائن ہو گئی، اگرچہ طلاق کی نیت نہ ہو، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۵ ربیع الاول ۹۱ھ

(اس کی تفصیل کتاب الطلاق میں ہے بعنوان "بیوی کو ماں کہنا" مرتب)

باب خیار الفسخ

خیارِ بلوغ کے مسائل "باب ولایۃ النکاح والمال" میں ہیں، اس "باب خیار الفسخ" میں وہ مسائل ہیں جن میں کسی عذر کی وجہ سے عورت کو قاضی سے نکاح فسخ کرانے کا اختیار ہے، اس باب سے متعلقہ مسائل کی اہمیت کے پیش نظر ان کو مستقل رسالہ "الافصاح عن خیار فسخ النکاح" کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے، (مرتب)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

هُوَ اجۡتَبٰىكُمۡ وَمَا جَعَلَ عَلَيۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ مِنۡ حَرَجٍ (القرآن)

الافصاح

عن

خیار فسخ النکاح

اس رسالہ میں مفقود، مجنون، عنین، متعنت، معسر، وغیرہ کی بیویوں کے لئے نکاح سے خلاصی حاصل کرنے کی صورتیں تفصیل سے بیان کی گئی ہیں،

الافصاح عن خیار فسخ النکاح

اشاریہ:-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حکمِ زوجۂ عنین :

سوال : زید نے ہندہ کے ساتھ شادی کی اور ہندہ نے شادی کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اظہار کیا کہ میرا شوہر نامرد ہے، اور اپنے باپ کے گھر چلی گئی، زید کے باپ نے ایک عالم کی طرف رجوع کیا، انھوں نے ہندہ کو شوہر کے سپرد کیا، اور زید کو علاج کے لئے ایک سال کی مہلت دی، سال گذر گیا مگر عورت کو وہی شکایت رہی، پھر اپنے باپ کے گھر چلی گئی، پھر دوسرے عالم کے پاس خود زید نے ہندہ کا مطالبہ کیا، اس پر انھوں نے لڑکی کے باپ کو کہا کہ ہندہ کو فی الحال زید کے پاس واپس کردو، اور صبر کرو انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی دنوں میں تسلی بخش تحریری صورت میں شرعی فیصلہ دونگا، اس پر انھوں نے اپنی بیٹی ہندہ کو زید کے سپرد کیا، لیکن چند دنوں کے بجائے چھ سال کا عرصہ گذر چکا ہے مگر اب تک وہ عالم صاحب فیصلہ نہ دے سکے، اور ہندہ برابر چیختی اور پکارتی رہی ہے اور زید انکار کرتا رہا اور کہتا رہا کہ یہ جھوٹی ہے، میں مرد ہوں، باوجود اس دعوی کے وہ علاج بھی ظاہر طور کراتا رہا، لیکن ہندہ شکایت کرتی رہی، اور اس کا باپ کہتا رہا کہ صبر کرو مولوی صاحب سے شرعی فیصلہ ملے گا تو پھر میں اپنے پاس لے جاؤں گا، آخر ہندہ تنگ ہو کر اپنے باپ کے گھر چلی آئی، ایک سال کا عرصہ اپنے باپ کے گھر رہ چکی ہے، مگر اس درمیان میں خود زید نے اپنی طرف سے ہندہ کو واپس لینے کی کوشش نہیں کی، مگر لوگوں کے شرمانے پر ایک مرتبہ معمولی مطالبہ کیا تو اس کو کہا گیا کہ تو نامرد ہے، وہ تیرے پاس رہنا نہیں چاہتی، اور ہندہ کہتی ہے کہ مجھے کیا ضرورت ہے کہ خواہ مخواہ اپنی زندگی کو اس کے گھر میں ضائع کروں، چھ سال کا عرصہ تو اس کے گھر میں ضائع کر چکی ہوں، تمام زندگی تو اس کے گھر میں ضائع نہ کروں گی، زید کو بعض مخالف لوگ ابھار رہے ہیں کہ تو نکاح نہ چھوڑ، اس پر وہ اپنی نامردی کا اقرار بھی نہیں کرتا، اور ہندہ کی جان بھی نہیں چھوٹتی، وہ رو رہی ہے، بیٹھ رہی ہے، زید اور ہندہ دونوں کے رشتہ داروں کا اندازہ ہے کہ واقعی زید نامرد ہے، اب اس عورت کی گلو خلاصی کی شرع شریف میں کیا صورت ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ عورت اپنا معاملہ حاکم کی عدالت میں پیش کرے، حاکم اول خاوند سے دریافت کرے اگر وہ اقرار کرلے کہ وہ ایک دفعہ بھی ہمبستری پر قادر نہیں ہوا تو اسے حاکم علاج کے لئے ایک سال شمسی کی مہلت دے، اور اگر خاوند ہمبستری کا مدعی ہو تو دیکھا جائے گا کہ عورت بکارت کا دعویٰ کرتی ہے یا نہیں؟ اگر بکارت کا دعویٰ نہیں کرتی تو مرد سے حلف لیا جائے گا، اگر اس نے قسم اٹھالی تو عورت کو تفریق کا حق نہ رہے گا، اور اگر شوہر نے حلف سے انکار کردیا تو اسے بغرض علاج ایک سال کی مہلت دی جائے گی، اور اگر عورت بکارت کی مدعیہ ہے تو حاکم تجربہ کار اور معتبر عورت سے اس کا معاینہ کرائے، حاکم کی بجائے پنچایت فیصلہ کرے تو دو عورتوں کا معاینہ ضروری ہے، اگر معاینہ سے ثابت ہوا کہ باکرہ نہیں تو شوہر سے جماع پر حلف لیا جائے، قسم اٹھالے تو اس کا قول معتبر ہوگا، اور عورت کو حق تفریق نہ ہوگا، اور اگر شوہر حلف سے انکار کرے تو ایک سال کی مہلت برائے علاج دی جائے گی، اور اگر معاینہ سے بکارت ثابت ہوئی تو قاضی بدون حلف لئے شوہر کو علاج کے لئے ایک سال کی مہلت دیگا اگر اس مدت میں ایک مرتبہ شوہر ہمبستری پر قادر ہوگیا تو عورت کو حق فسخ نہ رہے گا، اور اگر ایک مرتبہ بھی قادر نہ ہوسکا تو ایک سال کے بعد عورت کے دوبارہ درخواست کرنے پر قاضی تحقیق کرے اگر شوہر نے عدم قدرت کا اقرار کرلیا تو عورت کو قاضی اختیار دیدے، اس پر اگر عورت اسی مجلس میں علیحدگی کا مطالبہ کرے تو شوہر سے طلاق دلوادی جائے، اگر وہ طلاق سے انکار کرے تو قاضی خود تفریق کردے، اور خاوند مدعی جماع ہو تو اگر عورت کا بوقت مہلت ثیبہ ہونا ثابت ہوچکا تھا، یا اب زوال بکارت کا اقرار کرلے مگر ہمبستری کا انکار کرے تو خاوند سے حلف لیا جائے گا وہ حلف کرلے تو اس کا قول معتبر ہوگا، اور تفریق نہ کی جائے گی، اور اگر شوہر نے اس وقت بھی حلف سے انکار کردیا تو عورت کو حق فرقت ہوگا،

اور اگر بوقت مہلت معاینہ سے عورت کا باکرہ ہونا ثابت ہوا تھا اور دوبارہ معاینہ میں بھی باکرہ ہی ثابت ہوئی تو بدون کسی سے حلف لئے عورت کو تفریق کا اختیار دیا جائے گا، پس اگر عورت نے اسی مجلس میں کہدیا کہ میں اس شوہر سے الگ ہونا چاہتی ہوں، تو حاکم اس کے شوہر کو طلاق کا حکم دے، اگر وہ انکار کرے تو قاضی خود تفریق کردے۔ یہ تفریق شرعاً طلاق بائن کے حکم میں ہوگی،

شوہر پر پورا مہر واجب ہوگا، اور عورت پر عدت واجب ہوگی،

شرائطِ تفریق

(۱) نکاح سے قبل عورت کو شوہر کے عنین ہونے کا علم نہ ہو،

(۲) نکاح کے بعد ایک مرتبہ بھی ہمبستری پر قدرت نہ ہوئی ہو،

(۳) جب سے عورت کو عنین ہونے کا علم ہوا عورت نے اس وقت سے ایک مرتبہ بھی رضا کی تصریح نہ کی ہو، مثلاً یہ نہ کہا ہو کہ میں بہرحال اس کے ساتھ رہوں گی، محض سکوت سے رضا نہ سمجھی جائے گی،

(۴) سال گذرنے کے بعد جب قاضی عورت کو اختیار دے تو عورت اسی مجلس میں تفریق کو اختیار کرے، اگر قاضی اٹھ گیا یا عورت اٹھ گئی یا اور کوئی بات کرنے لگی یا کسی اور کام میں مشغول ہوگئی تو اسے اختیار نہ رہے گا،

(۵) شوہر کو ایک سال گذرنے کی مہلت دینا و دیگر جملہ امور جن کی تفصیل اوپر گذری حکم حاکم کے محتاج ہیں، بدون حکم حاکم تفریق کا کوئی اختیار نہیں،

تنبیہ ، اگر خصی کا آلۂ تناسل منتشر نہ ہوتا ہو تو وہ بحکم عنین ہے ، البتہ آلۂ تناسل قطع کردیا گیا ہو، یا خلقۃً بہت ہی چھوٹا یعنی کالعدم ہو تو یہ بمنزلہ مجبوب ہے ، لہٰذا حاکم فوراً نکاح فسخ کردیگا، علاج کے لئے مہلت کی ضرورت نہیں،

فائدہ :۔ مفقود اور غائب کی بیوی کو ایک بار ہمبستری کے بعد بھی خشیتِ زنا کی بناء پر خیار تفریق ہے، مگر عنین کی بیوی کو نہیں، وجہ الفرق یہ معلوم ہوتی ہے کہ عنین کی بیوی پر اس کی نگرانی کی وجہ سے اتنا خطرہ نہیں جتنا غائب کی بیوی پر ہے ، نیز جس امر کی حقیقت میں خفا ہو اس کے اسباب ظاہرہ کو بمنزلہ حقیقت قرار دیدیا جاتا ہے ، لہٰذا عنین کا قیام مع الزوجہ ہی بمنزلہ وطء ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ جمادی الاولیٰ سنہ ۸۶ھ

زوجۂ عنین کے سکوت سے حق فسخ باطل نہیں ہوتا :

سوال : زوجۂ عنین نے اگر اس کے ساتھ رہنے پر رضا کا اظہار نہ کیا مگر کچھ مدت سکوت اختیار کیا تو اسے فسخِ نکاح کے دعوی کا حق ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

عورت جب تک زبان سے صراحۃً رضا کا اظہار نہ کرے اس وقت تک وہ فسخِ نکاح کا دعوی کرسکتی ہے، سکوت سے حقِ فسخ ساقط نہیں ہوتا، خواہ کتنی ہی طویل مدت تک شوہر کے پاس رہے، اور اس کے ساتھ بیوی کی طرح لیٹے اور بوس وکنار کا معاملہ رکھے، بلکہ اگر ایک بار فسخِ نکاح کا دعوی

کرنے کے بعد چھوڑ دیا مگر زبان سے صراحۃً رضا ظاہر نہیں کی، تو بھی اس کا حق باطل نہیں ہوا، دوبارہ دعویٰ کر سکتی ہے، قال فی شرح التنویر وھو ای ھذا الخیار علی التراخی لا الفور فلو وجدتہ عنینا او مجبوبا ولم تخاصم زمانا لم یبطل حقھا وکذا لو خاصمتہ ثم ترکت مدۃ فلھا المطالبۃ ولو ضاجعتہ تلک الایام خانیۃ کما لو رفعتہ الی قاض فاجلہ سنۃ ومضت السنۃ ولم تخاصمہ زمانا زیلعی وفی الشامیۃ قولہ لم یبطل حقھا ای ما لم تقل رضیت بالمقام معہ کذا قیدہ فی التتارخانیۃ عن المحیط ھنا وفی قولہ الآتی کما لو رفعتہ الخ (رد المحتار ص ۶۴۷ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۰ ربیع الاول ۸۸ھ

حکم زوجۂ مجبوب :

سوال: شریعت مطہرہ کا حکم اس بارہ میں کیا ہے کہ ایک شخص اپنا آلۂ تناسل قطع کر کے ہیجڑوں کے ساتھ شامل ہو گیا، اب اس کی بیوی کے لئے اس نکاح سے نکلنے کی کیا صورت ہے ؟ یہ شخص طلاق بھی نہیں دیتا، بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس کی بیوی حاکم مسلم کے پاس دعویٰ پیش کرے، اس پر حاکم مسلم اس شخص کو طلب کر کے اس کی تحقیق کروائے، اگر حاکم کے پاس شوہر خود اقرار کرلے کہ اس نے ایک دفعہ بھی اپنی بیوی سے ہمبستری نہیں کی اور آلۂ تناسل قطع کرنے کا بھی اقرار کرلے تو حاکم اسی وقت اس کی بیوی کو طلاق کا اختیار دیدے گا، اگر عورت اُسی مجلس میں طلاق طلب کرے گی، تو حاکم شوہر کو طلاق کا حکم دے گا، اگر اس نے طلاق دیدی تو بائن طلاق واقع ہو جائے گی، اور اگر طلاق سے انکار کرے تو حاکم خود فسخ نکاح کا فیصلہ کردے گا، حاکم کا یہ فیصلہ بھی شرعاً طلاق بائن کے حکم میں ہے، اگر شوہر نے خلوتِ صحیحہ کی ہے تو اس پر کامل مہر اور بیوی پر عدت واجب ہے، ورنہ شوہر پر نصف مہر ہوگا اور بیوی پر عدت نہ ہوگی،

اگر شوہر ایک بار وطی کرنے کا دعویٰ کرتا ہے، اور اس کی بیوی باکرہ ہونے کا دعویٰ نہیں کرتی، تو حاکم شوہر کو قسم دے گا، اگر اس نے قسم اٹھالی تو عورت کو طلاق کا اختیار نہ رہے گا، اور اگر قسم سے انکار کیا تو عورت کو طلاق کا اختیار دیا جائے گا،

اور اگر بیوی باکرہ ہونے کا دعویٰ کرتی ہے تو حاکم کسی تجربہ کار معتبر عورت سے اس کا معاینہ کروائے گا، اگر حاکم کی بجائے کسی پنچایت سے فیصلہ کروایا جاتے تو دو عورتوں کا معاینہ ضروری ہے، اگر معاینہ کرنے والی عورت نے باکرہ ہونے کی تصدیق کردی تو شوہر کو قسم دیئے بغیر ہی عورت

کو طلاق کا اختیار ہوگا،

اگر شوہر قطع آلہ تناسل کا اقرار نہیں کرتا تو ایک معتبر شخص اس کا معاینہ کرے گا، اور اس کی خبر کے مطابق حاکم فیصلہ دے گا،

تنبیہات ضروریہ:

① اگر نکاح سے قبل ہی شوہر نے آلہ تناسل قطع کیا ہو تو یہ شرط ہے کہ بوقت نکاح عورت کو اس قطع کا علم نہ ہو، ورنہ بعد میں اُسے کوئی اختیار نہ ہوگا،

② اگر نکاح کے بعد قطع کیا ہو تو یہ شرط ہے کہ شوہر نے ایک بار بھی وطی نہ کی ہو، اگر قطع سے قبل ایک بار بھی ہمبستری ہوگئی تو بیوی کو اختیار نہ رہے گا،

③ جب سے عورت کو قطع کا علم ہوا اس وقت سے لے کر عورت نے کبھی بھی اس شوہر کے پاس رہنے پر رضامندی کی صراحت نہ کی ہو، یعنی زبان سے صراحۃً کبھی یوں نہ کہا ہو کہ میں بہرحال اسی شوہر کے پاس ہی رہوں گی، اگر زبان سے کوئی ایسی تصریح کردی تو بعد میں اختیار نہ ہوگا،

④ حاکم نے جب عورت کو اختیار دیدیا تو اسی مجلس میں عورت طلاق کو اختیار کرلے، اگر عورت کے طلاق اختیار کرنے سے قبل حاکم اُٹھ گیا یا عورت خود اُٹھ گئی یا کسی اور کام میں یا کسی دوسری گفتگو میں مشغول ہوگئی تو اسے اختیار نہ رہے گا،

⑤ فسخ نکاح یا عورت کو اختیار دینا وغیرہ امور جن کی تفصیل اوپر گذری یہ سب امور حکم حاکم کے محتاج ہیں، بدون حکم حاکم کچھ بھی نہ ہوسکے گا،

⑥ جس شخص کا آلہ تناسل خلقۃً اتنا چھوٹا ہو کہ مثل نہ ہونے کے ہو وہ بھی بحکم مجبوب ہے، البتہ خصی مجبوب کے حکم میں نہیں، اگر اسے انتشار نہ ہوتا ہو تو بحکم عنین ہوگا، اور اس کے فسخ نکاح کے احکام مثل عنین کے ہوں گے، وھذا اخلص ما ھو مشروح فی الحیلۃ الناجزۃ للحیلۃ العاجزۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرۃ صفر ۷۳ھ

حکم زوجۂ متعنت:

سوال: ایک شخص اپنی بیوی کو خرچ بالکل نہیں دیتا، نہ ہی اپنے پاس رکھتا ہے، اور طلاق بھی نہیں دیتا، اس کے بارہ میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

اولاً اس عورت پر لازم ہے کہ شوہر کو کسی نہ کسی طریق سے خلع پر راضی کرے، اگر وہ کسی

صورت میں بھی خلع پر راضی نہ ہو اور عورت کو سخت مجبوری بھی ہو، یعنی کوئی شخص اس کے مصارف کا کفیل نہیں بنتا، اور نہ خود یہ اپنی عزت کو محفوظ رکھکر کوئی صورت کسب معاش کی اختیار کرسکتی ہو تو ایسی مجبوری میں مذہب مالکی کے مطابق عورت حاکم مسلم کے پاس دعویٰ پیش کرے کہ اس کا شوہر وسعت کے باوجود خرچ نہیں دیتا، حاکم شرعی شہادت سے پوری تحقیق کرے گا، اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہوگیا تو حاکم شوہر کو حکم دیگا کہ بیوی کے حقوق ادا کرو یا طلاق دیدو، ورنہ نکاح فسخ کردوں گا، اگر شوہر کوئی صورت قبول نہ کرے تو بلا انتظارِ مدت فوراً ہی حاکم نکاح فسخ کردیگا، اس بارہ میں مذہب مالکی میں یہ صراحت نہیں کہ یہ طلاق بائن ہے یا رجعی؟ فتاویٰ مالکیہ میں رجعی ہونے کو ترجیح دی گئی ہے، لہٰذا فیصلہ کے بعد عدت گذرنے سے قبل اگر شوہر نفقہ دینے پر تیار ہوگیا تو اسے رجوع کا اختیار ہے، البتہ تجدید نکاح بہتر ہے، اگر عورت جدید نکاح پر راضی نہ ہو تو بلا تجدید جبراً بھی اسے رکھ سکتا ہے، التفصیل فی الحیلۃ الناجزۃ للحلیلۃ العاجزۃ،

تنبیہات:

① الحیلۃ الناجزۃ میں متعنت کی بیوی کو خشیتِ زنا کی صورت میں بھی حق تفریق دیا ہے، یہ جب ہے کہ متعنت غائب ہو، اگر متعنت بیوی کے پاس ہی رہتا ہو تو اس کی بیوی کو خشیتِ زنا کی بنا پر خیار نہیں کالعنین الذی قد رمرۃً علی الوطء، وجہ یہ ہے کہ زوج موجود ہونے کی صورت میں بیوی پر اس کی نگرانی کی وجہ سے اتنا خطرہ نہیں جتنا غائب کی بیوی پر ہے، نیز جب کسی امر کی حقیقت پر اطلاع مشکل ہو تو اسباب ظاہرہ کو بمنزلۂ حقیقت قرار دیدیا جاتا ہے، لہٰذا قیامِ زوج ہی بمنزلۂ وطء سمجھا جائے گا،

② متعنت وہ ہے کہ قدرت کے باوجود نفقہ نہ دے، اگر نفقہ پر قدرت ہی نہیں تو وہ مُعسر ہے اس کا حکم الگ ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۹ر شوال ۷۳ھ

حکم زوجۂ مُعسر:

سوال: ایک شخص ناداری کی وجہ سے بیوی کے مصارف پر قدرت نہیں رکھتا، اور طلاق بھی نہیں دیتا، بیوی بہت پریشان ہے، اس صورت میں شوہر سے نجات حاصل کرنے کی کیا صورت ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

شوہر کو خلع پر راضی کرنے کی کوشش کی جائے، اگر وہ راضی نہ ہو اور عورت کو سخت

مجبوری ہو، یعنی عورت خود بھی کسبِ معاش کی کوئی صورت اختیار نہیں کرسکتی، اور کوئی دوسرا شخص بھی اس کے مصارف کا کفیل نہیں بنتا، تو اس قسم کی ضرورت شدیدہ میں مذہب مالکی کے مطابق تفریق کی گنجائش ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ عورت قاضی کی عدالت میں درخواست پیش کرے، قاضی کے نزدیک شرعی شہادت کی بناء پر اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہوگیا تو قاضی شوہر کو ایک ماہ کی مہلت دے، اگر اس مدت میں شوہر نفقہ پر قادر نہ ہوا تو عورت کے طلب کرنے پر قاضی تفریق کردے، یہ تفریق طلاق رجعی ہوگی، اگر عدت کے اندر شوہر نفقہ پر قادر ہوگیا تو وہ رجوع کرسکتا ہے،

فتاویٰ مالکیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ معسر کو ایک ماہ کی مہلت دینا صحتِ قضاء کے لئے شرط نہیں، البتہ شرط یہ ہے کہ بیوی کو بوقت عقد شوہر کے اعسار کا علم نہ ہو، یا بوقت عقد کسی کی کفالتِ نفقہ کی بناء پر نکاح کرلیا ہو، اور بعد میں وہ کفالت باقی نہ رہی ہو، اگر عورت کو بوقت عقد شوہر کی ناداری کا علم تھا اور کوئی نفقہ کا کفیل بھی نہ تھا تو اب اسے خیار تفریق نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۲ ربیع الآخر ۹۷ھ

حکم غائب غیر مفقود:

سوال: ایک عورت کا خاوند اسے خرچ وغیرہ نہیں دیتا، عورت نے جج کے پاس مقدمہ پیش کیا، جج نے وارنٹ جاری کئے، مگر یہ شخص باوجود کوشش کے حاضر نہیں ہوتا، اب اس سے رستگاری کی شرعاً کیا صورت ہوسکتی ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر عورت کے لئے خرچ وغیرہ کی کفالت کوئی نہ کرتا ہو، یا معصیت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو اور حاکم کی کوشش بلیغ کے باوجود شوہر کو حاضر کرنا متعذر ہوچکا ہو، تو ایسی شدید ضرورت میں قضاء علی الغائب درست ہے، بہتر یہ ہے کہ حاکم غائب کی طرف سے وکیل قائم کرکے اس پر فیصلہ کرے، مگر اولاً ضروری ہے کہ عورت حاکم مسلم کے پاس اس غائب کے ساتھ تاحال قیامِ نکاح شاہدوں سے ثابت کرے، پھر اس کا غائب ہونا ثابت کرے، اور یہ بھی ثابت کرے کہ وہ نفقہ دے کر نہیں گیا، اور نہ وہاں سے بھیجتا ہے، اور نہ یہاں کوئی انتظام ہے، اور نہ ہی میں نے نفقہ معاف کیا ہے، اور اس پر حلف بھی کرے، اگر نفقہ کا انتظام تو ہے مگر عورت کو گناہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو تو وہ اس پر قسم کھائے، پھر حاکم اس غائب کے پاس حکم بھیجے کہ خود حاضر ہوکر بیوی کے حقوق

فقط اس مرتبع پنجم جلد ۸ جزء ۳ کی عبارات سے متعلق مختصر تفتیش آئندہ سوال کے جواب میں ملاحظہ ہو ۱۲ منہ

ادا کرو یا اسے اپنے پاس بلا لو یا وہیں سے کوئی انتظام کرو، ورنہ ہم تفریق کردیں گے، اس پر بھی اگر شوہر کوئی صورت اختیار نہ کرے تو حاکم تفریق کردے، اگر زوج کہیں دور دراز ایسی جگہ پر غائب ہو کہ وہاں حکم بھیجنا ممکن ہی نہ ہو تو اس کی بھی گنجائش ہے کہ بغیر حکم بھیجے حاکم تحقیق حسب قاعدۂ مذکورہ کرکے تفریق کردے، مگر خشیتِ زنا کے دعوی میں یہ شرط ہے کہ ایک سال کی مدت گذر چکی ہو، یہ تفریق بحکم طلاق رجعی ہوگی، لہٰذا عدت کے اندر غائب آکر حقوقِ زوجیت ادا کرنے پر آمادہ ہوگیا تو اسے رجوع کا اختیار ہے، اور اگر عدت گذرنے کے بعد آیا اور فسخ نکاح کا فیصلہ عدمِ نفقہ کی بناء پر کیا گیا تھا مگر اس نے شہادت سے ثابت کردیا کہ وہ نفقہ دیتا رہا ہے تو بھی یہ عورت اُسی کو ملے گی اگرچہ اس عورت نے دوسری جگہ نکاح بھی کرلیا اور اس سے بچے بھی پیدا ہوگئے ہوں، البتہ یہ بچے دوسرے شوہر کے ہوں گے، اور عورت دوسرے شوہر سے الگ ہوکر پہلے شوہر کے پاس عدت گذارے گی، عدت گذرنے سے قبل پہلے شوہر کے لئے ہمبستری حلال نہیں. غرضیکہ اس کے وہی احکام ہیں جو مفقود کی واپسی کے ہیں، (تفصیل مفقود کے بیان میں ملاحظہ ہو، مرتب) کذا فی الحیلۃ الناجزۃ، وقال فی الشامیۃ تحت (قولہ لو قضی علی غائب الخ) وقال فی جامع الفصولین قد اضطرب آراؤھم وبیانھم فی مسائل الحکم للغائب وعلیہ ولم یصف ولم ینقل عنھم اصل قوی ظاھر یبنی علیہ الفروع بلا اضطراب ولا اشکال فالظاھر عندی ان یتأمل فی الوقائع ویحتاط ویلاحظ الحرج والضرورات فیفتی بحسبھا جوازا او فسادا مثلا لو طلق امرأتہ عند العدل فغاب عن البلد ولا یعرف مکانہ او یعرف ولکن یعجز عن احضارہ او عن ان تسافر الیہ ھی او وکیلھا لبعدہ او لمانع آخر وکذا المدیون لو غاب ولہ نقد فی البلد او نحو ذلک ففی مثل ھذا لو برھن علی الغائب وغلب علی ظن القاضی انہ حق لا تزویر ولا حیلۃ فیہ فینبغی ان یحکم علیہ ولہ وکذا للمفتی ان یفتی بجوازہ دفعا للحرج والضرورات وصیانۃ للحقوق عن الضیاع مع انہ مجتھد فیہ ذھب الیہ الائمۃ الثلاثۃ وفیہ روایتان عن اصحابنا وینبغی ان ینصب عن الغائب وکیل یعرف انہ یراعی جانب الغائب ولا یفرط فی حقہ اھ واقرہ فی نور العین قلت ویؤیدہ ما یأتی قریبا فی المسخر وکذا ما فی الفتح من باب المفقود ولا یجوز القضاء علی الغائب الا اذا رأی القاضی مصلحۃ فی الحکم لہ وعلیہ فحکم فانہ ینفذ لانہ مجتھد فیہ اھ قلت وظاھرہ ولو کان القاضی حنفیا ولو فی زماننا ولا ینافی ما مر لان تجویز ھذا للمصلحۃ والضرورۃ (رد المحتار ج ۴ ص ۴۷)

تنبیہات :

① حیلۂ ناجزہ میں عبارت یوں ہے: "عورت ان سب باتوں پر حلف بھی کرے" اس سے مقصد یہ ہو کہ نفقہ سے متعلق جتنی باتیں ہیں ان سب پر حلف کرے، اثباتِ زوجیت وغیبوبت پر حلف نہیں، اولاً اس لئے کہ فتاویٰ مالکیہ میں کہیں اس کی تصریح نہیں بلکہ علامہ سعید بن صدیق الفلاتی کے جواب میں اس کے خلاف کی تصریح ہے ونصہ واما ان لم یکن له مال فلها التطلیق علیه بالاعسار من غیر تأجیل لکن بعد اثبات ما تقدم وتزید اثبات العدم واستحقاقها للنفقة وتحلف مع البینة الشاهدة لها انها لم تقبض منه نفقة هذه المدة الخ، ثانیاً اس لئے کہ مسئلۂ مفقود میں وجود نفقہ کی صورت میں حلف کا کسی نے ذکر نہیں کیا، اور ما بہ الفرق کوئی امر نہیں، ثالثاً عدم نفقہ کے امرِ عدمی ہونے کی وجہ سے اس پر اطلاع شہود مشکل ہے، اس لئے اس کے ساتھ حلف کی شرط معقول ہے، اس کے برعکس زوجیت وغیبوبت پر حلف غیر معقول بلکہ خلافِ اصول ہے،

② حیلۂ ناجزہ میں غائب غیر مفقود کے بیان میں ثبوتِ دعویٰ کے بعد تاجیل شہر کا بھی ذکر ہو، یہ اُس صورت میں ہے کہ غائب معسر ہو، اگر غائب قدرت کے باوجود نفقہ نہیں دیتا تو وہ متعنت ہو، جس میں تاجیلِ شہر کی کوئی حاجت نہیں، البتہ انقطاع نفقہ کے وقت سے ایک ماہ گذرنے کے بعد فیصلہ کرے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۷ر محرم ۱۳۷۶ھ

سوال مثل بالا :

سوال: محمد شریف ولد خان محمد، تحصیل تلہ گنگ ضلع کیمبل پور ایک قتل کے مقدمہ میں بیس سالہ قیدی ہو چکا ہو، مسماۃ غلام زہرہ اس کی زوجۂ منکوحہ نے بوجہ خرچ نہ دینے کے مسمیٰ محمد شریف قیدی بیس سالہ کے خلاف دعویٰ تنسیخ نکاح بعدالت جناب سول جج صاحب تلہ گنگ دائر کر دیا، عدالت نے مدعیٰ علیہ کو بذریعہ نوٹس رجسٹری مطلع کیا اور حاضر ہونے کا حکم صادر کیا، اور بذریعہ اخبارات روزنامہ مشرق لاہور، کوہستان راولپنڈی حاضر ہونے کا حکم صادر کیا گیا، لیکن مدعیٰ علیہ عدالت میں نہ خود حاضر ہوا اور نہ کوئی اپنا مختار پیروی کے لئے بھیجا، عدالت نے مدعیہ کے حق میں ڈگری دیدی ہے، اندریں حالات علماءِ دین سے عرض کی جاتی ہو کہ کیا محمد شریف بیس سالہ قیدی کی منکوحہ مسماۃ غلام زہرہ عدالت کے فیصلہ کے مطابق دوسری جگہ شادی کر سکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب (از حضرت مفتی محمد شفیع صاحب)

اصل بات یہ ہے کہ غائب غیر مفقود کے فسخ نکاح کا مسئلہ مذہبِ مالکیہ سے لیا گیا ہے، مگر

بعض قیود و شرائط احتیاطاً بڑھائے گئے ہیں، اسی لئے ارسال الی الغائب کے لئے شہادت شرط ہونا کتاب القاضی الی القاضی پر قیاس کر کے لکھا گیا ہے، حالانکہ یہاں کوئی فیصلہ قضاء ایک طرف سے دوسری طرف منتقل نہیں ہو رہا ہے بلکہ صرف اتنی بات کی تحقیق اور تثبت مطلوب ہے کہ قاضی کی عدالت میں مقدمہ دائر ہونے کی اطلاع اس کو ایسی صورت سے ہو جائے جس پر یقین یا ظنِ غالب ہو سکے، اسی لئے جس صورت میں ارسال الی الغائب متعذر اور دشوار ہو وہاں بغیر ارسال کے بھی فیصلہ تفریق کا صادر کر دینا مذہب مالکیہ میں مصرح ہے، اور حیلۂ ناجزہ میں اس کو بضمن فائدہ لکھا گیا ہے، اس میں مفتی مالکیہ شیخ الفاہاشم کے فتوای کا حوالہ بھی درج ہے، شیخ الفاہاشم کے الفاظ یہ ہیں:

"طریق تطلیق زوجۃ المفقود او الغائب الذی تعذر الارسال الیہ او ارسل فتعانن الخ"

اگر ارسال الی الغائب اور پھر غائب کی طرف سے تعاند کا ثبوت شہادت شرعیہ پر موقوف ہوتا اور اس کے بغیر قضاءِ قاضی نافذ نہ ہوتی تو اس صورتِ تعذر میں بھی نفاذ قضاء کی کوئی معقول وجہ نہیں ہو سکتی، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نفاذِ قضاء کا اس پر مدار نہیں ہے، اس کے علاوہ شہادت کی شرط جو کتاب القاضی الی القاضی پر قیاس کر کے لگائی گئی ہے خود کتاب القاضی الی القاضی میں شہادت کی شرط مختلف فیہ ہے، بہت سے علماءِ امت اور قضاۃ سلف کے نزدیک اس میں شہادت شرط نہیں، جیسا کہ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں اختلافِ فقہاء کی مفصل تحقیق موجود ہے، اس لئے شرطِ شہادت اول تو خود مقیس علیہ میں بھی مجتہد فیہ ہے جو قضاءِ قاضی کے نفاذ کے لئے مانع نہیں،

ثانیاً اس جگہ مقیس اور مقیس علیہ میں فرق بیّن ہے، اگر کتاب القاضی الی القاضی میں شرطِ شہادت متفق علیہ بھی فرض کر لی جائے تو بھی اس سے لازم نہیں آتا کہ مدعی یا مدعیٰ علیہ کے احضار کے لئے بیّنہ عادلہ بھیجا جائے بلکہ ایک آدمی کا بھیجنا اور اس کے قول پر اعتماد کر کے قاضی کو فیصلہ کا حق ہونا خود کتب حنفیہ میں مصرح موجود ہے، معین الحکام کے الفاظ اس مسئلہ کے متعلق یہ ہیں: قال فی الایضاح المشتری بخیار اراد الرد فاختفی البائع (الی قولہ) فیبعث منادیا ینادی علی باب البائع ان القاضی یقول ان خصمك فلانا یرید الرد علیك فان حضرت والا نقضت البیع فلا ینقضہ القاضی بلا اعذار (معین الحکام ص ۱۰۷ فصل فی من نکل عن حضور مجلس الحاکم)

اس عبارت میں مدعیٰ علیہ پر اعذار یعنی حجت تمام کرنے کے لئے اتنا کافی سمجھا گیا کہ قاضی کی طرف سے کوئی منادی جا کر مدعیٰ علیہ کے دروازہ پر ندا دے اور اعلان کر دے، نہ اس میں شہادت ضروری ہے اور نہ شہادت کا نصاب، اس کے علاوہ جبکہ عدالتوں کے معاملات مدعی و مدعیٰ علیہ کے اختیار میں نہیں اور موجودہ عدالتیں مدعیٰ علیہ کے پاس بینہ یا شہادت بھیجنے کی پابند نہیں تو اہلِ معاملہ کے لئے یہ صورت بھی ایک گونہ تعذرِ ارسال میں داخل ہو جاتی ہے، جس میں بغیر ارسال کے بھی تفریقِ قاضی کا نافذ ہونا مسلّم ہے، بنا بریں خیال ہے کہ صورتِ مذکورہ میں فسخِ نکاح شرعاً صحیح و درست اور نافذ ہو گیا، واللہ اعلم

بندہ محمد شفیع

دار العلوم کراچی ۱۴، ۹ ۳/۸۸ھ

بندہ کو اس تحریر سے اتفاق نہیں، اس لئے کہ اس میں جوازِ فسخِ نکاح کی شرائط ذیل مفقود ہیں:

(۱) زوج سے قیامِ نکاح اور اس کی غیبوبت پر شہادت۔

(۲) عدمِ نفقہ اور اس سے متعلقہ امور پر حلف۔

(۳) عدالت کے حکم نامہ میں نہ تو تفصیل ہے اور نہ ہی اسکے شوہر تک پہنچنے کا یقین۔

بحث ارسال صحیح ہے، مگر معین الحکام میں فسخِ بیع سے متعلق جو وسعت مذکور ہے اتنی وسعت فسخِ نکاح میں درست معلوم نہیں ہوتی، نکاح کا معاملہ بنسبت بیع کے زیادہ اہم ہے، لہٰذا فسخِ نکاح کے لئے یہ شرط ضروری ہے کہ زوج تک قاضی کا حکم نامہ پہونچنے اور پھر حاضری سے کوئی عذر نہ ہونے کا قاضی کو ظنِ غالب ہو جائے، الا ان تعذر الارسال الیہ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

رشید احمد

۱۱ ربیع الآخر ۹۷ھ

شوہر ایامِ انقلاب میں گم ہو گیا:

سوال: ایک عورت کا خاوند لاپتہ ہے، خبر نہیں مر گیا یا زندہ ہے؟ اب یہ عورت جوان عمر ہے، اور کہاں تک انتظار کرے؟ یہ واقعہ بھی اس انقلاب کی صورت میں ہوا ہے، اس کے لئے کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

شوہر کے لاپتہ ہونے میں دو احتمال ہیں:

① پاکستان میں پہنچ کر لاپتہ ہوا ہو،
② ہندوستان ہی میں کسی ایسی جگہ پر لاپتہ ہو گیا ہو جہاں عام بدامنی اور فسادات پھیلے ہوئے تھے،

پہلی صورت چونکہ زیادہ تفصیل طلب ہے، نیز سوال سے بھی دوسری صورت ظاہر ہو رہی ہے، اس لئے صرف اسی دوسری صورت کا حکم لکھا جاتا ہے، پس اگر ہندوستان ہی میں فسادات کے مواقع پر کہیں لاپتہ ہوا ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ عورت کسی مسلم حاکم (یا اگر حاکم شرعی فیصلہ نہ کرتا ہو) تو کسی مجلسِ علماء میں دعوای پیش کرے اور شرعی شہادت سے ثابت کرے کہ یہ شخص اس کا شوہر ہے، اور وہ لاپتہ ہے، حاکم اس کی تلاش میں پوری کوشش کرے، جب کسی صورت میں بھی اس مرد کا پتہ نہ چل سکے اور حاکم کو یہ گمان غالب ہو جائے کہ یہ شخص فسادات میں مرگیا ہے اس وقت فسخ نکاح کا حکم صادر کرے، اس کے بعد عورت عدتِ موت چار ماہ دس دن گذار کر دوسرا نکاح کر سکتی ہے،

قال فی الشامیة (قوله واختار الزیلعی تفویضه الی الامام) قال فی الفتح فای وقت رأی المصلحة حکم بموته (الی ان قال) ومقتضاه انه یجتهد ویحکم القرائن الظاهرة الدالة علی موته وعلی هذا ینبغی ما فی جامع الفتاوی حیث قال واذا فقد فی المهلکة فموته غالب فیحکم به کما اذا فقد فی وقت الملاقاة مع العدو او قطاع الطریق او سافر علی المرض الغالب هلاکه او کان سفره فی البحر وما اشبه ذلک حکم بموته لانه الغالب فی هذه الحالات وان کان بین احتمالین واحتمال فوته ناشیء عن دلیل لا احتمال حیاته لان هذا الاحتمال کاحتمال ما اذا بلغ المفقود مقدارا لا یعیش علی حسب ما اختلفوا فی مقداره نقل من الغنیة اھ ما فی جامع الفتاوی وافتی به بعض مشایخنا وقال انه افتی به قاضی زاده وصاحب بحر الفتاوی لکن لا یخفی انه لا بد من مضی مدة طویلة حتی یغلب علی الظن موته لا بمجرد فقده عند ملاقاة العدو او سفر البحر ونحوه (رد المحتار ج ۳ ص ۴۵۷)

البتہ اگر جدید نکاح کرنے کے بعد پہلا شوہر واپس آگیا تو اس کے احکام یہ ہیں:
① یہ عورت پہلے شوہر کو ملے گی، اور اس کا پہلا نکاح ہی باقی ہے، جدید نکاح کی ضرورت نہیں،
② اگر دوسرے شوہر نے خلوۃ صحیحہ کی ہو تو کُل مہر دے گا اور عورت پر عدتِ طلاق واجب ہوگی،

اگر خلوۃ صحیحہ نہ ہوئی ہو تو نہ مہر واجب ہوگا نہ عدت،

(۳) بصورت خلوۃ صحیحہ دوسرے شوہر سے علیحدہ ہو کر عدت گذار کر پہلے شوہر سے ہمبستر ہو سکے گی،

(۴) عدت پہلے شوہر کے پاس گذارے، مگر عدت گذرنے تک اس کے لئے ہمبستری جائز نہیں،

(۵) اگر دوسرے شوہر سے حالتِ نکاح میں یا فسخ نکاح کے بعد زمانہ عدت میں کوئی اولاد پیدا ہوگئی تو وہ دوسرے شوہر کی ہوگی،

قال فی المبسوط وقد صح رجوعه (عمر رضی الله تعالیٰ عنه) الی قول علی رضی الله تعالیٰ عنه فانه (علیًا) كان يقول ترد الی زوجه الاول ويفرق بينهما وبين الآخر ولها المهر بما استحل من فرجها ولا يقربها الاول حتی تنقضی عدتها من الآخر وبهذا كان يأخذ ابراهيم فيقول قول علی رضی الله تعالیٰ عنه احب الیّ من قول عمر رضی الله تعالیٰ عنه وبه نأخذ ايضًا (مبسوط ج ۱۱)

وايضًا فيه نعرفنا ان الصحيح انها زوجة الاول ولكن لا يقربها لكونها معتدة الغير كالمنكوحة اذا وطئت بشبهة (مبسوط ج ۱۱)

اقول الموطوءة بالشبهة تعتد عند الزوج الاول فكذا هذه، قال فی الشامية وللموطوءة بشبهة ان تقيم مع زوجها الاول وتخرج باذنه فی العدة لقيام النكاح بينهما وانما حرم الوطء الخ (رد المحتار ج ۲)

ولفظ المبسوط بما استحل من فرجها يشير الی ان مجرد النكاح لا يوجب المهر وايضًا رفع النكاح الثانی كالفسخ وفی الفسخ قبل الخلوة لا يجب شئ من المهر لما فی البدائع وفسخ العقد رفعه من الاصل وجعله كأن لم يكن ولو لم يكن حقيقة لم يكن لها مهر فكذا اذا التحق بالعدم من الاصل (الی ان قال) وان كان قد دخل بها لا يسقط المهر لان المهر قد تأكد بالدخول فلا يحتمل السقوط بالفرقة (وبعد اسطر) ان المراد من المهر المهر المسمّٰی (بدائع ج ۲ فصل فی بيان ما يرفع النكاح) وفی الشامية عن ط ان زوجته له والاولاد للثانی اھ تأمل (رد المحتار ج ۳)

تنبیہ:

اگر پنچایت سے فیصلہ کرایا گیا تو یہ ضروری ہے کہ کم از کم یہ پنچایت تین ارکان پر شامل ہو، اور پنچایت کے سب ارکان نیک ہوں اور عالم ہوں یا عالم سے پوچھ کر فیصلہ کریں، عالم بھی ایسا ہو

جو شہادت وقضاء کے احکام سے بخوبی واقف ہو اور فسخ نکاح کا فیصلہ سب کے اتفاق سے ہو، کوئی اختلاف نہ کرے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۶ ر ذی قعدہ ۱۳۷۱ھ

حکم زوجۂ مفقود:

سوال؛ شریعتِ مطہرہ کا حکم اس بارہ میں کیا ہے ؟ کہ ایک شخص مدت سے غائب اور لاپتہ ہے، اس کی موت یا زندگی کی کوئی خبر نہیں، ایسی حالت میں اس کی بیوی کے لئے دوسری جگہ نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

مفقود کی بیوی کے لئے بہتر ہے کہ شوہر کی عمر نوے برس ہونے تک صبر کرے، اگر صبر نہ کر سکے تو ایسی مجبوری میں مذہبِ مالکی کے مطابق یہ عورت کسی حاکم مسلم کے ہاں دعوی پیش کرے اور گواہوں سے مفقود کے ساتھ تا حال قیامِ نکاح حاکم کے پاس ثابت کرے، نکاح کے اصل شاہد ضروری نہیں بلکہ شہادت بالتسامع کافی ہے، یعنی نکاح کی عام شہرت سن کر نکاح پر شہادت دی جا سکتی ہے، اس کے بعد شوہر کے مفقود ہونے کی شہادتِ شرعیہ پیش کرے، پھر حاکم اس شخص کی بقدرِ ممکن تلاش کرے جہاں اس کے جانے کا ظنِ غالب ہو وہاں آدمی بھیجے، اور جہاں صرف احتمال ہو خط وغیرہ سے تحقیق کرے اخبار میں اشتہار دینا مفید معلوم ہو تو یہ بھی کرے، بہرکیف ہر ممکن صورت سے اس کی تلاش میں پوری کوشش کرے، حاکم کے پاس دعوی پیش ہونے سے قبل عورت کی طرف سے یا کسی دوسرے شخص کی طرف سے تلاش کی کوشش کافی نہیں، بلکہ دعوی پیش ہونے کے بعد ضروری ہے کہ حاکم خود پوری کوشش کرے، دوسروں کے کہنے پر ہرگز اعتبار نہ کرے، جب حاکم شوہر کے ملنے سے بالکل ناامید ہو جائے تو عورت کو چار سال کی مہلت دے، اگر ان چار سالوں میں بھی اس کی کوئی خبر نہ آئی تو عورت حاکم کے پاس دوبارہ درخواست پیش کرکے نکاح فسخ کروالے، اور شوہر کو مُردہ تصور کرکے عدتِ موت چار ماہ دس دن گزار کر دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے، اگر کہیں حاکم مسلم موجود نہ ہو یا وہ شریعت کے مطابق فیصلہ نہ کرتا ہو تو جماعۃ المسلمین بطریقِ مذکور فسخِ نکاح کا فیصلہ کر سکتی ہے، مگر اسکے لئے مندرجہ ذیل شرائط ہیں؛

(۱) جماعت کے ارکان کم از کم تین ہوں،
(۲) سب ارکان عادل یعنی پکے دیندار ہوں،
(۳) سب ارکان یا کم از کم ایک رکن ایسا عالم ہو جو شہادت وقضاء کے احکامِ شرعیہ میں ماہر ہو،

④ فسخ نکاح کا فیصلہ سب ارکان اتفاق رائے سے کریں۔

⑤ شوہر کی تلاش کے وقت مصارف عورت خود برداشت کرے، اگر وہ عاجز ہو تو حکومت برداشت کرے،

اگر دوسری جگہ نکاح کرنے کے بعد پہلا شوہر واپس آگیا تو اس کے احکام یہ ہیں:

① یہ عورت اسی پہلے شوہر کو ملے گی، جدید نکاح کی بھی ضرورت نہیں، پہلا نکاح ہی کافی ہے،

② اگر دوسرے شوہر نے خلوتِ صحیحہ کی ہو تو کل مہر دے گا، اور عورت پر عدتِ طلاق واجب ہوگی، اگر خلوۃ صحیحہ نہ ہوئی ہو تو نہ مہر واجب ہوگا نہ عدت،

③ عدت پہلے شوہر کے پاس گذارے گی، مگر عدت گذارنے تک پہلے شوہر کے لئے جماع کرنا جائز نہیں،

④ اگر دوسرے شوہر سے حالتِ نکاح میں یا فسخ نکاح کے بعد عدت گذرنے سے قبل اولاد پیدا ہوگئی تو یہ دوسرے شوہر کی ہوگی، وغیرذلک اخلص ماھو مشروح فی الحیلۃ الناجزۃ للحلیلۃ العاجزۃ،

تنبیہ:

حیلۂ ناجزہ میں جہاں ... شہادت کا ذکر ہے اس سے صرف انعقادِ نکاح مراد نہیں بلکہ قیامِ نکاح پر شہادت ضروری ہے، لمافی الروایۃ الاولیٰ من العلامۃ سعید بن صدیق الفلاتی، مانصہ بعد ان تثبت الزوجیۃ وغیبۃ الزوج والبقاء فی العصمۃ الی الآن اھ وفی الالحاق من العلامۃ انفاھاشم فان الزوجیۃ تثبت بشاھدین ان فلانا زوجھا وغائب عنھا اھ وفی الروایۃ الثانیۃ والعشرین من العلامۃ الفلانی کلفھا اثبات الزوجیۃ اھ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۹ محرم ۷۳ھ

زوجۂ مفقود سے متعلق ترمیم جو مشورہ کے بعد طے ہوئی:

ہم دستخط کنندگان ذیل کے نزدیک مناسب یہ ہے کہ حیلۂ ناجزہ ص ۶۱ میں بعنوان "فائدہ" جو الفاظ لکھے گئے ہیں اُن کو مندرجۂ ذیل الفاظ میں تبدیل کر دیا جائے:

فائدہ:۔ زوجۂ مفقود کے لئے قاضی کی عدالت میں فسخ نکاح کی درخواست کے بعد جو مزید چار سال کے انتظار کا حکم دیا گیا ہے یہ اُس صورت میں ہے جب کہ عورت کے لئے نفقہ اور گذارہ کا بھی کچھ انتظام ہو اور عصمت وعفت کے ساتھ یہ مدت گذارنے پر قدرت بھی ہو، اور اگر اس کے

نفقہ اور گذارہ کا کوئی انتظام نہ ہو، نہ شوہر کے مال سے نہ کسی عزیز و قریب یا حکومت کے تکفل سے اور خود بھی محنت و مزدوری پردہ اور عفت کے ساتھ کرکے اپنا گذارہ نہیں کر سکتی، تو جب تک صبر کر سکے شوہر کا انتظار کرے جس کی مدت ایک ماہ سے کم نہو اس کے بعد[1] قاضی یا کسی مسلمان حاکم مجاز کی عدالت میں فسخ نکاح کا دعویٰ دائر کرے،

اور اگر نفقہ اور گذارہ کا تو انتظام ہو مگر بغیر شوہر کے رہنے میں اپنی عفت و عصمت کا اندیشہ قوی ہو، تو سال بھر صبر کرنے کے بعد[2] قاضی کی طرف مرافعہ کرے اور دونوں صورتوں میں گواہوں کے ذریعہ یہ ثابت کرے کہ اُس کا شوہر فلاں اتنی مدت سے غائب ہے اور اُس[3] نے اس کے لئے کوئی نان نفقہ نہیں چھوڑا، اور نہ کسی کو نفقہ کا ضامن بنایا اور اس نے اپنا نفقہ اُس کو معاف بھی نہیں کیا، اور اس پر عورت حلف بھی کرے اور دوسری صورت یعنی عفت کے خطرہ کی حالت میں قسم کھائے کہ میں بغیر شوہر کے اپنی عفت قائم نہیں رکھ سکتی، قاضی کے پاس جب یہ ثبوت مکمل ہوجائے تو قاضی اس کو کہہ دے کہ میں نے تمہارا نکاح فسخ کردیا یا شوہر کی طرف سے طلاق دیدی یا خود عورت کو اختیار دیدے کہ وہ اپنے نفس پر طلاق واقع کرے اور اور جب عورت طلاق اپنے نفس پر واقع کرے تو قاضی اس طلاق[4] کو نافذ کردے، (کما فی فتوی العلامۃ الفاھاشم من الالحاق حیلۂ ناجزہ ص ۱۱۰) واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم،

شوہر بحری سفر میں گم ہوگیا:

سوال: ایک شخص بحری سفر میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ لانچ پر سوار ہوکر حج سے واپس

اوکما پیچھے علامہ الفاہاشم کی عبارت سے ثابت ہوتا ہو کہ عدم نفقہ کی صورت میں ایک ماہ اور خشیت زنا کی صورت میں ایک سال کا انتظار حاکم کے فیصلہ سے پہلے کافی ہو، خواہ مرافعہ سے پہلے اتنی مدت گذری ہو یا نہیں، مگر مذہب مالکی کو اختیار کرنے کے لئے جس ضرورت کا تحقق شرط ہو اس کو متیقن کرنے کے لئے ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ اس مدت میں کچھ اضافہ کردینا قرین احتیاط ہے، چنانچہ یہاں یہ ایک ماہ یا ایک سال کی مدت قبل المرافعہ مقرر کی گئی ہو، تاکہ مقدمہ کی کارروائی کی مدت اس کے علاوہ ہو، البتہ اگر حاکم کے فیصلہ تک بھی اتنی مدت گذر گئی تو فتوی جواز کا دیا جائے گا،

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ — رشید احمد — محمد عاشق الٰہی عفا اللہ عنہ

خادم دار العلوم کراچی ۱۴ — محمد رفیع عثمانی — محمد تقی عثمانی

۲۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۹۲ھ

---

[1] یعنی اس کا شوہر ہونا بھی ثابت کرے اور غائب ہونا بھی ۱۲ [2] یعنی صورت اُولیٰ میں ۱۲ [3] یہ طلاق رجعی ہوگی، اگر عدت کے اندر یا اس کے بعد مفقود آجائے تو اس کے احکام وہی ہوں گے جو غائب غیر مفقود کے ہیں ۱۲ رشید احمد

آرہا تھا رات کو لانچ کے ایک طرف تختہ پر جو تقریباً ڈیڑھ فٹ چوڑا تھا اس پر سویا ہوا تھا، ساتھیوں نے اور ناخدا نے بھی منع کیا مگر باز نہ آیا، صبح اٹھے تو یہ شخص مفقود تھا، اب اس کے مال اور بیوی کا شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

قرائن سے اس کی موت متیقن ہے، لہٰذا اس کا ترکہ تقسیم کردیا جائے، اور اس کی بیوی عدتِ موت گذار کر دوسرا نکاح کر سکتی ہے، قرائن مفیدۂ یقین بحکم شہادت ہیں، کما فی کتاب الدعوی من شرح التنویر ونصه والسابع قرينة قاطعة كان ظهر من دار خالية انسان خائف بسكين متلوث بدم فدخلوها فوراً فرأوا مذبوحاً لحينه اخذ به اذ لا يمترى احد انه قاتله (رد المحتار ج ۴ ص ۵۸۰)، وفي الشامية في اول كتاب القضاء في بيان طرق القاضي الى الحكم، او القرائن الواضحة التي تصير الامر في حيز المقطوع به نقل قالوا لو ظهر انسان من دار بيده سكين وهو متلوث بالدم سريع الحركة عليه اثر الخوف فدخلوا الدار على الفور فوجدوا فيها انساناً مذبوحاً بذلك الوقت ولم يوجد احد غير ذلك الخارج فانه يؤخذ به وهو ظاهر اذ لا يمترى احد في انه قاتله والقول بأنه ذبحه آخر ثم تسور الحائط او انه ذبح نفسه احتمال بعيد لا يلتفت اليه اذ لم ينشأ عن دليل۔ (رد المحتار ج ۴ ص ۴۳۱)

شامیہ کتاب المفقود میں جو مذکور ہے کہ "سفرِ بحر میں گم ہونے والے کا مدت طویلہ تک انتظار کرکے حاکم اس کی موت کا حکم کرے" اس سے وہ شخص مراد ہے جس کے ساحل پر پہنچنے کا علم نہ ہو، صورتِ سوال میں تو وسط بحر ہی میں فقدان کا علم ہو گیا ہے جو موجبِ یقین ہے، اور احتمال بعید ناشی بلا دلیل کا اعتبار نہیں کما صرح به شارح التنوير وابن عابدين رحمهما الله تعالى فيما ذكرنا من نصهما، ایسا بعید احتمال تو بالمشافہہ میت کے دیکھنے کے بعد بھی موجود ہوتا ہے کہ شاید موت نہ ہو سکتہ ہو، لہٰذا اس صورت میں نہ مدت طویلہ تک انتظار کی ضرورت ہے اور نہ حکمِ حاکم کی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸ رصفر سنہ ۷۶ھ

مجنون نفقہ دینے پر قادر نہ ہو تو صورتِ تفریق:

سوال: شریعتِ مطہرہ کا حکم اس بارہ میں کیا ہے کہ ایک شخص کچھ جنون اور دماغی خلل کی وجہ سے اپنی بیوی کو سنبھالنے اور خرچ وغیرہ برداشت کرنے پر قادر نہیں، اور نہ ہی بیوی کے مصارف کا اور کوئی انتظام ہو سکتا ہے، بیوی اس حالت میں اس کے نکاح میں رہنے پر راضی نہیں، اور یہ شخص جنون

کی وجہ سے طلاق دینے پر قادر نہیں کہ شرعاً اس کی طلاق غیر معتبر ہے، اور جنون بھی اس حد تک پہنچا ہوا نہیں کہ عورت کو خیارِ فسخ مل سکے، یعنی شوہر سے تکلیف پہنچنے یا قتل وغیرہ کا خوف نہیں تو اس صورت میں بیوی کی نجات کی شرعاً کیا صورت ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

ایسے حالات میں مذہب حنفی میں کوئی صورت ممکن نہیں، لہٰذا بوقتِ اضطرار مذہب مالکی پر فتویٰ دیا جاتا ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ عورت حاکم مسلم کے پاس درخواست پیش کرے، اور گواہوں سے ثابت کرے کہ فلاں شخص اس کا شوہر ہے، اور وہ مجنون ہے، اور وہ نفقہ پر قادر نہیں، اور نہ ہی کوئی اس کے نفقہ کا کفیل ہے، اور اس نے نفقہ معاف بھی نہیں کیا، اور نہ ہی اسے نکاح سے قبل اُسکی ناداری کا علم تھا، یا ناداری کا علم تو تھا مگر کسی نے نفقہ کی کفالت قبول کی تھی اور اب اس نے انکار کر دیا، ہی نفقہ سے متعلق ان سب باتوں پر قسم بھی کھائے اس پر حاکم شوہر کو ایک ماہ کی مہلت دے، اگر اس مدت میں بھی نفقہ کا کوئی انتظام نہ ہوسکا تو حاکم تفریق کردے، یہ فیصلہ طلاقِ رجعی کے حکم میں ہوگا، اگر عدت کے نفقہ پر قدرت ثابت ہوجائے تو مجنون کا ولی رجوع کرسکتا ہے، والتفصیل فی الحیلۃ الناجزۃ لحکیم الامۃ قدس سرہٗ۔

تنبیہات:

① مجنون کے ساتھ زوجیت پر شہادت کا لزوم کہیں نظر سے نہیں گذرا، مگر چونکہ مجنون کا وجود کالعدم ہے اس لئے قیاساً علی الغائب یہ شرط ضروری معلوم ہوتی ہے وھو الاحوط، ولیِ مجنون کا اقرارِ زوجیت اس لئے معتبر نہیں ہونا چاہئے کہ اس میں مجنون کا ضرر ہے۔

② حیلۂ ناجزہ میں اس صورت میں شوہر کو ایک ماہ کی مہلت دینے کی تصریح نہیں، مگر چونکہ یہ اعسار کی صورت ہے جس میں مالکیہ کے ہاں تاجیلِ شہر کی صراحت ہے اس لئے شوہر کو ایک ماہ کی مہلت دینا چاہئے، اگر اس میں بھی نفقہ کا کوئی انتظام نہ ہوسکا تو تفریق کی جائے، البتہ عباراتِ مالکیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تاجیل صحتِ قضاء کے لئے شرط نہیں۔

③ حاکم تاجیلِ شہر اور اس کے بعد فسخِ نکاح کا حکم مجنون کے ولی کو سنائے اگر اس کا کوئی ولی نہ ہو تو حاکم مجنون کی طرف سے کوئی وکیل مقرر کرکے اس کو حکم سنائے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ ذی الحجہ ۷۳ھ

حکم زوجۂ مجنون :

سوال : آپ نے احسن الفتاویٰ میں ایسے مجنون کے فسخ نکاح کی صورت تحریر فرمائی ہے جو نفقہ پر قادر نہ ہو، اگر نفقہ کا انتظام تو ہو مگر بیوی کو مجنون سے سخت تکلیف پہنچتی ہو یا مجنون ہمبستری پر قادر نہ ہو یا ہمیشہ غائب رہتا ہو تو ان صورتوں میں اس سے نجات حاصل کرنے کا شرعی طریقہ کیا ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بوقت نکاح جنون موجود تھا اور بے خبری میں نکاح ہوگیا، تو مالکیہ کے علاوہ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی عورت کو خیارِ فسخ ہے، خواہ جنون مستوعب ہو یا غیر مستوعب، یعنی کبھی کبھی دورہ پڑتا ہو، اور اگر نکاح کے بعد جنون مستوعب یا غیر مستوعب لاحق ہوا تو احناف کے ہاں فسخ نکاح کی کوئی صورت نہیں، بوقت مجبوری مالکیہ کے قول پر عمل کیا جا سکتا ہے، دونوں صورتوں میں تفریق کا طریقہ یہ ہے کہ عورت قاضی کی عدالت میں درخواست پیش کرے، اور گواہوں سے ثابت کرے کہ فلاں شخص اس کا شوہر ہے اور وہ ایسا خطرناک مجنون ہے کہ اس سے سخت اندیشہ ہے اور ناقابل برداشت ایذا پہونچتی ہے اس پر قاضی مجنون کے ولی کو اس کے علاج کے لئے ایک شمسی سال کی مہلت کا حکم سنائے، اگر مجنوں کا ولی نہ ہو تو قاضی کسی شخص کو اس کا وکیل مقرر کرکے اسے حکم سنائے، ایک سال گذرنے پر اگر شوہر کو افاقہ نہ ہوا اور عورت پھر درخواست کرے تو قاضی عورت کو اختیار دیدے اگر عورت اسی مجلس میں تفریق طلب کرے تو قاضی تفریق کردے، ایک سال کی مہلت کے حکم کی طرح تفریق کا حکم بھی قاضی مجنون کے ولی کو اور وہ نہ ہو تو مقرر کردہ وکیل کو سنائے، اگر یہ جنون بوقتِ عقد موجود تھا تو یہ تفریق فسخ ہے، اور اگر بعد میں لاحق ہوا تو اس بارہ میں کتبِ مالکیہ کی عبارات مختلف ہیں کہ یہ فسخ ہے یا کہ طلاق بائن ؟ مالکیہ سے اس کی تحقیق کرلی جائے، اگر تحقیق نہ ہوسکے تو احتیاط اس میں ہے کہ اسے طلاق بائن قرار دیا جائے، لہٰذا اگر اس طلاق کی عدت کے اندر دو طلاقیں مزید دیدیں یا اسی عورت سے دوبارہ نکاح کرکے پھر دو طلاقیں دیدیں تو طلاق مغلّظ ہوجائے گی،

اگر خلوتِ صحیحہ سے قبل نکاح فسخ ہوگیا تو مہر بالکل ساقط ہوجائے گا، اور عورت پر عدت بھی نہیں، اور اگر خلوتِ صحیحہ ہوچکی تھی تو مہر کامل بھی واجب ہے اور عدت بھی،

شرائطِ تفریق :

(۱) جنون خطرناک حد تک ہو، شدید ایذاء کا باعث ہو، معمولی جنون میں خیار تفریق نہیں،

(۲) نکاح سے قبل جنون کا علم نہ ہو،

(۳) جنون کا علم ہونے کے بعد عورت نے اس کے نکاح میں رہنے پر کبھی اظہار رضانہ کیا ہو، اگر ایک بار رضا ظاہر ہو چکی ہو تو خیار نہ رہے گا،

(۴) علم جنون کے بعد عورت نے بالاختیار جماع یا دواعی جماع کا موقع نہ دیا ہو، اگر مجنون نے جبراً ہمبستری کرلی تو اس سے خیار باطل نہ ہوگا، اسی طرح اگر معمولی جنون میں ہمبستری کا موقع دیا یا اس کے نکاح میں رہنے پر رضا کا اظہار کیا مگر بعد میں جنون خطرناک حد تک پہنچ گیا، تو خیار تفریق باطل نہ ہوگا،

(۵) مجنون سے تفریق کے لئے قضاء قاضی شرط ہے،

(۶) مہلت کی میعاد ایک شمسی سال گذر جانے کے بعد عورت کی دوبارہ درخواست پر جب قاضی عورت کو اختیار دے تو اسی مجلس میں عورت فسخ نکاح کو قبول کرلے اگر مجلس برخواست ہوگئی یا عورت کسی دوسری گفتگو یا کسی کام میں مشغول ہوگئی تو اسے خیار نہ رہے گا،

اگر مجنون جماع پر قادر نہیں تو وہ عنین ہے، اور اگر ہمیشہ غائب رہتا ہے تو وہ غائب غیر مفقود ہے، عنین اور غائب غیر مفقود سے تفریق کی صورت احسن الفتاوی میں موجود ہے،

غور طلب :

غائب اور مفقود کی بیوی کو بحالت خشیت زنا خیار تفریق ہے، اگرچہ غائب ہونے سے قبل ہمبستری ہو چکی ہو، مگر عنین نے ایک دفعہ بھی ہمبستری کرلی تو اس کی بیوی کو خشیت زنا کے باوجود خیار نہیں، دونوں میں وجہ الفرق یہ معلوم ہوتی ہے کہ عنین کی بیوی اس کی نگرانی میں ہے اس لئے اس پر معصیت میں ابتلاء کا اتنا خطرہ نہیں جتنا غائب کی بیوی پر ہے، نیز جہاں کسی امر کی حقیقت میں خفا ہو وہاں اس کے اسباب ظاہرہ کو بمنزلہ حقیقت قرار دیدیا جاتا ہے، لہٰذا عنین کا قیام مع الزوجہ ہی بمنزلہ وطی ہے، پس اگر مجنون کو ایک بار ہمبستری کے بعد قدرت نہ رہی اور جنون خطرناک بھی نہیں، نفقہ بھی موجود ہے تو اس کی بیوی کو محض خشیت زنا کی وجہ سے خیار تفریق ہے یا نہیں؟ غائب وعنین میں فرق مذکور کی بناء پر معلوم ہوتا ہے کہ اگر مجنون بیوی کی نگرانی پر قادر نہیں اور اس کا وجود وعدم برابر ہے تو اسے بحکم غائب سمجھ کر اس کی بیوی کو خیار ہونا چاہئے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۱ ربیع الآخر ۹۷ھ

بابُ العِدّۃ

زنا سے حاملہ کو طلاق دی تو عدت واجب ہے:

سوال: کسی شخص نے لاعلمی سے ایسی عورت سے نکاح کرلیا جس کو زنا سے حمل تھا پھر علم ہونے پر وضعِ حمل سے قبل ہی اسے طلاق دیدی تو اس عورت پر عدت واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس عورت سے اگر خلوۃِ صحیحہ یا ہمبستری کی ہو تو اس کی عدت وضعِ حمل ہے، خواہ یہ نکاح زانی سے ہو یا غیر زانی سے، بہرکیف عدت واجب ہے، قال فی شرح التنویر وفی حق الحامل مطلقاً ولو امۃ اوکتابیۃ اومن زنا بان تزوج حبلی من زنا ودخل بھا ثم مات اوطلقھا تعتد بالوضع، وفی الشامیۃ (قولہ بان تزوج حبلی من زنا الخ) افاد ان العدۃ لیست من اجل الزنا لما تقدم انہ لاعدۃ علی الحامل من الزنا اصلاً وانما العدۃ لموت الزوج اوطلاقہ، قال الرحمتی ویعلم کون الحمل من زنا بولادتھا قبل ستۃ اشھر من حین العقد (قولہ ودخل بھا) ھو قید لغیر المتوفی عنھا لما مر ان عدۃ الوفاۃ لایشترط لھا الدخول ودخولہ بھا بالخلوۃ او بوطئھا مع حرمتہ لانہ وان جاز نکاح الحبلی من زنا لایحل وطؤھا رحمتی ونقل المسألۃ فی البحر عن البدائع بدون قید الدخول (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرۂ ذی الحجہ ۷۲ھ

مطلقہ مغلظہ سے صحبت کی تو استئناف عدت نہیں:

سوال: ایک شخص نے مغلظ طلاق دے کر اپنی بیوی سے صحبت کی تو عدت وقتِ طلاق سے شمار ہوگی، یا کہ صحبت کے بعد دوسری عدت ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

وقتِ طلاق سے عدت کاملہ ضروری ہے، دوسری عدت واجب نہ ہوگی، قال فی الشامیۃ لو وطئھا بعد الثلاث فی العدۃ بلا نکاح عالماً بحرمتھا لا تجب عدۃ اخرٰی لانہ زنا، وفی البزازیۃ طلقھا ثلاثا ووطئھا فی العدۃ مع العلم بالحرمۃ لا تستأنف العدۃ بثلاث حیض ویرجمان اذا علما بالحرمۃ ووجد شرائط الاحصان ولو کان منکرا طلاقھا لا تنقض العدۃ ولو ادعی الشبھۃ تستقبل الخ (رد المحتار ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ صفر ۷۵ھ

طلاق بالکنایہ بائن کے بعد صحبت سے عدت مستأنفہ واجب ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق بائن دے کر اس سے ہمبستری کرلی تو عدت کس وقت سے شمار ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اگر طلاق بائن بلفظ کنایہ دی ہے تو ہمبستری کے وقت سے دوسری عدت واجب ہوگی اور دونوں عدتوں میں تداخل ہوگا، قال فی التنویر اذا وطئت المعتدۃ بشبھۃ وجبت عدۃ اخرٰی وتداخلتا، وفی الشامیۃ تحت (قولہ بشبھۃ) وذلک کالموطوءۃ للزوج فی العدۃ بعد الثلاث بنکاح وکذا بدونہ اذا قال ظننت انھا تحل لی او بعد ما ابانھا بالفاظ الکنایۃ وتمامہ فی الفتح (الی ان قال) والصدر لم یجعل الطلاق علی مال والخلع کالثلاث وذکر انہ لو خالعھا ولو بمال ثم وطئھا فی العدۃ عالما بالحرمۃ تستأنف العدۃ لکل وطأۃ وتتداخل العدد الی ان تنقضی الاولی و بعدہ تکون الثانیۃ والثالثۃ عدۃ الوطء لا الطلاق حتی لا یقع فیھا طلاق آخر ولا تجب فیھا نفقۃ اھ وما قالہ الصدر ھو ظاھر ما قدمناہ آنفاً عن الفتح حیث جعل الوطء بعد الابانۃ بالفاظ الکنایۃ من الوطء بشبھۃ ای لقول بعض الائمۃ بانہ لا یقع بھا البائن فاورث الخلاف فیہ شبھۃ (رد المحتار جلد ۲)

نقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ صفر ۷۵ھ

عدت حاملہ :

سوال : ایک شخص نے اپنی بیوی کو حالتِ حمل میں طلاق دی، اب یہ عورت دوسرا نکاح کب کرسکے گی ؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اس کی عدت وضعِ حمل ہے، اس کے بعد دوسرا نکاح کرسکتی ہے، قال اللہ تعالیٰ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ، وفی شرح التنویر وفی حق الحامل مطلقاً ولو امة او کتابیة او من زنا بان تزوج حبلیٰ من زنا ودخل بها ثم مات او طلقها تعتد بالوضع جواهر الفتاوی وضع جمیع حملها الخ (رد المحتار باب العدة) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶ ذیقعدہ سنہ ۷۲ھ

بچہ پیٹ میں مرگیا تو حکمِ عدت :

سوال : مطلقہ یا متوفی عنہا زوجہا کے پیٹ میں اگر بچہ سوکھ گیا ہو تو عدمِ وضعِ حمل کی صورت میں اس کی عدت کتنی مدت ہوگی ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

دوا یا آپریشن کے ذریعہ رحم کی صفائی کرائی جائے، اگر حمل چار ماہ یا زیادہ مدت کا تھا تو بطریق مذکور اسقاط سے عدت ختم ہوگئی، ورنہ تین حیض گذرنے پر عدت ختم ہوگی، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله وضع حملها) ای بلا تقدیر بمدة سواء ولدت بعد الطلاق او الموت بیوم او اقل جوهرة والمراد به الحمل الذی استبان بعض خلقه او کله فان لم یستبن بعضه لم تنقض العدة لان الحمل اسم لنطفة متغیرة فاذا کان مضغة او علقة لم تتغیر فلا یعرف کونها متغیرة بیقین الا باستبانة بعض الخلق بحر عن المحیط وفیه عنه ایضاً انه لا یستبین الا فی مائة وعشرین یوماً (رد المحتار ص ۶۵۶ ج ۲) اگر کسی طرح بھی رحم کی صفائی ممکن نہ ہو تو دفعِ ضرر کیلئے اس قول پر عمل کرنے کی گنجائش ہے کہ اکثر مدتِ حمل دو سال پورے کرنے کے بعد تین ماہ عدت گذارے، قال فی العلائیة ولو مات فی بطنها ینبغی بقاء عدتها الی ان ینزل او تبلغ حد الایاس نهر، وفی الشامیة (قوله او تبلغ حد الایاس) یعنی فتعتد بالاشهر بعده وفیه انه مناف لقوله تعالیٰ واولات الاحمال الآیة فتأمل ح قلت وفی حاشیة البحر للشیخ خیر الدین لا معنی للقول بالانقضاء مع وجوده

لاشتغال الرحم به کذا فی کتب الشافعیة، قال الرملی فی شرح المنهاج ولو مات واستمر اکثر من اربع سنین لم تنقض الا بوضعه لعموم الآیة کما افتی به الوالد لامبالاة بتضررها بذلك وقال ابن قاسم فی حاشیة شرح المنهج، قال شیخنا الطبلاوی افتی جماعة عصرنا بالتوقف علی خروجه والذی اقوله عدم التوقف اذا ایس من خروجه لتضررها بمنعها من التزوج اھ ولاشیء من قواعدنا یدفع ماقالوه فاعلم ذلك اھ ملخصا وبه ظهر ان المراد من قوله او تبلغ حد الایاس هو الایاس من خروجه وهل المراد منه نهایة حد الحمل وهو اربع سنین عند الشافعیة وسنتان عندنا او اعم من ذلك محتمل والذی ینبغی العمل بما قاله الجماعة لموافقته صریح الآیة (رد المحتار ص ۸۵۷ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ر رجب سنہ ۸۶ھ

معتدہ کرایہ مکان پر قادر نہ ہو تو اسے چھوڑ سکتی ہے:

سوال؛ زید اپنی زوجہ کو لے کر ایک دوسرے شہر میں بغرض روزگار کرایہ کے مکان میں قیام پذیر ہوا، کچھ عرصہ کے بعد زید کا انتقال ہوگیا، اب زید کی زوجہ اس کرایہ کے مکان میں عدت وفات پوری کر رہی ہے، مگر اس میں اتنا کرایہ دینے کی استطاعت نہیں، تو کیا اس سے کم کرایہ کے مکان یا مفت کے مکان میں منتقل ہونا اور اس کرایہ کے مکان کو چھوڑ کر جانا جائز ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اتنے کرایہ کی استطاعت نہ ہو تو قریب تر مکان میں جا سکتی ہے، قال فی التنویر وتعتدان فی بیت وجبت فیه الا ان تخرج او ینهدم المنزل او تخاف تلف مالها اولا تجد کراء البیت، وفی العلائیة فتخرج لاقرب موضع الیه (رد المحتار ص ۸۶۴ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ر ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

معتدۂ موت شوہر کا منہ دیکھنے کے لئے گھر سے نہیں نکل سکتی:

سوال؛ بکر کا انتقال اس کے بھائی کے گھر دوسرے محلہ میں ہوا، تو زوجۂ بکر شوہر متوفی کا منہ دیکھنے کے لئے دوسرے محلہ میں از روئے شرع جا سکتی ہے یا نہیں؟ جبکہ تجہیز

تکفین کے بعد واپس شوہر کے مکان میں آکر عدتِ وفات پوری کرے، جبکہ زوجۂ بکر کو بکر کے مکان پر وفات کی خبر ہو چکی ہو، تو کیا وفات کی خبر سنکر بھی نکلنا جائز ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

معتدۂ موت کے پاس اگر نفقہ نہ ہو تو کسبِ معاش کی حاجت سے گھر سے نکل سکتی ہے، اسی طرح اس کے مال کی حفاظت کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو اس کے لئے بقدرِ حاجت گھر سے نکل سکتی ہے، رات کا اکثر حصہ بہر کیف گھر میں گذارنا ضروری ہے، ضرورت مذکورہ کے سوا دن میں بھی گھر سے نہیں نکل سکتی، لہٰذا شوہر کا منہ دیکھنے کے لئے نکلنا جائز نہیں، قال فی شرح التنویر ومعتدۃ موت تخرج فی الجدیدین وتبیت اکثر اللیل فی منزلہا لان نفقتہا علیہا فتحتاج للخروج حتی لو کان عندہا کفایتہا صارت کالمطلقۃ فلا یحل لہا الخروج فتح وجوز فی القنیۃ خروجہا لاصلاح ما لا بد لہا منہ کزراعۃ ولا وکیل لہا، والتفصیل فی الشامیۃ (رد المحتار ص۶۷۴ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

سفر میں وجوبِ عدت:

سوال: عمر اپنی زوجہ کو ساتھ لے کر دوسرے شہر میں ہمشیرہ کے گھر بطور مہمان کے یا بغرض کاروبار کے آیا ہوا تھا، وہیں عمر کا انتقال ہو گیا، تو کیا عمر کی زوجہ عمر کی ہمشیرہ کے مکان پر عدتِ وفات پوری کرے یا تجہیز و تکفین کے بعد فوراً اس شہر میں چلی جائے جہاں پر خاوند کا مکان ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر شوہر کا گھر جائے اقامت سے مسافتِ سفر سے کم ہو تو بیوی وہاں آکر عدت گذارے، اور مسافتِ سفر سے زیادہ ہو تو جائے اقامت ہی میں عدت پوری کرے، قال فی شرح التنویر ابانہا او مات عنہا فی سفر ولو فی مصر ولیس بینہا وبین مصرہا مدۃ سفر رجعت ولو بین مصرہا مدتہ (الی قولہ) تعتد ثمہ ان لم تجد محرما اتفاقا وکذا ان وجدت عند الامام رحمہ اللہ تعالیٰ، (رد المحتار ص۶۷۶ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

سوال مثل بالا:

سوال: ایک عورت ہندوستان گئی ہوئی ہے، بعد میں اس کے شوہر کا انتقال ہوگیا اب یہ عدت وہیں گذارے یا واپس آکر شوہر کے مکان پر؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر واپسی سفر میں اس کے ساتھ کوئی محرم نہیں تو وہیں عدت گذارے اور اگر محرم ہے تو قول امام رحمہ اللہ تعالیٰ کے مطابق وہیں عدت گذارنا لازم ہے، مگر صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں واپس آکر شوہر کے مکان پر عدت گزارے، بوقت ضرورت شدیدہ اس قول پر عمل کی گنجائش ہے، یہ تفصیل اس وقت ہے جبکہ وہاں قیام ممکن ہو، اگر وہاں کی حکومت مدتِ عدت تک قیام کی اجازت نہ دے تو بہرحال واپس آجائے، قال فی شرح التنویر ان مرت بما یصلح للاقامۃ کما فی البحر وغیرہ زاد فی النہر وبینہ وبین مقصدھا سفر اوکانت فی مصر اوقریۃ تصلح للاقامۃ تعتد ثمۃ ان لم تجد محرمًا اتفاقًا وکذا ان وجدت عند الامام رحمہ اللہ تعالیٰ (رد المحتار ص ۶۲۷ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۂ ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۰ھ

اسقاطِ حمل سے عدت ختم ہوجاتی ہے:

سوال: عدت والی عورت اگر اپنا حمل بذریعہ دوا ساقط کردے تاکہ عدت جلدی ختم ہوجائے تو عدت ختم ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر حمل چار ماہ یا اس سے زائد مدت کا ہو تو اس کے اسقاط سے عدت ختم ہوجائے گی، ورنہ اس کے بعد تین حیض گذرنے سے عدت ختم ہوگی، اس صورت میں اسقاط کے بعد اگر کم از کم تین روز خون آئے تو وہ بھی حیض شمار ہوگا، اس کے بعد مزید دو حیض پورے کرے، اور اگر تین روز سے کم خون آیا تو وہ حیض نہیں، لہٰذا اس کے بعد تین حیض گذرنے سے عدت پوری ہوگی، فی حیض العلائیۃ وسقط مثلث السین ای مسقوط ظہر بعض خلقہ کید او رجل او اصبع اوظفر اوشعر ولایستبین خلقہ الا بعد مائۃ وعشرین یومًا (الیٰ قولہ) و تنقضی بہ العدۃ فان لم یظہر لہ شیء فلیس بشیء وفی الشامیۃ (قولہ مسقوط)

الذی فی البحر التعبیر بالساقط وھو الحق لفظاً ومعنیً اما لفظا فلان سقط لازم لایبنی منہ اسم المفعول واما معنیً فلان المقصود سقوط الولد سواء سقط بنفسہ اواسقطہ غیرہ ⁊ (رد المحتار ص ۶۷۸ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲، رمضان ۸۷ھ

عدت ختم کرنے کے لئے اسقاطِ حمل:

سوال: جناب کا تحریر فرمودہ فتویٰ موصول ہوا، شکریہ! اس سے یہ معلوم ہوا کہ اگر دوا، کے ذریعہ حمل ساقط کردیا تو عدت تو ختم ہے، مگر اس حمل کا ساقط کرنا تاکہ عدت ختم ہوجائے جائز بھی ہے یا نہیں؟ اور کسی قسم کا گناہ بھی ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

حمل پر چار ماہ گذرنے کے بعد اس کا اسقاط جائز نہیں، اس سے قبل جواز میں اختلاف ہے، راجح یہ ہے کہ بدون سخت مجبوری کے یہ بھی جائز نہیں، ولادت تک عدت میں کوئی ضرر نہیں، اگر اس میں ضرر ہوتا تو اللہ تعالیٰ ایسا مشکل حکم کیوں نازل فرماتے؟ ان کا تو ارشاد ہے کہ انھوں نے کوئی حکم ایسا نہیں دیا جس میں ضرر ہو، وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ، لہٰذا اس غرض سے اسقاط جائز نہیں، فی حیض الشامیۃ معزیا لعقد الفرائد قالوا یباح لھا ان تعالج فی استنزال الدم مادام الحمل مضغۃ اوعلقۃ ولم یخلق لہ عضو وقدروا تلک المدۃ بمائۃ وعشرین یوماً وانما اباحوا ذلک لانہ لیس بآدمی اھ (رد المحتار ص ۲۷۹ ج ۱) وفی مہر العلائیۃ وقالوا یباح اسقاط الولد قبل اربعۃ اشھر ولو بلا اذن الزوج، وفی الشامیۃ قال فی النھر بقی ھل یباح الاسقاط بعد الحمل نعم یباح مالم یتخلق منہ شیء ولن یکون ذلک الا بعد مائۃ وعشرین یوماً وھذا یقتضی انھم ارادوا بالتخلیق نفخ الروح والا فھو غلط لان التخلیق یتحقق بالمشاھدۃ قبل ھذہ المدۃ کذا فی الفتح واطلاقھم یفید عدم توقف جواز اسقاطھا قبل المدۃ المذکورۃ علی اذن الزوج وفی کراھۃ الخانیۃ ولا اقول بالحل اذ المحرم لوکسر بیض الصید ضمنہ لانہ اصل الصید فلما کان یؤاخذ بالجزاء فلا اقل من ان یلحقھا اثم ھنا اذا اسقطت بغیر عذر اھ قال ابن وھبان ومن الاعذار ان ینقطع لبنھا بعد ظھور الحمل ولیس لابی الصبی مایستأجر بہ الظئر ویخاف ھلاکہ، ونقل عن الذخیرۃ

لو ارادت الالقاء قبل مضی زمن ینفخ فیہ الروح ھل یباح لھا ذلک ام لا اختلفوا فیہ وکان الفقیہ علی بن موسی یقول انہ یکرہ فان الماء بعد ما وقع فی الرحم مآلہ الحیاۃ فیکون لہ حکم الحیاۃ کما فی بیضۃ صید الحرم ونحوہ فی الظھیریۃ قال ابن وھبان فاباحۃ الاسقاط محمولۃ علی حالۃ العذر او انھا لا تأثم اثم القتل اھ وبما فی الذخیرۃ تبیّن انھم ما ارادوا بالتخلیق الا نفخ الروح وان قاضی خان مسبوق بما مر من التفقہ واللہ تعالی الموفق اھ کلام النھر (رد المحتار ص ۴۱۲ ج ۲)، وفی الحظر منھا قبیل باب الاستبراء وفی الذخیرۃ لو ارادت القاء الماء بعد وصولہ الی الرحم قالوا ان مضت مدۃ ینفخ فیہ الروح لا یباح لھا وقبلہ اختلف المشایخ فیہ والنفخ مقدر بمائۃ وعشرین یوما بالحدیث اھ قال فی الخانیۃ ولا اقول بہ لضمان المحرم بیض الصید لانہ اصل الصید فلا اقل من ان یلحقھا اثم وھذا لو بلا عذر اھ ویأتی تمامہ قبیل احیاء الموات واللہ تعالی اعلم۔ (رد المحتار ص ۲۶۴ ج ۵)

وفی العلائیۃ قبیل احیاء الموات ویکرہ ان تسقی لاسقاط حملھا، وجاز لعذر حیث لا یتصور، وفی الشامیۃ (قولہ ویکرہ الخ) ای مطلقا قبل التصور وبعدہ علی ما اختارہ فی الخانیۃ کما قدمناہ قبیل الاستبراء وقال الا انھا لا تأثم اثم القتل (قولہ وجاز لعذر) کالمرضعۃ اذا ظھر بھا الحبل وانقطع لبنھا ولیس لابی الصبی ما یستأجر بہ الظئر ویخاف ھلاک الولد قالوا یباح لھا ان تعالج فی استنزال الدم ما دام الحمل مضغۃ او علقۃ ولم یخلق لہ عضو وقدروا تلک المدۃ بمائۃ وعشرین یوما وجاز لانہ لیس بآدمی وفیہ صیانۃ الآدمی خانیۃ (قولہ حیث لا یتصور) قید لقولہ وجاز لعذر والتصور کما فی القنیۃ ان یظھر لہ شعر او اصبع او رجل او نحو ذلک (رد المحتار ص ۳۰۵ ج ۵) فقط واللہ تعالی اعلم۔

۱۲ر شوال ۸۷ھ

عدتِ ممتدۃ الطہر:

سوال: اگر کسی جوان عورت کو ماہواری بالکل نہ آتی ہو یا بہت طویل عرصہ کے بعد آتی ہو اور اس کو طلاق ہو جائے تو وہ عدت کیسے گزارے؟ کیا تین مہینے پورے کرنے سے عدت ختم ہو جائے گی یا شرعاً کوئی دوسرا طریقہ ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

جس عورت کو شروع ہی سے حیض بالکل نہ آیا ہو اس کی عمر تیس سال ہو جانے پر وہ آیسہ شمار ہوگی، اور اگر حیض آنے کے بعد بالکل بند ہوگیا یا بہت مدت کے بعد آتا ہو تو یہ پچپن سال کی عمر ہونے پر آیسہ ہوگی، دونوں قسم کی آیسہ کی عدت تین مہینے ہے، مگر صورتِ ثانیہ میں یہ شرط ہے کہ کم از کم چھ ماہ سے حیض بند ہو، یہ چھ ماہ کی مدت پچپن سال کی عمر پوری ہونے سے قبل گذر چکی ہو تو وہ بھی معتبر ہے، یعنی اس صورت میں پچپن سال پورے ہونے کے بعد تین ماہ گذرنے پر عدت پوری ہو جائے گی، دونوں قسم کے ایاس میں اگر عدت کے تین ماہ پورے ہونے سے قبل حیض جاری ہوگیا تو از سرِ نو عدت تین حیض پوری کرے، اگر سنِ ایاس سے قبل عدت کی نوبت آجائے تو بذریعہ علاج حیض جاری کر کے تین حیض عدت پوری کرے، اگر کسی علاج سے بھی حیض جاری نہ ہو تو بوقتِ ضرورت کسی مالکی قاضی سے ایک سال کی عدت کا فیصلہ کرایا جائے اگر مالکی قاضی میسر نہ ہو اور ضرورتِ شدیدہ ہو تو بدونِ قضاء بھی ایک سال کی عدت کا فتویٰ دیا جا سکتا ہے، قال فی العلائیۃ آیسۃ اعتدت بالاشہر ثم عاد دمہا علی جاری عادتہا او حبلت من زوج آخر بطلت عدتہا وفسد نکاحہا واستأنفت بالحیض لان شرط الخلیفۃ تحقق الایاس عن الاصل وذٰلک بالعجز الدائم الی الموت وھو ظاہر الروایۃ کما فی الغایۃ واختارہ فی الھدایۃ فتعین المصیر الیہ قالہ فی البحر بعد حکایۃ ستۃ اقوال مصححۃ واقرہ المصنف لکن اختار البہنسی ما اختارہ الشہید انہا ان رأتہ قبل تمام الاشہر استأنفت لابعدھا قلت وھو ما اختارہ صدر الشریعۃ ومنلاخسرو والباقانی واقرہ المصنف فی باب الحیض و علیہ فالنکاح جائز وتعتد فی المستقبل بالحیض کما صححہ فی الخلاصۃ وغیرہا وفی الجوھرۃ والمجتبی انہ الصحیح المختار وعلیہ الفتوٰی وفی تصحیح القدوری وھٰذا التصحیح اولی من تصحیح الھدایۃ وفی النہر انہ اعدل الروایات وتمامہ فیما علقتہ علی الملتقی، والصغیرۃ لو حاضت بعد تمام الاشہر لاتستأنف الا اذا حاضت فی اثنائہا فتستأنف بالحیض کما تستأنف العدۃ بالشہور من حاضت حیضۃ او ثنتین ثم ایست تحرزا عن الجمع بین الاصل والبدل والایاس سنہ للرومیۃ وغیرہا خمس وخمسون عند الجمہور وعلیہ الفتوٰی وقیل الفتوٰی علی خمسین نہر وفی البحر عن الجامع صغیرۃ بلغت ثلاثین سنۃ ولم تحض حکم

بایاسها فی الشامیة (قوله وفی البحر عن الجامع الخ) یحتمل ان یکون مبنیا علی القول
بتقدیره بثلاثین لکن ظاهر قوله ولم تحض انها لم یسبق لها حیض اصلا وهی
الشابة التی بلغت بالسن ومر حکمها ویؤیده ما فی التاترخانیة عن الینابیع
امرأة ما رأت الدم وهی بنت ثلاثین سنة مثلا رأت یوما دما لا غیر ثم طلقها
زوجها قال لیست هی بآیسة وقال ابو جعفر تعتد بالشهور لانها من اللاتی لم یحضن
وبه نأخذ اھ (تنبیه) هل یؤخذ بقولها انها بلغت سن الایاس کما یقبل قولها
بالقبول بعد الصغر ام لا بد من بینة لم ار من صرح به من علمائنا وینبغی الاول
علی روایة التقدیر بمدة، اما علی روایة عدمه فالمعتبر اجتهاد الرأی کما مر تأمل
(تتمة) وذکر فی الحقائق شرح المنظومة النسفیة فی باب الامام مالک ما نصه
وعندنا ما لم تبلغ حد الایاس لا تعتد بالاشهر وحده خمس وخمسون
سنة هو المختار لکنه یشترط للحکم بالایاس فی هذه المدة ان ینقطع الدم
عنها مدة طویلة وهی ستة اشهر فی الاصح ثم هل یشترط ان یکون انقطاع
ستة اشهر بعد مدة الایاس الاصح انه لیس بشرط حتی لو کان منقطعا قبل
مدة الایاس ثم تمت مدة الایاس وطلقها زوجها یحکم بایاسها وتعتد بثلاثة
اشهر هذا هو المنصوص فی الشفاء فی الحیض وهذه دقیقة تحفظ اھ ونقل هذه
العبارة واقرها الشهاب احمد بن یونس الشلبی فی شرحه علی الکنز عن خط العلامة
باکبر شارح الکنز غیر معزیة لاحد ونقلها ط عن السید الحموی (رد المحتار ص ۶۵۹ ج ۲)

وقال فی العلائیة والعدة فی حق من لم تحض حرة ام ام ولد لصغر
بان لم تبلغ تسعا ارجح بان بلغت سن الایاس او بلغت بالسن وخرج بقوله
ولم تحض الشابة الممتدة بالطهر بان حاضت ثم امتد طهرها فتعتد بالحیض
الی ان تبلغ سن الایاس جوهرة وغیرها وما فی شرح الوهبانیة من انقضائها
بتسعة اشهر غریب مخالف لجمیع الروایات فلا یفتی به کیف وفی نکاح الخلاصة
لو قیل لحنفی ما مذهب الامام الشافعی رحمه الله تعالی فی کذا وجب ان یقول
قال ابو حنیفة رحمه الله تعالی کذا نعم لو قضی مالکی بذلک نفذ کما فی البحر
والنهر وقد نظمه شیخنا الخیر الرملی سالما من النقد فقال ؎

لمتدة طهرا بتسعة اشهر ؎ وما عدة ان مالکی یقتدی
ومن بعده لا وجه للنقض هکذا ؎ یقال بلا نقد علیه ینظر

وفی الشامیة (قوله او بلغت بالسن) ای خمس عشرة سنة ط عن العنایة ومثلها لو بلغت بالانزال قبل هذه المدة و قوله ولم تحض شامل لما اذا لم تر دما اصلا او رأت وانقطع قبل التمام قال فی البحر عن التاترخانیة بلغت فرأت یوما دما ثم انقطع حتی مضت سنة ثم طلقها فعدتها بالاشهر اھ و سیذکر الشارح عن البحر انها اذا بلغت ثلاثین سنة ولم تحض حکم بایاسها و یأتی بیانه (قوله بان حاضت) ای ثلاثة ایام مثلاً (قوله ثم امتد طهرها) ای سنة او اکثر بحر (قوله من انقضائها بتسعة اشهر) ستة منها مدة الایاس و ثلاثة منها للعدة و رأیت بخط شیخ مشایخنا السائحانی ان المعتمد عند المالکیة انه لابد لوفاء العدة من سنة کاملة تسعة اشهر لمدة الایاس وثلاثة اشهر لانقضاء العدة قلت ولذا عبر فی المجمع بالحول (قوله فلا یفتی به) اعترض بانه قول مالک رحمه الله تعالی والتقلید جائز بشرط عدم التلفیق کما ذکره الشیخ حسن الشرنبلالی فی رسالة بل ومع التلفیق کما ذکره المنلا ابن فروخ فی رسالة قلت ما ذکره ابن فروخ رده سیدی عبد الغنی فی رسالة خاصة والتقلید وان جاز بشرطه فهو للعامل لنفسه لا للمفتی لغیره فلا یفتی بغیر الراجح فی مذهبه لما قدمه الشارح فی رسم المفتی بقوله وحاصل ما ذکره الشیخ قاسم فی تصحیحه انه لا فرق بین المفتی والقاضی الا ان المفتی مخبر عن الحکم والقاضی ملزم به وان الحکم والفتیا بالقول المرجوح جهل وخرق للاجماع وان الحکم الملفق باطل بالاجماع وان الرجوع عن التقلید بعد العمل باطل اتفاقا الخ وقدمنا الکلام علیه هناک فافهم (قوله وجب ان یقول الخ) هذا مبنی علی قول بعض الاصولیین لا یجوز تقلید المفضول مع وجود الفاضل و بنی علی ذلک وجوب اعتقاد ان مذهبه صواب یحتمل الخطأ وان مذهب غیره خطأ یحتمل الصواب فاذا سئل عن حکم لا یجیب الا بما هو صواب عنده فلا یجوز ان یجیب بمذهب الغیر وقدمنا فی دیباجة الکتاب تمام الکلام علی ذلک (قوله نعم لو قضی مالکی بذلک نفذ) لانه مجتهد فیه

وهذا كله رد على ما فى البزازية قال العلامة والفتوى فى زماننا على قول مالك رحمه الله تعالى وعلى ما فى جامع الفصولين لو قضى قاض بانقضاء عدتها بعد مضى تسعة اشهر نفذ اھ لان المعتمد ان القاضى لا يصح قضاؤه بغير مذهبه خصوصًا قضاة زماننا (قوله لممتدة) بالتنوين ونصب طهرا على التمييز ط (قوله وفاعدة) بقصر وفا للضرورة وهو مبتدأ خبره قوله بتسعة اشهر والجملة دليل جواب الشرط الذى هو ان مالكى يقدر (يعنى ان حكم القاضى المالكى بتقدير التسعة اشهر لممتدة الطهر كان هذا المقدار عدتها ومن بعده اى من بعد قضاء القاضى المالكى بهذا المقدار لا وجه لنقض القاضى الحنفى حكمه لانه نص مجتهد فيه نقضاؤه رفع الخلاف اھ ح وفى بعض النسخ ان مالكى يقرر بالراء لكن قد علمت ان المعتمد عند المالكية تقدير المدة بحول ونقله ايضًا فى البحر عن المجمع معزيًا لمالك رحمه الله تعالى (قوله هكذا يقال) يعنى ينبغى ان يقال مثل هذا القول الخالى من نقد واعتراض ينظر به عليه لا كما قال بعضهم من انه يفتى به للضرورة اھ ح قلت لكن هذا ظاهر اذا امكن قضاء مالكى به او تحكيمه اما فى بلاد لا يوجد فيها مالكى يحكم به فالضرورة متحققة وكان هذا وجه ما مر عن البزازية والفصولين فلا يرد قوله فى النهر انه لا داعى الى الافتاء بقول نعتقد انه خطأ يحتمل الصواب مع امكان الترافع الى مالكى يحكم به اھ تأمل ولهذا قال الزاهدى وقد كان بعض اصحابنا يفتون بقول مالك رحمه الله تعالى فى هذه المسألة للضرورة اھ ثم رأيت ما بحثته بعينه ذكره محشى مسكين عن السيد الحموى وسيأتى نظير هذه المسألة فى زوجة المفقود حيث قيل انه يفتى بقول مالك رحمه الله تعالى انها تعتد عدة الوفاة بعد مضى اربع سنين (رد المحتار ص ۶۵۳ ج ۲)

فقط والله تعالى اعلم

۲۵ رجب سنہ ۸۷ھ

نامرد سے خلوۃ صحیحہ کے بعد عدت اور مہر کامل واجب ہے:

سوال: شاکرہ کا نکاح زید سے ہوا، میاں بیوی دونوں ایک جگہ تنہائی میں جمع بھی ہوئے مگر زید کے نامرد ہونے کی وجہ سے مباشرت کی نوبت نہیں آئی، طلاق کے بعد شاکرہ پر عدت

ہو کہ نہیں؟ اور زید کے ذمہ مہر کی رقم کُل ہے یا کچھ کم؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

زید پر کُل مہر واجب ہے اور طلاق کے بعد شاکرہ پر عدت واجب ہوگی، قال فی التنویر والخلوۃ بلا مانع (الی قولہ) کالوطء ولو مجبوبا او عنینا او خصیا فی ثبوت النسب وتأکد المھر والنفقۃ والسکنی والعدۃ الخ (رد المحتار ص ۳۷۰ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرہ ذی الحجہ سنہ ۹۲ھ

عورت اپنے رہائشی مکان میں عدت گذارے:

سوال: زید اپنے گھر سے دوسرے شہر میں بغرض کاروبار مع اہل وعیال کے کرایہ کے عارضی مکان میں رہنے لگا، یہاں زید کا انتقال ہوگیا، تو عورت اپنے خاوند کے مکان پر دوسرے شہر میں جہاں سے زید آیا تھا وہاں جاکر عدت پوری کرے یا یہاں پر ہی خواہ اسی مکان میں یا یہاں سے دوسرے محلہ میں اپنے والدین یا رشتہ دار کے مکان میں عدتِ وفات پوری کرے، شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اسی عارضی مکان میں عدت گذارنا واجب ہے، قال فی العلائیۃ وتعتدان ای معتدۃ طلاق وموت فی بیت وجبت فیہ، وفی الشامیۃ ھو ما یضاف الیھما بالسکنی قبل الفرقۃ ولو غیر بیت الزوج (رد المحتار ص ۸۷۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۸ محرم سنہ ۹۳ھ

عدت میں سفر جائز نہیں:

سوال: ایک بزرگ جن کا حلقۂ متوسلین دور دراز پھیلا ہوا ہے ان کے دو حرم سرائے تھیں، ایک لاولد اور دوسری سے دو صاحبزادے ۹ اور ۵ سال کے، باقی صاحبزادیاں ہیں ہر دو اہلیہ مختلف شہروں میں سکونت پذیر ہیں، اب وہ بزرگ صاحب کی وفات کے بعد عدت اپنے اپنے گھروں میں بسر کر رہی ہیں، حضرت صاحب کے خدام نے مختلف امور؛ انتخابِ جانشین، انتظام وانصرامِ جائداد، پسماندگان کے بارے میں معاش کا بندوبست، اور اس قسم کے دوسرے مسائل طے کرنے کے لئے ایک اجتماع مقرر کیا ہے، جس کی اطلاع حلقۂ مریدین میں کردی گئی ہے، یہ اجتماع اسی شہر میں رکھا گیا ہے جہاں حضرت صاحب کی اولادِ والا

اہلیہ رہتی ہیں، اور حضرت صاحب کے مزار کے علاوہ ان کی زیر تعمیر مسجد اور جاری کردہ مدرسہ واقع ہیں، متوسلین کی خواہش ہے کہ بڑی اہلیہ صاحبہ بھی اس مقام پر تشریف لے آئیں، تاکہ زیر غور امور کے متعلق ان سے مشاورت کی جاسکے، ایسا نہ ہو کہ کسی امر کا اُن کی مرضی کے خلاف فیصلہ ہوجائے جس سے اُن کا نقصان ہو، یا بعد میں تنازعات کھڑے ہوجائیں، کیا ایسی صورت میں بڑی اہلیہ صاحبہ دوران عدت اس مقام پر جاسکتی ہیں یا نہیں؟ جبکہ وہ مقام کم و بیش سو میل دور ہے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

معتدۂ موت اپنے معاشی انتظام کے لئے دن میں اور رات کے کچھ حصہ میں اپنے گھر سے نکل سکتی ہے، رات کا اکثر حصہ اپنے مکان میں گذارنا واجب ہے، مگر اس کے لئے بقدر سفر شرعی = ۹۸٫۷۵ کلومیٹر مسافت طے کرنا جائز نہیں، مسافت سفر شرعی کی تحقیق میرے رسالہ "القول الاظہر فی تحقیق مسافۃ السفر" میں ہے، یہ رسالہ الگ بھی شائع ہوا ہے اور احسن الفتاویٰ جلد ۴ میں بھی، صورتِ سوال میں مقامِ فیصلہ تک سفرِ شرعی ہے، اس لئے وہاں جانا جائز نہیں، سفرِ شرعی سے کم فاصلہ پر اجتماع رکھیں تو وہاں جاسکتی ہیں، وہ بھی اس شرط سے کہ نہ جانے کی صورت میں ان کو مالی نقصان کا خطرہ ہو، اور کوئی ایسا قابلِ اعتماد شخص بھی موجود نہ ہو جو اجتماع میں اُن کی نمائندگی کرسکے، اس لئے خود جانے کی ضرورت ہو، اور دن میں جائیں رات کا اکثر حصہ اپنے گھر میں گذاریں، قال فی شرح التنویر ومعتدۃ موت تخرج فی الجدیدین وتبیت اکثر اللیل فی منزلہا لان نفقتہا علیہا فتحتاج للخروج حتی لو کان عندھا کفایتہا صارت کالمطلقۃ فلا یحل لہا الخروج فتح، وجوز فی القنیۃ خروجہا لاصلاح ما لا بد لہا منہ کزراعۃ ولا وکیل لہا (رد المحتار ص ۶۷۲ ج ۲) وفیہ اوکانت فی مصر او قریۃ تصلح للاقامۃ تعتد ثمۃ ان لم تجد محرما اتفاقا وکذا ان وجدت عند الامام رحمہ اللہ تعالیٰ (رد المحتار ص ۶۷۶ ج ۲) وفی الخانیۃ المعتدۃ لا تسافر لحج ولا لغیرہ ولا یسافر بہا زوجہا عندنا (الخانیۃ علی ہامش الہندیۃ ص ۵۵۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ / شوال سنہ ۹۳ھ

معتدۂ موت کو تنہائی سے سخت وحشت ہو تو مکان بدل سکتی ہے:

سوال: معتدۂ موت اپنے شوہر کے مکان میں عدت گذارنے سے معذور ہے، اکیلی ہے اور کوئی اس کے ساتھ نہیں رہ سکتا، آیا کسی اور مکان میں عدت گذار سکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر تنہائی کی وجہ سے جان یا عزت یا مال پر خطرہ ہو یا اکیلی ہونے کی وجہ سے سخت وحشت ہوتی ہو تو دوسرے کسی قریبی مکان میں عدت گذار سکتی ہے، قال فی شرح التنویر وتعتدان ای معتدة طلاق وموت فیہ ولا یخرجان منہ الا ان تخرج او ینہدم المنزل او تخاف انہدامہ او تلف مالہا او لا تجد کراء البیت ونحو ذلک من الضرورات فتخرج لاقرب موضع الیہ وفی الطلاق الی حیث شاء الزوج، وفی الشامیة (قولہ ونحو ذلک) منہ ما فی الظہیریة لو خافت باللیل من امر المیت والموت ولا احد معہا لہا التحول والخوف شدید او الا فلا (رد المحتار ص ۶۷۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳؍ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۴ھ

معتدہ کا علاج کے لئے نکلنا:

سوال: معتدہ کے لئے ڈاکٹر کے پاس جا کر دوا لانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر ڈاکٹر کو گھر پر نہ بلایا جا سکتا ہو اور مرض شدید ہو تو ایسی مجبوری میں ڈاکٹر کے پاس جانا جائز ہے، قال فی شرح التنویر وتعتدان ای معتدة طلاق وموت فی بیت وجبت فیہ ولا یخرجان منہ الا ان تخرج او ینہدم المنزل او تخاف انہدامہ او تلف مالہا او لا تجد کراء البیت ونحو ذلک من الضرورات، وفی الشامیة (قولہ ونحو ذلک) منہ ما فی الظہیریة لو خافت باللیل من امر المیت والموت ولا احد معہا لہا التحول والخوف شدید او الا فلا (رد المحتار ص ۶۷۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۱؍ ذی الحجہ سنہ ۹۴ھ

متعدد مکانوں کے مشترک صحن میں جانا:

سوال: ایک جگہ دس بارہ مکان ملے ہوتے ہیں، پھر ان سب کے لئے نکلنے کا ایک بڑا دروازہ ہے، یعنی مکانات سے الگ سب کا ایک دروازہ ہے، اس محلہ کی قلعہ نما شکل ہے، اگر ان میں سے کسی مکان میں موت ہو جائے تو کیا عدت والی عورت دوسرے مکان میں اور باہر مشترک صحن میں جا سکتی ہے؟

بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

دوسرے مکان میں اور مشترک صحن میں جانا جائز نہیں، البتہ یہ سب مکان اسی عورت کے شوہر کی ملک ہوں تو ان میں سے جس مکان میں چاہے جا سکتی ہے، اور صحن میں جانا بھی جائز ہے، قال فی التنویر ولا تخرج معتدۃ رجعی وبائن لو حرۃ مکلفۃ من بیتہا اصلاً، وفی الشرح لا لیلاً ولا نہاراً ولا الی صحن دار فیہا منازل لغیرہ ولو باذنہ لانہ حق اللہ تعالیٰ، وفی الشامیۃ (قولہ وفیہا منازل لغیرہ) ای غیر الزوج بخلاف ما اذا کانت لہ فان لہا ان تخرج الیہا وتبیت فی ای منزل شاءت لانہا تضاف الیہا بالسکنی زیلعی (رد المحتار ص ۶۲۳ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۵ھ

عدت میں بضرورت کنگھی کرنا جائز ہے:

سوال: معتدہ کے سر میں جوئیں پڑ جائیں تو بالوں میں تیل لگا کر باریک دندانوں کی کنگھی کے سوا جوئیں نہیں نکلیں گی، شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

ایسی ضرورت کے موقع میں معتدہ کو بالوں میں تیل لگا کر باریک دندانے کی کنگھی استعمال کرنا جائز ہے، بلا ضرورت کشادہ دندانوں والی کنگھی بھی جائز نہیں، قال فی شرح التنویر تحد (الی قولہ) بترک الزینۃ بحلی او حریر او امتشاط بضیق الاسنان (الی قولہ) الا بعذر راجع للجمیع اذ الضرورات تبیح المحظورات، وفی الشامیۃ (قولہ ضیق الاسنان) فلہا الامتشاط باسنان المشط الواسعۃ ذکرہ فی المبسوط وبحث فیہ فی الفتح لکن یأتی عن الجوہرۃ تقییدہ بالعذر ثم قال تحت (قولہ راجع للجمیع) او تشتکی رأسہا فتدھن وتمشط بالاسنان الغلیظۃ المتباعدۃ من غیر ارادۃ الزینۃ لان ھذا تداو لا زینۃ (رد المحتار ص ۶۷۰ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷ ر رمضان سنہ ۹۵ھ

نکاح باطل میں عدت نہیں:

سوال: مسماۃ حسنیٰ کی شادی نور بشر سے ہوئی، اس سے ایک لڑکا پیدا ہوا، ایک سال کے بعد نور بشر معاشی ضرورت کے پیش نظر پردیس چلا گیا، اور گھر والوں کو خط و کتابت سے

سے محروم رکھا، حُسنیٰ ساس سُسر کے پاس رہ کر زندگی کے دن کاٹ رہی تھی، کہ لڑکا مرض نہانا میں مبتلا ہو گیا، (نہانا بچوں کی مخصوص بیماری کا نام ہے) واضح ہو کہ حسنیٰ کے والدین، بہن بھائی یا دیگر خاص رشتہ دار کوئی بھی نہیں، صرف ایک پھوپھی ہے، لڑکے کے علاج کی غرض سے حسنیٰ پھوپھی کے پاس گئی، ہفتہ عشرہ رہی، پھوپھی نے دباؤ ڈالا کہ تمہارا خاوند سال بھر سے غائب ہے اور ساس سُسر کے پاس کب تک زندگی گنواتی رہوگی؟ مناسب ہے کہ میرے لڑکے سے عقد کرلو، دباؤ سے جب کام نہیں چلا تو تشدد سے کام لیا، اور دیگر حربے استعمال کئے، بالآخر اپنے لڑکے سے حُسنیٰ کا عقد کرا دیا، چند روز بعد نور بشر کا خط آیا، پھر چند مہینے کے بعد وہ خود بھی آگیا، تو حُسنیٰ اپنی مرضی سے بچہ کو لے کر نور بشر کے ہاں آگئی، پس از روئے شرع حُسنیٰ نور بشر کی بیوی ٹھہرے گی یا نہیں؟ اور نور بشر کے لئے کیا لازم ہوگا؟ نور بشر کے سفر کی مدت تقریباً ۲ سال ہوگی، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

حُسنیٰ کا نکاح نور بشر سے بدستور قائم ہے، دوسرا نکاح باطل ہے، لہٰذا حُسنیٰ پر عدت واجب نہیں، اور اگر دوسرے نکاح سے کوئی بچہ پیدا ہو تو وہ بھی پہلے شوہر کا شمار ہوگا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ صفر سنہ ۹۸ھ

بحالتِ عدت ہسپتال میں رہنا:

ہندہ نے ڈاکٹر سے پیٹ کا آپریشن کرایا، جبکہ آپریشن اشد ضروری تھا، اب ہندہ کا شوہر مر گیا، ہندہ ہسپتال میں زیر علاج ہے، تو وہ عدتِ وفات کس طرح پوری کرے؟ اور کہاں پوری کرے؟ اور اگر ہندہ گھر آجائے اور زخموں میں پیپ پڑجائے تو ایسی حالت میں دورانِ عدت پھر ڈاکٹر کے پاس جا کر مرض بتانا اور دکھانا ہندہ کو جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

جب تک ہسپتال میں رہنا اشد ضروری ہو وہاں رہے، اس کے بعد شوہر کے مکان میں آجائے، پھر ہسپتال میں جا کر ڈاکٹر کو دکھلانے کی سخت ضرورت پیش آئے تو ایسی مجبوری میں ہسپتال جانا جائز ہے، قال فی العلائیۃ وتعتدان ای معتدۃ طلاق وموت فی بیت وجبت فیہ ولا یخرجان منہ الا ان تخرج او یتہدم المنزل او تخاف انہدامہ او تلف

مالہا اولا تجد کراء البیت ونحو ذلک من الضرورات، وفی الشامیۃ (قولہ ونحو ذلک) منہ ما فی الظہیریۃ لو خافت باللیل من امر المیت والموت ولا احد معہا لہا التحول والخوف شدید اولا فلا (رد المحتار ص ۶۷۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۷ ربیع الاول سنہ ۹۸ھ

صغیرہ کو عدت میں حیض آگیا:

سوال: ایک نابالغہ مطلقہ لڑکی کی عدت بالاشہر شروع ہوئی، مگر تین ماہ مکمل ہونے سے قبل اسے حیض آنا شروع ہو گیا، کیا اب یہ عدت بالاشہر مکمل کرے یا نئے سرے سے تین حیض پورے ہونے تک عدت رہے گی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

تیسرا مہینہ پورا ہونے سے خواہ ایک ہی منٹ پہلے حیض آگیا تو نئے سرے سے حیض سے عدت شمار کرے اور تین حیض پورے کرے، قال فی العلائیۃ والصغیرۃ لو حاضت بعد تمام الاشہر لا تستأنف الا اذا حاضت فی اثنائہا فتستأنف بالحیض، وفی الشامیۃ (قولہ فی اثنائہا) ای قبل تمامہا ولو بساعۃ ط (رد المحتار ص ۶۵۸ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرۃ ربیع الآخر سنہ ۹۸ھ

اثناء عدت میں حیض بند ہو گیا:

سوال: ایک مطلقہ عورت کی عدت بالحیض شروع ہوئی، مگر تین حیض مکمل ہونے سے پہلے اس کا دم حیض بند ہو گیا، اب یہ عورت عدت کیسے پوری کرے؟ اگر دو حیض آنے کے بعد حیض بند ہو گیا تو کیا اب صرف ایک مہینہ گذر جانے سے اس کی عدت ختم ہو جائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر یہ عورت سن ایاس کو پہنچ چکی ہے تو نئے سرے سے عدت بالاشہر پوری کرے، مگر چونکہ انقطاع حیض کے بعد چھ ماہ گذرنے کے بعد حکم ایاس ہوتا ہے، اس لئے چھ ماہ کے بعد مزید تین ماہ عدت کے ہوں گے، اگر سن ایاس کو نہیں پہنچی تو تیسرے حیض کا انتظار کرے، سن ایاس پچپن سال ہے، بشرطیکہ انقطاع دم کے بعد چھ ماہ گذر جائیں، یعنی حکم ایاس کے لئے دو شرطیں ہیں، ایک پچپن سال کی عمر ہونا، اور دوسری انقطاع حیض پر چھ ماہ گذرنا، یہ چھ ماہ پچپن سال

کے بعد گذرنا ضروری نہیں بلکہ اگر پچپن سال کی عمر سے قبل انقطاعِ حیض پر چھ ماہ گذر گئے تو پچپن سال کی عمر ہونے پر حکم ایاس لگایا جائے گا، قال فی شرح التنویر والصغیرۃ لو حاضت بعد تمام الاشہر لا تستأنف الا اذا حاضت فی اثنائہا فتستأنف بالحیض کما تستأنف العدۃ بالشہور من حاضت حیضۃ او ثنتین ثم ایست تحرزاً عن الجمع بین الاصل والبدل والایاس ستہ للرومیۃ وغیرہا خمس وخمسون عند الجمہور وعلیہ الفتوٰی، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (تتمۃ) ذکر فی الحقائق شرح المنظومۃ النسفیۃ فی باب الامام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ ما نصہ وعندنا ما لم تبلغ حد الایاس لا تعتد بالاشہر وحدہ خمس وخمسون سنۃ ہو المختار لکنہ یشترط للحکم بالایاس فی ہذہ المدۃ ان ینقطع الدم عنہا مدۃ طویلۃ وہی ستۃ اشہر فی الاصح ثم ہل یشترط ان یکون انقطاع ستۃ اشہر بعد مدۃ الایاس الاصح انہ لیس بشرط حتی لو کان منقطعاً قبل مدۃ الایاس ثم تمت مدۃ الایاس وطلقہا زوجہا یحکم بایاسہا وتعتد بثلاثۃ اشہر ہذا ہو المنصوص فی الشفاء فی الحیض وہذہ دقیقۃ تحفظ اھ ونقل ہذہ العبارۃ واقرہا الشہاب احمد بن یونس الشلبی فی شرحہ علی الکنز عن خط العلامۃ باکبر شارح الکنز غیر معزیۃ لاحد ونقلہا عن السید الحموی (رد المحتار ص ۶۵۹ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرۃ ربیع الآخر سنہ ۹۸ھ

بعد البلوغ حیض نہ آئے تو عدت تین ماہ ہے:

سوال: ایک عورت کو سن بلوغ سے لے کر تا وقتِ طلاق حیض نہیں آیا، بوقتِ طلاق تقریباً چالیس سال عمر ہے، اب یہ عورت عدت کیسے گذارے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس کی عدت تین ماہ ہے، قال فی التنویر والعدۃ فی من لم تحض لصغر او کبر او بلغت بالسن ولم تحض ثلاثۃ اشہر، وفی الشامیۃ (قولہ او بلغت بالسن) ای خمس عشرۃ سنۃ ط عن العنایۃ ومثلہا لو بلغت بالانزال قبل ہذہ المدۃ وقولہ ولم تحض شامل لما اذا لم تر دما اصلا او رأت وانقطع قبل التمام، قال فی البحر عن التاترخانیۃ بلغت فرأت یوماً دماً ثم انقطع حتی مضت سنۃ ثم طلقہا

نعد تها بالاشهر اھ (رد المحتار ص ۶۵۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ ربیع الآخر سنہ ۹۸ ھ

کسی سے ذہنی اذیت کی وجہ سے مکان بدلنا جائز نہیں:

سوال: شوہر کے مرجانے کے بعد بیوہ عورت جو کہ حاملہ ہے سسرال میں اپنے کو غیر محفوظ جانتی ہے اور اس کے ساتھ دشنام طرازی وایذاء رسانی ہوتی ہے، تو کیا وہ اپنے والدین کے ہاں جاکر عدت کے بقیہ دن پورے کرسکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

سسرال وغیرہ کی طرف سے اس قسم کی اذیت کی بناء پر عدت ختم ہونے سے قبل شوہر کے مکان سے نکلنا جائز نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۹ ھ

خلوتِ فاسدہ میں عدت واجب ہے:

سوال: اگر کسی نے خلوتِ فاسدہ کے بعد طلاق دیدی تو بیوی پر عدت واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

عدت واجب ہے، کما فی عدۃ العلائیۃ ان وطئت ولو حکما کالخلوۃ ولو فاسدۃ (رد المحتار ص ۶۵۴ ج ۲) وفی المھر منہا وتجب العدۃ فی الکل ای کل انواع الخلوۃ ولو فاسدۃ، وفی الشامیۃ ھذا فی النکاح الصحیح اما النکاح الفاسد لا تجب العدۃ فی الخلوۃ فیہ بل بحقیقۃ الدخول فتح (رد المحتار ص ۳۷۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۹ ھ

عدت میں پان کھانا:

سوال: عدت کے اندر عورت پان کھاسکتی ہے یا نہیں؟ جبکہ پان کھانے کی عادی ہو، بغیر کھائے مشکل سے رہا جائے، خواہ عدت طلاق کی ہو یا موت کی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

طلاق رجعی کی عدت میں جائز ہے، طلاق بائن اور موت کی عدت میں جائز نہیں، البتہ

بدون کتھہ والائچی ولونگ وغیرہ کے کھا سکتی ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ رجمادی الآخرۃ سنہ ۱۴۰۰ھ

بائنہ شوہر کے ساتھ عدت کیسے گذارے ؟ :

سوال : اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک ہی مرتبہ میں تین طلاق دیدیتا ہو یا طلاق بائن دیتا ہے تو ایسی صورت میں عورت کو اپنے خاوند کا مکان اُسی وقت چھوڑ کر کسی دوسری جگہ چلی جانا ضروری ہے یا اسی مکان میں رہ کر عدت کے دن گزارنا ضروری ہے ؟
سُنا ہے کہ قرآن پاک کا حکم ہے کہ مطلقہ عورت کو اسی مکان میں عدت کے دن گذارنا ضروری ہے، مگر ایسی صورت میں جبکہ اس گھر میں مذکورہ دونوں میاں بیوی ہی رہتے تھے، اور بعد طلاق کے بھی یہ دونوں ہی مکان میں رہیں گے، تو کیا یہ دونوں اکیلے گھر میں رہ سکتے ہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

عورت اسی مکان میں عدت گذارے مگر میاں بیوی کے درمیان کوئی حائل یعنی پردہ وغیرہ کرنا ضروری ہے، تاکہ خلوت میں دونوں کا اجتماع نہ ہو، اگر ایک مکان میں رہنے سے گناہ میں ابتلاء کا اندیشہ ہو تو کوئی ایسی عورت ساتھ رہے جو دونوں کو الگ رکھنے پر قادر ہو اگر ایسا نہ ہو سکے تو شوہر پر واجب ہو کہ عدت ختم ہونے تک اُس مکان کو چھوڑ دے، کسی دوسرے مکان میں رہے اگر اس کو اس پر مجبور نہ کیا جا سکتا ہو تو بیوی یہ مکان چھوڑ کر کسی دوسرے مکان میں عدت گذارے، قال فی شرح التنویر ولا بد من سترۃ بینھما فی البائن لئلا یختلی بالاجنبیۃ ومفادہ ان الحائل یمنع الخلوۃ المحرمۃ وان ضاق المنزل علیھما او کان الزوج فاسقا فخروجہ اولی لان مکثھا واجب لا مکثہ ومفادہ وجوب الحکم بہ ذکرہ الکمال وحسن ان یجعل القاضی بینھما امرأۃ ثقۃ ترزق من بیت المال بحر عن تلخیص الجامع قادرۃ علی الحیلولۃ بینھما وفی المجتبیٰ الافضل الحیلولۃ بستر ولو فاسقا فبامرأۃ، وفی الشامیۃ (قولہ ومفادہ) ای مفاد التعلیل بوجوب مکثھا وجوب الحکم بہ ای بخروجہ عنھا وقولھم وخروجہ اولی لعل المراد انہ ارجح کما یقال اذا تعارض محرم ومبیح فالمحرم اولی او ارجح فانہ یراد الوجوب فتح (قولہ وفی المجتبی الخ) حیث قال والافضل ان یحال بینھما فی البیتوتۃ بستر الا ان یکون فاسقا فیحال بامرأۃ ثقۃ وان تعذر فلتخرج ھی وخروجہ اولی اھ ملخصا وفیہ مخالفۃ لما مر فان السترۃ لا بد منھا کما عبر

المصنف تبعا للهداية وهو الظاهر لحرمة الخلوة بالاجنبية (رد المحتار ص۹۵ ج ۲)
فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ رجب سنہ ۱۴۰۰ھ

عدت میں مہینے شمار ہوں گے یا دن؟

سوال: عدة الموت دنوں سے شمار ہوگی یا مہینوں سے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر شوہر قمری مہینہ کی پہلی تاریخ میں فوت ہوا ہے تو مہینوں سے شمار ہوگی ورنہ دنوں کے حساب سے ایک سو تیس دن شمار ہوگی، قال فی الھندیة ولو طلق امرأته وقت العصر من اول یوم من الشھر وھی ممن تعتد بالاشھر تعتبر عدتھا بالاھلة ومضی بعض الیوم لا یوجب تکملة بالایام بخلاف الیوم الثانی والثالث کذا فی الفتاوی الصغری (عالمگیریة ص ۵۲۷ ج ۱) وفی العلائیة (ثلاثة اشھر) بالاھلة لو فی الغرة والا فبالایام بحر وغیرہ وفی الشامیة (قولہ والا فبالایام) فی المحیط اذا اتفق عدة الطلاق والموت فی غرة الشھر اعتبرت الشھور بالاھلة وان نقصت عن العدد وان اتفق فی وسط الشھر فعند الامام یعتبر بالایام فتعتد فی الطلاق بتسعین یوما وفی الوفاة بمائة وثلاثین وعندھما یکمل الاول من الاخیر وما بینھما بالاھلة (رد المحتار ص۵۰۹ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳ صفر سنہ ۹۸ھ

بوجہ اختلاف بیوی میکہ چلی گئی تو عدت کہاں گذارے؟

سوال: زینب اپنے خاوند سے جھگڑا کرکے اپنے والد کے مکان پر چلی گئی، عرصہ ڈیڑھ سال کا ہوگیا مگر زینب کا والد اپنے داماد کے ہمراہ زینب کو روانہ نہیں کرتا، اگر زینب کا شوہر طلاق دیدے یا اس کا انتقال ہوجائے تو عدت خاوند کے مکان پر گذارنا واجب ہے یا اپنے والد کے مکان پر؟ اگر والد کے مکان پر عدت گذارنا واجب ہے تو طلاق کی عدت کا نفقہ شوہر پر واجب ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس بارہ میں کوئی صریح جزئیہ نظر سے نہیں گذرا، قاعدہ یہ ہے کہ بوقت موت یا طلاق

جس مکان میں بیوی کی مستقل سکونت ہو اسی میں عدت گزارنا واجب ہے، اگر میکہ وغیرہ میں کہیں ملنے گئی اور اس حال میں عدت واجب ہوگئی تو وہاں سے واپس آکر اپنے مکان میں عدت گذارے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر بیوی کا میکہ میں قیام عارضی تھا یعنی حالات درست ہونے پر شوہر کے پاس آنے کا ارادہ تھا تو عدت شوہر کے مکان میں گذارے، اور اگر اس کا شوہر کے پاس نہ جانے کا قطعی فیصلہ تھا تو میکہ ہی میں عدت گذارے، اس صورت میں عدتِ طلاق کا نفقہ شوہر پر واجب نہیں، اس لئے کہ بیوی نے طلاق سے پہلے نشوز کرکے خود ہی نفقہ ساقط کر دیا ہے اور طلاق کے بعد اس نشوز کو مرتفع کرنا ممکن نہیں، اس لئے کہ شوہر کے مکان کی طرف انتقال جائز نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۴ محرم سنہ ۸۷ھ

رخصتی سے پہلے شوہر مرگیا تو عدت میکہ میں گذارے:

سوال: بکر کا نکاح ہندہ سے ہوا، بکر نے عرصہ دس سال سے نہ جماع کیا نہ تنہائی ہوئی، یعنی خلوتِ صحیحہ نہیں ہوئی، اب بکر کی وفات کے بعد عدت پوری کرنا واجب ہے یا نہیں؟ عورت اپنے باپ کے گھر ہے، اگر عدت واجب ہے تو کہاں گذارے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

عدت چار ماہ دس دن واجب ہے، چونکہ شوہر کی موت کے وقت بیوی کی سکونت اپنے والد کے پاس تھی اس لئے عدت وہیں گذارے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ ذی قعدہ سنہ ۹۴ھ

عدتِ موت میں آخری دن کا حساب:

سوال: ہندہ کا خاوند دن کے دس بجے فوت ہوا، تو اب اس کی عدت جب چار ماہ دس دن پورے ہوں گے تو دن کے دس بجے عدت پوری ہوگی یا شام تک عدت پوری ہوگی؟ کیا آخری دن پورا لگے گا؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

دن کے دس بجے عدت پوری ہو جائے گی، اگر قمری ماہ کی پہلی تاریخ میں انتقال ہوا تو چار ماہ چاند کے حساب سے لئے جائیں گے ورنہ ایک سو تیس ۱۳۰ دن کی تکمیل ضروری ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۹ شوال سنہ ۱۴۰۲ھ

مسخ شدہ کی بیوی کی عدت:

سوال: عابد اپنی بیوی رابعہ کے ہمراہ سفر کر رہا تھا یا گھر میں تھا کہ اچانک عابد کی شکل بدل گئی، یعنی مسخ ہو گئی، تو کیا اس کی بیوی رابعہ کو طلاق کی عدت پوری کرنا ہو گی یا وفات کی عدت پوری کرنا ہو گی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر کسی انسان کی صورت اس طرح مسخ ہو گئی کہ بالکل غیر جنس میں تبدیل ہو گئی تو اس کا نکاح ٹوٹ گیا، اس لئے اس کی بیوی پر عدتِ طلاق واجب ہو گی، کما لو ارتد والعیاذ باللہ۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ محرم ۱۴۰۳ھ

نکاح فاسد کے بعد شوہر مر گیا تو عدت تین حیض ہے:

سوال: بالغہ نے غیر کفو میں اپنی مرضی سے نکاح کر لیا تھا، جبکہ اس کے والدین اس نکاح سے سخت ناراض ہیں، اب ایک بچہ بھی ہندہ کے ہوا، اب ہندہ کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہے، تو ہندہ کو عدتِ وفات پوری کرنا واجب ہے یا نہیں؟ ایک عالمِ دین کہتا ہے کہ جو لڑکی بالغہ بغیر والدین کی مرضی کے غیر کفو میں نکاح کرے وہ نکاح ہی منعقد نہیں ہوتا، جب نکاح ہی نہیں ہوا تو عدت بھی واجب نہیں، اس عالمِ دین کا کہنا صحیح ہے یا نہیں؟ شرعاً کیا حکم ہے؟ اگر عدت واجب ہے تو عدت مہینہ کے اعتبار سے پوری ہو گی یا حیض کے؟ ایک حیض یا تین حیض؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ نکاح فاسد ہے، اس میں موتِ زوج کی صورت میں بھی طلاق والی عدت واجب ہے یعنی تین حیض، اور اگر حاملہ ہے تو وضعِ حمل، اگر کبرسنی کی وجہ سے حیض بند ہو گیا ہے تو تین مہینے، قال فی التنویر: عدۃ المنکوحۃ نکاحاً فاسداً او الموطوءۃ بشبہۃ وام الولد غیر الآیسۃ والحامل الحیض للموت وغیرہ، وفی الشرح غیر الآیسۃ والحامل فان عدتہما بالاشہر والوضع، للموت وغیرہ کفرقۃ او متارکۃ لان عدۃ ھؤلاء لتعرف براءۃ الرحم وھو بالحیض ولم یکتف بحیضۃ احتیاطاً۔ (رد المحتار ص ۲۷۵۹ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴ ذی الحجہ ۱۴۰۶ھ

عدت میں بلاضرورت تیل لگانا جائز نہیں:

سوال: عدت والی عورت کو سر میں سرسوں کا تیل لگانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بلاضرورت جائز نہیں، درد وغیرہ کی وجہ سے جائز ہے، قال فی التنویر تحد بترك الزينة والطيب والدهن (الى قوله) الا بعذر، وفی الشرح راجع للجميع اذ الضرورات تبيح المحظورات، وفی الحاشية او تشتكى رأسها فتدهن (الى قوله) من غير ارادة الزينة لان هذا تداو لا زينة جوهرة (رد المحتار ص ۶۷۰ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ شعبان سنہ ۹۵ھ

خلوة قبل البلوغ بھی موجب عدت ہے:

سوال: نابالغ لڑکے کا نکاح اس کے والد نے نابالغ لڑکی سے کیا، بلوغ سے پہلے دونوں کی آپس میں ملاقات بھی ہوتی رہی، لڑکے نے بالغ ہونے کے بعد طلاق دیدی، اس لڑکی پر عدت واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر نکاح کے بعد کبھی ایسی خلوت میں ان کی آپس میں ملاقات ہوئی ہو جہاں کسی دوسرے کے جانے کا اندیشہ نہ ہو تو لڑکی پر عدت واجب ہے، اگرچہ ایسی ملاقات بلوغ سے پہلے ہوئی ہو، لڑکی کو حیض آنا شروع ہو گیا ہے تو اس کی عدت تین حیض ہے ورنہ تین ماہ،

فی مهر العلائية وصغر ولو بزوج، وفی الشامية الباء للمصاحبة ای ولو كان الصغر مصاحب الزوج يعنی لا فرق بين ان يكون الزوج او الزوجة او كل منهما صغيرا اھ قال فی البحر وفی خلوة الصغير الذی لا يقدر على الجماع قولان وجزم قاضی خان بعدم الصحة فكان هو المعتمد ولذا قيد فی الذخيرة بالمراهق اھ وتجب العدة بخلوته وان كانت فاسدة لان تصريحهم بوجوبها بالخلوة الفاسدة شامل لخلوة الصبی كذا فی البحر من باب العدة (رد المحتار ص ۳۶۷ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴ محرم سنہ ۱۴۰۷ھ

فصل فی ثبوتِ النَّسَب

صغیر سے ثبوتِ نسب کی تحقیق :

سوال : صغیر کی عورت کو حمل ہو گیا یہ ثابت النسب ہوگا ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اگر صغیر کی عمر کم از کم بارہ برس کی ہے تو حمل ثابت النسب ہے ورنہ نہیں، قال فی شرح التنویر ولا نسب فی حالیه اذ لاماء للصبی نعم ینبغی ثبوته من المراهق احتیاطاً، وفی الشامیة (قوله اذ لاماء للصبی) ای فلا یتصور منه العلوق وانما ثبت نسب ولد المشرقی من مغربیة اقامة للعقد مقام العلوق لتصوره حقیقة بخلاف الصبی کما فی البحر (قوله نعم ینبغی الخ) عبارة الفتح ثم یجب کون ذلك الصبی غیر مراهق اما المراهق فیجب ان یثبت النسب منه الا اذا لم یمکن بان جاءت به لاقل من ستة اشهر من العقد اھ وایده فی البحر بقوله ولهذا صور المسألة الحاکم الشهید فی الکافی بما اذا کان رضیعاً اھ ولا یخفی ان مفهوم الروایة معتبر فافهم (رد المحتار باب العدة ج ۲ ص ۸۳۲)

وقال فی شرح التنویر وادنی مدته (ای البلوغ) له اثنتا عشرة سنة ولها تسع سنین فان راهقا بان بلغا هذا السن الخ (رد المحتار فصل فی بلوغ الغلام ج ۵ ص ۱۳۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔ ۱۵ / ذیقعدہ ۲۷ھ

ولد منکوحہ شوہر سے ثابت النسب ہے :

سوال : زید کا زینب نابالغہ سے نکاح ہوا تھا، بالغ ہونے کے بعد زینب کے والد نے رخصتی کر دی، اور زید نے صحبت بھی کی ہے، زینب کا والد کچھ دن بعد زینب کو زید کے مکان سے پھر لے آیا، کچھ نا اتفاقی کی وجہ سے چار پانچ سال تک زینب کو اس کے والد نے زید کے مکان پر روانہ نہیں کیا، زینب نے کسی سے زنا کر لیا، جس سے زینب کو

پانچ چھ ماہ کا حمل ہے، باپ کو معلوم ہوتے ہی اس نے داماد سے صلح کرکے اس کے مکان پہ روانہ کردیا، اب سوال یہ ہے کہ زید کو حالتِ حمل میں اپنی منکوحہ زینب سے وطء کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟ جبکہ حمل زید کا نہیں ہے، شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

زید کے لئے حالتِ حمل میں ہمبستری جائز ہے، منکوحہ عورت کا حمل شرعاً بہر کیف شوہر ہی کا ہوگا، اگرچہ حقیقۃً زنا سے ہوا ہے، مگر شرعاً یہ بچہ شوہر ہی کا کہلائے گا، بشرطیکہ وقتِ نکاح سے کم از کم چھ ماہ بعد پیدا ہوا ہو، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الولد للفراش وللعاهر الحجر، اس لئے یہ بچہ زید سے ثابت النسب ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۶ شوال سنہ ۸۶ھ

شوہر کا بچہ کے نسب سے انکار:

سوال: ایک شخص ولدِ منکوحہ کے ثبوتِ نسب سے انکار کرتا ہے، یوں کہتا ہے کہ یہ لڑکا میرے نطفہ سے نہیں ہے، یا اس کی منکوحہ ناشزہ ہوکر دوسری جگہ میں رہتی ہے، شوہر کے گھر نہیں آتی، اور وہاں پر بچے بھی جنتی رہتی ہے، اور شوہر ساکت ہے نہ تو ثبوتِ نسب کا اقرار کرتا ہے اور نہ انکار، ان دونوں صورتوں میں نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟ اور میراث ملے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بدون لعان ولدِ منکوحہ کے نسب سے انکار کا کوئی اعتبار نہیں، لہٰذا سوال میں مذکورہ دونوں صورتوں میں اولاد شوہر سے ثابت النسب ہے، اس لئے وارث بھی ہوگی، قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی تشریح قول الشارح ان الفراش علی اربع مراتب ضعیف[1] وهو فراش الامة لا یثبت النسب فیه الا بالدعوة، ومتوسط[2] وهو فراش ام الولد فانه یثبت فیه بلا دعوة لكنه ینتفی بالنفی، وقوی[3] وهو فراش المنكوحة ومعتدة الرجعی فانه لا ینتفی الا باللعان، واقوی[4] كفراش معتدة البائن فان الولد لا ینتفی فیه اصلا لان نفیه متوقف علی اللعان وشرط اللعان الزوجیة ح (رد المحتار ص ۶۸۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵ صفر سنہ ۸۷ھ

نکاح فاسد سے ثبوتِ نسب:

سوال: زید کے کافی عرصہ تک ایک عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات رہے، اور اسی عورت کی لڑکی سے زید نے شادی کرلی، جس سے تین بچے بھی پیدا ہوئے اور زندہ موجود ہیں، اب چند علماء سے یہ مسئلہ سنا کہ کسی عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات ہوں تو اس عورت کی لڑکی زید کے عقد میں جائز نہیں، اب زید سخت پریشان ہے اور اقرار بھی کرچکا ہے کہ جس عورت کی لڑکی میرے نکاح میں ہے اس کے ساتھ میرے کافی عرصہ تک ناجائز تعلقات رہے اب شریعت کی رُو سے میرا نکاح جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو میرے بچوں کا کیا ہوگا؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ نکاح فاسد ہے، زید پر فرض ہے کہ اس بیوی کو فوراً طلاق دیدے، اس نکاح سے جو بچے پیدا ہوئے وہ زید سے ثابت النسب ہیں، قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت قول الشارح (وعدة المنكوحة نكاحاً فاسداً) هي المنكوحة بغير شهود و نكاح امرأة الغير بلا علم بانها متزوجة ونكاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد عنده خلافا لهما فتح (رد المحتار ص ۶۵۹ ج ۲) وفی نسب العلائیة عن القهستانی وفاسد النكاح فی ذلك كصحيحه (رد المحتار ص ۶۷۷ ج ۲) وفی الشامية قبيل الحضانة (قوله لانه نكاح باطل) ای فالوطء فيه زنا لا يثبت به النسب بخلاف الفاسد فانه وطء بشبهة فيثبت به النسب ولذا تكون بالفاسد فراشا لا بالباطل رحمتی والله سبحانه اعلم (رد المحتار ص ۶۸۷ ج ۲)، ومن شاء التفصيل فليراجع رسالتی "القول الفاصل بین النكاح الفاسد والباطل"۔ فقط والله تعالیٰ اعلم،

غرة جمادی الاولیٰ سنہ ۹۲ھ

سوال مثل بالا:

سوال، دو بھائی ہیں رشید احمد و بشیر احمد، رشید احمد کی ایک بیوی ہے مسماۃ آمنہ، بشیر احمد کی دو بیویاں ہیں، ایک مسماۃ زینب دوسری عائشہ، رشید احمد کو اپنی بیوی مسماۃ آمنہ سے ایک لڑکا ہے جس کو بشیر احمد کی بیوی مسماۃ زینب نے دودھ پلایا ہے، اب رشید احمد کے لڑکے کا عقدِ نکاح بشیر احمد کی دوسری بیوی مسماۃ عائشہ کی لڑکی سے شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ عدمِ جواز کی صورت میں اگر یہ عقد لاعلمی کی وجہ سے ہوگیا ہو تو اس جماع سے جو بچے

پیدا ہوئے، ان کا کیا حکم ہے؟ اور بیوی کو ویسے ہی الگ کردے یا طلاق وغیرہ کی ضرورت ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

عائشہ کی لڑکی رشید احمد کے لڑکے کی رضاعی علّی بہن ہونے کی وجہ سے اس پر حرام ہے، اور نکاح بالمحارم فاسد ہے، کما حررت فی رسالتی "القول الفاصل بین النکاح الفاسد والباطل" اس لئے شوہر سے بچوں کا نسب ثابت ہے، میاں بیوی پر فرض ہے کہ فوراً علیحدہ ہوجائیں، شوہر زبان سے بھی کہدے کہ اس نے اس بیوی کو چھوڑ دیا، اس کے بعد یہ عورت عدت گذار کر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی تشریح قول الشارح "وعدة المنکوحة نکاحاً فاسداً" ھی المنکوحة بغیر شھود ونکاح امرأة الغیر بلا علم بانھا متزوجة ونکاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد عندہ خلافاً لھما فتح (رد المحتار ص ۶۵۹ ج ۲) وفی نسب العلائیة معزیا للقھستانی وفاسد النکاح فی ذلک کصحیحہ (رد المحتار ص ۶۷۷ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ رجمادی الآخرہ ۹۷ھ

نکاح سے چھ ماہ کے اندر ولادت سے نسب ثابت نہیں ہوتا:

سوال: ایک شخص نے ایک عورت سے ناجائز تعلقات کئے اور حمل کی علامت محسوس ہونے پر حسب دستور ورواجِ حکومت وشرع ان دونوں میں شادی ہوئی جس پر بعبارت عالمگیریہ "وفی مجموع النوازل اذا تزوج امرأة قد زنی ھو بھا وظھر بھا حبل فالنکاح جائز عند الکل ولہ ان یطأھا عند الکل وتستحق النفقة عند الکل کذا فی الذخیرة"، مقامی علماء نے جوازِ نکاح اور جوازِ وطء کا حکم دیدیا، اب تقریباً پونے پانچ ماہ پر بچہ تولد ہوا، علماء کرام سے دریافت طلب ہے کہ یہ نکاح اور مقامی علماء کا حکم حسبِ شرع صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

نکاح صحیح ہے، مگر یہ بچہ ثابت النسب نہیں ہے، ولد الزنا شمار ہوگا، اس لئے وراثت کا حقدار نہ ہوگا، قال فی شرح التنویر اکثر مدة الحمل سنتان لخبر عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنھا، کما مر فی الرضاع وعند الائمة الثلاثة رحمھم اللہ تعالیٰ اربع سنین واقلھا ستة اشھر

اجماعاً (رد المحتار ص ۲۷۶ ج ۲) ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

۲۴ ر رجب ۹۳ھ

نکاح سے چھ ماہ بعد کا بچہ ثابت النسب ہے:

سوال: کوئی آدمی اپنی بیوی سے نکاح سے قبل ہی ملنا شروع کر دیتا ہے، اور اس بیوی کو پہلے ہی سے حمل ٹھہر جاتا ہے، پھر نکاح کے بعد نو مہینے پورے ہونے سے پہلے ہی بچی پیدا ہوئی، اس بچی کا کیا حکم ہے؟ حرام کی ہے یا حلال کی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر وقتِ نکاح سے چھ ماہ پورے ہونے کے بعد بچی پیدا ہوئی تو یہ شوہر سے ثابت النسب ہے، اس کو حرامی کہنا جائز نہیں، البتہ نکاح پر چھ ماہ گذرنے سے پہلے پیدا ہوئی تو ولد الزنا ہوگی، شوہر سے نسب ثابت نہ ہوگا، قال العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ اکثر مدۃ الحمل سنتان لخبر عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کما مر فی الرضاع وعند الائمۃ الثلاثۃ رحمھم اللہ تعالیٰ اربع سنین واقلھا ستۃ اشھر اجماعاً (رد المحتار ص ۲۷۶ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ر ربیع الآخر ۱۴۰۰ھ

بابُ الحضَانة

والدہ فاجرہ وابن العم کو حقِ حضانت نہیں:

سوال: ایک لڑکی کی عمر نو برس سے کچھ زیادہ ہے، اس کی والدہ فاجرہ ہے، اس کے پاس لڑکی کے رہنے سے اس پر بھی فجور کا اندیشہ ہے، تو کیا لڑکی کا ابن العم اس امر کا شرعاً مختار ہے کہ اس کو اپنی تحویل میں رکھے؟ بینوا بحوالۃ الکتاب، توجروا عند اللہ الوهاب۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

ابن العم کو لڑکی کی حضانت کا حق نہیں، کما فی الشامیة تحت (قوله ثم العم ثم بنوه) واما اولاده (ای العم) فیدفع الیهم الغلام لا الصغیرة لانهم غیر محارم وایضاً فیها (قوله وابن عم لمشتهاة الخ) اما اذا کانت لا تشتهی کبنت سنة مثلاً فلا منع لانه لا فتنة وکذا اذا کانت تشتهی وکان مأمونا بحرجثا وایده بما فی التحفة وان لم یکن للجاریة غیر ابن العم فالاختیار للقاضی ان رأه اصلح ضمها الیه والا توضع علی ید امینة اھ قلت ما فی التحفة علله فی شرحها البدائع بقوله لان الولایة فی هذه الحالة الیه فیراعی الاصلح اھ وهو ظاهر فی انه لاحق لابن العم فی الجاریة مطلقاً وان للقاضی دفعها للاجنبیة ولو مأمونا حیث رأی المصلحة فی ذلك ولو کان الحق له لم یکن للقاضی الاختیار وقد رد الرملی ما بحثه فی البحر بنحو ما قلنا و بتعلیلهم بان ابن العم غیر محرم وانه لاحق لغیر المحرم قال ولعل وجهه انه لو ثبت له حضانتها کانت عنده الی ان تشتهی فتقع الفتنة فحسم من اصله (رد المحتار ج ۲)

اور والدہ فاجرہ کو بھی حقِ حضانت نہیں، قال فی التنویر فی باب الحضانة تثبت للام ولو بعد الفرقة الا ان تکون مرتدة او فاجرة، وفی الشامیة (قوله مالم یعقل ذلك) ای مالم یعقل الولد حالها وحینئذ یجب تقیید الفجور بان لا یلزم منه ضیاع الولد

کما لایخفی وفی النھر مالم تفعل ذلک وفسرہ بقولہ ای مالم یثبت فعلہ عنھا وھو صحیح ایضًا اھ ح، وفیہ ان قول القنیۃ معروفۃ بالفجور یقتضی فعلھا لہ فالمناسب الاول وتکون الفاجرۃ بمنزلۃ الکتابیۃ فان الولد یبقی عندھا الی ان یعقل الادیان کما سیأتی خوفا علیہ من تعلمہ منھا ما تفعلہ فکذا الفاجرۃ وقد جزم الرملی بان ما فی النھر تصحیف والحاصل ان الحاضنۃ ان کانت فاسقۃ فسقا یلزم منہ ضیاع الولد عندھا سقط حقھا والا فھی احق بہ الی ان یعقل فینزع منھا کالکتابیۃ (رد المحتار ج ۲)

لڑکی کی عمر جب نو برس کی ہو چکی ہے تو اس وقت ویسے ہی اس کی مدتِ حضانت ختم ہو گئی، خواہ والدہ فاجرہ ہو یا نہ ہو، لہٰذا اہلِ صلاح جس شخص کو اصلح سمجھیں اسی کی تحویل میں لڑکی دیدیں، قال فی شرح التنویر والام والجدۃ لام او لاب احق بھا حتی تحیض ای تبلغ فی ظاھر الروایۃ (الی قولہ) وغیرھما احق بھا حتی تشتھی وقدر بتسع وبہ یفتی وبنت احدی عشرۃ مشتھاۃ اتفاقا زیلعی، وعن محمد رحمہ اللہ تعالیٰ ان الحکم فی الام والجدۃ کذلک وبہ یفتی لکثرۃ الفساد زیلعی، وفی الشامیۃ (قولہ مشتھاۃ اتفاقا) فی محرمات المنح بنت تسع فصاعدا مشتھاۃ اتفاقا سائحانی (قولہ کذلک) ای فی کونھا احق بھا حتی تشتھی (قولہ وبہ یفتی) قال فی البحر بعد نقل تصحیحہ والحاصل ان الفتویٰ علی خلاف ظاھر الروایۃ (رد المحتار ج ۲) وایضًا فیھا تحت (قولہ ولو جبرا) وفی الخلاصۃ وغیرھا واذا استغنی الغلام وبلغت الجاریۃ فالعصبۃ اولیٰ یقدم الاقرب فالاقرب ولا حق لابن العم فی حضانۃ الجاریۃ اھ قلت بقی ما اذا انتھت الحضانۃ ولم یوجد لہ عصبۃ ولا وصی فالظاھر انہ یترک عند الحاضنۃ الا ان یری القاضی غیرھا اولی لہ واللہ اعلم (رد المحتار ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۷۳ھ

تفصیل حقِ حضانت:

سوال: میاں بیوی میں جُدائی ہو گئی اور ان کی دو چھوٹی بچیاں ہیں، مطلقہ نے غیر خاندان میں نکاح کر لیا، اس صورت میں ان دونوں بچیوں کی پرورش کا حق کس کو ہے؟ حق پرورش والے رشتوں کی تفصیل و ترتیب تحریر فرما کر ممنون فرمائیں،

بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

ماں نے دوسری جگہ اولاد کے کسی غیر ذی رحم محرم سے شادی کرلی تو اس کا حقِ پرورش ساقط ہو جاتا ہے اور مندرجہ ذیل لوگوں کو بالترتیب حقِ پرورش ہوگا، نانی اگرچہ بہت بعید ہو، یعنی پرنانی وغیرہ، پھر دادی، پردادی وغیرہ، اوپر تک، پھر بہن عینی، پھر خیفی، پھر علّی، پھر عینی بھانجی، پھر خیفی بھانجی، پھر خالہ عینی، پھر خیفی، پھر نانا کی ماں، پھر علّی بھانجی، پھر عینی بھتیجی، پھر خیفی بھتیجی، پھر علّی بھتیجی، پھر پھوپھی عینی، پھر خیفی، پھر علّی، پھر ماں کی خالہ، اسی ترتیب سے یعنی پہلے عینی، پھر خیفی، پھر علّی، پھر باپ کی خالہ اسی ترتیب سے، پھر ماں کی پھوپھی اسی ترتیب سے، پھر باپ کی پھوپھی اسی ترتیب سے، پھر عصبات بترتیب ارث، یعنی باپ، پھر دادا، پردادا، اوپر تک، پھر بھائی عینی، پھر علّی، پھر بھتیجہ عینی، پھر علّی، پھر چچا عینی، پھر علّی، پھر عینی چچا کا بیٹا، پھر علّی چچا کا بیٹا، عینی وعلّی چچا کے بیٹے کو صرف لڑکے کی پرورش کا حق ہے، لڑکی کی پرورش کا حق نہیں، پھر ذوی الارحام محارم یعنی نانا، پرنانا، اوپر تک، پھر خیفی بھائی، پھر اس کا بیٹا، پھر خیفی چچا، پھر عینی ماموں، پھر علّی، پھر خیفی،

عینی وعلّی چچا کی بیٹی اور پھوپھی، ماموں، خالہ، خیفی چچا کی اولاد مذکر ومؤنث کو حقِ حضانت نہیں ہے،

اگر مساوی درجہ کے کئی حقدار ہوں تو ان میں سے جس میں بچہ کی پرورش کی زیادہ صلاحیت ہو وہ مقدم ہے، پھر جو زیادہ متقی ہو، پھر جو عمر میں زیادہ ہو،

حقِ حضانت لڑکے کے لئے سات سال اور لڑکی کے لئے نو سال ہے،

وجوہِ ذیل سے حقِ حضانت ساقط ہو جاتا ہے:۔

(۱) بچہ کے غیر ذی رحم محرم سے نکاح کرلے،

(۲) بچہ کی پرورش پر اُجرت طلب کرے، جبکہ بچہ کے ذی رحم محارم میں سے کوئی دوسری عورت بلا اجرت پرورش پر راضی ہو،

(۳) کسب وغیرہ کی وجہ سے بکثرت باہر نکلتی ہو، جس سے بچہ کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو،

(۴) ایسے فسق وفجور میں مبتلا ہو کہ اس سے بچہ کے ضیاع کا خطرہ ہو،

(۵) اگر فاسقہ کے پاس بچہ کے ضیاع کا خطرہ نہ ہو تو اس کے پاس اتنی عمر تک چھوڑا جائے گا جس میں بُرے اخلاق سے متاثر ہونے کا اندیشہ نہ ہو،

⑥ کافرہ کے پاس اتنی عمر تک چھوڑا جائے گا جس میں اس کے دین سے متأثر ہونے کا خطرہ نہ ہو،

⑦ مرتدہ، یعنی خدانخواستہ کوئی مسلمان عورت شیعہ یا قادیانی ہو جائے یا کوئی دوسرا مذہب اختیار کر لے یا کوئی ایسا کلام یا کام کرے جس سے اسلام جاتا رہے تو اس کا حکم یہ ہو کہ جب تک یہ دوبارہ اسلام قبول نہ کرے اس وقت تک حکومت اس کو قید میں رکھے اور قید میں اسکی پٹائی بھی ہوتی رہے، ظاہر ہے کہ اس حال میں یہ بچہ کی دیکھ بھال نہیں کر سکتی، اس لئے بچہ اس سے لے لیا جائے گا، اگر دوبارہ اسلام قبول کر لے تو قید سے رہا کر دی جائے گی اور بچہ اس کے سپرد کر دیا جائے گا، ھٰذا اخلص ماھو مشروح فی شرح التنویر وحاشیتہ للعلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (رد المحتار باب الحضانۃ ص ۶۸۶ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرہ ربیع الاول سنہ ۹۳ھ

والدہ علاج کا ضروری انتظام نہ کر سکے تو اس کا حق ساقط ہو جاتا ہے:

سوال: زید نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی ہے: اس کا تین سال کا بچہ ایک خطرناک مرض میں مبتلا ہے، اس کی والدہ اس کے علاج کا ضروری انتظام نہیں کر سکتی، اس لئے اس کے پاس بچہ چھوڑنے میں سخت خطرہ ہے، اس صورت میں زید بچہ کو اپنے پاس رکھنے کا حقدار ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر زید کے پاس بچہ نہ رہنے کی صورت میں بچہ کے ضیاع کا خطرہ ہو تو زید اسے اپنے پاس رکھ سکتا ہے، قال فی التنویر تثبت للام ولو بعد الفرقۃ الا ان تکون مرتدۃ او فاجرۃ اوغیر مأمونۃ، وقال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرح قولہ (فاجرۃ) فجورا یضیع الولد بہ، وفی شرح قولہ (غیر مأمونۃ) ذکرہ فی المجتبیٰ بان تخرج کل وقت وتترک الولد ضائعا، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ المراد کثرۃ الخروج لان المدار علی ترک الولد ضائعا والولد فی حکم الامانۃ عندھا ومضیع الامانۃ لا یستأمن الخ (رد المحتار ص ۶۸۸ ج ۲) قلت ھٰذہ العبارات صریحۃ فی ان مدار الحکم ھو الضیاع، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۴ر محرم سنہ ۱۴۰۷ھ

باب النفقة

بالغ طالب العلم کا نفقہ والد پر ہے:

سوال: طالب العلم اگر فقیر ہو تو اس کا نفقہ اس کے والد کے ذمہ ہوگا یا نہیں؟ حالانکہ طالب العلم بالغ ہے، بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

طالب علم دین اگرچہ بالغ ہو اس کا نفقہ اس کے والد پر ہے، بشرطیکہ فقیر ہو اور طلب علم میں کوتاہی نہ کرتا ہو، جیسا کہ عموماً آجکل طلبہ کی حالت ہے، تضییع الوقت کے سوا کوئی کام نہیں۔ قال فی شرح التنویر وکذا تجب (النفقة) لولده الکبیر العاجز عن الکسب (الی ان قال) وطالب علم لا یتفرغ لذلک کذا فی الزیلعی والعینی وافتی ابو حامد بعدمها للطلبة زماننا کما بسطه فی القنیة ولذا قیده فی الخلاصة بذی رشد، وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ اقول الحق الذی تقبله الطباع المستقیمة ولا تنفر منه الاذواق السلیمة القول بوجوبها لذی الرشد لا غیره الخ (رد المحتار ص ۹۲۶ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۹ رذیقعدہ ۷۴ھ

ایام عدت کا نفقہ شوہر پر ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی اور وہ حاملہ تھی، جب نو ماہ پورے ہوئے تو بچہ پیدا ہو گیا، لہٰذا یہ بیان فرمائیں کہ باپ پر پورا خرچہ ماں کا واجب ہے یا نہیں؟ اور بچہ کی ولادت کے مصارف باپ پر ضروری ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

حاملہ کی عدت وضع حمل تک ہے، اور معتدۂ طلاق کا نفقہ و سکنیٰ شوہر پر واجب ہے، لہٰذا ان ایام کا نفقہ اور بیوی کی رہائش کے لئے مکان اور بچہ کی ولادت کے مصارف بھی شوہر

کے ذمہ ہیں، کما فی نفقۃ شرح التنویر وتجب لمطلقۃ الرجعی والبائن (رد المحتار ص ۷۲۶، ج ۲)
فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲ ذیقعدہ ۸۳ھ

مطلقہ کی اجرتِ ارضاع :

سوال : کیا مطلقہ عورت اپنے بچہ کو دودھ پلانے کی اجرت شوہر سے طلب کرسکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

ایام عدت میں دودھ پلانے کی اجرت نہیں لے سکتی، البتہ بچہ مالدار ہو تو اس کے مال سے اجرت طلب کرسکتی ہے، اور عدت گذرنے کے بعد بہرحال اجرت لے سکتی ہے، مگر اجرتِ اجنبیہ سے زیادہ نہیں لے سکتی، اگر کوئی اجنبیہ بلا اجرت دودھ پلانے پر راضی ہو تو ماں اجرت نہیں لے سکتی، قال فی شرح التنویر لا یستأجر الاب امہ لو منکوحۃ ولو من مال الصغیر خلافا للذخیرۃ والمجتبی او معتدۃ رجعی وجاز فی البائن فی الاصح جوھرۃ کاستئجار منکوحتہ لولدہ من غیرھا وھی احق بارضاع ولدھا بعد العدۃ اذا لم تطلب زیادۃ علی ما تأخذہ الاجنبیۃ ولو دون اجر المثل بل الاجنبیۃ المتبرعۃ احق منھا، زیلعی وفی الشامیۃ تحت (قولہ خلافا للذخیرۃ والمجتبی) قد نقل البرجندی عن الحموی معزیا للمنصوریۃ ان الفتوی علی الجواز ای الذی مشی علیہ فی الذخیرۃ والمجتبی، (قولہ فی الاصح) وذکر فی الفتح عن بعضھم انہ ظاہر الروایۃ ولکن ذکر ایضا ان الاوجہ عدم الفرق بین عدۃ الرجعی والبائن وان فی کلام الھدایۃ ایماء الی انہ المختار عندہ اذ من عادتہ تأخیر وجہ القول المختار وکذا ھو ظاھر اطلاق القدوری المعتدۃ وفی النھر انہ روایۃ الحسن عن الامام وھی الاولی اھ وفی حاشیۃ الرملی عن المنح عن التتارخانیۃ وعلیہ الفتوی (رد المحتار ص ۷۳۴ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔
۲ ذیقعدہ ۸۳ھ

گزشتہ وقت کا نفقہ نہیں :

سوال : ایک شخص دس پندرہ سال ہوتے اپنی بیوی کو چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں چلا گیا، اس کی بیوی کو اور سب لوگوں کو معلوم ہے کہ فلاں وطن میں ہے، اپنی بیوی

کے واسطے کچھ نفقہ نہ خود مقرر کیا نہ حکومت نے مقرر کیا، نہ قاضی نے مقرر کیا، دس پندرہ سال کے بعد واپس آیا، اب بیوی یا اس کے والدین شوہر سے دس پندرہ سال کا خرچہ شریعت کے حکم سے لے سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

گزشتہ وقت کا نفقہ طلب کرنے کا حق نہیں، اس لئے کہ ایک ماہ یا زیادہ گذر جانے سے بیوی کا نفقہ اس گذشتہ مدت کا ساقط ہو جاتا ہے، البتہ حاکم نے نفقہ کی مقدار متعین کر دی یا زوجین نے بالاتفاق کوئی مقدار متعین کر لی ہو تو نفقہ ساقط نہیں ہوگا، قال فی العلائیة والنفقة لا تکون دینا الا بالقضاء او الرضا ای اصطلاحهما علی قدر معین اصنافا او دراهم فقبل ذلك لا یلزمه شیء وبعده ترجع بما انفقت ولو من مال نفسها بلا امر قاض (رد المحتار ص۶۴۵ ج۲) وفیها واما ما دون شهر ونفقة الزوجة والصغیر فتصیر دینا بالقضاء، وفی الشامیة اما الصغیر ففیه ما علمت واما الزوجة فانما تصیر دینا بالقضاء ولا تسقط بمضی المدة لان نفقتها لم تشرع لحاجتها کالاقارب بل لاحتباسها، وقد علم من هذا انها بعد القضاء لا تسقط بمضی المدة سواء کانت شهرا او اکثر او اقل نعم تسقط نفقتها بمضی المدة قبل القضاء ان کانت شهرا فاکثر کما قدمناه عند قول المصنف والنفقة لا تصیر دینا الا بالقضاء والحاصل ان نفقة الزوجة قبل القضاء کنفقة الاقارب بعد القضاء فی انها تسقط بمضی المدة الطویلة (رد المحتار ص۶۴۵ ج۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ ذیقعدہ سنہ ۸۳ھ

بالغ اولاد کا نفقہ:

سوال: اولاد جب بالغ ہو جائے تو اس کا نفقہ اور اس کی شادی کے مصارف والد کے ذمہ ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

لڑکی کا نفقہ شادی تک والد پر ہے، البتہ اگر لڑکی خود مالدار ہو یا کوئی ذریعۂ معاش رکھتی ہو تو اس کا نفقہ والد پر نہیں، بالغ لڑکے کا نفقہ والد پر نہیں، البتہ اگر وہ کسی مرض وغیرہ کی وجہ سے کسب پر قادر نہ ہو یا طالب علم دین ہو اور اس کا اپنا مال نہ ہو تو اس کا نفقہ والد پر ہے، اولاد کی شادی کے مصارف والد پر نہیں، لڑکی کی شادی پر تو کوئی خرچ ہے ہی نہیں،

اس پر شادی کی وجہ سے کوئی چیز واجب نہیں ہوتی بلکہ اس کے اپنے مصارف بھی شوہر کے ذمہ ہو جاتے ہیں، لوگوں نے نام ونمود کے لئے لڑکیوں کے شادی کے مصارف کا عذاب اپنے سر لے رکھا ہے، البتہ لڑکے کی شادی کے مصارف ہیں، جن میں سے مہر اور بیوی کا نفقہ واجب ہے اور ولیمہ سنت ہے، ان میں سے کوئی خرچ بھی والد کے ذمہ نہیں، قال العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ وتجب النفقة بانواعها علی الحر لطفله یعم الانثی والجمع الفقیر (الی ان قال) وکذا تجب لولده الکبیر العاجز عن الکسب کانثی مطلقاً وزمن ومن یلحقه العار بالتکسب وطالب علم لایتفرغ لذلک کذا فی الزیلعی والعینی، وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله ومن یلحقه العار بالتکسب) کذا فی البحر والزیلعی واعترضه الرحمتی بان الکسب لمؤنته ومؤنة عیاله فرض فکیف یکون عارا والاولیٰ ما فی المنح عن الخلاصة اذا کان من ابناء الکرام ولا یستأجره الناس فهو عاجز ومثله فی الفتح وسیأتی تمامه (رد المحتار ص ۶۷۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۸ صفر ۸۷ھ

عدت شوہر کے مکان میں نہ گذارے تو نفقہ نہیں :

سوال : زید نے زینب کو طلاق دیدی، زینب اپنے والدین کے مکان پر تھی، تو کیا زینب کو عدت کا نان نفقہ و پوشاک و مکان کا خرچہ زید سے لینا جائز ہے یا نہیں؟ جبکہ زینب اپنے والدین کے پاس رہے، نان نفقہ اور تمام خرچہ چاہے والدین ہی برداشت کریں، مگر پھر بھی زینب کو زید سے خرچہ لینے کا حق ہوگا یا نہیں؟ اگر زید نہ دے تو گنہگار ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

زینب پر واجب تھا کہ طلاق کے بعد فوراً زید کے مکان میں چلی جاتی اور وہاں عدت گذارتی، چونکہ وہ زوج کے مکان میں عدت نہیں گذار رہی، اس لئے اس کو نفقہ وسکنیٰ کا حق نہیں رہا، نہ دینے سے زید گنہگار نہیں، قال فی شرح التنویر طلقت او مات وهی زائرة فی غیر مسکنها عادت الیه فوراً لوجوبه علیها (رد المحتار ص ۶۷۴ ج ۲) وفیه لا نفقة لاحد عشر (الی قوله) وخارجة من بیته بغیر حق وهی الناشزة حتی تعود (رد المحتار ص ۶۴۶ ج ۲) وفی الشامیة (قوله بخلاف حرة نشزت الخ) ای ان الحرة اذا نشزت فطلقها زوجها فلها النفقة والسکنیٰ

اذا عادت الی بیت الزوج (رد المحتار ص ۱۹، ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۶ ذی الحجہ ۸۷ھ

خلع میں نفقۂ عدت واجب ہے:

سوال: ایک عورت اپنے شوہر سے یہ مطالبہ کرتی رہی کہ وہ اس کو طلاق دیدے، جب شوہر طلاق دینے پر راضی نہ ہوا تو بالآخر عورت نے خلع لے لیا، اور شوہر کا مہر معاف کر دیا، اب وہ عورت عدت کے زمانہ کا نفقہ مبلغ تین سو روپے ماہانہ کے حساب سے طلب کرتی ہے، کیا ان حالات میں عورت کے لئے زمانۂ عدت کا نفقہ شوہر کے ذمہ واجب ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

عورت پر واجب ہے کہ عدت شوہر کے مکان میں گذارے، اگر شوہر کے مکان میں عدت نہیں گذارتی تو اس کے لئے نفقہ نہیں، خلع میں عدت شوہر کے مکان میں گذارنے کی صورت میں شوہر پر نفقہ واجب ہے، البتہ اگر عقد خلع میں اسقاطِ نفقہ کی شرط لگائی گئی ہو تو ساقط ہو جائے گا، قال فی التنویر ویسقط الخلع والمبارأۃ کل حق لکل منهما علی الآخر مما یتعلق بذلک النکاح الا نفقۃ العدۃ الا اذا نص علیها (رد المحتار ص ۶۱۳ ج ۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ صفر ۸۹ھ

خلع میں سکنیٰ سے ابراء:

سوال: خلع کے بعد عدت کا نفقہ و سکنیٰ شوہر پر واجب ہے، لیکن عقد خلع میں ان سے ابراء کی تصریح ہو تو نفقہ ساقط ہو جاتا ہے، سکنیٰ ساقط نہیں ہوتا، کیونکہ وہ حق شرع ہے، اس بارے میں درمختار میں ہے الا اذا ابرأته عن مؤنۃ السکنی فیصح فتح، اس پر علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں بان کانت ساکنۃ فی بیت نفسها او تعطی الاجرۃ من مالها فیصح التزامها ذلک فتح۔ لکن مقتضی هذا انه لابد من التصریح بمؤنۃ السکنی مع انه ذکر فی الفتح وغیرہ فی فصل الاحداد لو اختلعت علی ان لا سکنی لها فان مؤنۃ السکنی تسقط عن الزوج ویلزمها ان تکتری بیت الزوج ولا یحل لها ان تخرج منه اھ تأمل (رد المحتار ص ۶۱۵ ج ۲) اس میں راجح کیا ہے؟ کیا سقوط مؤنۃ سکنی کے لئے لفظ "مؤنۃ" کی تصریح شرط ہے یا کہ لفظ "مؤنۃ" کی تصریح کے بغیر بھی عدم سکنیٰ پر خلع سے مؤنۃ سکنیٰ ساقط ہو جاتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

سقوطِ مؤنۃ سکنیٰ کے لئے لفظ "مؤنۃ" کی تصریح شرط نہیں، اس کی تصریح کے بغیر بھی عدمِ سکنیٰ پر خلع سے مؤنۃ سکنیٰ ساقط ہوجاتی ہے، سوال میں علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ کی جو تحقیق نقل کی گئی ہے اس سے بھی یہی ثابت ہے، اور مزید کتاب الحداد میں بھی ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسی کی تائید فرمائی ہے، بلکہ خود شرح التنویر میں بھی اسی کے موافق ہے، ونصہ ولا تخرج معتدۃ رجعی وبائن بای فرقۃ کانت علیٰ ما فی الظہیریۃ ولو مختلعۃ علیٰ نفقۃ عدتھا فی الاصح اختیارا وعلی السکنیٰ فیلزمھا ان تکتری بیت الزوج معراج وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ اوعلی السکنیٰ) قال الزیلعی فکان کما اختلعت علیٰ ان لا سکنیٰ لھا فان مؤنۃ السکنیٰ تسقط عن الزوج ویلزمھا ان تکتری بیت الزوج ولا یحل لھا ان تخرج منہ اھ ومثلہ فی الفتح ای لان سکناھا فی بیتہ واجبۃ علیھا شرعا فلا تملک اسقاطھا بل تسقط مؤنتھا وظاھرہ انہ لا یلزم التصریح بمؤنۃ السکنیٰ بل مجرد الخلع علی السکنیٰ مسقط لمؤنتھا کما نبھنا علیہ فی باب الخلع تأمل (رد المحتار ص ۲۷۶ ج ۲) علامہ حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح التنویر کے باب الخلع میں الا اذا ابرأتہ عن مؤنۃ السکنیٰ فیصح فتح القدیر سے نقل کیا ہے، اور خود امام ابن الہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کتاب الحداد میں بدون تصریح "مؤنۃ" سقوط مؤنۃ تحریر فرمارہے ہیں، اسی طرح علامہ حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی کتاب الحداد میں یہ شرط نہیں لگائی، اس سے ثابت ہوا کہ اس جملہ کے قائل اور ناقل دونوں کا اس پر اتفاق ہے کہ یہاں مفہوم مخالف مراد نہیں، بلکہ اس سے مرادِ زوجین کی تشریح مقصود ہے کہ بدون تصریح "مؤنۃ" بھی ان کا مقصد اسقاط مؤنۃ ہی ہے، لحمل عقد المسلم علی الجواز یا اولیٰ وافضل صورت کا بیان مقصود ہے، اس لئے کہ ترکِ تصریح میں یہ احتمال ہے کہ شاید زوجین یا ان میں سے کوئی ایک نفسِ سکنیٰ ہی کو بدل خلع سمجھ لے، جو کہ ناجائز ہے، اس صورت میں ایک ضرر تو ارتکابِ معصیت کا ہوا، دوسرا ضرر غررِ زوجہ ہے، اس عقد سے اس کا مقصد یہ تھا کہ سکونت میں آزاد رہے، اس کا یہ مقصد پورا نہ ہوا، بلکہ مزید تیسرا ضرر یہ ہوا کہ مکان کا کرایہ دینا پڑا، اگر اس کو سکونت میں آزادی مل جاتی تو شاید والدین کے پاس یا کسی دوسری جگہ بلا کرایہ کے رہ سکتی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳۰ر صفر سنہ ۸۹ھ

ناشزہ کا نفقہ واجب نہیں:

سوال: کیا ایسی عورت کا نفقہ تعلق زوجیت کے زمانہ میں اور بزمانۂ عدت مرد کے ذمہ واجب ہے جو کہ نافرمان ہو، اس کے کہنے اور ہدایت کرنے کے باوجود پردہ نہ کرے، نامحرم مردوں سے ربط ضبط اور اختلاط و ملاقات ترک نہ کرے، اس کے اصرار کے باوجود اس کے ساتھ رہنے کے لئے تیار نہ ہو، بلکہ والد کے مقام پر ہی رہے، وظیفۂ زوجیت پورا کرنے کا موقع نہ دے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ایسی عورت کا نفقہ واجب نہیں، نہ حالتِ ازدواج کا اور نہ ایامِ عدت کا، قال العلامة الحصکفی رحمه الله تعالیٰ لا نفقة لاحد عشر (الیٰ قوله) وخارجة من بیته بغیر حق وهی الناشزة حتی تعود (رد المحتار ص ۲۰۷ ج ۲) وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله بخلاف حرة نشزت الخ) ای ان الحرة اذا نشزت فطلقها زوجها فلها النفقة والسکنی اذا عادت الیٰ بیت الزوج (رد المحتار ص ۷۱۹ ج ۲)، فقط والله تعالیٰ اعلم،

۱۸ ربیع الاول سنہ ۸۹ھ

غائب کے مال سے نفقہ:

سوال: ایک شخص اپنی بیوی کو کافی عرصہ سے کراچی چھوڑ کر باہر چلا گیا ہے، اس کے تین بچے بھی ہیں، اور وہ اُن کے اخراجات نہیں بھیجتا، اس صورت میں اس کی بیوی اسکی جائیداد وغیرہ بیچ کر اپنے بچوں کے مصارف پر خرچ کر سکتی ہے؟ اگر جائز ہے تو ماہانہ خرچ کتنا لے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر غائب شوہر کی ملکیت میں ایسی چیز موجود ہے جس کو فروخت کئے بغیر صَرف کیا جا سکتا ہے جیسے نقد روپیہ اور اناج و کپڑا وغیرہ تو بیوی کو اس سے خرچ کرنے کی اجازت ہے، اور اگر ایسی چیزیں ہیں جن کو بدون فروخت خرچ نہیں کیا جا سکتا، جیسے زمین، مکان یا دیگر سامان تو بیوی اپنے مصارف کے لئے اُن کو نہیں بیچ سکتی، اس صورت میں بیوی حاکم کے پاس درخواست پیش کرے، اور غائب کے ساتھ اپنا نکاح شہادتِ شرعیہ سے ثابت کرے، اور اس پر قسم اٹھائے کہ اس کے شوہر نے اس کے نفقہ کا کوئی انتظام نہیں کیا، پھر حاکم اس سے ضامن لے

تاکہ اگر شوہر کا نفقہ دینا ثابت ہو گیا تو شوہر ضامن پر رجوع کر سکے، اس کے بعد حاکم بیوی کو حکم دے کہ قرض لے کر مصارف کا انتظام کرے، اس قرض کی واپسی شوہر کے ذمہ ہو گی، مصارف کی مقدار کی تعیین بھی حاکم کرے گا، روی الامام البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ فی صحیحہ عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان ھند ابنت عتبۃ قالت یارسول اللہ ان ابا سفیان رجل شحیح ولیس یعطینی ما یکفینی وولدی الا ما اخذت منہ وھو لا یعلم فقال خذی ما یکفیک وولدک بالمعروف (بخاری ص ۸۰۸ ج ۲) وقال فی التنویر وتفرض لزوجۃ الغائب وطفلہ وابویہ فی مال لہ من جنس حقھم عند من یقربہ وبالزوجیۃ والولاد وکذا اذا علم قاض بذلک وکفلھا ویحلفھا معہ ان الغائب لم یعطھا النفقۃ لا باقامۃ بینۃ علی النکاح ولا ان لم یخلف مالا واقامت بینۃ لیفرض علیہ ویأمرھا بالاستدانۃ ولا یقضی بہ، وقال زفر رحمہ اللہ تعالیٰ یقضی بھا لابہ وعمل القضاۃ الیوم علی ھذا للحاجۃ فیفتی بہ، وقال العلامۃ العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرح قولہ "فی مال لہ من جنس حقھم" کتبر او طعام اما خلافہ فیفتقر للبیع ولا یباع مال الغائب اتفاقا، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ فلا تفرض لمملوکہ واخیہ) المراد بہ کل ذی رحم محرم ما سوی قرابۃ الولاد لان نفقتھم لا تجب قبل القضاء ولھذا لیس لھم ان یأخذوا من مالہ شیئا قبل القضاء اذا ظفروا بہ فکان القضاء فی حقھم ابتداء ایجاب ولا یجوز ذلک علی الغائب بخلاف الزوجۃ وقرابۃ الولاد لان لھم الاخذ قبل القضاء بلا رضاہ فیکون القضاء فی حقھم اعانۃ وفتوی عن القاضی کما فی الدرر، وقال تحت (قولہ عند او علی الخ) وقید بکون المال عند شخص اذ لو کان فی بیتہ وعلم القاضی بالنکاح فرض لھا فیہ لانہ ایفاء لحقھا لاقضاء علی الزوج بالنفقۃ کما لو اقر بدین ثم غاب ولہ من جنسہ مال فی بیتہ یقضی لصاحب الدین فیہ بحر (رد المحتار ص ۷۲۳ ج ۲)

اگر حاکم سے اجازت لینا مشکل ہو تو پنچایت حاکم کے قائم مقام ہو سکتی ہے، اگر کوئی صورت بھی نہ بن سکے مثلاً کوئی قرض دینے پر راضی نہ ہو تو کلام فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ سے شوہر کا مال اور جائیداد فروخت کرنے کی اجازت معلوم ہوتی ہے، کما فی حظر شرح التنویر لیس لذی الحق ان یأخذ غیر جنس حقہ وجوزہ الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ وھو الاوسع،

وفی الشامیۃ (قولہ وجوزہ الشافعی) قدمنا فی کتاب الحجران عدم الجواز کان فی زمانہم اما الیوم فالفتوی علی الجواز (رد المحتار ص ۳۰۰ ج ۵)، وفیہا تحت (قولہ لو قضی علی غائب الخ) وقال فی جامع الفصولین قد اضطرب آراءہم وبیانہم فی مسائل الحکم للغائب وعلیہ ولم یصف ولم ینقل عنہم اصل قوی ظاہر یبنی علیہ الفروع بلا اضطراب ولا اشکال فالظاہر عندی ان یتأمل فی الوقائع ویحتاط ویلاحظ الحرج والضرورات فیفتی بحسبہا جوازا او فسادا مثلا لو طلق امرأتہ عند العدل فغاب عن البلد ولا یعرف مکانہ او یعرف ولکن یعجز عن احضارہ اوعن ان تسافر الیہ ھی او وکیلہا لبعدہ اولمانع آخر وکذا المدیون لو غاب ولہ نقد فی البلد اونحو ذلک ففی مثل ھذا لو برھن علی الغائب وغلب علی ظن القاضی انہ حق لاتزویر ولاحیلۃ فیہ فینبغی ان یحکم علیہ ولہ وکذا للمفتی ان یفتی بجوازہ دفعا للحرج والضرورات وصیانۃ للحقوق عن الضیاع مع انہ مجتہد فیہ ذھب الیہ الائمۃ الثلاثۃ رحمہم اللہ تعالیٰ وفیہ روایتان عن اصحابنا رحمہم اللہ تعالیٰ وینبغی ان ینصب عن الغائب وکیل یعرف انہ یراعی جانب الغائب ولایفرط فی حقہ واقرہ فی نور العین قلت ویؤید ما یأتی قریبا فی المسخر وکذا ما فی الفتح من باب المفقود لایجوز القضاء علی الغائب الا اذا رأی القاضی مصلحۃ فی حکم لہ وعلیہ فحکم فانہ ینفذ لانہ مجتہد فیہ اھ، قلت وظاہرہ ولو کان القاضی حنفیا ولو فی زماننا ولا ینافی ما مر لان تجویز ھذا للمصلحۃ والضرورۃ (رد المحتار ص ۳۷۷ ج ۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ / محرم سنہ ۹۲ ھ

نکاح فاسد کی عدت میں نفقہ نہیں:

سوال: زید کے کافی عرصہ تک ایک عورت سے ناجائز تعلقات رہے، اس کے بعد اس عورت کی لڑکی سے زید کی شادی ہوئی، اور کئی بچے بھی پیدا ہوئے، اب مسئلہ دریافت کرنے پر یہ معلوم ہوا کہ یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، اب سوال یہ ہے کہ اس عورت کی تفریق کی صورت کیسے ہوگی؟ کیا عورت پر عدت واجب ہوگی؟ اور مرد پر عدت کا نفقہ واجب ہوگا؟

بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اس عورت کی تفریق کے لئے صرف زبان سے یہ کہدینا کافی ہے کہ "میں نے اس کو چھوڑ دیا"
عورت پر شوہر کے مکان ہی میں عدت گذارنا واجب ہے، شوہر پر عدت کا نفقہ واجب نہیں،
سکنیٰ یعنی ایام عدت میں اپنے مکان میں رہائش کا انتظام واجب ہے، فی نفقۃ شرح
التنویر فتجب للزوجۃ بنکاح صحیح، وفی الشامیۃ فلا نفقۃ علی مسلم فی نکاح
فاسد لانعدام سبب الوجوب وھو حق الحبس الثابت للزوج علیھا بالنکاح وکذا
فی عدتہ لان حق الحبس وان ثبت لکنہ لم یثبت بالنکاح بل لتحصین الماء
ولان حال العدۃ لا یکون اقوی من حال النکاح بدائع (رد المحتار ص ۶۹۹ ج ۲)
زید پر توبہ واستغفار لازم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ رجمادی الآخرۃ سنہ ۹۲ھ

کسب سے عاجز کا نفقہ:

سوال: جو لوگ کمانے کی قدرت نہیں رکھتے جیسے بیوہ عورتیں، یتیم بچے، آنکھوں
یا ہاتھ پاؤں سے معذور یا کسی شدید مرض میں مبتلا لوگ، کیا ان کے مصارف حکومت کے
ذمہ فرض ہیں؟ اگر نہیں تو اسلام میں اُن کے معاش کا کیا انتظام ہے؟ بینوا بالتفصیل
توجروا عند اللہ الجلیل،

الجواب باسم ملہم الصواب

کسب سے عاجز لوگوں کا نفقہ ان کے ذی رحم محارم رشتہ داروں کے ذمہ ہے، وجوبِ نفقہ
کے لحاظ سے اُن کی سات قسمیں ہیں،

① فقط فروع، الاقرب فالاقرب، یعنی پہلے اولاد، وہ نہ ہو تو اولاد کی اولاد۔ مذکر و مؤنث
پر برابر،

② فروع مع حواشی، اس میں نفقہ فقط فروع پر ہے اور اس کا ضابطہ قسم اول کی طرح ہی ہے،

③ فروع مع اصول، اس میں والدین پر ولد بلا واسطہ مقدم ہے، یعنی والدین کے ساتھ بیٹی
یا بیٹا ہو تو نفقہ والدین پر نہیں، بلکہ بیٹے یا بیٹی پر ہے، اس کے بعد الاقرب فالاقرب، اس لئے
باپ کے ساتھ پوتا یا پوتی ہو تو نفقہ باپ پر ہے، قرب و بُعد میں برابر ہوں تو ہر ایک پر بقدر ارث
اس لئے دادا اور پوتا ہوں تو دادا پر $\frac{1}{6}$ اور پوتے پر $\frac{5}{6}$،

(۴) فروع مع اصول وحواشی، اس کا حکم قسم ثالث کی طرح ہے،

(۵) فقط اصول، باپ سب سے مقدم ہے، وہ نہ ہو تو یا بعض اصول وارث ہوں گے اور بعض غیر وارث اور یا سب وارث ہوں گے، نوع اول میں الاقرب فالاقرب، اس لئے ماں اور نانا ہوں تو نفقہ ماں پر ہے، قرب وبُعد میں برابر ہوں تو ان میں سے جو وارث ہو اس پر نفقہ ہے، اس لئے نانا ودادا ہوں تو نفقہ دادا پر ہے، اور نوع ثانی یعنی سب وارث ہوں تو بقدر ارث، اس لئے ماں اور دادا ہوں تو ماں پر $\frac{1}{3}$ اور دادا پر $\frac{2}{3}$،

(۶) اصول مع حواشی، اگر فریقین میں سے کوئی فریق غیر وارث ہو تو نفقہ اصول پر ہے، اس لئے دادا اور بھائی ہوں تو نفقہ دادا پر ہے، اور نانا اور چچا ہوں تو نانا پر ہے، اور اگر دونوں فریق وارث ہوں تو نفقہ بقدر ارث ہے، اس لئے ماں کے ساتھ عینی یا علّی بھائی یا بھتیجا یا چچا وغیرہ کوئی عصبہ ہو تو ماں پر $\frac{1}{3}$ اور عصبہ پر $\frac{2}{3}$،

اس قسم میں اگر اصول متعدد ہوں تو ان میں قسم خامس والا ضابطہ جاری ہوگا، جب جدّ حاجب ہونے میں بمنزلہ اب ہو تو وجوب نفقہ میں بھی بمنزلہ اب شمار ہوگا مثلاً ماں، دادا اور بھائی ہوں تو چونکہ جدّ بھائی کے لئے حاجب ہے اس لئے بمنزلہ اب ہو جانے کی وجہ سے پورا نفقہ اسی پر ہوگا، ماں پر کچھ نہیں، اور اگر بھائی نہ ہوتا صرف ماں اور دادا ہوتے تو جدّ بمنزلہ اب نہ ہوتا، اس لئے نفقہ بقدر ارث ماں پر $\frac{1}{3}$ اور دادا پر $\frac{2}{3}$ ہوتا، جیسا کہ قسم ثالث میں گذرا،

(۷) فقط حواشی، اس میں نفقہ بقدر ارث ہے، بشرطیکہ ذی رحم محرم ہوں، غیر ذی رحم محرم جیسے چچازاد وغیرہ پر نفقہ نہیں،

تفصیل مذکور اس وقت ہے جب کہ سب موجود رشتہ دار غنی ہوں، اگر ان میں سے کوئی مسکین ہو تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر یہ دوسرے وارثوں کو محروم کر رہا ہو تو اس کو بمنزلہ میّت قرار دینے سے جو رشتہ دار وارث بنتے ہوں نفقہ اُن پر بقدر ارث ہوگا، اور اگر یہ دوسروں کو محروم نہیں کرتا تو اس کو زندہ شمار کرنے سے دوسرے وارثوں کو جس مناسبت سے حصّۂ وراثت ملتا ہے اس کے مطابق ان پر نفقہ ہوگا، مثلاً بیٹا مسکین، خیفی بھائی اور عینی بھائی ہوں تو چونکہ بیٹا ہر قسم کے بھائی کو محروم کر رہا ہے اس لئے اس کو مُردہ تصوّر کریں گے، اس کے بعد حصّۂ وراثت خیفی بھائی کا $\frac{1}{6}$ اور عینی کا $\frac{5}{6}$ ہے، اس لئے ان پر نفقہ بھی اسی مناسبت سے

واجب ہوگا، اور اگر صورتِ مذکورہ میں مسکین بیٹے کی بجائے مسکین بیٹی ہو تو چونکہ وہ صرف خیفی بھائی کو محروم کرتی ہے عینی کو نہیں، اس لئے اس بیٹی کو زندہ شمار کریں گے تو خیفی بھائی کو ترکہ سے کچھ نہیں ملے گا، اس لئے اس پر نفقہ بھی نہیں، کل نفقہ عینی بھائی پر واجب ہوگا،

اگر مذکورہ رشتوں میں سے کوئی بھی نہ ہو یا سب مسکین ہوں تو سرکاری بیت المال سے نفقہ دیا جائے گا، اس میں بھی گنجائش نہ ہو تو عامۃ المسلمین پر فرض ہے، وھذا تلخیص تحریر العلامۃ ابن عابدین فی ردالمحتار (ص ۴۰-۶۷۲ ج ۲) رحمہ اللہ تعالیٰ ونفعنا بعلومہ وجزاہ عنا وعن سائر المسلمین احسن الجزاء، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۰ ربیع الآخر سنہ ۹۸ھ

مکان نہ ملنے کی وجہ سے بیوی چلی گئی:

سوال: زید اپنی زوجہ کو ایک شہر میں لے گیا، وہاں زید کی ماں تھی، زید نے زوجہ کو کہا کہ یہاں میری ماں کے پاس رہو تو نفقہ پورا دیدوں گا، پھر زید سفر میں چلا گیا، جاتے وقت زوجہ کو بلا کر کہا کہ اور کسی جگہ نہیں جانا، مگر زید کے جانے کے بعد زوجہ اپنے میکہ میں چلی گئی، اس کے باپ نے قاضی کے پاس جا کر اس سے لڑکی کا نفقہ مقرر کروایا، ایک مہینہ میں ۲۰ کلو آٹا اور ۴ کلو گوشت، چار کلو گھی، اتنی کھجور، اتنا مصالحہ وغیرہ، یعنی قاضی نے سب چیزوں کی تفصیل لکھ دی، دو سال کے بعد زید آگیا تو زوجہ نے اس پر نفقہ کا دعویٰ کیا، زید نے انکار کیا اور کہا کہ تم نے میرے حکم کے خلاف کیا ہے اس لئے گذشتہ نفقہ نہیں دوں گا، آیا اس صورت میں گذشتہ دو سال کا نفقہ زوجہ کو ملے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

بیوی کی الگ رہائش کے لئے ایک ایسے کمرہ کا انتظام کرنا شوہر پر فرض ہے، جس میں کسی دوسرے کا کوئی دخل نہ ہو، شوہر کی طرف سے ایسی رہائش کا انتظام ہونے کے باوجود بیوی اس کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلے تو وہ ناشزہ ہے، اس کا نفقہ شوہر پر نہیں، اگر شوہر ایسی رہائش کا انتظام نہ کرے تو بیوی بلا اجازت دوسری جگہ جانے سے ناشزہ نہیں بنتی، اس لئے اس کا نفقہ شوہر پر واجب ہے، چونکہ زید نے بیوی کی الگ رہائش کا ایسا انتظام نہیں کیا اس لئے اس پر بیوی کا نفقہ واجب تھا، قاضی کے فیصلہ کے بعد جتنی مدت گذری اس کے نفقہ کا مطالبہ کر سکتی ہے، اس سے پہلے جو ایام گذرے ان کا نفقہ نہیں لے سکتی، لان النفقۃ تسقط بمضی

المدۃ بدون القضاء او الرضا ای تراضی الزوجین علی قدر معین، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ / رجب سنہ ۹۸ھ

معتدۂ موت کے لئے نفقہ و سکنیٰ نہیں:

سوال: زید کا انتقال ہوگیا، اس کی بیوی ہندہ عدت میں ہے، اس کے بارے میں مندرجہ ذیل سوالات ہیں:-

(۱) کیا ہندہ کے ایام عدت کا نفقہ مشترکہ ترکہ میں سے دیا جائے گا اس کے بعد باقی ترکہ وارثوں پر تقسیم ہوگا؟

(۲) اگر زید کا انتقال کرایہ کے مکان میں ہوا ہو اور ہندہ اسی کرایہ کے مکان میں عدت گزار رہی ہو تو کیا اس مکان کا کرایہ مشترکہ ترکہ سے نکالنے کے بعد باقی ترکہ وارثوں پر تقسیم کیا جائے گا؟

(۳) اگر زید اپنے ذاتی مکان میں رہتا تھا تو کیا وارثوں پر فرض ہے کہ ہندہ کو اس مکان میں عدت گزارنے دیں؟

بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

معتدۂ موت کو چونکہ شوہر کے مال سے حصۂ وراثت ملتا ہے اس لئے اس کو مشترکہ ترکہ سے لینے کا حق نہیں، بلکہ ترکہ سے اس کو جو حصہ ملے گا اس سے خرچ کرے،

اگر کرایۂ مکان کی استطاعت نہ ہو تو یہ مکان چھوڑ کر حسب استطاعت کسی دوسرے قریب تر مکان میں جا سکتی ہے،

اگر زید کے ذاتی مکان سے جو حصہ اس کی بیوی کو ملا وہ اس کے لئے ناکافی ہو تو دوسرے وارثوں پر واجب نہیں کہ وہ ایام عدت اپنے حصہ میں گزارنے دیں، بلکہ بطیب خاطر اجازت دیں تو بہتر ورنہ دوسرے قریب تر مکان میں عدت گزارے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲ / ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۶ھ

نابالغ کی بیوی کا نفقہ:

سوال: اگر والد نے اپنے نابالغ لڑکے کی شادی کر دی اور بہو کو اپنے گھر لے آیا، خواہ بہو بالغ ہو یا نابالغ، تو جس طرح نابالغ لڑکے کے مصارف والد پر ہیں کیا اسکی بیوی کے مصارف بھی والد پر واجب ہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

نابالغ کی بیوی کا نفقہ نابالغ کے اپنے مال میں ہے، اس کے والد پر واجب نہیں، البتہ اگر والد ضامن ہو تو اس پر واجب ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ / ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۶ھ

مطلقہ کی اجرتِ حضانۃ:

سوال: مطلقہ عورت دودھ پلانے کی اجرت کے علاوہ بچہ کو سنبھالنے کی اجرت الگ لے سکتی ہے یا نہیں؟ یعنی اجرتِ ارضاع و اجرتِ حضانۃ الگ الگ طلب کرے، اس طرح دو اجرتیں طلب کر سکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

سنبھالنے کی اجرت الگ لے سکتی ہے، مگر یہ دونوں قسم کی اجرت عدت گذرنے کے بعد جائز ہے، ایام عدت کی اجرت جائز نہیں، البتہ بچہ کا اپنا مال ہو تو اس سے اجرت طلب کرنا جائز ہے، ان سب امور میں اجرتِ ارضاع و اجرتِ حضانۃ میں کوئی فرق نہیں جبکہ کوئی دوسری عورت بلا اجرت ارضاع و حضانۃ پر راضی نہ ہو، اگر بلا اجرت کوئی دوسری عورت راضی ہے تو ماں اجرتِ ارضاع نہیں لے سکتی، اجرتِ حضانۃ لے سکتی ہے، بچہ ماں کے پاس رہے گا اور مرضعہ اس کے پاس آکر دودھ پلائے گی، البتہ اگر بچہ کے اقارب میں سے کوئی عورت بلا اجرت حضانۃ پر راضی ہو اور بچہ کا والد تنگ دست ہو تو ماں اجرتِ حضانۃ نہیں لے سکتی،

فی حضانۃ شرح التنویر وھی غیر اجرۃ ارضاعہ ونفقتہ کما فی البحر عن السراجیۃ، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ قال فی البحر فعلی ھذا یجب علی الاب ثلاثۃ اجرۃ الرضاع واجرۃ الحضانۃ ونفقۃ الولد اھ ومثلہ فی الشرنبلالیۃ (قولہ ثم حرر) ای الخیر الرملی ان الحضانۃ کالرضاع ای فی انہا لا اجر للام فیہا لو منکوحۃ او معتدۃ والا فلہا الاجرۃ من مال الصغیر ان کان لہ مال والا فمن مال ابیہ او من تلزمہ نفقتہ، ھذا خلاصۃ ماحط علیہ رأیہ بعد کلام طویل وقد علمت تأییدہ بما نقلناہ عن خط السائحانی قلت وھذا کلہ حیث لم یوجد متبرع بالحضانۃ فان وجد فاما ان یکون اجنبیا من الصغیر او لا وعلی کل فاما ان یکون الاب معسرا او لا وعلی کل فاما ان یکون للصغیر مال او لا فان کان اجنبیا یدفع للاھل للحضانۃ باجرۃ المثل ولو من مال الصغیر وان کان المتبرع غیر اجنبی فان کان الاب معسرا والصغیر لہ مال او لا یقال للام اما ان تمسکیہ مجانا او تدفعیہ للعمۃ مثلا المتبرعۃ صونا لمالہ لو لہ مال وان کان الاب موسرا والصغیر لہ مال فکذلک لان الاجرۃ حینئذ علی الصغیر وان کان الاب موسرا

ولا مال للصغیر فالام مقدمة وان طلبت الاجرة نظرا للصغیر بلاضرر له فی ماله
هذا حاصل ما تحرر للعبد الضعیف بناء علی ان الحضانة کالرضاع وتمام ذلک فی
رسالتنا الابانة عن اخذ الاجرة علی الحضانة (رد المحتار ص ۶۹۲ ج ۲) وفی نفقة
العلائیة لا یستأجر الاب امه لو منکوحة ولو من مال الصغیر خلافا للذخیرة و
المجتبی او معتدة رجعی وجاز فی البائن فی الاصح جوهرة کاستئجار منکوحته لولده
من غیرها وهی احق بارضاع ولدها بعد العدة اذا لم تطلب زیادة علی ما تأخذه
الاجنبیة ولو دون اجر المثل بل الاجنبیة المتبرعة احق منها زیلعی ای فی الارضاع
اما اجرة الحضانة فللام کما مر، وفی الشامیة تحت (قوله خلافا للذخیرة و
المجتبی) قد نقل الحموی عن البرجندی معزیا للمنصوریة ان الفتوی علی
الجواز ای الذی مشی علیه فی الذخیرة والمجتبی (قوله فی الاصح) وذکر فی الفتح
عن بعضهم انه ظاهر الروایة ولکن ذکر ایضا ان الاوجه عدم الفرق بین عدة الرجعی
والبائن وان فی کلام الهدایة ایماء الی انه المختار عنده اذ من عادته تأخیر
وجه القول المختار وکذا هو ظاهر اطلاق القدوری المعتدة وفی النهر انه روایة
الحسن عن الامام وهی الاولی اھ وفی حاشیة الرملی علی المنح عن التتارخانیة
وعلیه الفتوی (قوله اما اجرة الحضانة الخ) افاد ان الحضانة تبقی للام فترضعه
الاجنبیة المتبرعة بالارضاع عند الام کما صرح به فی البدائع ونحوه ما مر فی
المتن وان للام اخذ اجرة المثل علی الحضانة ولا تکون الاجنبیة المتبرعة
بها اولی نعم لو تبرعت العمة بحضانته من غیر ان تمنع الام عنه والاب معسر
فالصحیح انه یقال للام اما ان تمسکی الولد بلا اجر واما ان تدفعیه الیها کما
مر فی الحضانة وبه ظهر الفرق بین الحضانة والارضاع هنا وهو ان انتقال
الارضاع الی غیر الام لا یتقید بطلب الام اکثر من اجر المثل ولا باعسار الاب
ولا بکون المتبرعة عمة او نحوها من الاقارب فافهم (رد المحتار ص ۷۳۴ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ رشوال سنہ ۱۴۰۵ھ

بیوی کے لئے مکان کی تفصیل:

سوال: بیوی اگر شوہر کے والدین سے الگ مکان طلب کرے تو اسے بالکل الگ مکان میں رکھنا ضروری ہے یا کہ والدین کے مکان میں ایک مستقل کمرہ دیدینا بھی کافی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بیوی مالدار ہو تو اسے الگ مکان دینا واجب ہے، متوسط درجہ کی ہو تو اسی مکان میں ایک مستقل کمرہ کے علاوہ باورچی خانہ، غسلخانہ اور بیت الخلاء بھی مستقل ہونا ضروری ہے، مسکین ہو تو صرف ایک کمرہ کافی ہے، باورچی خانہ، غسلخانہ اور بیت الخلاء مشترک ہوں تو مضایقہ نہیں، قال فی التنویر وکذا تجب لها السکنی فی بیت خال عن اهله واهلها بقدر حالهما او بیت منفرد من دار له غلق کفاها، وفی الشرح زاد فی الاختیار والعینی ومرافق ومفاده لزوم کنیف ومطبخ، وینبغی الافتاء به بحر (الی قوله) وفی البحر عن الخانیة یشترط ان لا یکون فی الدار احد من احماء الزوج یؤذیها، ونقل المصنف عن الملتقط کفایته مع الاحماء لا مع الضرائر، وفی الشامیة (قوله و مفاده لزوم کنیف ومطبخ) ای بیت الخلاء وموضع الطبخ بان یکونا داخل البیت او فی الدار لا یشارکها فیهما احد من اهل الدار، قلت وینبغی ان یکون هذا فی غیر الفقراء الذین یسکنون فی الربوع والاحواش بحیث یکون لکل واحد بیت یخصه وبعض المرافق مشترکة کالخلاء والتنور و بئر الماء، ویأتی تمامه قریبا، وفیها تحت (قوله وفی البحر عن الخانیة الخ) وعلی ما نقلنا عن ملتقط ابی القاسم وتجنیسه للاستروشنی ان ذلک یختلف باختلاف الناس ففی الشریفة ذات الیسار لا بد من افرادها فی دار، ومتوسط الحال یکفیها بیت واحد من دار و مفهومه ان من کانت من ذوات الاعسار یکفیها بیت ولو مع احمائها وضرتها کاکثر الاعراب واهل القری وفقراء المدن الذین یسکنون فی الاحواش والربوع، وهذا التفصیل هو الموافق لما مر من ان المسکن یعتبر بقدر حالهما ولقوله تعالی اسکنوهن من حیث سکنتم من وجدکم، وینبغی اعتماده فی زماننا هذا، فقد مر ان الطعام والکسوة یختلفان باختلاف الزمان والمکان (الی قوله) وهذا موافق لما قدمناه عن الملتقط من قوله اعتبارا فی السکنی بالمعروف، اذ لا شک ان المعروف یختلف باختلاف الزمان والمکان، فعلی المفتی ان ینظر الی حال اهل زمانه و بلده، اذ بدون ذلک لا تحصل المعاشرة بالمعروف، وقد قال تعالی ولا تضاروهن لتضیقوا علیهن (رد المحتار ص ۶۱۹ ج ۲)، فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم۔

۴ صفر سنہ ۱۴۰۷ھ

کتابُ الاَیمان

دائمی روزہ کی نذر میں بوقتِ عجز فدیہ ہے:

سوال: ایک شخص نے نذر کی کہ میں مرتے دم تک ہمیشہ روزہ رکھوں گا، اب یہ شخص مرض اور کبر کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا، اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

فدیہ دیتا رہے، فدیہ کی بھی طاقت نہ ہو تو استغفار کرتا رہے، قال فی شرح التنویر فی اٰخر کتاب الصوم نذر صوم رجب (الی قوله) او صوم الابد فضعف لاشتغاله بالمعيشة افطر وكفر كما مر، وفی الشامیة (قوله وكفر) ای فدی (قوله كما مر) ای فی الشیخ الفانی من انه يطعم كالفطرة (رد المحتار ج۲) وفی ایمان شرح التنویر ولو نذر صوم الابد فاكل لعذر فدی، وفی الشامیة (قوله فاكل لعذر) وكذا الدونه (قوله فدی) ای لكل يوم نصف صاع من بر او صاعاً من شعير وان لم يقدر استغفر الله تعالیٰ كما مر (رد المحتار ج۳)، فقط والله تعالیٰ اعلم۔

غرۂ جمادی الآخرہ ۷۳ھ

بناءِ مسجد کی نذر صحیح نہیں:

سوال: ایک شخص نے نذر کی کہ اگر میرا مریض تندرست ہو جائے تو میں مسجد تعمیر کرواؤں گا، اب مریض تندرست ہو گیا ہے، تو اس پر مسجد تعمیر کرنا ہی لازم ہے یا کہ مساکین پر بھی صرف کر سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

لزومِ نذر کے لئے یہ شرط ہے کہ منذور عبادتِ مقصودہ ہو اور اس کی جنس سے کوئی فرد فرض یا واجب ہو، تعمیرِ مسجد اگرچہ واجب ہے مگر عبادتِ مقصودہ نہیں، لہٰذا یہ نذر واجب الاداء

نہیں، قال فی التنویر ومن نذر نذرًا مطلقًا اومعلقًا بشرط وکان من جنسه واجب وھو عبادۃ مقصودۃ ووجد الشرط لزم الناذر، وفی الشامیۃ (قوله وھو عبادۃ مقصودۃ) الضمیر راجع للنذر بمعنی المنذور لا للواجب خلافًا لمافی البحر قال فی الفتح مماھو طاعة مقصودۃ لنفسها ومن جنسها واجب الخ وفی البدائع ومن شروطه ان یکون قربة مقصودۃ فلایصح النذر بعیادۃ المریض وتشییع الجنازۃ والوضوء والاغتسال ودخول المسجد ومس المصحف والاذان وبناء الرباطات والمساجد وغیر ذلک وان کانت قربا الا انها غیر مقصودۃ اھ، فھذا صریح فی ان الشرط کون المنذور نفسه عبادۃ مقصودۃ لا ماکان من جنسه ولذا صححوا النذر بالوقف لان من جنسه واجبًا وھو بناء مسجد للمسلمین کما یأتی مع انک علمت ان بناء المساجد غیر مقصود لذاته وفی شرح التنویر ووقف مسجد للمسلمین واجب علی الامام من بیت المال والا فعلی المسلمین وفی الشامیۃ (قوله ووقف مسجد) ای فی کل بلدۃ علی الظاھر (رد المحتار ص ۶۹ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ رمضان المبارک سنہ ۷۴ھ

سوال متعلق بالا:

سوال: آپ نے "احسن الفتاوی" میں فرمایا ہے کہ بناءِ مسجد کی نذر واجب الاداء نہیں، مگر "احسن الفتاوی" دیکھنے سے قبل میں نے مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ سے سوال کیا تھا کہ اگر کوئی یہ نذر کرے کہ مسجد میں تیل دوں گا یا لوٹے یا جھاڑو یا صف ڈالوں گا تو کام ہونے پر اس نذر کا پورا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ اور نذر عبادتِ مقصودہ ہے یا نہیں؟ مفتی صاحب نے جواب دیا تھا کہ بعض فقہاء نے بناءِ مساجد کو قربتِ مقصودہ میں داخل قرار دیا ہے، درمختار میں قربتِ مقصودہ کی مثالیں بیان فرماتے ہوئے لکھا ہے کصوم وصلوۃ وصدقة واعتکاف (الی قوله) وبناء مسجد للمسلمین واجب علی الامام من بیت المال والا فعلی المسلمین (شامی ص ۶۹ ج ۳) اور علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے حاشیۂ بحر میں لکھا ہے وھذا یدل علی ان المراد بالوجوب حقیقته المصطلح علیها عندھم واما قول صاحب الدرر المنذور اذا کان له اصل فی الفروض لزم الناذر فیراد به مایعم الواجب بان یراد بالفرض فی کلامه اللازم وبه یندفع التنافی الواقع فی عباراتھم اھ (ص ۲۹۶ ج ۴)، بندہ کو دونوں حضرات کی عبارت سے خلجان ہو گیا، لہٰذا مہربانی فرما کر بندہ کے خلجان کو دور کیا جائے، عین کرم ہوگا، اور تیل، جھاڑو، صف، لوٹے

وغیرہ، یہ بھی بناء میں داخل ہیں یا صرف تعمیر و مرمت ہی کو بناءِ مسجد کہتے ہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملھم الصواب

درمختار کی پوری عبارت یوں ہے: من نذر نذراً مطلقاً او معلقاً بشرط وکان من جنسہ واجب وھو عبادۃ مقصودۃ خرج الوضوء وتکفین المیت ووجد الشرط المعلق بہ لزم الناذر لحدیث من نذر وسمی فعلیہ الوفاء بما سمی کصوم وصلوٰۃ وصدقۃ ووقف واعتکاف واعتاق رقبۃ وحج ولو ماشیاً فانہا عبادات مقصودۃ ومن جنسہا واجب لوجوب العتق فی الکفارۃ والمشی للحج علی القادر من اھل مکۃ والقعدۃ الاخیرۃ فی الصلوٰۃ وھی لبث کالاعتکاف ووقف مسجد للمسلمین واجب علی الامام من بیت المال والا فعلی المسلمین (رد المحتار ص ۶۹ ج ۳)

اس میں قربتِ مقصودہ کی مثالیں صوم سے شروع ہو کر حج پر ختم ہو گئی ہیں، چنانچہ اس کے بعد فرمایا فانہا عبادات مقصودۃ، اس کے بعد من جنسہا واجب سے صحتِ نذر کی دوسری شرط کا بیان شروع ہوا اور لوجوب العتق فی الکفارۃ سے اس کی مثالیں بیان فرمائیں، جو وقف مسجد للمسلمین واجب پر ختم ہوئیں، غرضیکہ وقفِ مسجد قربتِ مقصودہ کی مثال نہیں بلکہ جنس منذور سے واجب کی مثال ہے، وقفِ مسجد واجب تو ہے مگر قربتِ مقصودہ نہیں، قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ وھو عبادۃ مقصودۃ) الضمیر راجع للنذر بمعنی المنذور اللواجب خلافاً لما فی البحر قال فی الفتح مما ھو طاعۃ مقصودۃ لنفسہا ومن جنسہا واجب الخ وفی البدائع ومن شروطہ ان یکون قربۃ مقصودۃ فلا یصح النذر بعیادۃ المریض وتشییع الجنازۃ والوضوء والاغتسال ودخول المسجد ومس المصحف والاذان وبناء الرباطات والمساجد وغیر ذلک وان کان قربا الا انہا غیر مقصودۃ اھ فھذا صریح فی ان الشرط کون المنذور نفسہ عبادۃ مقصودۃ لا ما کان من جنسہ ولذا صححوا النذر بالوقف لان من جنسہ واجبا وھو بناء مسجد للمسلمین کما یأتی مع انک علمت ان بناء المساجد غیر مقصودۃ لذاتہ (رد المحتار ص ۶۸ ج ۳)

وقال فی منحۃ الخالق انھم صححوا النذر بالوقف لان من جنسہ واجبا وھو وقف مسجد للمسلمین وقد علمت ان بناء المسجد غیر مقصود (البحر الرائق ص ۲۹۶ ج ۴)

حاصل یہ کہ وقف للفقراء قربتِ مقصودہ ہے مگر واجب نہیں اور وقف مسجد واجب ہے، مگر قربتِ مقصودہ نہیں، اور صحتِ نذر کے لئے یہ شرط ہے کہ منذور خود عبادتِ مقصودہ ہو

اور اس کی جنس سے کوئی فرد واجب ہو، یہ شرط وقف للفقراء میں موجود ہے، اس لئے کہ خود عبادت مقصودہ ہے اور اس کی جنس سے وقف مسجد واجب ہے، اس لئے اس وقف کی نذر صحیح ہے، مگر وقفِ مسجد میں یہ شرط مفقود ہے، اس لئے کہ اگرچہ یہ واجب ہے مگر عبادتِ مقصودہ نہیں، لہٰذا اس کی نذر صحیح نہیں،

چٹائیاں، لوٹے اور جھاڑو وغیرہ بناءِ مسجد میں داخل نہیں، یہ اشیاء متعلقاتِ مسجد ہیں جن کو آلاتِ مسجد کہا جاتا ہے، ان کی نذر بھی صحیح نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرۂ ذی الحجہ سنہ ۸۶ھ

نذر میں زمان و مکان وغیرہ کی تعیین صحیح نہیں :

سوال : اگر کسی نے نذر کی کہ فلاں چیز فقراءِ مکہ کو دے گا، پھر اس نے یہ چیز فقراءِ مدینہ یا دوسرے کسی شہر کے فقراء کو دیدی تو نذر ادا ہو گئی یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

نذر میں کسی زمان یا مکان یا فقیر کی تعیین کی تو یہ تعیین ناذر پر لازم نہیں ہوتی، کسی دوسرے وقت میں یا دوسرے مکان میں یا دوسرے فقیر کو دینے سے بھی نذر ادا ہو جاتی ہے، اسی طرح اگر نذر میں کوئی چیز متعین کر دی کہ فلاں چیز دوں گا تو بعینہ یہی چیز دینا لازم نہیں بلکہ اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز بھی دے سکتا ہے، قال فی العلائیۃ والنذر لایختص بزمان ومکان ودرھم وفقیر فلو نذر التصدق یوم الجمعۃ بمکۃ بھذا الدرھم علی فلان فخالف جاز (رد المحتار ص۱۳۷ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۲ رجمادی الاولیٰ سنہ ۸۶ھ

قرآن خوانی کرانے کی نذر جائز نہیں :

سوال : زید نے نذر مانی کہ میرا فلاں کام ہو گیا تو قرآن خوانی کراؤں گا، اب کام ہونے پر قرآن خوانی کرانا واجب ہو گا یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

قرآن خوانی کی مروّج رسم بدعت اور ناجائز ہے، اس لئے اس کی نذر کرنا جائز نہیں، قال فی شرح التنویر وفی البحر وشرائطہ خمس فزاد ان لایکون معصیۃ لذاتہ فصح نذر یوم النحر لانہ لغیرہ، وفی الشامیۃ قال فی الفتح واما کون المنذور معصیۃ

یمنع انعقاد النذر فیجب ان یکون معناہ اذا کان حراما لعینہ اولیس فیہ جہۃ قربۃ فان المذھب ان نذر صوم یوم العید ینعقد ویجب الوفاء بصوم یوم غیرہ ولو صامہ خرج عن العھدۃ اھ (الی قولہ) ان ما کان فیہ جہۃ العبادۃ یصح النذر بہ لما مر من انہ یلزم الوفاء بالنذر من حیث ھو قربۃ لا بکل وصف التزمہ بہ فصح التزام الصوم من حیث ھو صوم مع الغاء کونہ فی یوم العید الخ (رد المحتار ص۱۹ ج۳)

تحقیق مذکور سے ثابت ہوا کہ حرام لغیرہ کی نذر منعقد ہو جاتی ہے مگر اس کا ایفاء بطریق مباح واجب ہے۔

معہٰذا قرآن خوانی خواہ بطریق مباح ہی کیوں نہ ہو اس کی نذر منعقد ہی نہیں ہوتی، اس لئے کہ اس کی جنس سے کوئی فرد فرض یا واجب نہیں، البتہ خود قراءۃ قرآن کی جنس سے نماز میں تلاوت فرض ہے، مگر قراءۃ قرآن عبادۃ مقصودہ نہیں، قال فی العلائیۃ ولو نذر التسبیحات دبر الصلوۃ لم یلزمہ، وفی الشامیۃ وکذا لو نذر قراءۃ القرآن وعللہ القہستانی فی باب الاعتکاف بانہا للصلوۃ وفی الخانیۃ ولو قال علی الطواف بالبیت والسعی بین الصفا والمروۃ او علی ان اقرأ القرآن ان فعلت کذا لا یلزمہ شیء اھ قلت وھو مشکل فان القراءۃ عبادۃ مقصودۃ ومن جنسہا واجب وکذا الطواف فانہ عبادۃ مقصودۃ ایضا ثم رأیت فی لباب المناسک قال فی باب انواع الاطوفۃ الخامس طواف النذر وھو واجب ولا یختص بوقت فہذا صریح فی صحۃ النذر بہ (رد المحتار ص۷۰ ج۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۳ شوال سنہ ۸۶ھ

نذرِ تسبیحات بعد نماز صحیح ہے:

سوال: ایک مولوی صاحب نے بتایا کہ نماز کے بعد جو تسبیحات پڑھی جاتی ہیں اگر کسی نے یہ تسبیحات پڑھنے کی نذر کی تو اس کا پورا کرنا واجب نہیں، اور اگر درود شریف کی نذر کی تو واجب ہو جاتی ہے، حوالہ شامی کا دیتے ہیں، کیا ان کا یہ قول صحیح ہے؟ اگر صحیح ہے تو تسبیحات اور درود شریف میں فرق کی کیا وجہ ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

تسبیحات اور درود شریف میں یہ فرق شامیہ میں نہیں، درمختار میں ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے نذرِ تسبیحات کو بھی واجب الاداء قرار دیا ہے، صحتِ نذر کے لئے منذور کا عبادۃ مقصودہ ہونا اور اس کی جنس سے کسی فرد کا فرض یا واجب ہونا شرط ہے، نماز کے بعد

والی تسبیحات عبادتِ مقصودہ ہیں، اور یہاں لفظ تسبیحات تغلیباً تحمید و تکبیر کو بھی شامل ہے، اور تحمید نماز میں سورۂ فاتحہ کی ابتداء میں فرض ہے، اور تکبیر ابتداءِ نماز میں فرض ہے اور تکبیراتِ عیدین و تکبیراتِ تشریق واجب ہیں، اس لئے ان تسبیحات کی نذر صحیح ہے، اسی طرح درود شریف عبادتِ مقصودہ ہے اور عمر بھر میں ایک بار فرض ہے، اس لئے اس کی نذر بھی صحیح ہے، البتہ نذرِ تسبیحات میں اگر "نماز کے بعد" کی قید نہیں لگائی تو یہ نذر واجب نہیں، اس لئے کہ اس موقع میں لفظ تسبیحات تحمید و تکبیر کو شامل نہیں بلکہ صرف تسبیح ہی مراد ہے اور جنس تسبیح میں کوئی فرد فرض یا واجب نہیں، نقل فی شرح التنویر عن القنیة لو نذر التسبیحات دبر الصلوٰة لم یلزمه ولو نذر ان یصلی علی النبی صلی الله علیه وسلم کل یوم کذا لزمه وقیل لا، وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله ولو نذر التسبیحات) لعل مراده التسبیح والتحمید والتکبیر ثلاثا والثلاثین فی کل واطلق علی الجمیع تسبیحًا تغلیبًا لکونه سابقا وفیه اشارة الی انه لیس من جنسها واجب ولا فرض وفیه ان تکبیر التشریق واجب علی المفتی به وکذا تکبیرة الاحرام وتکبیرات العیدین فینبغی صحة النذر به بناء علی ان المراد من الواجب هو المصطلح ط قلت لکن ماذکره الشارح لیس عبارة القنیة وعبارتها کما فی البحر ولو نذر ان یقول دعاء کذا فی دبر کل صلوٰة عشر مرات لم یصح (قوله لزمه) لان من جنسه فرضا وهو الصلوٰة علیه صلی الله علیه وسلم مرة واحدة فی العمر وتجب کلما ذکر وانما هی فرض عملی قال ح ومنه یعلم انه لا یشترط کون الفرض قطعیًا ط (قوله وقیل لا) لعل وجهه اشتراط کون الفرض قطعیًا ح (رد المحتار ص ۷۰ ج ۳)

فقط والله تعالیٰ اعلم

۲۳؍شوال سنہ ۸۶ھ

نذرِ ذبح میں قیمت کا تصدق جائز ہے:

سوال: بندہ نے نذر مانی کہ یہ بکرا جو گھر پر ورش ہے اگر میرا فلاں کام ہوگیا تو اس کو ذبح کرکے اس کا گوشت فقراء کو تقسیم کردوں گا، اب کام ہوتے پر بندہ نے اس کی قیمت فقراء کو تقسیم کردی تو نذر ادا ہوئی یا نہیں؟ یا بکرا ذبح کرکے گوشت ہی تقسیم کرنا واجب ہے؟ ایک عالمِ دین فرماتے ہیں کہ ذبح کرنا واجب ہے، قیمت دینے سے نذر ادا نہ ہوگی، اپنے دعوی میں شامی ص۹۱ سے دلیل پیش کرتے ہیں، ان کا کہنا صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اضحیہ کے سوا نذرِ ذبح سے نذرِ تصدقِ لحم مقصود ہے، ورنہ نفسِ ذبح کی نذر صحیح نہیں اس لئے کہ اضحیہ کے سوا ذبحِ حیوان عبادتِ مقصودہ نہیں، (اس کی تفصیل کتاب الاضحیہ میں عنوان "اضحیۂ منذورہ سے جوازِ اکل کی تحقیق" میں ہے، مرتب) جب ذبح مقصود نہیں بلکہ تصدقِ لحم مقصود ہو تو اس سے ثابت ہوا کہ ذبحِ حیوان واجب نہیں، بلکہ اختیار ہے چاہے یہ بکرا ذبح کرکے گوشت صدقہ کرے یا بکرا زندہ صدقہ کردے، یا اس کی قیمت صدقہ کرے، یا قیمت کے برابر کوئی دوسری چیز۔ قال فی شرح التنویر نذر ان یتصدق بعشرۃ دراھم من الخبز فتصدق بغیرہ جاز ان ساوی العشرۃ کتصدقہ بثمنہ (رد المحتار ص ۷۲، ج ۳)

سوال میں شامیہ کے جس جزئیہ کا حوالہ دیا گیا ہے اس کی پوری عبارت تحریر کریں تو اس پر غور کیا جا سکتا ہے،

فائدہ: بنصِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نذر میں زمان، مکان اور درہم و فقیر وغیرہ کی تعیین سے نذران قیود سے مختص نہیں ہوتی، اس پر اشکال ہوتا ہے کہ فقیر نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا تو بحکمِ نذر ہونے کی وجہ سے بعینہٖ اسی جانور کی قربانی اس پر واجب ہے، تبدیل کرنا جائز نہیں، اس صورت میں اختصاصِ نذر کیوں ہوا؟

وجہ الفرق یہ معلوم ہوتی ہے کہ نذرِ تضحیہ میں فعلِ منذور یعنی ذبح کا اثرِ حسّی حیوان میں پایا جاتا ہے، اور نذرِ تصدّق بمسمّٰی میں فعلِ منذور یعنی تصدّق کا کوئی اثرِ حسّی نہیں پایا جاتا،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ رشوال سنہ ۸۶ھ

شیرینی تقسیم کرنے کی نذر:

سوال: ہندہ نے نذر مانی کہ میرا فلاں کام ہوگیا تو بچوں کو شیرینی تقسیم کردوں گی تو کام ہونے پر ایسی نذر کا پورا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ اور یہ نذر صحیح ہے یا نہیں؟ حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ "یہ عبادتِ غیر مقصودہ سے ہے، اس نذر کا پورا کرنا واجب نہیں،" آپ کی اس میں کیا رائے شریف ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

الفاظِ نذر میں بچوں میں سے اغنیاء کی تخصیص نہیں، اس لئے یہ اغنیاء و فقراء

سب کو شامل ہے اور تصدق علی الفقیر عبادتِ مقصودہ ہے، لہٰذا یہ نذر صحیح ہے اور واجب الاداء ہے، اور الفاظِ نذر میں نہ تو شیرینی کی کوئی مقدار یا قیمت متعین کی گئی ہے اور نہ ہی بچوں کی تعداد بیان کی گئی ہے، اس صورت میں اطعام عشرۃ مساکین واجب ہے، یعنی مقدار صدقۃ الفطر سے دس گنا زیادہ گیہوں یا اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز صدقہ کرنا واجب ہے، خواہ ایک مسکین کو دے یا متعدد کو بہر صورت نذر ادا ہو جائے گی، قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ قال علیّ نذر ولم یزد علیہ ولا نیۃ لہ فعلیہ کفارۃ یمین ولو نوی صیاما بلا عدد لزمہ ثلاثۃ ایام ولو صدقۃ فاطعام عشرۃ مساکین کالفطرۃ، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ لزمہ ثلاثۃ ایام) لان ایجاب العبد معتبر بایجاب اللہ تعالیٰ وادنی ذلک فی الصیام ثلاثۃ ایام فی کفارۃ الیمین بحر عن الولوالجیۃ (قولہ ولو صدقۃ) ای بلا عدد (قولہ کالفطرۃ) ای لکل مسکین نصف صاع بر وکذا لو قال للہ علیّ اطعام مسکین لزمہ نصف صاع بر استحسانا وان قال للہ علیّ ان اطعم المساکین علی عشرۃ عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ فتح (رد المحتار ص ۷۳ ج ۳) وفی شرح التنویر نذر لفقراء مکۃ جاز الصرف لفقراء غیرھا لما تقرر فی کتاب الصوم ان النذر غیر المعلق لا یختص بشیٔ نذر ان یتصدق بعشرۃ دراھم من الخبز فتصدق بغیرہ جاز ان ساوی العشرۃ کتصدقہ بثمنہ، وفی الشامیۃ تحت (قولہ لما تقرر فی کتاب الصوم) قلت وکما لا یتعین الفقیر لا یتعین عددہ ففی الخانیۃ ان زوجت بنتی فالف درھم من مالی صدقۃ لکل مسکین درھم فزوج ودفع الالف الی مسکین جملۃ جاز (رد المحتار ص ۷۴ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

غرۃ ذی الحجہ سنہ ۸۶ھ

نذرِ معلّق میں صیغۂ التزام ضروری نہیں:

سوال: زید کی بھینس کا پاؤں ٹرک میں پھنس گیا، نہ نکل سکا، زید نے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے میری بھینس کا پاؤں صحیح سلامت نکل جائے تو دس روپے اللہ واسطے دونگا، صرف اللہ واسطے کا لفظ کہا، منت یا نذر وغیرہ کچھ نہیں کہا تو یہ نذر کے حکم میں ہے یا نفلی صدقات کے حکم میں ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

ایسے الفاظ عرفاً نذر کے لئے مستعمل ہیں، اس لئے یہ نذر لازم اور واجب التصدق ہے،

فان الأیمان مبنیة علی العرف، قال فی العلائیة فان الأیمان مبنیة علی العرف فما تعورف الحلف به فیمین ومالا فلا (رد المحتار ص۵۲ ج۳)

والنذر فی حکم الیمین کما فی الشامیة تحت (قوله ومن نذر نذرا مطلقا) و انما ذکروا النذر فی الایمان لما یأتی من انه لو قال علی نذر ولا نیة له لزمه کفارة و مر فی اٰخر کتاب الصیام انه لو نذر صوما فان لم ینو شیئا او نوی النذر فقط او نوی النذر وان لا یکون یمینا کان نذرا فقط وان نوی الیمین وان لا یکون نذرا کان یمینا وعلیه کفارة ان افطر وان نواهما او نوی الیمین کان نذرا ویمینا حتی لو افطر قضی وکفر ومر هنالک الکلام فیه (رد المحتار ص۶۸ ج۳) وایضا فیها (قوله لان النذر لیس من جنسه فرض الخ) هذا التعلیل لصاحب البحر وینافیه ما فی الخانیة قال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة فبرئ لا یلزمه شیء الا ان یقول فللّٰه علی ان اذبح شاة اھ وهی عبارة متن الدرر وعللها فی شرحه بقوله لان اللزوم لا یکون الا بالنذر والدال علیه الثانی لا الاول اھ فافاد ان عدم الصحة لکون الصیغة المذکورة لا تدل علی النذر ای لان قوله ذبحت شاة وعد لا نذر ویؤیده ما فی البزازیة لو قال ان سلم ولدی اصوم ما عشت فهذا وعد لکن فی البزازیة ایضا ان عوفیت صمت کذا لم یجب ما لم یقل للّٰه تعالیٰ علی وفی الاستحسان یجب ولو قال ان فعلت کذا فانا احج ففعل یجب علیه الحج اھ فعلم ان تعلیل الدرر مبنی علی القیاس والاستحسان خلافه وینافیه ایضا قول المصنف علی شاة اذبحها وعبارة الفتح فعلی بالفاء فی جواب الشرط اذ لا شک ان هذا لیس وعدا ولا یقال انما لم یلزمه لعدم قوله للّٰه علی لان المصرح به صحة النذر بقوله للّٰه علی حجة او علی حجة (رد المحتار ص۷۰ ج۳)

فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم

۱۸ ربیع الاول سنہ ۸۷ھ

سوال مثل بالا:

یہاں دار العلوم میں نذرِ معلق کی ایک صورت کے بارے میں استفتار آیا تھا، میں نے اس کا جواب لکھا ہے، مگر مولانا محمد تقی صاحب کو اس پر چند اشکالات ہیں، جواب مع اشکالات پیش خدمت ہے، اگر جواب صحیح ہے تو اشکالات کا حل تحریر فرما کر ممنون فرمائیں، اور جواب میں

کوئی نقص ہے تو صحیح جواب کی ہدایت سے نوازیں، اطال اللہ بقاءکم ونفعنا وجمیع المسلمین بفیوضکم،

سوال: میں نے اللہ پاک سے وعدہ کیا تھا کہ مجھے اگر کراچی میں کامیاب تجارت ہاتھ آگئی تو ہر سال نفلی حج کے لئے جاؤں گا، یہ وعدہ تھا، جذبہ تھا، خواہش تھی، نذر نہیں تھی، اب بحمد اللہ مجھے اللہ پاک نے کراچی میں کامیاب دُوکان، تجارت عطاء فرمائی ہے، اب نفلی حج پر تقریباً بیس ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں، اگر میں اس رقم سے مفتیوں کے لئے اسلامی فتاوٰی خریدلوں جن سے وہ مسلمانوں کو فتوے بتائیں گے، میرا صدقہ جاریہ ہوگا، شریعت کے لحاظ سے میرے لئے اس میں ثواب زیادہ ہے یا نفلی حج میں؟ ان شاء اللہ آپ حضرات جو حکم مجھے کتب فقہ سے بتائیں گے میں اسی پر عمل کروں گا، بینوا توجروا،

الجواب من دار العلوم کراتشی

① فی الشامیۃ ناقلا عن الخانیۃ قال ان برئت من مرضی ھذا ذبحت شاۃ فبرئ لایلزمہ شیء الا ان یقول فللہ علیّ ان اذبح شاۃ اھ وھی عبارۃ متن الدرر وعللھا فی شرحہ بقولہ لأن اللزوم لایکون الا بالنذر والدال علیہ الثانی لا الاول اھ فافاد ان عدم الصحۃ لکون الصیغۃ المذکورۃ لاتدل علی النذر ای لأن قولہ ذبحت شاۃ وعد لانذر ویؤیدہ مافی البزازیۃ ایضاً لوقال ان سلم ولدی اصوم ماعشت فھذا وعد لکن فی البزازیۃ ایضاً ان عوفیت صمت کذا لم یجب مالم یقل للہ علیّ وفی الاستحسان یجب ولوقال ان فعلت کذا فانا احج ففعل یجب علیہ الحج اھ، نعلم ان تعلیل الدرر مبنی علی القیاس والاستحسان خلافہ (شامیۃ ص ۷۰ ج ۳)

② وفی البزازیۃ علی الھندیۃ ان عوفیت صمت کذا لم یجب مالم یقل للہ علیّ وفی الاستحسان یجب وان لم یکن تعلیقا لایجب قیاساً واستحساناً کما اذا قال لوفعلت کذا فانا احج ففعل یجب علیہ الحج (ص ۳۱۴ ج ۴)

③ وکذا فی البحر ناقلاً عن البزازیۃ (بحر ص ۳۲۱ ج ۴)

④ وفی آخر الاشباہ والنظائر اما الصیغۃ فللہ وعلیّ ونذرت للہ وانا افعل ان کان معلقاً کانا احج ان دخلت الدار بخلاف انا احج منجزا،

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ صورتِ مسئولہ میں سائل نے جو یہ کہا ہے کہ "اگر کراچی میں کامیاب تجارت ہاتھ آگئی تو ہر سال نفلی حج کے لئے جاؤں گا" یہ صیغۂ نذر ہے، یہ نذرِ معلق ہے، اور استحساناً صحیح ہے، سائل کا یہ کہنا کہ "اس سے میری نیت نذر کی نہیں تھی، صرف جذبہ اور وعدہ تھا" معتبر نہ ہوگا، لہٰذا سائل پر ہر سال حج نفلی کرنا واجب ہے، حج نفلی کی بجائے اتنی رقم کسی دوسرے کارِ خیر میں لگانا جائز نہیں، فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

عبداللہ، دارالافتاء، دارالعلوم کراچی

اشکالات جو مولانا محمد تقی صاحب کو پیش آئے

① قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ حج واجب نہو، استحسان کا تقاضا یہ ہے کہ حج واجب ہے، تو اس قیاس اور استحسان کے درمیان ما بہ الامتیاز کیا ہے؟ اگر ما بہ الامتیاز یہی ہو کہ یہ نذرِ معلق ہے جو کہ بزازیہ کی تشریح کے مطابق ہے تو اس قسم کے کلمات عرف میں عام طور پر بولے جاتے ہیں، مثلاً اگر حکومت اجازت دیگی تو میں حج کو جاؤنگا یا میرا لڑکا سفر سے آگیا تو میں حج کو جاؤنگا یا میری لڑکی کی شادی ہوگئی تو حج کو جاؤں گا، وغیرہ،

② اور اگر نذرِ معلق کو الفاظِ نذر میں داخل کرلیا جائے جیسے اشباہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے تو نذر کرنے والا جب اس بات کی تصریح کردے کہ میری نیت اس سے نذر کی نہیں تھی فقط ایک وعدہ تھا تو کیا اس کی نیت معتبر نہ ہوگی؟

الجواب باسم ملہم الصواب

انعقادِ نذر کے لئے لفظِ نذر یا کوئی دوسرا صیغۂ التزام ضروری ہے، مگر نذرِ معلق میں استحساناً صیغۂ التزام ضروری نہیں، کیونکہ عرفِ عام میں اسے بہرحال نذر ہی سمجھا جاتا ہے، اس عرف کی بناء یہ معلوم ہوتی ہے کہ تعلیق میں دلالۃً التزام موجود ہے،

جوابِ اشکالات: ① "اگر حکومت اجازت دیگی تو حج کو جاؤنگا" اور اس کے ساتھ مذکورہ دوسری مثالوں میں نذر اس لئے نہیں ہوتی کہ عرفاً ہر تعلیق سے نذر مقصود نہیں ہوتی، بلکہ شفاءِ امراض ودفعِ بلیّات و حصولِ مقاصد وغیرہ کیساتھ تعلیق ہو اور شکرانہ کے طور پر کوئی عبادت متعین کرے تو اس سے نذر مراد ہوتی ہے،

② نذر کی نیت نہ کرنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں، ایک عدمِ نیتِ نذر، دوسری نیتِ عدمِ نذر، پہلی صورت میں نذر منعقد ہو جائیگی، اس لئے کہ الفاظ سے انکے عرفی معنی کا ثبوت نیت پر موقوف نہیں، اسی لئے عبارات فقہ میں انعقادِ نذر کے لئے نیت کی قید نہیں، اور دوسری صورت یعنی نیتِ عدمِ نذر میں عدمِ انعقاد کو ترجیح معلوم ہوتی ہے، لانہ نوی حقیقۃ کلامہ وھو اولی، ومحلہ کتب اصول الفقہ فلتراجع، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ ربیع الآخر سنہ ۱۴۰۲ھ

حَاشَ لِلّٰهِ سے قسم:

سوال: حَاشَ لِلّٰهِ قسم ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

حَاشَ لِلّٰهِ بمعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ ہے، اس سے قسم کا عرف ہو تو بلانیت بھی قسم ہو جائے گی، قسم متعارف نہ ہو تو بنیت قسم کہنے سے قسم ہوگی ورنہ نہیں، اللہ تعالیٰ کی ہر صفت کا یہی حکم ہے، قال فی شرح التنویر ولا یقسم بصفة لم یتعارف الحلف بها من صفاته تعالیٰ کرحمته وعلمه (الیٰ قوله) وسبحان الله ونحو ذلك، وفی الشامیة (قوله سبحان الله الخ) قال فی البحر ولو قال لا اله الا الله لا افعل کذا لا یکون یمینا الا ان ینوی وکذا قوله سبحان الله والله اکبر لا افعل کذا لعدم العادة اھ، قلت ولو قال الله الوکیل لا افعل کذا ینبغی ان یکون یمینا فی زماننا لانه مثل الله اکبر لکنه متعارف، (رد المحتار ص۵۵ ج۳)، فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم، ۲۲ر رمضان سنہ ۸۷ھ

گناہ پر قسم کا توڑنا اور کفارہ واجب ہے:

سوال: زید نے قسم کھائی کہ آج سینما دیکھے گا، اگر اس دن سینما نہ دیکھا تو قسم کا کفارہ واجب ہوا یا نہیں؟ اور ایسی قسم کا توڑنا واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

گناہ پر قسم کو توڑ کر کفارہ دینا واجب ہے، قال فی التنویر ومن حلف علیٰ معصیة کعدم الکلام مع ابویه اوقتل فلان الیوم وجب الحنث والتکفیر (رد المحتار ص۶۴ ج ۳)،

فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم

۱۶ر شوال سنہ ۸۷ھ

قرآن کی قسم:

سوال: قرآن ہاتھ میں اٹھانے سے قسم ہو جاتی ہے یا نہیں؟ اور اس کے توڑنے پر کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ جبکہ قرآن ہاتھ میں اٹھانے کو بعض جگہ قسم ہی سمجھتے ہوں، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر قرآن مجید ہاتھ میں لے کر یا اس پر ہاتھ رکھ کر کوئی بات کہی لیکن قسم نہیں کھائی، یا یوں کہا ”اس قرآن کی قسم“ تو قسم نہیں ہوئی، البتہ اگر قرآن کی طرف اشارہ کئے بغیر کہا

"قرآن کی قسم" یا "کلام اللہ کی قسم" یا قرآن کی طرف اشارہ کرکے کہا "اس میں جو کلام اللہ ہے اس کی قسم" تو قسم ہو جائے گی، توڑنے پر کفارہ واجب ہوگا، قال فی شرح التنویر قال الکمال ولا یخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمینا واما الحلف بکلام اللہ فیدور مع العرف وقال العینی ان المصحف یمین لاسیما فی زماننا، وفی الشامیۃ (قولہ قال الکمال الخ) بنی علی ان القرآن بمعنی کلام اللہ فیکون من صفاتہ تعالیٰ کما یفیدہ کلام الھدایۃ (الی قولہ) ونقل فی الھندیۃ عن المضمرات وقد قیل ھذا فی زمانھم واما فی زماننا فیمین وبہ نأخذ ونأمر ونعتقد وقال محمد بن مقاتل الرازی انہ یمین وبہ اخذ جمھور مشایخنا اھ فھذا مؤید لکونہ صفۃ تعورف الحلف بھا کعزۃ اللہ وجلالہ وفیھا تحت (قولہ وقال العینی الخ) واقرہ فی النھر وفیہ نظر ظاھر اذ المصحف لیس صفۃ للہ تعالیٰ حتی یعتبر فیہ العرف (الی قولہ) نعم لو قال اقسم بما فی ھذا المصحف من کلام اللہ تعالیٰ ینبغی ان یکون یمینا (رد المحتار ص ۵۳ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ر شوال ۸۷ھ

طعامِ نذر سید پر حرام ہے:

سوال: نذر کا کھانا غریب سید کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

جائز نہیں، قال فی العلائیۃ وجازت التطوعات من الصدقات وغلۃ الاوقاف لھم ای لبنی ھاشم، وفی الشامیۃ (قولہ وجازت التطوعات الخ) قید بھا لیخرج بقیۃ الواجبات کالنذر والعشر والکفارات وجزاء الصید الا خمس الرکاز فانہ یجوز صرفہ الیھم کما فی النھر عن السراج (رد المحتار ص ۹۳ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ر ذی الحجہ ۸۷ھ

نمازیوں کو کھلانے کی نذر:

سوال: زید نے منت مانی کہ فلاں کام ہو گیا تو بیس مصلی کو کھانا کھلاؤں گا، اب کام ہونے پر بیس مصلی کو کھلانا خواہ مصلی امیر ہو یا غریب درست ہے یا نہیں؟ اور نذر کا کھانا امیروں کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟ امداد الفتاویٰ ص ۴۹۰ ج ۲ پر مرقوم ہے کہ نذر کا کھانا امیروں کو کھانا جائز ہے، اگرچہ جتنی مقدار امیروں نے کھائی ہے نذر صحیح نہ ہوگی، اور فتاویٰ رشیدیہ ص ۴۰۲ پر مرقوم ہے کہ

نذر کا کھانا اغنیاء کو کھانا حرام ہے" دونوں فتووں کی عبارت میں اختلاف ہے، لہٰذا بندہ کا خلجان رفع فرما کر ممنون فرمائیں، جبکہ ناذر نے امیر و غریب دونوں کو کھلانے کی نذر مانی ہو تو امیروں کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

بقدر حصۂ اغنیاء نذر منعقد ہی نہیں ہوئی اس لئے اس کا ایفاء واجب نہیں، اور اگر اغنیاء کو کھلایا تو یہ اس لئے جائز ہے کہ ان کے حق میں یہ طعام نذر کا نہیں، قال فی شرح التنویر نذر التصدق علی الاغنیاء لم یصح مالم ینو ابناء السبیل (رد المحتار ص ۷۰ ج ۳)، بقدر حصۂ فقراء نذر صحیح ہے، اور اس کا ایفاء واجب ہے، اس سے اغنیاء کو کھانا جائز نہیں، صورتِ سوال میں اغنیاء و فقراء کا مجموعہ بیس ہے، ان میں سے عددِ فقراء مجہول ہے، اور جہالتِ عدد کی صورت میں دس فقراء کا طعام واجب ہوتا ہے، ایک فقیر کا طعام بقدر صدقۃ الفطر ہے، لہٰذا بقدر صدقۃ الفطر سے دس گنا زیادہ گیہوں یا اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز صدقہ کرنا واجب ہے، خواہ ایک ہی مسکین کو سب دیدے یا متعدد مساکین میں تقسیم کرے، ہر طرح اختیار ہے، قال فی شرح التنویر قال علی نذر ولم یزد علیہ ولا نیۃ لہ فعلیہ کفارۃ یمین ولو نوی صیاماً بلا عدد لزمہ ثلاثۃ ایام ولو صدقۃ فاطعام عشرۃ مساکین کالفطرۃ، وفی الشامیۃ (قولہ لزمہ ثلاثۃ ایام) لان ایجاب العبد معتبر بایجاب اللہ تعالیٰ وادنی ذلک فی الصیام ثلاثۃ ایام فی کفارۃ الیمین بحر عن الولوالجیۃ (قولہ ولو صدقۃ) ای بلا عدد (قولہ کالفطرۃ) ای لکل مسکین صاع بر وکذا لو قال للہ علی اطعام مسکین لزمہ نصف صاع بر استحسانا وان قال للہ علی ان اطعم المساکین علی عشرۃ عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ نتح (رد المحتار ص ۷۳ ج ۳) وفی شرح التنویر نذر لفقراء مکۃ جاز الصرف لفقراء غیرھا لما تقرر فی کتاب الصوم ان النذر غیر المعلق لا یختص بشیء نذر ان یتصدق بعشرۃ دراھم من الخبز فتصدق بغیرہ جاز ان ساوی العشرۃ کتصدقہ بثمنہ، وفی الشامیۃ تحت (قولہ لما تقرر فی کتاب الصوم) قلت وکما لا یتعین الفقیر لا یتعین عددہ ففی الخانیۃ ان زوجت بنتی فالف درھم من مالی صدقۃ لکل مسکین درھم فزوج ودفع الالف الی مسکین جملۃ جاز (رد المحتار ص ۷۲ ج ۳)

فتاوی رشیدیہ اور امداد الفتاوی کے جواب میں تعارض نہیں، اس لئے کہ فتاوی رشیدیہ میں اُس نذر کا حکم ہے جو فقراء کے لئے مختص ہو، اس سے اغنیاء کو کھانا جائز نہیں، اور امداد الفتاوی میں ایسی نذر کا بیان ہے جس میں ناذر نے اغنیاء و فقراء دونوں کی نیت کی ہو، اس میں بقدر حصہ اغنیاء نذر منعقد ہی نہیں ہوئی، اس لئے اس کا ایفاء واجب نہیں، معہذا اگر اغنیاء کو کھلائے گا تو چونکہ یہ صدقہ واجبہ نہیں بلکہ تطوع ہے اس لئے اغنیاء کے لئے حلال ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۰ ذی الحجہ سنہ ۸۷ھ

تبلیغ میں جانے کی نذر صحیح نہیں :

سوال : زید نے نذر مانی کہ میرا ہاتھ صحیح ہو گیا تو چالیس دن تبلیغ یعنی جماعت میں جاؤں گا، تو یہ نذر صحیح ہوگی یا نہیں؟ اور اس کا پورا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ اگر واجب نہیں تو جائز بھی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

صحتِ نذر کے لئے یہ شرط ہے کہ منذور عبادتِ مقصودہ ہو، تبلیغ عبادتِ مقصودہ نہیں اس لئے یہ نذر منعقد نہیں ہوئی، اس کا ایفاء واجب نہیں، جائز ہے، قال فی التنویر ومن نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسه واجب وهو عبادة مقصودة ووجد الشرط لزم الناذر (رد المحتار ص ۶۸ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷ رجب سنہ ۸۸ھ

منذور لغیر اللہ سے استفادہ حرام ہے :

سوال : اگر کسی نے قرآن کریم یا کوئی کتاب نذرِ غیر اللہ کے طور پر دی، تو اس کی خرید و فروخت اور مطالعہ و درس وغیرہ کا استفادہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ایسی کتاب سے کسی قسم کا استفادہ جائز نہیں، منذور لغیر اللہ غیر حیوان بھی بعلت تقرب الی غیر اللہ ما اهل به لغیر الله میں داخل ہونے کی وجہ سے حرام ہے، یعنی حرمتِ حیوان بلا واسطہ مدلولِ نص ہے، اور حرمتِ غیر حیوان مدلولِ نص بواسطہ قیاس ہے، علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کی حرمت پر اجماع نقل فرمایا ہے، ونصه قبیل باب الاعتکاف فقال الشیخ قاسم فی شرح الدرر واما النذر الذی ینذره اکثر العوام علی ما هو مشاهد کأن یکون للانسان

غائب اومریض اولہ حاجۃ ضروریۃ فیأتی بعض الصلحاء فیجعل سترہ علی رأسہ فیقول یا سیدی فلان ان رد غائبی اوعوفی مریضی اوقضیت حاجتی فلك من الذھب کذا اومن الفضۃ کذا اومن الطعام کذا اومن الماء کذا اومن الشمع کذا اومن الزیت کذا فھٰذا النذر باطل بالاجماع لوجوہ منھا انہ نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لایجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لاتکون للمخلوق ومنھا ان المنذور لہ میت والمیت لایملك ومنھا انہ ظن ان المیت یتصرف فی الامور دون اللہ تعالیٰ واعتقادہ ذٰلك کفر (الیٰ قولہ) للاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولاینعقد ولا یشتغل الذمۃ بہ ولانہ حرام بل سحت ولایجوز لخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ الا ان یکون فقیرا اولہ عیال فقراء عاجزون عن الکسب وھم مضطرون فیأخذونہ علی سبیل الصدقۃ المبتدأۃ فاخذہ ایضا مکروہ ما لم یقصد بہ الناذر التقرب الی اللہ تعالیٰ وصرفہ الی الفقراء ویقطع النظر عن نذر الشیخ فاذا علمت ھٰذا فما یؤخذ من الدراھم والشمع والزیت وغیرھا وینقل الیٰ ضرائح الاولیاء تقربا الیھم فحرام باجماع المسلمین ما لم یقصد وابصرفھا للفقراء الاحیاء قولاً واحداً اھ (البحر الرائق ص۲۹۸ ج۲)

اگر ناذر اس عقیدۂ شرکیہ سے تائب ہوجائے تو منذور لغیر اللہ حلال ہوجاتا ہے اور اس سے استفادہ جائز ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶ رجب سنہ ۹۰ھ

قسم میں اعتبار عرف کی تحقیق:

سوال: ہمارے ملک میں یہ عرف ہو کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ غیر کے گھر میں نہیں جائے گا اور اس کے ہاں کھانا وغیرہ نہیں کھائے گا تو بطور قسم کہتا ہے کہ مجھ پر اس کے گھر کا پانی حرام ہے، آیا یہ قسم صرف مسمّٰی یعنی پانی کے ساتھ مختص ہوگی یا کہ عرف کے مطابق ہر قسم کے طعام وغیرہ کو شامل ہوگی؟ بندہ کے خیالِ ناقص میں یہ قسم صرف پانی کے ساتھ مختص ہوگی، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں الأیمان مبنیۃ علی الالفاظ، اور فرماتے ہیں الایمان مبنیۃ علی العرف، نیز فرماتے ہیں بالعرف یخص ولایزاد، ودلالۃ العرف لا تأثیر لھا فی جعل غیر الملفوظ ملفوظاً، ولا یحنث بالغرض بلا مسمّٰی، لان الغرض یصلح مخصصاً لا مزیداً (رد المحتار ص۷۴ ج۳)، صورتِ سوال میں جملہ "مجھ پر اس کے گھر کا پانی حرام ہے" میں

اگرچہ عرفاً پانی کا لفظ ہر قسم کے طعام کو عام ہے مگر چونکہ یہ لفظ مسمّٰی معیّن و مخصوص ہے اور مستعمل ہے، مہجور نہیں، فقط اتنی بات ہے کہ عرف میں ہر دو معنی میں استعمال ہوتا ہے، ایک اصل پانی اور دوسرے معنی مطلق طعام، معنی ثانی میں مجاز اور معنی اول متروک نہیں، لہٰذا بندہ کے ناقص خیال میں یہ پانی کے معنی میں ازدیاد ہے اس کی تخصیص نہیں، کیونکہ یہاں عموم نہیں، اور یہ غیر ملفوظ کو ملفوظ بنانا ہے، اگر حالف کی غرض بھی عام ہو تاہم غرض مخصص ہوتی ہے نہ کہ مزید، یہاں چونکہ پانی کے لفظ میں عموم نہیں اس لئے تخصیص نہیں ہو سکتی، بلکہ مزید ہے اور وہ صحیح نہیں ابندہ کے خیال ناقص میں اس کی نظیر یہ جزئیہ ہے لایشتری لانسان شیئا بفلس، براہِ کرم اپنی رائے سامی سے تشفی فرمائیں، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

آپ کی رائے صحیح ہے، جب حقیقت غیر مہجورہ اور مجاز متعارف جمع ہو جائیں تو عند الامام رحمہ اللہ تعالیٰ حقیقت پر عمل کیا جائے گا، اور صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک عموم مجاز پر، فتویٰ امام رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر ہے، وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ نعم ماوقع مشترکا بین اللغة والعرف تعتبر فیه اللغة علی انها العرف (ردالمحتار ص ۴۶ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶ رجب سنہ ۹۰ھ

تزیینِ کلام کے لئے غیر اللہ کی قسم:

سوال: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حالتِ اعتکاف میں تھے کہ ایک شخص کو محزون مسجد میں بیٹھا دیکھا تو اعتکاف چھوڑ کر اس کے ساتھ اس کے کام کے لئے چل دیئے، اس قصہ میں فرماتے ہیں کہ بعزة صاحب هٰذا القبر، تو کیا یہ قسم جائز ہے؟ ایسا ہی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں قحط پڑا ایک شخص نے بکری کاٹی تو گوشت نہیں نکلا، سوائے کھال اور ہڈی کے کچھ نہ تھا، تو اس نے بیساختہ کہا "وا محمداه" تو اس پر بعض لوگ اشکال کرتے ہیں کہ یہ کہنا جائز نہیں، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا نہیں، بلکہ اس شخص کا ہے جو محزون بیٹھا تھا، بسا اوقات الفاظِ قسم صرف تزیینِ کلام کے لئے لائے جاتے ہیں، حقیقتِ قسم مراد نہیں ہوتی اس صورت میں غیر اللہ کی قسم کے الفاظ کہنا جائز ہے، کما قالوا فی قولهم "ولعمری" یہ بھی کہا جا سکتا

ہے کہ یہاں مضاف محذوف ہے، ای ورب عزۃ صاحب ھٰذا القبر،

ندا غائب اگر بعقیدۂ سماع نہ ہو اور اسماع مقصود نہ ہو بلکہ علیٰ سبیل الاستلذاذ والاشتیاق او التحسر والتحزن وغیرہ ہو تو جائز ہے، کما یخاطبون الاودیۃ والانہار والجبال والاشجار،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۲ رجب سنہ ۹۰ھ

قرآن میں مخلوق کی قسم کیوں ہے؟

سوال: مخلوق کی قسم کھانا جائز نہیں، مگر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی جگہ بار بار اپنی مخلوق کی قسم اٹھائی ہے، مثلاً والعٰدیٰت ضبحًا الآیۃ، اس کا کیا جواب ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملھم الصواب

اس کی مختلف توجیہات ہیں:

① احکام شرع مکلفین کے لئے ہیں، اللہ تعالیٰ احکام کے مکلف نہیں، لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون،

② ایسے مواضع میں مضاف لفظ "رب" ہے، والعٰدیٰت اصل میں ورب العٰدیٰت ہے،

③ کبھی قسم سے مقسم بہ کی تعظیم مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس کی کسی عجیب حالت کا بیان اور اس سے استشہاد مقصود ہوتا ہے، مخلوق کی قسم اس صورت میں ناجائز ہے جبکہ اس کی تعظیم مقصود ہو،

④ کبھی قسم سے صرف تزیین کلام مقصود ہوتی ہے قسم مقصود نہیں ہوتی، کما قالوا فی قولھم "ولعمری"۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۵ ارجمادی الآخرہ سنہ ۹۱ھ

عمرہ کی نذر صحیح ہے:

سوال: اگر کوئی عمرہ کرنے کی نذر مانے تو نذر منعقد ہو جاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملھم الصواب

عمرہ کی نذر منعقد ہو جاتی ہے، اور اس کا ایفاء واجب ہے، نقل فی الھندیۃ عن المبسوط ولو جعل علیہ حجۃ او عمرۃ او صومًا او صلوٰۃ او صدقۃ او ما اشبہ ذلک مما ھو طاعۃ ان فعل کذا ففعل لزمہ ذلک الذی جعل علی نفسہ الخ (عالمگیریۃ ص ۶۵ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۷ رجب سنہ ۹۳ھ

کوئی چیز اپنے اوپر حرام کرنا قسم ہے:

سوال : ایک شخص نے یوں کہا کہ "اگر میرا بھائی اپنی بیٹی کا رشتہ فلاں شخص کو دیدے تو میرا اس جگہ رہنا مجھ پر حرام ہے" اگر رشتہ ہوگیا اور وہ اسی جگہ رہتا ہے، اس کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ الفاظ قسم کے ہیں، اس لئے اس شخص پر قسم کا کفارہ واجب ہے، قال فی التنویر ومن حرم شیئا ثم فعلہ کفر، وفی الشرح لما تقرر ان تحریم الحلال یمین (رد المحتار ص ۵۵ ج ۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۹ محرم سنہ ۹۶ھ

حرام چیز کو حرام کرنا بھی قسم ہے:

سوال : ایک شخص نے یوں کہا کہ "آئندہ مجھ پر سنیما دیکھنا حرام ہے" اگر اس نے آئندہ کبھی سنیما دیکھا تو اس کے لئے کیا حکم ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

کسی چیز کو اپنے اوپر حرام کرنا قسم ہے، خواہ وہ چیز پہلے ہی سے حرام ہو، جیسے شراب، خنزیر وغیرہ، اسی طرح سنیما دیکھنا اگرچہ ویسے ہی حرام ہے مع ہذا اس کو اپنے اوپر حرام کرنے سے قسم ہوگئی، اگر خدانخواستہ اس نے آئندہ کبھی سنیما دیکھا تو سخت گناہ کے علاوہ قسم کا کفارہ بھی واجب ہوگا، قال فی التنویر ومن حرم شیئا ثم فعلہ کفر، وفی الشرح ولو حراما او ملک غیرہ کقولہ الخمر او مال فلان علی حرام فیمین مالم یرد الاخبار خانیۃ (رد المحتار ص ۶۴ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵ محرم سنہ ۱۴۰۶ھ

تعدد الکفارۃ لتعدد الیمین:

سوال : اگر کسی نے آئندہ کوئی کام کرنے یا نہ کرنے پر ایک ہی مجلس میں بلکہ ایک ہی کلام میں کئی بار قسم اٹھائی تو اس کو توڑنے پر ایک ہی کفارہ واجب ہوگا یا کہ جتنی بار قسم اٹھائی ہر ایک پر مستقل کفارہ واجب ہے ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

تعدد یمین پر کفارہ کا تعدد و توحد دونوں قول ہیں، ثانی، اوسع وایسر اور اول ارجح واشہر

ہونے کے علاوہ احوط بھی ہے، قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ وفی البحر عن الخلاصۃ والتجرید وتتعدد الکفارۃ لتعدد الیمین والمجلس والمجالس سواء، وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ وفی البغیۃ کفارات الأیمان اذا کثرت تداخلت ویخرج بالکفارۃ الواحدۃ عن عهدۃ الجمیع وقال شهاب الائمۃ هٰذا قول محمد رحمہ اللہ تعالیٰ قال صاحب الاصل هو المختار عندی اھ مقدسی ومثله فی القهستانی عن المنیۃ (رد المحتار ص ۵۴ ج ۳)، وقال العلامۃ الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله قال صاحب الاصل هو المختار عندی الخ) لا یخفی ان کلا من البغیۃ والمنیۃ للزاهدی ومعلوم ان ما انفرد به لا یعول علیه فلا یعتمد علی القول بالتداخل بل یعتمد علی ما ذکره غیره من عدم التداخل حتی یوجد تصحیح لخلافه ممن یعتمد علیه فی نقله ومما یدل لتعددها ما ذکره فی الفتح اول الحدود ان کفارۃ الافطار المغلب فیها جهۃ العقوبۃ حتی تداخلت وان کفارۃ الأیمان المغلب فیها جهۃ العبادۃ اھ وفی الهندیۃ اذا قال الرجل واللہ والرحمٰن لا افعل کذا کانا یمینین حتی اذا حنث کان علیه کفارتان فی ظاهر الروایۃ اھ فعلم ان التعدد فی ظاهر الروایۃ (التحریر المختار ص ۱۳ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ رمحرم سنہ ۹۶ھ

صوم نذر معین سے عاجز پر قضاء واجب ہے:

سوال: ایک عورت نے ایک معین مدت کے روزوں کی نذر کی، پھر اسی معین وقت میں بیمار ہوگئی، تو کیا ان فوت شدہ روزوں کی قضاء کرے گی یا فدیہ دے گی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بعد میں قضاء کرے، خواہ مسلسل اتنے روزے رکھے یا متفرق، اختیار ہے، کما فی صوم العلائیۃ قبل باب الاعتکاف نذر صوم رجب فدخل وهو مریض افطر وقضی کرمضان، وفی الشامیۃ (قوله کرمضان) ای بوصل او فصل (رد المحتار ص ۱۳۸ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۶ ربیع الاول سنہ ۹۷ھ

کفارہ میں ایک کھانا ایک دن اور دوسرا دوسرے دن کھلانا:

سوال: اگر کسی نے قسم کے کفارہ کی نیت سے دس مساکین کو ایک دن میں ایک وقت کھانا کھلایا، مثلاً صرف صبح میں یا صرف شام میں کھلایا، پھر دوسرے دن میں بھی ایک وقت

کھلا دیا تو کفارہ ادا ہو جائے گا یا کہ دس مساکین کو ایک ہی دن میں صبح و شام کھلانا ضروری ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ایک روایت کے مطابق ایک ہی دن میں صبح و شام کھلانا شرط ہے، مگر راجح یہ ہے کہ یہ شرط نہیں، اگر ایک کھانا ایک دن اور دوسرا کھانا دوسرے دن کھلا دیا تو کفارہ ادا ہو جائیگا، بشرطیکہ دوسرے دن انہی مساکین کو کھلائے جن کو پہلے دن کھلایا تھا، فی ظهار شرح التنویر وان اراد الاباحة فغداهم وعشاهم او غداهم واعطاهم قيمة العشاء او عكسه او اطعمهم غداءين او عشاءين او عشاء وسحورا او اشبعهم جاز، وفی الشامية (قوله او اطعمهم غداءين) اى اشبعهم بطعام قبل نصف النهار مرتين (قوله او عشاءين اى اشبعهم بطعام بعد نصف النهار مرتين كذا فى الدرر، هذا ظاهر فى ان ذلك فى يوم واحد فلا تكفى فى يوم اكلة وفى آخر اخرى لكن صريح ما يأتى فى الفروع آخر الباب يخالفهم (رد المحتار ص ۶۳۳ ج ۲) وقال الشارح رحمه الله تعالى فى الفروع آخر الباب اطعم مائة وعشرين لم يجز الا عن نصف الاطعام فيعيد على ستين منهم غداء او عشاء ولو فى يوم آخر للزوم العدد مع المقدار، وفى الشامية وهو الستون مع المقدار وهو الاكلتان المشبعتان فى الاباحة والصاع او نصفه فى التمليك (رد المحتار ص ۶۳۵ ج ۲)

وقال العلامة الرافعى رحمه الله تعالى (قوله كذا فى الدرر) المتعين حمل ما فى الدرر على ما اذا فعل ما ذكره فى يومين لا فى يوم واحد لعدم كفاية غداءين او عشاءين فى يوم واحد قبل نصف النهار او بعده فلا يخالف ما يأتى فى الفروع (التحرير المختار ص ۲۳۸ ج ۱) وفى ايمان الشامية معزيا الى الجوهرة واذا غدى مسكينا وعشى غيره عشرة ايام لم يجزه لانه فرق طعام العشرة على عشرين كما اذا فرق حصة المسكين على مسكينين ولو غدى مسكينا واعطاه قيمة العشاء اجزأه وكذا اذا فعله فى عشرة مساكين ولو عشاهم فى رمضان عشرين ليلة اجزأه اه لكن فى البزازية اذا غداهم فى يوم وعشاهم فى يوم آخر فعن الثانى فيه روايتان فى رواية شرط وجودهما فى يوم واحد وفى رواية المعلى لم يشترط (رد المحتار ص ۶۲ ج ۳) وفى المجمع ولو غداهم يوما وعشاهم

یومًا جاز (مجمع الانہر ص ۲۶۰، ج ۱)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۷ رجب سنہ ۹۸ھ

"تجھے قسم ہے" سے قسم نہیں ہوتی :

سوال : اگر کسی نے دوسرے کو قسم دے کر کہا کہ "فلاں کام کرو" یا قسم دے کر کہا کہ "فلاں کام مت کرو" یا یوں کہا کہ "واللہ : فلاں کام کرو" یا "واللہ : فلاں کام نہ کرو" تو کیا اس شخص پر اس قسم کے مطابق عمل کرنا واجب ہوجاتا ہے ؟ اور کیا اس کے خلاف کرنے سے اس پر کفارہ واجب ہوگا ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ان صورتوں میں متکلم و مخاطب دونوں میں سے کسی پر قسم واقع نہیں ہوتی، مخاطب پر اس کے مطابق عمل کرنا واجب نہیں، اور نہ ہی اس کے خلاف کرنے سے متکلم و مخاطب میں سے کسی پر کفارہ ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام کی تعظیم کے لئے مخاطب اس کی تعمیل کرے ،
قال فی شرح التنویر ولو قال علیک عهد اللہ ان فعلت کذا فقال نعم فالحالف المجیب (رد المحتار ص ۱۴۳ ج ۳) قلت فان لم یقل المخاطب نعم فلا یکون احدهما حالفًا، وقال العلامة ابن عابدین رحمه اللہ تعالیٰ تحت (قوله فان لم یفعله المخاطب حنث) ورأیت فی الصیرفیة مرّ علی رجل فاراد ان یقوم فقال واللہ لا تقم فقام لا یلزم المار شیء لکن علیه تعظیم اسم اللہ تعالیٰ اھ (رد المحتار ص ۱۴۲ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

۳ رمضان سنہ ۹۸ھ

کلمہ پڑھکر اقرار کرنا قسم ہے :

سوال : ہمارے علاقہ میں عام دستور ہے کہ یقین دلانے کے لئے کلمہ پڑھکر بات کرتے ہیں اور اس کو قسم سمجھتے ہیں، آیا اس سے قسم ہوجاتی ہے ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

قسم کی نیت سے کلمہ پڑھنے سے قسم ہوجاتی ہے، اور جہاں اس کا عرف ہو جیسا کہ آپکے علاقہ میں ہے وہاں بدون نیت بھی قسم ہوجائے گی، قال العلامة ابن عابدین رحمه اللہ تعالیٰ (قوله وسبحان اللہ الخ) قال فی البحر ولو قال لا الٰه الا اللہ لا افعل کذا لا یکون یمینًا الا ان ینوی وکذا قوله سبحان اللہ واللہ اکبر لا افعل کذا لعدم

العادة ام قلت ولو قال الله الوکیل لا افعل کذا ینبغی ان یکون یمینا فی زماننا لانه مثل الله اکبر لکنه متعارف (رد المحتار ص ۵۵ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

"خدا شاہد ہے" کہنا قسم ہے:

سوال: اگر کسی نے کہا "خدا گواہ ہے" یا "خدا شاہد ہے" تو قسم ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

ان الفاظ سے قسم متعارف ہے، اس لئے قسم ہوگئی، قال اللہ تعالیٰ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ (۲-۲۰۴)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

زبان سے کہے بغیر نذر نہیں ہوتی:

سوال: اگر کسی نے دل ہی دل میں کوئی نذر مانی، زبان سے کچھ نہیں کہا تو یہ نذر واجب ہوجائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

انعقادِ نذر کے لئے زبان سے کہنا شرط ہے، صرف دل میں نیت کرنے سے نذر نہیں ہوتی، فی اعتکاف العلائیة واجب بالنذر بلسانه، وفی الشامیة فلا یکفی لایجابه النیة منح عن شمس الائمة (رد المحتار ص ۱۴۱ ج ۲)، وفی صوم الشامیة تحت (قوله ولو نذر) الخ قال فی الملتقی والنذر عمل اللسان (رد المحتار ص ۱۳۴ ج ۲)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۱۴۰۱ھ

فلاں کام کروں تو کافر ہوجاؤں:

سوال: ایک شخص نے قسم کھائی "کہ اگر فلاں کام کروں تو کافر ہوجاؤں، پھر اس نے وہ کام کرلیا تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر اس کا یہ عقیدہ تھا کہ وہ اس کلام کے بعد فلاں کام کرنے سے واقعۃً کافر ہوجائے گا اس کے باوجود وہ کام کرلیا تو یہ شخص کافر ہوگیا، اور اگر یہ عقیدہ نہیں تھا بلکہ وہ اسے قسم سمجھتا تھا تو کافر نہیں ہوا، اس صورت میں اس پر قسم کا کفارہ واجب ہے، قال فی العلائیة والقسم

ایضاً بقوله ان فعل کذا فهو یهودی او نصرانی او فاشهدوا علیّ بالنصرانیة او شریک للکفار او کافر فیکفّر بحنثه لو فی المستقبل اما الماضی عالما بخلافه فغموس واختلف فی کفره والاصح ان الحالف لم یکفر سواء علقه بماض او آت ان کان عنده فی اعتقاده انه یمین وان کان جاهلاً وعنده انه یکفر فی الحلف بالغموس وبمباشرة الشرط فی المستقبل یکفر فیهما الرضاه بالکفر (رد المحتار ص۵۶ ج۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ رشوال ۱۴۰۲ھ

نذرِ تسبیحات، تلاوت، طواف:

سوال: کسی شخص نے قرآن ختم کرنے کی منت مانی، ایک پارہ یا پانچ چھ سورت یا دس بیس آیتیں پڑھنے کی، بعد چندے وہ وفات پاگیا اور وفاءِ نذر کی وصیت کرگیا، ثلث مال میں وصیت کی گنجائش ہے، طحطاوی علی مراقی الفلاح میں بحوالہ تفسیر کشاف لکھا ہے کہ قرآن شریف کی کل آیات ۶۶۶۶ ہیں، تو کیا ہر آیتِ شریفہ کا کفارہ الگ واجب ہے؟ جیساکہ سجدۂ تلاوت میں ہے، یا کہ کل قرآن شریف کا ایک ہی کفارہ ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

تلاوتِ قرآن کی نذر صحیح نہیں، لہٰذا یہ وصیت واجب الاداء نہیں، قال فی شرح التنویر معزیاً للقنیة ولو نذر التسبیحات دبر الصلوٰة لم یلزمه، وفی الشامیة (قوله نذر التسبیحات) لعل مراده التسبیح والتحمید والتکبیر ثلاثاً وثلاثین فی کل واطلق علی الجمیع تسبیحا تغلیباً لکونه سابقا وفیه اشارة الی انه لیس من جنسها واجب ولا فرض وفیه ان تکبیر التشریق واجب علی المفتی به وکذا تکبیرة الاحرام وتکبیرات العیدین فینبغی صحة النذر به بناء علی ان المراد بالواجب هو المصطلح ط قلت لکن ما ذکره الشارح لیس عبارة القنیة وعبارتها کما فی البحر ولو نذر ان یقول دعاء کذا فی دبر کل صلوٰة عشر مرات لم یصح (قوله لم یلزمه) وکذا لو نذر قراءة القرآن وعلله القهستانی فی باب الاعتکاف بأنها للصلوٰة وفی الخانیة ولو قال علیّ الطواف بالبیت والسعی بین الصفا والمروة او علیّ ان اقرأ القرآن ان فعلت کذا لا یلزمه شیء اھ، قلت وهو مشکل فان القراءة

عبادة مقصودة ومن جنسها واجب، وكذا الطواف فانه عبادة مقصودة ايضاً ثم رأيت فى لباب المناسك قال فى باب انواع الاطوفة الخامس طواف النذر وهو واجب ولا يختص بوقت فهذا صريح فى صحة النذر به (رد المحتار ص ۷۰ ج ۳) وقال العلامة الرافعى رحمه الله تعالى (قوله او على ان اقرأ القرآن ان فعلت كذا لا يلزمه شئ) لعل وجهه ان هذه الاشياء وان كانت عبادة الا انها ليست مقصودة فان القصد بالطواف تعظيم الكعبة وبالقراءة التدبر فى معانيها لا مجرد اجراء الحروف على اللسان وعلل فى شرح الاشباه لعدم صحة نذر التسبيحات وقراءة القرآن بانها ليست بقربة مقصودة (التحرير المختار ص ۱۵ ج ۲) وفى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح (ولا قراءة القرآن) كذا فى كبيرة وفيه ان القراءة من جنسها فرض وواجب وتقصد لذاتها وليست واجبة قبل وعلل عدم الوجوب فى القهستانى بان لزومها للصلوٰة لا لعينها (طحطاوى على المراقى ص ۳۴۸ ج ۲)

ان عبارات میں تین چیزوں کی نذر سے بحث ہے، تسبیحات، طواف، تلاوت، ان میں سے ہر ایک کی تفصیل الگ الگ لکھی جا رہی ہے:

① تسبیحات: ان کی نذر صحیح نہیں، اس لئے کہ جنسِ تسبیح سے کوئی واجب نہیں،

علامہ رافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح الاشباہ سے جو یہ وجہ نقل فرمائی ہے کہ تسبیحات قربتِ مقصودہ نہیں، یہ وجہ غیر وجیہ ہے،

تسبیحات دبر الصلوٰۃ کی نذر صحیح ہے، اس لئے کہ ان میں تحمید و تکبیر بھی ہے، اور تحمید نماز میں سورۂ فاتحہ کی ابتداء میں ہے جو کہ واجب ہے اور تکبیر نماز کی ابتداء میں فرض ہے اور تکبیراتِ تشریق و تکبیراتِ عیدین واجب ہیں،

علامہ حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے قنیہ سے ان تسبیحات کی نذر کا عدمِ لزوم نقل فرمایا ہے، مگر علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ قنیہ میں نذر دعاء بعد الصلوٰۃ کا عدمِ لزوم مذکور ہے نہ کہ نذرِ تسبیحات بعد الصلوٰۃ کا،

علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے علامہ طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل فرمایا ہے کہ انھوں نے تسبیحات بعد الصلوٰۃ میں تحمید و تکبیر کو داخل فرما کر صحتِ نذر کا قول کیا ہے، اس لئے کہ جنسِ تکبیر میں واجب موجود ہے،

قال العبد الضعیف علامہ طحطاوی وشامی رحمہما اللہ تعالیٰ میں سے کسی کی بھی نظر اس طرف نہیں گئی کہ جنسِ تحمید میں بھی واجب موجود ہے، حالانکہ نماز میں سورۃ فاتحہ کی ابتداء میں تحمیدِ واجب موجود ہے کما قدمنا،

(۲) طواف: اس کی نذر صحیح ہے، اس لئے کہ یہ عبادتِ مقصودہ ہے، اور اس کی جنس سے واجب موجود ہے،

علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے خانیہ سے اس کی نذر کا عدمِ لزوم نقل فرما کر اس پر اشکال وارد فرمایا ہے کہ یہ عبادت مقصودہ ہے اور اس کی جنس سے واجب موجود ہے، اس لئے اس کی نذر صحیح ہونا چاہئے، اس کے بعد لباب المناسک سے لزومِ نذر نقل فرمایا ہے،

علامہ رافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے عدمِ لزوم کی یہ توجیہ کی ہے کہ طواف خود عبادتِ مقصودہ نہیں بلکہ اس سے تعظیمِ کعبہ مقصود ہے، یہ توجیہ بھی غیر وجیہ ہے،

(۳) تلاوت: اس کی جنس سے اگرچہ واجب موجود ہے مگر یہ عبادت غیر مقصودہ ہے، اس لئے اس کی نذر لازم نہیں:

علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے خانیہ سے اور علامہ طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مراقی الفلاح سے اس کا عدمِ لزوم نقل فرما کر اس پر اشکال وارد فرمایا ہے کہ قراءت عبادت مقصودہ ہے اور اس کی جنس سے واجب موجود ہے، ——— ان دونوں حضرات نے قہستانی سے عدمِ لزوم کی یہ تعلیل نقل فرمائی ہے کہ قراءت کا وجوب لعینہ نہیں بلکہ صحتِ نماز کے لئے ہے، مگر یہ تعلیل بھی علیل ہے، اس لئے کہ وجوب لعینہ کی قید کہیں منقول نہیں، غالباً اسی لئے علامہ طحطاوی وشامی رحمہما اللہ تعالیٰ دونوں نے اس تعلیل کو پسند نہیں فرمایا، اگر اسے صحیح تسلیم کر لیا جائے تو تکبیرۂ احرام وتحمید الصلوٰۃ وتکبیرات العیدین کا وجوب بھی غیر معتبر ہونا چاہئے،

علامہ رافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح الاشباہ سے عدمِ لزوم کی یہ تعلیل نقل فرمائی ہے کہ قراءت عبادتِ مقصودہ نہیں، اور عبادتِ مقصودہ نہ ہونے کی توجیہ خود یوں فرمائی ہے کہ قراءت سے تدبر فی المعانی مقصود ہے،

بندہ کے خیال میں بھی یہی تعلیلِ شرح الاشباہ وتوجیہ رافعی صحیح ہے، اس لئے کہ تنزیلِ قرآن سے مقصد تصحیحِ اعتقاد واعمال ہے، قرآن کریم کے مضامین چار قسم کے ہیں، اعتقادات، دلائل، اعمال، فکر پیدا کرنے اور ہمت بلند کرنے کے نسخے، قراءتِ قرآن سے یہ چاروں مقاصد حاصل ہوتے ہیں، اور بار بار تکرار سے ان مقاصد میں مزید ترقی ورسوخ حاصل ہوتا ہے، رزقنا اللہ الجمیع بمنہ وکرمہ التدبر فی کلامہ الکریم وجعلہ لنا نوراً وھدیً ورحمۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۳ر شوال ۱۴۰۳ھ

کتاب الحُدود والتّعزیر

حیوان سے بدفعلی کی سزا:

سوال: اگر کسی نے بھینس سے بدفعلی کی تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

اس شخص پر تعزیر ہے جس کی مقدار حاکم کی رائے پر ہے، اور بھینس کو ذبح کرکے دفن کردینا یا جلا دینا مندوب ہے، بدفعلی کرنے والا شخص بھینس کی قیمت کا مالک کے لئے ضامن ہوگا، ذبح کرکے دفن کرنا ضروری اور واجب نہیں، صرف اس لئے مندوب ہے کہ گناہ کی یادگار کو ختم کرنے سے بدفعلی کرنے والے سے عار زائل ہو جائے اس لئے اگر ذبح نہ بھی کیا جائے تو کوئی حرج نہیں، اس کا گوشت اور دودھ وغیرہ بلاشبہہ حلال ہے، اس زمانہ میں عوام ذبح کو ضروری اور واجب سمجھتے ہیں، اور ایسے جانور کے گوشت اور دودھ کو حرام تصور کرتے ہیں، لہٰذا اس زمانہ میں ذبح کرنا مناسب نہیں، اس لئے کہ مندوب کو ضروری سمجھنا یا حلال کو حرام قرار دینا سخت گناہ ہے، ایسے موقع پر مندوب پر عمل کرنا بھی ناجائز ہو جاتا ہے، والدلیل علی کل ما ادعینا ما فی غسل الشامیة تحت (قوله ولا عند وطء بهيمة الخ) وفی القنية برمز اجناس الناطفی فرج البهيمة كفيها لا غسل فيه بغير انزال ويعزر وتذبح البهيمة وتحرق على وجه الاستحباب ولا يحرم اكل لحمها به اھ وسيأتی فی الحدود (رد المحتار ج ۱) وقال فی الحدود (قوله وتذبح ثم تحرق) ای لقطع امتداد التحدث به كلما رؤيت وليس بواجب كما فی الهداية وغيرها وهذا اذا كانت مما لا يؤكل فان كانت تؤكل جاز اكلها عنده وقالا تحرق ايضاً (قوله الظاهر انه يطالب ندبا الخ) ای قولهم يطالب صاحبها ان يدفعها الى الواطئ ليس على طريق الجبر وعبارة النهر الظاهر انه يطالب على وجه الندب ولذا قال فی الخانية كان لصاحبها ان يدفعها اليه بالقيمة اھ وعبارة البحر والظاهر انه لا يجبر على دفعها (رد المحتار ج ۳

وقال فی شرح التنویر (کل مباح یؤدی الیه (الی الوجوب) فمکروہ (رد المحتار ج ۱، آخر باب سجود التلاوۃ) وقال الطیبی فی شرح المشکوٰۃ تحت حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی التزام الانصراف عن الیمین بعد الصلوٰۃ ان من اصر علی مندوب وجعلہ عزما ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان اھ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۴ رذیقعدہ ۷۲ھ

سوال مثل بالا :

سوال : آجکل عموماً رواج ہے کہ جس جانور سے کوئی شخص بدفعلی کرے اسے جلا دینا ضروری اور فرض سمجھا جاتا ہے، اور اس کا گوشت اور دودھ وغیرہ حرام تصور کیا جاتا ہے، کیا شریعتِ مطہرہ کے اصول کے موجب یہ خیالات صحیح ہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب ومنه الصدق والصواب

قال فی البدائع وکذا وطء البھیمۃ وان کان حراما لانعدام الوطء فی قُبُل المرأۃ فلم یکن زنا ثم ان کانت البھیمۃ ملک الواطئ قیل انھا تذبح ولا تؤکل ولا روایۃ فیہ عن اصحابنا لکن روی محمد رحمہ اللہ تعالیٰ عن سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ لم یحد واطئ البھیمۃ وامر بالبھیمۃ حتی احرقت بالنار (بدائع الصنائع کتاب الحدود ج ۷ ص ۳۴) ، وفی جواهر الفتاویٰ وما ذکر فی بعض المواضع انھا اذا کانت للفاعل ذبحت فالوجہ فیہ ان البھیمۃ لہ وقد جنی فجاز اتلاف مالہ بجنایتہ انکاراً علیہ وتقبیحا لفعلہ وان کانت لغیرہ لا یجوز اتلاف ملک انسان بجنایۃ غیرہ (جواهر الفتاویٰ للمخدوم محمد ھاشم التتوی کتاب الجنایات باب نہم)

عبارت اولیٰ سے معلوم ہوا کہ جلانے کی روایت ائمہ حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ سے ثابت نہیں قیل کے ساتھ بطریق مرجوح بیان کی جاتی ہے، اور عبارت ثانیہ میں اس کی تصریح ہے کہ جب بہیمہ غیر جانی کا ہو تو احراق جائز نہیں، جن عبارات میں احراق کا حکم ہے ان میں یہ تصریح بھی ہے کہ یہ حکم صرف استحبابی ہے، لقطع التحدث بہ، بعض احادیث جو جلانے کے متعلق پیش کی جاتی ہیں وہ ثابت نہیں، ان کی تفصیل فتح القدیر جلد خامس میں ہے، لہٰذا ایسے جانور کے احراق کو واجب اور اس کے گوشت اور دودھ کو حرام سمجھنا محض جہالت ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۸ رجب ۷۳ھ

مسلمان کو ابوجہل سے تشبیہ دینا:

سوال: ایک مولوی صاحب نے ایک صالح حافظ کو کہا کہ تجھ سے ابوجہل اچھا ہے، اس مولوی صاحب کے لئے شرعاً کیا سزا ہے؟ اس کی امامت صحیح ہے یا نہیں؟ اور اس کا نکاح قائم ہے یا نہیں؟ بینوا بالبرہان اجرکم الرحمٰن،

الجواب ومنہ الصدق والصواب

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ ان مولوی صاحب نے کسی خاص صفت میں ابوجہل کو اچھا کہا ہوگا اس میں کوئی گناہ نہیں بلکہ امر واقعی ہے کہ بعض اوصاف میں بعض کافر بعض مسلمانوں سے اچھے ہیں، اگر مولوی صاحب کا یہ مطلب نہیں بلکہ ہر حیثیت سے ابوجہل کو اچھا کہتا ہے تو اس میں دو احتمال ہیں،

① جس کو ابوجہل کہا اسے حقیقی کافر نہیں سمجھا صرف برا کہنا اور گالی دینا مقصود ہے،

② اسے واقعۃً کافر اور ابوجہل کی طرح مخلد فی النار سمجھے، صورتِ اُولیٰ میں یہ لفظ کہنے والا فاسق ہے، اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے اور حاکم اسے مناسب تعزیر دے گا، اور دوسری صورت میں یہ شخص کافر ہے، اس لئے اس کا نکاح باطل ہوگیا، غرضیکہ کسی خاص صفت میں تشبیہ سے نہ فاسق اور نہ کافر، اور اگر گالی کی نیت سے کہا تو فاسق اور حقیقۃً کافر سمجھا تو خود کافر ہو جائے گا، ان احتمالات ثلاثہ کے بارے میں خود متکلم سے تحقیق کی جائے کہ اس کی کیا مراد ہے؟ جو مراد وہ خود بیان کرے گا اسی کے مطابق اس پر حکم لگایا جائے گا، عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر (بخاری کتاب الآداب ج۲ ص۸۹۳) وعن ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یرمی رجل رجلا بالفسوق ولا یرمیہ بالکفر الا ارتدت علیہ ان لم یکن صاحبہ کذلک (حوالۂ بالا)

وفی شرح التنویر وعزر الشاتم بیا کافر وھل یکفر ان اعتقد المسلم کافرا نعم والا لا بہ یفتی شرح وھبانیۃ ولو اجابہ لبیک کفر خلاصۃ، وفی الشامیۃ ای یکفر ان اعتقدہ کافرا لا بسبب مکفر قال فی النھر وفی الذخیرۃ المختار للفتوی انہ ان اراد الشتم ولا یعتقدہ کفرا لا یکفر وان اعتقدہ کفرا فخاطبہ بھذا بناء علی اعتقادہ انہ کافر یکفر لانہ لما اعتقد المسلم کافرا فقد اعتقد دین الاسلام کفرا اھ، (رد المحتار باب التعزیر ص۲۵۳ ج۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۴ محرم سنہ ۷۶ھ

گالی پر تعزیر:

سوال: بلاوجہ کسی کو گالی دینے والے کو تعزیر دی جا سکتی ہے یا نہیں؟ یا اس کے بدلہ میں اُس کو بھی گالی دینا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر گالی میں ایسے فعل اختیاری کی طرف نسبت کی جو شرعاً حرام ہو اور عرفاً عار سمجھا جاتا ہو جیسے کافر، فاسق وغیرہ تو اس پر بالاتفاق تعزیر واجب ہے، اور اگر ایسا فعل نہیں، جیسے گدھا، کتا وغیرہ تو اس پر وجوبِ تعزیر میں اختلاف ہے، راجح یہ ہے کہ اگر مخاطب ایسا معزز ہو کہ اسکو ایسے الفاظ سے عار آتی ہو تو تعزیر واجب ہے، ورنہ نہیں، اگر موجبِ تعزیر الفاظ مزاحاً کہے جب بھی تعزیر واجب ہے،

حقوق العباد میں تعزیر صرف حاکم یا حکَم دے سکتا ہے، صاحبِ حق خود تعزیر نہیں دے سکتا، قال فی العلائیۃ وعزر الشاتم بیا کافر (الی قوله) لا یعزر بیا حمار یا خنزیر یا کلب یا تیس یا قرد یا ثور یا بقر یا حیۃ لظهور کذبه واستحسن فی الهدایۃ التعزیر لو المخاطب من الاشراف وتبعه الزیلعی وغیرہ (الی قوله) والضابط انه متی نسبه الی فعل اختیاری محرم شرعاً ویعد عاراً عرفاً یعزر والا لا ابن کمال، وفی الشامیۃ (قوله واستحسن فی الهدایۃ) وکذا فی الکافی کما فی التاترخانیۃ ونقل القهستانی تصحیحه عن الفتاوی وعبارۃ الهدایۃ وقیل فی عرفنا یعزر لانه یعد شیناً وقیل ان کان المسبوب من الاشراف کالفقهاء والعلویۃ یعزر لانهم یلحقهم الوحشۃ بذلک وان کان من العامۃ لا یعزر وهذا احسن اھ، والحاصل ان ظاهر الروایۃ انه لا یعزر مطلقاً ومختار الهندوانی انه یعزر مطلقاً، والتفصیل المذکور کما فی الفتح وغیرہ، قال السید ابو السعود وقوی شیخنا ما اختارہ الهندوانی بانه الموافق للضابط کل من ارتکب منکراً او اذی مسلماً بغیر حق بقول او فعل او اشارۃ یلزمه التعزیر، قلت ویؤیدہ ان هذہ الالفاظ لا یقصد بها حقیقۃ اللفظ حتی یقال بظهور الکذب ولولا النظر الی ما فیها من الاذی لما قیل بالتعزیر بها فی حق الاشراف والا فظهور الکذب فیها موجود فی حق الکل فینبغی ان یلحق بهم من کان فی معناهم ممن یحصل له بذلک الاذی والوحشۃ، بل کثیر من اصحاب الانفس الابیۃ یحصل له من

الوحشة اکثر من الفقهاء والعلویة وقد یجاب بان المراد بالاشراف من کان کریم النفس حسن الطبع وذکر الفقهاء والعلویة لان الغالب فیہم ذلک فمن کان بهذه الصفة یلحقه الشین بهذه الالفاظ المرادلازمها من نحو البلادة وخبث الطباع والافلاس لانه هو الذی الحق الشین بنفسه فلا یعتبر لحوق الوحشة به کما لو قیل لفاسق یا فاسق فیرجع الی ما استحسنه فی الهدایة وغیرها ثم رأیت الشارح فی شرح الملتقی قال ولعل المراد بالعلوی کل متق والا فالتخصیص غیر ظاهر بل قال الفقیه ابوجعفر انه فی الاخسة واما فی الاشراف فالتعزیر اھ فافهم،

(تنبیه) ذکر فی شرحه علی الملتقی ایضاً انه لو علی وجه المزاح یعزر الخ (قوله والضابط الخ) قلت وهذا الضابط مبنی علی ظاهر الروایة وقد علمت تفصیل الهدایة (رد المحتار ص ۱۹۱ ج ۳)

قال فی العلائیة معزیا الی الفتح ما یجب حقاً للعبد لا یقیمه الا الامام لتوقفه علی الدعوی الا ان یحکمانه فلیحفظ، وفی الشامیة (قوله لا یقیمه الا الامام) وقیل لصاحب الحق کالقصاص وجه الاول ان صاحب الحق قد یسرف فیه غلطا بخلاف القصاص لانه مقدر کما فی البحر عن المجتبیٰ (رد المحتار ص ۱۸۷ ج ۳)

گالی کے بدلہ میں بعینہ وہی گالی دینا جائز ہے بشرطیکہ وہ گالی موجبِ حد نہ ہو جس گالی پر حدِ قذف واجب ہے، جیسے "زانی" وغیرہ، وہ جواباً دینا بھی جائز نہیں، قال فی العلائیة ضرب غیره بغیر حق وضربه المضروب ایضا یعزران کما لو تشاتما بین یدی القاضی ولم یتکافئا کما مر ویبدأ باقامة التعزیر بالبادئ لانه اظلم قنیة، وفی مجمع الفتاویٰ جاز المجازاة بمثله فی غیر موجب حد للاذن به ولمن انتصر بعد ظلمه فاولئک ما علیہم من سبیل والعفو افضل فمن عفا واصلح فاجره علی الله، وفی الشامیة (قوله ولم یتکافئا) عطف علی یعزران وفیه اشارة الی الجواب عما یتوهم من اطلاق قول المجمع الآتی جاز المجازاة بمثله الخ، والجواب ان ذلک فیما تمحض حقا لهما وامکن فیه التساوی کما لو قال له یا خبیث فقال بل انت بخلاف الضرب فانه یتفاوت وبخلاف التشاتم عند القاضی فان فیه هتک مجلس الشرع کما مر فی الباب السابق وقدمنا

تمامه (رد المحتار ص ۱۸۷ ج ۳) وفی التنویر قال الآخر یا زانی فقال الآخر بل انت حدا بخلاف لو قال له مثلاً یا خبیث فقال بل انت، وفی الشامیة (قوله مثلاً) ای من کل لفظ غیر موجب لحد (رد المحتار ص ۱۸۰ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۷ جمادی الآخرة سنہ ۸۸ ھ

بالغ اولاد کو تعزیر:

سوال: بالغ اولاد کو باپ تادیباً تعزیر دے سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بالغ اولاد کو بھی تعزیر دی جاسکتی ہے، بلکہ والد نہ ہو تو دوسرے اقارب بھی تعزیر دے سکتے ہیں، قال العلامة الحصکفی رحمه الله تعالیٰ فی الحضانة والغلام اذا عقل واستغنی برأیه لیس للاب ضمه الی نفسه الا اذا لم یکن مأمونا علی نفسه فله ضمه لدفع فتنة اوعار وتأدیبه اذا وقع منه شیء، وفی الشامیة تحت (قوله والغلام اذا عقل الخ) المراد الغلام البالغ لان الکلام فیما بعد البلوغ وعبارة الزیلعی ثم الغلام اذا بلغ رشیداً فله ان ینفرد الا ان یکون مفسداً مخوفا علیه الخ (قوله فله ضمه) ای للاب ولایة ضمه الیه والظاهر ان الجد کذلک بل غیره من العصبات کالاخ والعم ولم ار من صرح بذلک ولعلهم اعتمدوا علی ان الحاکم لا یمکنه من المعاصی وهذا فی زماننا غیر واقع فیتعین الافتاء بولایة ضمه لکل من یؤتمن علیه من اقاربه ویقدر علی حفظه فان دفع المنکر واجب علی کل من قدر علیه لاسیما من یلحقه عاره وذلک ایضاً من اعظم صلة الرحم والشرع امر بصلتها وبدفع المنکر ما امکن قال تعالیٰ ان الله یأمر بالعدل والاحسان وایتاء ذی القربیٰ وینهیٰ عن الفحشاء والمنکر والبغی یعظکم لعلکم تذکرون ۔ ثم رأیت فی حاشیة البحر للرملی ذکر ذلک بحثا ایضا الخ (رد المحتار ص ۶۹۷ ج ۲)، فقط والله تعالیٰ اعلم۔

۲۳ ذی الحجہ سنہ ۸۹ ھ

شاگرد کو تعزیر:

سوال: استاذ اپنے بالغ اور نابالغ شاگردوں کو تعزیر دے سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اُستاذ اپنے شاگردوں کو تعزیر دے سکتا ہے، شاگرد خواہ بالغ ہو یا نابالغ، نابالغ کو اس لئے کہ اس کے ولی نے استاذ کو تأدیب کا مالک بنا دیا ہے، اور بالغ کو اس لئے کہ اس نے خود اُستاذ کو اس کا اختیار دیا ہے،

شیخ بھی اسی لئے مرید کو تعزیر دے سکتا ہے کہ مُرید بیعت کے ضمن میں شیخ کو ہر قسم کا اختیار دیدیتا ہے۔ قال العلائی رحمہ اللہ تعالیٰ وفی القنیۃ لہ اکراہ طفلہ علی تعلم قرآن وادب وعلم لفریضتہ علی الوالدین ولہ ضرب الیتیم فیما یضرب ولدہ، وفی الشامیۃ (قولہ وفی القنیۃ الخ) وفیہا عن الروضۃ ولو امر غیرہ بضرب عبدہ حل للمأمور ضربہ بخلاف الحر قال فہذا تنصیص علی عدم جواز ضرب ولد الآمر بامرہ بخلاف المعلم لان المأمور یضربہ نیابۃ عن الاب لمصلحۃ والمعلم یضربہ بحکم الملک بتملیک ابیہ لمصلحۃ الولد اھ (رد المحتار ص ۱۹۵ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ ذی الحجہ ۸۹ھ

حکمِ اقرارِ زنا:

سوال: محصن اور محصنہ زنا کر کے بھری مجلس میں اقرار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں پاک کر دیجئے، اب شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

شادی شدہ مرد یا عورت کی شرعی سزا رجم ہے، مگر حد لگانا حاکم مسلم کا کام ہے، اس وقت اسلامی حکومت نہیں اس لئے صرف توبہ کی تلقین کی جاتی ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۵ محرم ۹۱ھ

دُبر میں بدفعلی کی سزا:

سوال: اغلام بازی کی سزا شریعت میں کتنی متعین کی گئی ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ خبیث فعل زنا سے بھی بدتر ہے، شریعت کے علاوہ عقلاً اور طبعاً بھی یہ فعل بہت ہی خبیث ہے، اس خبیث فعل کی ابتداء حضرت لوط علیہ السلام کی قوم نے کی تھی، اس لئے لوگ اس خباثت کو لواطت اور اس کے فاعل خبیث کو لوطی کہتے ہیں، ایسا نہیں کہنا چاہئے، ایسے خبیث فعل اور خبیث فاعل کو اللہ تعالیٰ کے رسول حضرت لوط علیہ السلام کے نام کی

طرف منسوب کرنا خلافِ ادب ہے، اس کی خباثت ایسی فاحشہ ہے کہ دنیا میں کوئی خبیث سے خبیث جاندار بھی ایسی خباثت کی رغبت نہیں رکھتا، یہ ایسا گندہ اور گھناؤنا فعل ہے کہ گندے سے گندے جانوروں کو بھی اس سے نفرت ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ایسی خبیث قوم کو ایسا سخت عذاب دیا کہ ان کی بستی کو اوپر اٹھا کر الٹی کرکے پھینک دیا، اور پھر اس پر پتھروں کی بارش برسائی اور ان کے قصہ کو قرآن کریم میں بیان فرما کر رہتی دنیا تک ان کو رسوا کیا، اور بتا دیا کہ ایسے خبیث لوگوں کی اصل سزا یہی ہے، مگر کوئی حکومت یہ سزا دینے پر قادر نہیں، اس لئے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور آپ کے بعد بعض فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس سے ملتی ہوئی یہ سزا تجویز فرمائی ہے کہ ایسے خبیث کو کسی بلند مقام سے سر کے بل الٹا گرا کر اس پر پتھر برسائے جائیں، اس طرح ہلاک کردیا جائے،

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اقتلوا الفاعل والمفعول بہ، دوسری حدیث میں ہے فارجموا الاعلی والاسفل احصنا اولم یحصنا،

پہلی حدیث حضرت ابن عباس، ابوہریرہ اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مرفوعاً اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موقوفاً مروی ہے، یہ حدیث مطلق ہے، یعنی اس میں قیدِ احصان مذکور نہیں،

دوسری حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے، علاوہ ازیں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موقوفاً ایسے مجرم کے لئے حدِ زنا مروی ہے،

چونکہ یہ حکم غیر مدرک بالقیاس ہے، اس لئے حضرت عثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا عدمِ رفع بھی بحکمِ رفع ہے،

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسے خبیث شخص کا حال لکھ کر اس کی سزا دریافت کی، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشورہ لیا، حضرت عمر، حضرت علی اور دوسرے سب صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بالاتفاق آگ میں جلادینے کا مشورہ دیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہی فیصلہ خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا، انہوں نے اس حکم کے مطابق اس کو جلادیا،

حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بھی اپنے دورِ خلافت میں ایسے شخص کو جلادیا،

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول اور اس کی تائید میں حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سُنکر حدِ زنا کے تحت غیر محصن کو سَو کوڑے لگوائے،

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رجم کروایا،

حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے محصن کو رجم کروایا اور غیر محصن کو سَو کوڑے لگوائے،

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حدیثِ قتل کے راوی ہیں، مگر آپکے ہاں طریقِ قتل یہ ہو کہ کسی بہت بلند مقام سے سر کے بل اُلٹا گرا کر اس پر پتھر برسائے جائیں، اس کی وجہ اوپر بیان کی جاچکی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قوم لوط علیہ السلام کو جس عذاب سے ہلاک کیا اس کے ساتھ حتی الامکان مشابہت ہوجائے،

یہ سب تفصیل ہدایہ، درایہ، نصب الرایہ اور محلی میں ہے،

اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر سخت عذاب، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف سے ہلاک کرنے کے مختلف طریقوں کے بیان اور اُن کے مطابق حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فیصلوں کی بناء پر حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی اس خبیث فعل پر اسی قسم کی بہت ہی سخت سزائیں بیان فرمائی ہیں، اُن سزاؤں میں سے جن میں جان سے ماردینے کا حکم ہے یہ شرط ہے کہ کم از کم دو بار یہ فعل کیا ہو، البتہ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ اس پر حدِ زنا کے قائل ہیں، اس لئے ان کے ہاں رجم کے لئے تکرارِ فعل شرط نہیں، ایک بار ارتکاب سے بھی رجم کیا جائے گا، اور حدِ زنا کے سوا موت کی دوسری سزاؤں میں شادی شدہ ہونا شرط نہیں، غیر شادی شدہ کے لئے بھی موت کی سزا ہے، اس لحاظ سے اور اس کے علاوہ سزاؤں کی نوعیت کے لحاظ سے بھی اس فعل خبیث کی سزا زنا کی سزا سے بھی بہت سخت ہے، حضرات فقہاء رحمہم اللہ کی بیان فرمودہ سزاؤں کی تفصیل یہ ہے:

① رجم، اگرچہ شادی شدہ نہ ہو،

② حدِ زنا لگائی جائے، یعنی شادی شدہ ہو تو بذریعہ رجم ہلاک کردیا جائے ورنہ سَو کوڑے

لگائے جائیں،

(۳) آگ میں جلادیا جائے

(۴) اس پر دیوار وغیرہ گرا کر ہلاک کردیا جائے،

(۵) کسی بلند مقام سے اُلٹا سر کے بل گرا کر اوپر سے پتھر برسائے جائیں حتّٰی کہ مرجائے،

(۶) قتل کیا جائے،

(۷) سخت سزا دے کر قید میں رکھا جائے حتّٰی کہ توبہ کرے یا قید ہی میں مرجائے،

(۸) بہت بدبودار جگہ میں قید رکھا جائے،

قال فی العلائیة ولا یحد بوطء دبر وقالا ان فعل فی الاجانب حد وان فی عبده او امته او زوجته فلا حد اجماعاً بل یعزر قال فی الدرر بنحو الاحراق بالنار وهدم الجدار والتنکیس من محل مرتفع باتباع الاحجار وفی الحاوی والجلد اصح وفی الفتح یعزر ویسجن حتی یموت او یتوب ولو اعتاد اللواطة قتله الامام سیاسة (الی قوله) وفی البحر حرمتها اشد من الزنا لحرمتها عقلاً وشرعاً وطبعاً والزنا لیس بحرام طبعاً وتزول حرمته بتزوج وشراء بخلافها وعدم الحد عنده لا لخفتها بل للتغلیظ لانه مطهر علی قول، وفی الشامیة (قوله حد) فهو عندهما کالزنا فی الحکم فیحد جلداً ان لم یکن احصن ورجما ان احصن نهر (قوله بنحو الاحراق الخ) متعلق بقوله یعزر وعبارة الدرر فعند ابی حنیفة رحمه الله تعالی یعزر بامثال هذه الامور واعترضه فی النهر بان الذی ذکره غیره تقیید قتله بما اذا اعتاد ذلک (الی قوله) قال البیری والظاهر انه یقتل فی المرة الثانیة لصدق التکرار علیه اهـ (قال تحت (قوله وفی الحاوی) وحبسه فی انتن بقعة (رد المحتار ص۱۶ ج۳) فقط والله تعالی اعلم غرۂ جمادی الاولی سنہ ۹۲ھ

پنچایت کی طرف سے تعزیر:

سوال: عرض ہے کہ برادری کی پنچایت جس کا مقصد متعلقہ افراد برادری کے مابین نزاعی امور کا تصفیہ، فیصلہ، معاشرتی اصلاح اور تحفظِ اخلاق ہے، تعیینِ سزا میں شرعاً وقانوناً اس کا دائرۂ اختیار محدود ہے، یعنی حدود وقصاص کا قیام اس کے اختیارات سے بالاتر ہے، اور تعزیرات میں بھی زیادہ سے زیادہ معاشرتی مقاطعہ کی مجاز ہے، ایسی پنچایت کے سامنے اگر صریح الزامِ زنا یا حرمتِ مصاہرت بالزنا یا بالمس بالشہوۃ کی درخواست پیش ہو

تو ازروئے شرع پنچایت کو مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کونسا طریقہ اختیار کرنا چاہئے؟

① آیا ایسی درخواست اپنے حدودِ اختیار سے بالاتر قرار دے کر نا قابلِ سماعت قرار دے اور واپس کردے؟

② آیا مدعی سے تکمیلِ شہادت کا مطالبہ کرے اور تکمیل نہ ہوسکے تو قاذف کا معاشرتی مقاطعہ کرے؟

③ یا اس بناء پر کہ پنچایت کو حد شرعی کا اجراء نہ مطلوب ہے نہ اس کا اختیار، ناتمام شہادت، قرائن و آثار، ملزم کا سابقہ ریکارڈ اور مدعی کے دلائل و حجت کی بناء پر اصلاحِ معاشرہ کے لئے ملزم کا معاشرتی بائیکاٹ کرے؟

الدر المختار باب التعزیر میں ہے للقاضی تعزیر المتھم وان لم یثبت علیہ، اس کا مفہوم کیا ہے؟ شریعتِ اسلامیہ کی ہدایت سے سرفراز فرمائیں نہایت کرم ہوگا، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

پنچایت کو صورت ۳ اختیار کرنا چاہئے، درمختار کی عبارت کا یہی مطلب ہے کہ اگر جرم پر شرعی شہادت نہ ہو تو قاضی متہم کو حسب صوابدید تعزیر دے سکتا ہے، پنچایت کے لئے ضابطہ کے الفاظ یوں ہونے چاہئیں:

"اگرچہ پنچایت کسی جرم کی شرعی سزا دینے پر قادر نہیں معہٰذا اس پر حسبِ قدرت تغییر المنکر فرض ہے، نیز تادیبی کارروائی کے لئے جرم پر شرعی نصابِ شہادت ضروری نہیں، بلکہ قرائنِ قویہ کی بناء پر تادیب شرعاً جائز ہے، لہٰذا پنچایت تادیب و تنبیہ کے لئے ناتمام شہادت اور قرائن و آثارِ قویہ کی بناء پر بھی معاشرتی مقاطعہ کا فیصلہ کرسکتی ہے، اگرچہ شرعی نصابِ شہادت موجود نہ ہو۔" فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ھ

حدّ قذف معاف کرنے سے ساقط نہیں ہوتی:

سوال: قرآن کریم کا حکم ہے کہ جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں پھر چار گواہ لے کر نہ آئیں تو ان کو اسّی کوڑے مارو، اور ان کی شہادت قبول نہ کرو، وہ خود ہی فاسق ہیں، کیا اگر کوئی پاک مردوں پر تہمت لگائے پھر ثابت نہ کرسکے تو اس پر بھی حد جاری ہوگی؟

کیا اس صورت میں مَردوں کو عدالت میں فیصلہ لانے کا حق ہے؟ کیا یہ صحیح ہے کہ جب مقذوف عدالت میں آئے تو قاذف کو مجبور کیا جائے گا کہ الزام ثابت کرے، اور ثابت نہ ہونے کی صورت میں اس پر حد جاری ہوگی، اور عدالت میں آنے کے بعد نہ عدالت اس کو معاف کرسکتی ہے نہ خود صاحبِ معاملہ، نہ کسی مالی تاوان پر معاملہ ختم ہوسکتا ہے، نہ توبہ کرکے اور نہ معافی مانگ کر سزا سے بچ سکتا ہے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

سوال میں مذکور تفصیل صحیح ہے، مَردوں کو بھی حدِّ قذف طلب کرنے کا حق ہے، اور مقذوف یا عدالت کے معاف کرنے سے حدِّ قذف ساقط نہیں ہوتی، البتہ عفوِ مقذوف کی صورت میں صاحبِ حق کی طرف سے عدمِ طلب کی وجہ سے حد نہیں لگائی جائے گی، عفوِ مقذوف صحیح نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بعد العفو بھی اس کو طلبِ حد کا اختیار ہے، قال فی التنویر ولا ارث ولا رجوع ولا اعتیاض وفی الشرح ولا صلح ولا عفو نعم لو عفا المقذوف فلا حد لا لصحة العفو بل لترك الطلب حتی لو عاد وطلب حد شمنی، ولذا لایتم الحد الا بحضرته (رد المحتار ص ۱۷۸ ج ۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷ / ذی الحجہ سنہ ۹۴ھ

تعزیرِ غیرِ حاکم کی تفصیل:

سوال: زید کی لڑکی کو تین ماہ کا حمل تھا کہ وہ رات کو عشاء کے وقت کسی اور گاؤں سے آنے والے غیر محرم مرد کے ساتھ اپنے گاؤں سے نکل کر اس غیر محرم کے ساتھ قابلِ اعتراض حالت میں باہر چلی گئی، ان دونوں کو دیکھنے والی ایک عورت ہے جو زید کے سگے بھائی کی بیوی ہے، اور رشتہ میں بھی زید کی پھوپھی زاد بہن ہے، اس عورت نے صبح کو ان دونوں کے گاؤں سے باہر جانے کی اطلاع دی، اس وقت یہ غیر محرم اپنا اونٹ اس گاؤں میں چھوڑ کر فرار ہوگیا اس وجہ سے زید کی مذکورہ لڑکی کو اس کے شوہر نے طلاق دیدی، پھر اس مطلقہ عورت کے چچا نے اس سے دریافت کیا کہ تم ایسی حالت میں کیوں گئی تھیں؟ تو اس نے جواباً کہا کہ میں ویسے ہی چلی گئی تھی، اس کے بارے میں سوالاتِ ذیل کا جواب تحریر فرماکر ممنون فرمائیں:

① کیا یہ بھی قابلِ سزا جرم ہے یا نہیں؟

(۲) کیا تعزیری سزا میں شادی شدہ وغیر شادی شدہ برابر ہیں یا نہیں ؟
(۳) کیا حاکم وقاضی کے علاوہ باپ دادا بھی تعزیر دے سکتے ہیں یا نہیں ؟
(۴) اگر باپ یا دادا کی تعزیری سزا سے مجرم مرجائے تو حاکمِ وقت اُن سے پوچھ سکتا ہے یا نہیں ؟
(۵) کیا مجرم کو تعزیر کے بعد قید میں رکھنا جائز ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

(۱) اگر قرائن سے ظنِ غالب ہو کہ یہ عورت اس مرد کے ساتھ گئی تھی تو یہ جرم قابلِ تعزیر ہے،
(۲) تعزیر میں شادی شدہ اور غیر شادی برابر ہیں،
(۳) حالتِ معصیت میں ہر شخص تعزیر دے سکتا ہے، مگر معصیت کے بعد حاکم، والد اور شوہر کے سوا کسی کو تعزیر کا حق نہیں، البتہ اگر والد نہ ہو یا وہ بُرائی سے روکنے پر قادر نہ ہو یا عمداً نہ روک رہا ہو اور حاکم بھی نہ ہو یا اس سے بُرائی سے روکنے کی توقع نہ ہو جیسا کہ اس زمانہ کے حکام ہیں تو بُرائی سے روکنے کے لئے ہر رشتہ دار کو تعزیر لگانے کا اختیار ہے، بلکہ اس پر فرض ہے، رشتہ داروں سے یہ کام نہ ہو سکے تو دوسرے مسلمانوں پر بُرائی سے روکنے کی کوشش کرنا فرض ہے، اگر بدون تعزیر مجرم کو راہِ راست پر لانے کی کوئی صورت نہ ہو تو عوام پر فرض ہے کہ بذریعہ تعزیر اس کو آئندہ ارتکابِ معصیت سے روکیں،
(۴) تعزیر سے مجرم مرجائے تو حاکم کے سوا دوسروں پر مؤاخذہ ہے، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے حاکم وزوج میں یہ فرق بیان فرمایا ہے کہ حاکم پر تعزیر واجب ہے زوج پر واجب نہیں، مگر جب امام سے تعزیر کی کوئی توقع نہ ہو اور بدون تعزیر عورت کے سُدھرنے کی کبھی کوئی امید نہ ہو تو اصولِ شریعت کے مطابق زوج پر تعزیر واجب ہے، جسکی تفصیل اوپر ۳ میں گذر چکی ہے، اس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ ان حالات میں مناسب تعزیر سے عورت مرجائے تو شوہر پر مؤاخذہ نہیں ہونا چاہئے، واللہ تعالیٰ اعلم،
(۵) قید میں رکھنا بھی تعزیر ہے، لہٰذا جائز ہے،

قال فی شرح التنویر ویقیمہ کل مسلم حال مباشرۃ المعصیۃ قنیۃ، واما بعدہ فلیس ذلک لغیر الحاکم والزوج والمولی کما سیجیٔ (رد المحتار ص ۱۸۶ ج ۳) وفیہ یعزر المولی عبدہ والزوج زوجتہ (الی قولہ) علی الخروج من المنزل بغیر حق (وبعد اسطر) اوکلمۃ لیسمعھا اجنبی

اوکشفت وجهها لغیر محرم اوکلمته اوشتمته او اعطت مالم تجر العادة به بلا اذنه والضابط کل معصیة لاحد فیها فللزوج والمولی التعزیر ثم قال) من حد اوعزر فهلك فدمه هدر (الا امرأة عزرها زوجها بمثل مامر فماتت لان تأدیبه مباح فیتقید بشرط السلامة، قال المصنف وبهذا ظهر انه لایجب علی الزوج ضرب زوجته اصلا، وفی الشامیة (قوله فدمه هدر) ای عندنا ومالك واحمد خلافا للشافعی لان الامام مأمور بالحد والتعزیر وفعل المأمور لایتقید بشرط السلامة وتمامه فی الفتح والتبیین قلت ومقتضی التعلیل بالامر ان ذلك غیر خاص بالامام فقد مر ان لکل مسلم اقامة التعزیر حال مباشرة المعصیة لانه مأمور بازالة المنکر الا ان یفرق بانه یمکنه الرفع الی الامام فلم تتعین الاقامة علیه بخلاف الامام فتأمل (رد المحتار ص ۱۹۵ ج ۳) وفی حضانة العلائیة والغلام اذا عقل واستغنی برأیه لیس للاب ضمه الی نفسه الا اذا لم یکن مأمونا علی نفسه فله ضمه لدفع فتنة اوعار وتأدیبه اذا وقع منه شیء وفی الشامیة تحت (قوله والغلام اذا عقل الخ) المراد الغلام البالغ لان الکلام فیما بعد البلوغ وعبارة الزیلعی ثم الغلام اذا بلغ رشیدا فله ان ینفرد الا ان یکون مفسدا مخوفا علیه الخ (فله ضمه) ای للاب ولایة ضمه الیه والظاهر ان الجد کذلك بل غیره من العصبات کالاخ والعم ولم ار من صرح بذلك ولعلهم اعتمدوا علی ان الحاکم لایمکنه من المعاصی وهذا فی زماننا غیر واقع فیتعین الافتاء بولایة ضمه لکل من یؤتمن علیه من اقاربه ویقدر علی حفظه فان دفع المنکر واجب علی کل من قدر علیه لاسیما من یلحقه عاره وذلك ایضا من اعظم صلة الرحم والشرع امر بصلتها وبدفع المنکر ما امکن قال تعالی ان الله یأمر بالعدل والاحسان و وایتاء ذی القربی وینهی عن الفحشاء والمنکر والبغی یعظکم لعلکم تذکرون، ثم رأیت فی حاشیة البحر للرملی ذکر ذلك بحثا ایضا الخ، (رد المحتار ص ۷۹۱ ج ۲)

فقط والله تعالی اعلم

۱۵ محرم سنہ ۹۵ھ

سوال مثل بالا :

سوال : ایک شخص کا کام یہ ہو کہ لوگوں میں فساد پیدا کرتا ہے، قتل بھی کرواتا ہے، اسی طرح بے حیائی اور منکرات اور ایذار کا مرتکب ہوتا ہے، اسے حکومت بھی منع کرنیکی کوشش نہیں کرتی، سب لوگ بہت پریشان ہیں، کیا اس صورت میں دوسرا کوئی شخص خفیۃً اس طرح سے کہ فساد کا اندیشہ نہ ہو اس کو قتل کر سکتا ہے یا نہیں ؟

اسی طرح ہمارے علاقہ میں کچھ لوگ ڈکیتی اور چوری میں مشہور ہیں، اور حکومت سے فار ہیں، جب بھی ان کو موقع مل جاتا ہے تو بے گناہ لوگوں کو مارتے ہیں، کسی کی عزت اور آبرو کا خیال نہیں کرتے، یہ بھی یقین ہے کہ حکومت ان کو گرفتار کرنے سے عاجز آگئی ہے، اس حال میں اگر کوئی دوسرا شخص ان اشخاص ملزمان کو قتل کرے اور حکومت سے پناہ چاہے تو حکومت اُسے پناہ دے گی بلکہ خوش ہوگی،

البتہ یہ خطرہ ضرور ہے کہ یہ شخص شاید خود ہی مارا جائے اور ڈاکو لوگ بچ نکلیں، تو کیا ایسی حالت میں کوئی شخص لوگوں کو ایذار سے بچانے کی غرض سے ان ڈاکوؤں کو قتل کر سکتا ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

مباشرتِ فعل کے بعد حاکم، زوج اور مولیٰ کے سوا کسی کو تعزیر لگانے کی اجازت نہیں، البتہ ایسے لوگ جو ظلم اور فساد میں مشہور ہوں اور حکومت سے چھپے ہوئے ہوں انھیں قتل کرنا جائز بلکہ ثواب ہے، قال فی الدر المختار ویقیمه کل مسلم حال مباشرة المعصیة قنیة واما بعدہ فلیس ذلك لغیر الحاکم والزوج والمولیٰ کما سیجیء (رد المحتار ص ۱۸۶ ج ۳) وفیه ویکون التعزیر بالقتل کمن وجد رجلا مع امرأة لاتحل له ولو اکرهها فلها قتله ودمه هدر وکذا الغلام وهبانیة ان کان یعلم انه لاینزجر بصیاح وضرب بمادون السلاح والا بأن علم انه ینزجر بماذکر لایکون بالقتل وان کانت المرأة مطاوعة قتلهما کذا عزاہ الزیلعی للهندوانی (رد المحتار ص ۱۸۴ ج ۳)

وفیه معزیًا الی المجتبیٰ الاصل کل شخص رأی مسلمًا یزنی ان یحل له قتله وانما یمتنع خوفا من ان لایصدق انه زنی وعلیٰ هذا القیاس المکابر

بالظلم وقطاع الطریق وصاحب المکس وجمیع الظلمة بادنی شیء له قیمة وجمیع الکبائر والاعونة والسعاة یباح قتل الکل ویثاب قاتلهم انتهی، وافتی الناصحی بوجوب قتل کل مؤذ، وفی رد المحتار (قوله وجمیع الکبائر) ای اهلها والظاهر ان المراد بها المتعدی ضررها الی الغیر فیکون قوله والاعونة والسعاة عطف تفسیر او عطف خاص علی العام فیشمل کل من کان من اهل الفساد کالساحر وقاطع الطریق واللص واللوطی والخناق ونحوهم ممن عم ضرره ولا ینزجر بغیر القتل، (قوله والاعونة) کأنه جمع معین او عوان بمعناه والمراد به الساعی الی الحکام بالافساد فعطف السعاة علیه عطف تفسیر وفی رسالة احکام السیاسة عن جمع النسفی، سئل شیخ الاسلام عن قتل الاعونة والظلمة والسعاة فی ایام الفترة قال یباح قتلهم لانهم ساعون فی الارض بالفساد فقیل انهم یمتنعون عن ذلك فی ایام الفترة ویختفون قال ذلك امتناع ضرورة ولو ردوا لعادوا لما نهوا عنه قال وسألنا الشیخ اباشجاع عنه فقال یباح قتله ویثاب قاتله اه (قوله وافتی الناصحی الخ) لعل الوجوب بالنظر للامام ونوابه والاباحة بالنظر لغیرهم ط (رد المحتار ص۱۸۴ ج۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳ جمادی الآخرہ سنہ ۱۴۰۲ھ

حد مُسقطِ توبہ اور توبہ مُسقطِ حد ہے یا نہیں؟:

سوال: مسائلِ ذیل میں شریعتِ مطہرہ کا حکم تحریر فرمائیں،

(۱) کسی شخص نے چوری یا زنا کا ارتکاب کیا تو کیا اسے شرعی حد لگنے سے گناہ معاف ہوجائے گا؟

(۲) اگر گناہ کے بعد توبہ کرلی تو کیا پھر بھی حد لگائی جائے گی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

(۱) بدون توبہ صرف حد لگنے سے گناہ معاف نہیں ہوتا،

(۲) حاکم کے پاس جرم ثابت ہوجانے کے بعد حد ساقط نہیں ہوتی، اس سے پہلے توبہ کرلے تو حد ساقط ہوجائے گی، یعنی توبہ کے بعد اس پر یہ فرض نہیں کہ حاکم کے ہاں اپنے جرم کا اقرار کرکے اپنے اوپر حد جاری کروائے، کذا فی الشامیة، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۰ صفر سنہ ۱۴۰۷ھ

مدعی علیہ بنیتِ حفاظت اٹھانے کا قائل ہو تو اس پر حد نہیں:

سوال: زید بکر کی انگوٹھی سونے کی چھپا کر لے جاتا ہے، بکر کو جب زید پر شبہہ گزرتا ہے تو زید سے دریافت کئے بغیر قاضی کے پاس دعویٰ دائر کرتا ہے، زید قاضی کی عدالت میں بیان دیتا ہے کہ واقعی انگوٹھی میں نے لی ہے مگر میری نیت واپس کرنے کی ہے، اگر مجھ سے پہلے دریافت کرتا تو میں فوراً واپس کر دیتا ورنہ ازخود اس کو دیتا، میں نے اس لئے لی ہے کہ وہ لاپرواہ آدمی ہے انگوٹھی کا خیال نہیں رکھتا، اس کو سبق دینے کے لئے لی ہے، الحدود تندرئ بالشبہات کی رُو سے قاضی حد کو ساقط کرے یا اس عذر کو غیر معقول قرار دے کر قطعِ ید کی سزا نافذ کرے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

زید نے جو بکر کی انگوٹھی اٹھائی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ محفوظ جگہ میں نہیں تھی، اس لئے قطعِ ید کی سزا جاری نہیں ہو سکتی، اگر محفوظ جگہ سے اٹھائی ہو تب بھی صورتِ مسئلہ میں الحدود تندرئ بالشبہات کی بناء پر سزا ساقط ہو جائیگی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ر جمادی الآخرہ سنہ ۹۵ھ

چور نے بھینس کو گھاس دکھا کر بلا لیا تو اس پر حد نہیں:

سوال: بھینس گھر کے اندر ہو، چور باہر سے اس کو گھاس دکھاتا ہے، اس لالچ میں وہ باہر آجاتی ہے پھر وہ اس کو چُرا لیتا ہے، کیا یہ جرم قطعِ ید کے قابل ہو سکتا ہے؟ اگر دروازہ کھولنے پر وہ خود نکلی ہو تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

بھینس اگر گھاس کو دیکھ کر آئی یا دروازہ کھلنے پر خود بخود باہر آگئی تو ان دونوں صورتوں میں قطعِ ید نہ ہوگا، قال فی الشامیۃ (قولہ لان سیرہ یضاف الیہ) اما لو خرج بلا سوق ولا زجر لم یقطع لان للدابۃ اختیاراً فما لم یفسد اختیارھا بالحمل والسوق لا ینقطع نسبۃ الفعل الیھا کما فی البحر (رد المحتار ص ۲۱۰ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ر جمادی الآخرہ سنہ ۹۵ھ

گیس اور بجلی چرانے پر حد نہیں:

سوال: گیس اور برقی قوت کے سرقہ پر قطعِ ید کی سزا دی جا سکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

قطع ید کے لئے شرط ہے کہ چوری مکان محرز سے ہو، اگر مکان محرز نہ ہو تو کوئی محافظ موجود ہو، صورتِ سوال میں چونکہ دونوں شرطیں مفقود ہیں، اس لئے قطع ید نہ ہوگا، قال فی شرح التنویر ویقطع لو سرق من السطح نصاباً لانه حرز شرح وهبانية او من المسجد اراد به كل مكان ليس بحرز نعم الطريق والصحراء ورب المتاع عنده اي بحيث يراه ولو لحافظنا ئما في الاصح (ردالمحتار ص ۲۰۹ ج ۳)، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۵ھ

جادو کی سزا قتل ہے:

سوال؛ جادو اگر کوئی خود کرے یا دوسرے سے چلوائے اس کا شرعاً کیا حکم ہے؟ اس کا نکاح باقی رہتا ہے یا ٹوٹ جاتا ہے؟ نیز اس کی اقتداء جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر جادو میں کفریہ الفاظ ہوں یا کفریہ عقیدہ ہو یا جادو میں تو کوئی بات کفریہ نہ ہو مگر جادوگر اس کو حلال سمجھتا ہو تو یہ شخص کافر ہے، اس لئے اس کا نکاح ٹوٹ گیا، اور حاکم اس کے قتل کا حکم دے گا، اور اگر جادو میں کوئی کفریہ بات نہیں اور جادوگر اس کو حلال بھی نہیں سمجھتا مگر جادو سے لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے تو کافر نہیں، فاسق ہے، مگر سزا اس کی بھی وہی قتل ہے، دوسرے سے جادو کروا کر لوگوں میں فساد پیدا کرنے والے اور نقصان پہنچانے والے کا بھی یہی حکم ہے کہ اس عمل کو حلال سمجھتا ہے تو کافر ہے ورنہ فاسق، دونوں صورتوں میں واجب القتل ہے، بلکہ کوئی عورت یہ کام کرے تو اس کو بھی قتل کیا جائے گا، جب کہ مرتد ہونے والے عورت کی سزا قتل نہیں بلکہ قید ہے، اس سے معلوم ہوا کہ جادو کی سزا ارتداد سے بھی زیادہ سخت ہے، علاوہ ازیں ارتداد سے جادو کی سزا اس لحاظ سے بھی زیادہ سخت ہے کہ مرتد کی توبہ قبول ہے مگر جادوگر کی توبہ بھی قبول نہیں، یعنی گرفتار ہونے کے بعد اُس نے توبہ کرلی تب بھی قتل کیا جائے گا، البتہ گرفتاری سے پہلے تائب ہوگیا تو حکمِ قتل ساقط ہو جائے گا، یہ تفصیل حکمِ قتل کے بارے میں ہے، عذابِ آخرت کے بارے میں بہرصورت توبہ قبول ہے، ایسے شخص کو امام بنانا جائز نہیں، اگر کافر ہے تو اس کی اقتداء میں نماز صحیح نہیں، اور فاسق کی اقتداء میں نماز ہو تو جاتی ہے مگر اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے، بہرصورت اس کو امامت سے معزول کرنا فرض ہے، قال فی العلائیة والکافر بسبب

اعتقاد السحر لا توبۃ له ولو امرأۃ فی الاصح لسعیها فی الارض بالفساد ذکرہ الزیلعی ثم قال وکذا الکافر بسبب الزندقۃ لا توبۃ له وجعله فی الفتح ظاهر المذهب لکن فی حظر الخانیۃ الفتوی علی انه اذا اخذ الساحر او الزندیق المعروف الداعی قبل توبته ثم تاب لم تقبل توبته ویقتل ولو اخذ بعدها قبلت، وفی الشامیۃ (قوله والکافر بسبب اعتقاد السحر) فی الفتح السحر حرام بلا خلاف بین اهل العلم واعتقاد اباحته کفر وعن اصحابنا ومالک واحمد یکفر الساحر بتعلمه وفعله سواء اعتقد الحرمۃ اولا ویقتل وفیه حدیث مرفوع حد الساحر ضربۃ بالسیف یعنی القتل وعند الشافعی رحمه الله تعالیٰ لا یقتل ولا یکفر الا اذا اعتقد اباحته (الی قوله) ویجب ان لا یعدل عن مذهب الشافعی رحمه الله تعالیٰ فی کفر الساحر والعراف وعدمه واما قتله فیجب ولا یستتاب اذا عرفت مزاولته لعمل السحر لسعیه بالفساد فی الارض لا بمجرد علمه اذا لم یکن فی اعتقاده ما یوجب کفرہ اھ وحاصله انه اختار انه لا یکفر الا اذا اعتقد مکفرا وبه جزم فی النهر وتبعه الشارح وانه یقتل مطلقا ان عرف تعاطیه الخ (قوله لسعیها الخ) ای لا بسبب اعتقادها الذی هو ردۃ لان المرتدۃ لا تقتل عندنا الخ (رد المحتار ص۳۰۵ ج۳) وقال العلامۃ ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ فی خطبۃ حاشیته علی شرح التنویر بعد بحث طویل ثم انه لا یلزم من عدم کفرہ مطلقا عدم قتله لان قتله بسبب سعیه بالفساد کما مر فاذا ثبت اضرارہ بسحرہ ولو بغیر مکفر یقتل دفعا للشر کالخناق وقطاع الطریق (رد المحتار ص۴۲ ج۱)، فقط والله تعالیٰ اعلم، ۷ رجمادی الآخرہ سنہ ۹۵ھ

نابالغ پر حد نہیں :

سوال : ایک لڑکے نے چوری کی، اور مقدمہ صحیح ثابت ہوگیا، ابھی سزا نہیں سنائی گئی، اس لئے کہ لڑکے کے بلوغ میں شبہہ پیدا ہوگیا، علاماتِ بلوغ ظاہر نہیں ہیں، دیکھنے میں پندرہ سالہ معلوم ہوتا ہے، مگر والدین کہتے ہیں کہ چودہ ۱۴ سال آٹھ ماہ کا تو یقینی ہے کچھ ماہ اس سے زائد بھی ہیں مگر یاد نہیں کتنے ہیں؟ ڈاکٹر کی رپورٹ بھی شبہہ زائل نہیں کرتی، اب اس مقدمہ میں نابالغ ہونا یقینی نہیں ہے کہ سقوطِ حد کا فیصلہ کیا جائے اور بلوغ کا بھی یقین نہیں کہ حد جاری کی جائے اور یہ مقدمہ الحدود تندرئ بالشبہات

کے تحت میرے علم میں سقوط کے قابل نہیں ہے، اس لئے کہ یہاں شبہہ سے مراد وہ شبہہ ہے جو جرم میں پیدا ہو، اور زیر بحث صورت میں شبہہ جرم کے ثبوت میں نہیں ہے بلکہ مجرم کی اہلیت کے بارے میں ہے، چنانچہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "اگر بلوغ میں شبہہ پیدا ہو تو حد کو مجرم کے ۱۵ برس کی عمر کو پہونچنے تک موقوف کیا جائے" (کتاب الخراج ج ۲ ص ۴۸۹، ترجمہ اردو مکتبۂ چراغِ راہ، نمبر ۸۱۷)، آپ نے حد کو مجرم کے بلوغ میں شبہہ کی وجہ سے ساقط نہیں کیا بلکہ موقوف کیا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ مُسقطِ حد وہ شبہہ ہے جو جرم کے اندر پیدا ہو، اس مسئلہ کے حل میں حضرت والا اپنی تحقیق سے بہرہ ور فرمائیں، اگر امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول لیا جائے تو پھر یہ سوال پیدا ہوگا کہ بلوغ تک لڑکے کو قید رکھا جائے، یا ضمانت پر رہا کیا جائے؟ دوسری صورت صحیح نہیں معلوم ہوتی، اس لئے کہ لا کفالۃ فی حد کی خلاف ورزی لازم آتی ہے، اور اگر پہلی صورت ہو تو اس کا ثبوت ہونا چاہیے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

نابالغ پر حد نہیں، بلوغ کے بعد جرم کرے تو حد واجب ہوگی، اگر حالتِ جرم میں بلوغ مشتبہ ہو تب بھی حد نہیں لگائی جائے گی، بوقتِ جرم بلوغ کا یقین حد لگانے کے لئے شرط ہے، کتاب الخراج میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحقیق کا یہی مطلب ہے، کتاب الخراج کے اردو ترجمہ سے منقولہ عبارت کے نقل کرنے میں اگر کوئی فروگذاشت نہیں ہوئی تو ترجمہ کرنے میں مترجم سے غلطی ہوئی ہے، اصل عربی عبارت یوں ہے قال ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ ولا یقام الحد علی غلام لم یبلغ الحلم فان شك فیه فلا یقام حد حتی یبلغ خمس عشرۃ سنۃ وقد قالوا اکثر من ذلك، وکذلك الجاریۃ لا یقام علیها شیء من الحدود حتی تحیض او تبلغ خمس عشر سنۃ، حدثنا عبید اللہ بن نافع عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال عرضنی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم للقتال یوم احد فاستصغرنی فردنی وکنت ابن اربع عشرۃ سنۃ وعرضنی یوم الخندق وانا ابن خمس عشر سنۃ فاجازنی، قال نافع فحدثت بهذا الحدیث عمر بن عبد العزیز رحمه اللہ تعالیٰ وهو خلیفۃ فقال ان هذا الفرق بین الکبیر والصغیر، قال فکتب الی عماله من بلغ خمس عشر سنۃ فافرضوا له فی المقاتلۃ ومن کان دون ذلك فافرضوا

له فی الذریة" فهذا احسن ما سمعناه فی ذلك والله اعلم، حدثنا ابان عن انس رضی الله تعالیٰ عنه ان ابابکر رضی الله تعالیٰ عنه اتی بغلام قد سرق ولم یتبیّن احتلامه فلم یقطعه، قال وحدثنی بعض المشیخة عن مکحول قال "اذا بلغ الغلام خمس عشر سنة جازت شهادته ووجبت علیه الحدود" قال وحدثنا المغیرة عن ابراهیم فی الجاریة تزوج فیدخل بها ثم تصیب فاحشة، قال لیس علیها حد حتی تحیض (کتاب الخراج ص ۱۷۵)، فقط والله تعالیٰ اعلم۔

۲۹ رجمادی الآخرہ ۹۵ھ

حالتِ مرض میں حد نہ لگائی جائے:

سوال: امرکلی کے طور پر واضح فرمائیں کہ جرم موجب حد کے ثبوت کے بعد اگر مجرم کو کوئی ایسا عارضہ لاحق ہو، مثلاً بیمار ہو جائے جس کی موجودگی میں اگر حد جاری کی جائے تو ہلاکت کا یقین ہو، تو کیا اس صورت میں سزا کو موقوف کیا جائے یا نافذ کیا جائے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر مجرم کو کوئی شدید عارض لاحق ہو جائے تو زوالِ عارض تک اُسے قید رکھا جائے، اس کے بعد حد جاری کی جائے، قال فی التنویر تقطع یمین السارق من زنده وتحسم الا فی حر وبرد شدیدین، وفی الشرح فلا تقطع لان الحد زاجر لا متلف ویحبس لیتوسط الامر، وفی الشامیة (قوله الا فی حر وبرد شدیدین) والا فی حال مرض مفتاح وقیده فی البنایة بالمرض الشدید افاده ط عن الحموی (رد المحتار ص ۲۱۲ ج ۳) فقط والله تعالیٰ اعلم۔

۲۹ رجمادی الآخرہ ۹۵ھ

کوڑے کی تفصیل:

سوال: کوڑے کا طول، عرض (موٹائی ولمبائی) اور جنس کیا ہے؟ کیا اس کی کوئی واضح اور معیّن صورت ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

کتبِ مذاہبِ اربعہ میں مذکور تفصیل سے یہ قاعدہ ثابت ہوتا ہے کہ کوڑا ایلام میں متوسط ہونا چاہئے خواہ وہ لکڑی کی نرم چھڑی ہو یا چمڑے کا ہو، یا کسی دوسرے چیز کا، ڈنڈے اور لاٹھی کا استعمال جائز نہیں، قال الامام الکاسانی رحمه الله تعالیٰ ولا یضرب بسوط له

ثمرۃ لان اتصال الثمرۃ بمنزلۃ ضربۃ اخری فیصیر کل ضربۃ ضربتین فیکون زیادۃ علی القدر المشروع (البدائع ص ۶۰ ج ۷) وقال الامام المرغینانی رحمہ اللہ تعالی یأمر الامام بضربہ بسوط لا ثمرۃ لہ ضربا متوسطا لان علیا رضی اللہ تعالی عنہ لما اراد ان یقیم الحد کسر ثمرتہ والمتوسط بین المبرح وغیر المؤلم لافضاء الاول الی الهلاک وخلو الثانی عن المقصود وھو الانزجار (ھدایۃ مع الفتح ص ۱۴۲ ج ۴) وقال الامام ابن الهمام رحمہ اللہ تعالی (قولہ بسوط لا ثمرۃ لہ ضربا متوسطا) قیل المراد بثمرۃ السوط عذبتہ وذنبہ مستعار من واحدۃ ثمر الشجرۃ وفی الصحاح وغیرہ عقد اطرافہ ورجح المطرزی ارادۃ الاول ھنا لما ذکر الطحاوی رحمہ اللہ تعالی ان علیا رضی اللہ تعالی عنہ جلد الولید بسوط لہ طرفان اربعین جلدۃ فکانت الضربۃ ضربتین، وفی الایضاح ما یوافقہ قال ینبغی ان لا یضرب بسوط لہ ثمرۃ لان الثمرۃ اذا ضرب بھا تصیر کل ضربۃ ضربتین وفی الدرایۃ لکن المشھور فی الکتب لا ثمرۃ لہ ای لا عقدۃ علیہ، وقول المصنف فی الاستدلال علیہ لان علیا رضی اللہ تعالی عنہ لما اراد ان یقیم الحد کسر ثمرتہ لا یحتمل الوجہ الاول اصلا بل احد الامرین اما العقدۃ واما تلیین طرفہ بالدق اذا کان یابسا وھو الظاھر وروی ابن ابی شیبۃ حدثنا عیسی بن یونس عن حنظلۃ السدوسی عن انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ قال کان یؤمر بالسوط فتقطع ثمرتہ ثم یدق بین حجرین حتی یلین ثم یضرب بہ قلنا لہ فی زمن من کان ھذا قال فی زمن عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ والحاصل ان المراد ان لا یضرب بہ وفی طرفہ یبس لانہ حینئذ یجرح او یبرح فکیف اذا کان فیہ عقدۃ ویقین ذلک ما روی عبد الرزاق عن یحیی بن ابی کثیر ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی اصبت حدا فاقمہ علی فدعا علیہ الصلوۃ والسلام بسوط فاتی بسوط شدید لہ ثمرۃ فقال سوط دون ھذا فاتی بسوط مکسور لین فقال سوط فوق ھذا فاتی بسوط بین سوطین فقال ھذا فامر بہ فجلد، رواہ ابن ابی شیبۃ عن زید بن اسلم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی بسوط فذکرہ وذکرہ مالک رحمہ اللہ تعالی فی المؤطا والحاصل ان یجتنب کل من الثمرۃ بمعنی العقدۃ

ومعنى المفرع الذى يصير ذنبين تعميما للمشترك فى النفى لانه عين العدد مائة ولو تجوز بالثمرة فيما يشاكل العقدة ليعم المجاز ما هو يابس الطرف على ما ذكرنا كان اولى فانه لا يضرب بمثله حتى يدق رأسه فيصير متوسطا (فتح القدير ص۱۲۶ ج۵، رد المحتار ص ۱۵۱ ج ۳، حاشية الطحطاوى على الدر ص ۳۹۱ ج ۲، البحر الرائق ص ۹ ج۵، تبيين الحقائق ص ۱۶۹ ج ۳، حاشية الشلبى على التبيين ص ۱۶۹ ج ۳، البناية ص ۶۵۶ ج ۲، الاختيار لتعليل المختار ص ۸۵ ج ۴، الجوهرة ص ۲۴۰ ج ۲)

وقال العلامة شيخ زاده رحمه الله تعالى ولو كان الرجل الذى وجب عليه الحد ضعيف الخلقة فخيف عليه الهلاك يجلد جلدا خفيفا يحتمله كما فى الفتح لما روى ان رجلا ضعيفا زنى فامر رسول الله عليه الصلوة والسلام بان يأخذ عثكالا فيه مائة شمراخ فيضرب به ضربة كما فى السراجية (مجمع الانهر ص ۵۹۶ ج ۱، الدر المنتقى على هامش المجمع ص ۵۹۶ ج ۱، المتانة ص ۵۳۸ و ۵۴۶)

وقال العلامة خليل المالكى رحمه الله تعالى (والحدود بسوط وضرب معتدلين) وقال ابو عبد الله محمد المعروف بالخطاب المالكى رحمه الله تعالى وقوله معتدلين قال فى الموطا انه عليه السلام اتى بسوط مكسور فقال فوق هذا فاتى بسوط جديد فقال دون هذا فاتى بسوط قد ركب به ولان فامر به اى بالشخص المجدود فجلد، قال الباجى رحمه الله تعالى فى شرحه قال عيسى بن دينار الثمرة الطرف يريد ان طرفه محدود لم تنكسر حدته فقال دون هذا فاتى بسوط قد ركب به ولان يريد انه قد انكسرت حدته ولم يخلق ولم يبلغ مبلغا لا يألم من ضرب به فاقتضى ذلك انه يحد بسوط بين سوطين والضرب فى الحدود كلها سواء انتهى، وقال الجزولى وانما يضرب بالسوط وصفته ان يكون من جلد واحد ولا يكون له رأسان وان يكون رأسه لينا ويقبض عليه بالخنصر والبنصر والوسطى ولا يقبض عليه بالسبابة والابهام ويعقد عليه عقدة التسعين و يقدم رجله اليمنى ويؤخر اليسرى انتهى. (مواهب الجليل ص ۳۱۸ ج ۶)

وقال العلامة الخرشى المالكى رحمه الله تعالى بعد نقل قول الجزولى و صفة عقد التسعين ان يعطف السبابة حتى تلقى الكف و يضم الابهام

الیہا (الخرشی ص ۱۰۹ ج ۸)

وقال العلامۃ الشیخ محمد علیش رحمہ اللہ تعالیٰ واعتدال السوط کونہ لیس جدیدا ولا بالیا، ونقل صفۃ السوط عن الجزولی ثم صفۃ عقد التسعین عن الخرشی کما قدمنا (شرح منح الجلیل ص ۵۵۳ ج ۴)

وقال ابو البرکات احمد الدردیر المالکی رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرحہ (والحدود) للزنا والقذف والشرب تکون (بسوط) جلد لہ رأس لین لا رأسان لا بقضیب وشراک ودرۃ ودرۃ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انما کانت للتادیب ویقبض الضارب بہ علیہ بالخنصر والبنصر والوسطی دون السبابۃ والابہام بل یقبضہما فوق السوط فارغین ویخرج السوط من بین السبابۃ والوسطی (حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر ص ۳۵۴ ج ۴)، وقال ابن شہاب الدین الرملی الشہیر بالشافعی الصغیر (وسوط الحدود) والتعازیر یکون (بین قضیب) ای غصن رقیق جدا (وعصا) غیر معتدلۃ (و) بین (رطب ویابس) بان یعتدل جرمہ ورطوبتہ عرفا لیحصل بہ الزجر مع امن الہلاک فیمتنع بخلاف ذلک لما یخشی من شدۃ ضررہ او عدم ایلامہ، وفی المؤطا مرسلا انہ صلی اللہ علیہ وسلم اراد ان یجلد رجلا فاتی بسوط خلق فقال فوق ذلک فاتی بسوط جدید فقال بین ہذین وہذا وان ورد فی زان فہو حجۃ ہنا بتقدیر اعتضادہ او صحۃ وصلہ اذ لا فارق بینہما، والسوط سیور تلف وتلوی قالہ ابن الصلاح (نہایۃ المحتاج ص ۱۵ ج ۸)

وقال شیخ الاسلام موسیٰ الحجاوی المقدسی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ ویضرب الرجل قائما بسوط لا جدید فیجرح ولا خلق حجمہ بین القضیب والعصا، ولا یضرب بعصا ولا غیرہا وان کان السوط مغصوبا اجزأ (الاقناع ص ۲۲۵ ج ۴)

وقال العلامۃ الآبی الازہری المالکی رحمہ اللہ تعالیٰ (والحدود) التی بالجلد کلہا (بضرب) لا رمی ولا حذف (وسوط) لا عصا (معتدلین) وصفتہ کونہ من جلد واحد ولیس لہ رأسان وکون رأسہ لینا (جواہر الاکلیل ص ۲۹۶ ج ۲)

وکذا قال العلامۃ احمد الدردیر المالکی رحمہ اللہ تعالیٰ (الشرح الصغیر ص ۵۰۲ ج ۴)

وقال الامام برہان الدین الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ (بسوط) قال فی شرح المذہب

للحنفية: السوط فوق القضيب ودون العصا، وفي المختار لهم: بسوط لا ثمرة له، فتعين ان يكون من غير الجلد (لاجديد ولا خلق) نص عليه بفتح اللام وهو البالي لخبر رواه مالك عن زيد بن اسلم مرسلاً وروي عن ابي هريرة رضي الله تعالى عنه مسنداً وروي عن علي رضي الله تعالى عنه ولان الغرض الايلام دون الجرح اذا الجديد يجرح والبالي لا يؤلم (المبدع في شرح المقنع ص ۴۶ ج ۹)

قلت المراد من ثمرة السوط العقدة أو الذنب كما قدمنا من كتب الحنفية. فالاستدلال بهذه اللفظة على تعيين كون السوط من غير الجلد باطل،

وقال العلامة ابن قدامة الحنبلي رحمه الله تعالى وفي حديث جلد قدامة حين شرب، ان عمر رضي الله تعالى عنه قال: ايتوني بسوط فجاءه اسلم مولاه بسوط دقيق صغير فاخذه عمر رضي الله تعالى عنه فمسحه بيده ثم قال لاسلم انا احدثك انت ذكرت قرابته لاهلك ايتني بسوط غير هذا فاتاه به تاماً فامر عمر رضي الله تعالى عنه بقدامة فجلد، اذا ثبت هذا فان السوط يكون وسطاً لاجديداً فيجرح ولا خلقاً فيقل المه لما روى ان رجلاً اعترف عند رسول الله صلى الله عليه وسلم بالزنا فدعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم بسوط، فاتي بسوط مكسور فقال فوق هذا فاتي بسوط جديد لم تكسر ثمرته فقال بين هذين رواه مالك عن زيد بن اسلم مرسلا وروي عن ابي هريرة رضي الله تعالى مسنداً، وقد روي عن علي رضي الله تعالى عنه انه قال ضرب بين ضربين وسوط بين سوطين، (المغني لابن قدامة ص ۱۶۸ ج ۹) فقط والله تعالى اعلم،

۲۹ رجادی الآخرۃ ۹۵ھ

تہمتِ زنا پر حدِ قذف ہے:

سوال: ایک بالغہ لڑکی غیر شادی شدہ نے ایک مرد جو شادی شدہ ہے سے مطالبہ کیا کہ تم میرے ساتھ نکاح کرلو، مرد نے شادی کرنے سے انکار کردیا، لڑکی نے دھمکی دی کہ اگر تم نے میری بات نہ مانی تو میں تم پر زنا کی تہمت لگادوں گی، مرد نے کہا تو جو کچھ کرسکتی ہے کرلے مگر میں تیرے ساتھ نکاح نہیں کرتا، چند ایام گذرنے کے بعد لڑکی نے تہمت لگائی کہ اس مرد نے میرے ساتھ زنا کیا ہے، حالانکہ کوئی گواہ بھی نہیں ہے، اور مرد بھی اس

فعل قبیح سے انکار کرتا ہے، اور حلف اٹھانے کے لئے بھی تیار ہے، تو کیا صرف عورت کے اقرار سے زنا ثابت ہوگا یا نہیں؟ شریعت مقدسہ کا حکم اس مسئلہ میں صادر فرمائیں کہ اس لڑکی کے لئے شریعتِ مطہرہ میں کیا فیصلہ ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

عورت کے کہنے سے زنا ثابت نہیں ہوا، اس عورت پر لازم ہے کہ فعل زنا پر چار عینی شاہد پیش کرے، اگر چار عینی شاہد پیش نہیں کرتی تو اس پر حدِ قذف (اسی کوڑے) واجب ہے، جس مرد پر تہمت لگائی ہے وہ عدالت میں دعوی پیش کر کے اس عورت کو اسی کوڑے لگوائے، اِس زمانہ کی کسی عدالت سے اس کی توقع نہیں، اس لئے اس عورت کے والد پر اور وہ نہ ہو یا وہ غفلت کرے تو دوسرے رشتہ داروں پر واجب ہے کہ اس کو مناسب سزا دیں، تاکہ آئندہ کسی پر جھوٹی تہمت نہ لگائے، فقط واللہ تعالی اعلم۔

۲۴ ذی الحجہ سنہ ۹۹ھ

بغرض تعزیر مقاطعہ جائز ہے:

سوال: کسی جرم پر تعزیر کی نیت سے برادری کا مجرم سے مقاطعہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں مندرجہ ذیل سوالات کے جواب سے تشفی فرمائیں:

اصحاب ثلاثہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین (الذین خلفوا حتی اذا ضاقت علیھم الارض بما رحبت) سے جو مقاطعہ وقوع پذیر ہوا تھا وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فداہ ابی وامی کی خصوصیت مبارکہ تھی یا ہنوز مشروع ہے؟ اسلامی عدالت یا شرعی پنچایت بطور تعزیر شرعی اس نوع کا مقاطعہ نافذ کر سکتی ہے جس میں حقوقِ واجبہ تک شامل تھے؟ ملاحظہ فرمائیں، بخاری ومسلم وریاض الصالحین باب التوبۃ، وقال المفتی علاء الدین الطرابلسی الحنفی فی کتابہ معین الحکام ص ۲۳۱ والتعزیر لا یختص بفعل معین ولا قول معین فقد عزر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالھجر وذلك فی حق الثلاثۃ الذین ذکرھم اللہ تعالی فی القرآن العظیم فھجروا خمسین یوما لا یکلمھم احد وقصتھم مشھورۃ فی الصحاح۔

ہمارے سوال کا منشأ یہ ہے کہ اگر یہ معاشرتی مقاطعہ مشروع ہے تو اس میں حقوقِ واجبہ مثلاً حقوق والدین، حقوق زوجین، جوابِ سلام اور کفن و دفن کہ فرض کفایہ ہیں اور

بچوں کے حقوق شرعًا شامل ہوسکتے ہیں یا کہ اس میں شرعًا کوئی استثناء ہے ؟

اگر عہدِ نبوی کا یہ مقاطعہ اپنی تمام تفصیلات کے ساتھ جائز ہے تو سوال یہ ہے کہ جہاد کی نفیرِ عام کے تخلّف پر ہی یہ تعزیر روا ہے یا دیگر فرائض مثلاً حالتِ وجوب میں ارکانِ اسلام کو ادا نہ کرنا، یا سنگین شرعی و اخلاقی جرائم مثلاً قمار، سود خوری، ناحق طلاق، جھوٹی گواہی، نشہ بازی وغیرہ کے سلسلہ میں بھی اہلِ اسلام یا عدالت شرعیہ یا پنچایت کو بھی دائرۂ شریعت میں رہ کر اس نوع کے مقاطعہ کے فیصلہ کا حق ہوگا یا شرعًا کوئی تحدید ہے ؟ اور مقاطعہ کی مدت کی تعیین قاضی کی رائے پر موقوف ہوگی یا پچاس دن کی تحدید ہوگی ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

تعزیر کے لئے مقاطعہ جائز ہے، اس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت نہیں، جرم کی نوعیت کی بھی کوئی تخصیص نہیں، اسی طرح ایام کی تحدید اور مقاطعہ میں کسی قسم کی تخصیص بھی نہیں، بلکہ حاکم حسبِ صوابدید جس قسم کے مقاطعہ کا حکم جب تک چاہے دے سکتا ہے، حاکم سے ایسی توقع نہ ہو تو پنچایت بھی مقاطعہ کا فیصلہ کرسکتی ہے، البتہ مقاطعہ کا فیصلہ خواہ حاکم کرے یا پنچایت دونوں صورتوں میں حقوقِ واجبہ سے متعلق حسب ذیل تفصیل ہے:

(۱) مجرم کے ذمہ جو حقوق واجب ہیں ان کو ادا کرنے سے اس کو روکنا جائز نہیں، مثلاً جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اور نمازِ جنازہ وغیرہ، اسی طرح اس کی بیوی کو اس سے چار ماہ سے زیادہ مدت تک جدا رکھنا یا بیوی کو چار ماہ سے زیادہ مدت تک ہمبستری سے روکنے کا حکم کرنا جائز نہیں، اس لئے کہ چار ماہ میں ایک بار صحبت کرنا بیوی کا حقِ واجب ہے،

(۲) مجرم کے دوسروں کے ذمہ جو حقوقِ واجبہ ہیں ان کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ایسے حقوق جن کے وجوب میں مجرم کو کوئی اختیار نہیں جیسے اس کی نمازِ جنازہ اور کفنانے دفنانے وغیرہ، ان سے روکنا جائز نہیں،

(۲) وہ حقوق جن میں خود مجرم کی طرف سے دوسروں پر ایجاب بالاختیار ہے، جیسے مجرم کے سلام کا جواب اور بیوی سے طلبِ صحبت پر بیوی کی طرف سے اجازت، ان پر پابندی لگانا جائز ہے،

عقد الامام البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ باب، ما یجوز من الھجران لمن عصی، واستدل علیہ بقصۃ کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، وقال الحافظ رحمہ اللہ تعالیٰ اراد بھذہ الترجمۃ بیان الھجران الجائز لان عموم النھی مخصوص بمن لم یکن لھجرہ سبب مشروع فتبین ھذا السبب المسوغ للھجر وھو لمن صدرت منہ معصیۃ فیسوغ لمن اطلع علیھا منہ ھجرہ علیھا لیکف عنھا (فتح الباری ص ۴۱۵ ج ۱۰)

وقال العلامۃ العینی رحمہ اللہ تعالیٰ وفیہ جواز ترک السلام علی من اذنب وجواز ھجرہ ثلاثۃ ایام، وفیہ جواز ترک رد السلام علی المھجور عمن سلم علیہ اذ لو کان واجبا لم یقل کعب ھل حرک شفتیہ برد السلام (عمدۃ القاری ص ۵۶ ج ۱۸)

وقال ابوبکر بن العربی رحمہ اللہ تعالیٰ وفیہ دلیل علی ان للامام ان یعاقب المذنب بتحریم کلامہ علی الناس ادبا لہ، وھکذا فی الانجیل وھی المسألۃ الثالثۃ وعلی تحریم اھلہ علیہ وھی المسألۃ الرابعۃ (احکام القرآن لابن العربی ص ۱۰۴۱ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ صفر سنہ ۱۴۰۱ ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ○

اَلْحُکْمُ الْحَقَّانِی

فِیْ

قَتْلِ الزَّانِی

غیر حاکم کے لئے

زانی کو کن حالات میں قتل کرنا جائز ہے؟

اس بارے میں

کتب فقہ میں بہت مختلف اقوال ملتے ہیں،

اس مسئلہ کی تحقیق میں یہ رسالہ منفرد ہے

نفیس رقم

الحکم الحقانی فی قتل الزانی

حکم من وجد شخصاً مع امرأة لا تحل له :

سؤال: ما قولکم رحمکم الله من وجد رجلاً مع امرأته فی فراش واحد او فی بیت واحد او وجد رجلاً یزنی بامرأته او جاریته او محرمته هل یحل له او لاخیه او غیره من الورثة ان یقتله ام لا؟ وان حل یسقط القصاص عنه ام لا؟ ولئن سقط فعلیه الدیة ام لا؟ بینوا بیاناً شافیاً توجروا اجراً وافیاً۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

قد اختلفت فی هذه المسألة عبارات الفقهاء الحنفیة رحمهم الله تعالیٰ فلنذکر العبارات المضطربة اولاً، ولنسطر صورة الترجیح ثانیاً، ولنذکر وجه التوفیق ثالثاً۔

العبارات المضطربة :

(۱) قال العلامة بدر الدین العینی رحمه الله تعالیٰ فی شرحه للجامع الصحیح للامام البخاری رحمه الله تعالیٰ اختلف العلماء فیمن قتل رجلاً وزعم انه وجده قد زنی بامرأته فقال جمهورهم لا یقتل[عه] بل یلزمه القصاص الا ان تقوم بذلک بینة او تعترف به ورثة القتیل والبینة اربعة من عدول الرجال یشهدون علیٰ نفس الزنا ویکون القتیل محصنا واما فیما بینه وبین الله تعالیٰ فان کان صادقا فلا شیء علیه (عمدة القاری ص ۱۹۷ ج ۲۵)

(۲) قال فی الهندیة سئل الهندوانی عن رجل وجد مع امرأته[عه] رجلاً ایحل له قتله قال ان کان یعلم انه ینزجر عن الزنا بالصیاح والضرب بما دون السلاح لا یحل وان علم انه لا ینزجر الا بالقتل حل له القتل وان طاوعته المرأة حل له قتلها

عه هکذا فی النسخة التی بین یدی والصواب لا یقبل قوله ثم رأیت کذلک فی شرح صحیح مسلم للنووی ج ۲

عه لعل الصواب امرأة بالتنکیر کما سیظهر من البیان الآتی ۱۲ منه

ایضاً کذا فی النہایۃ (عالمگیریۃ ص ۱۶۷ ج ۲ فصل فی التعزیر)

(۳) قال فی منیۃ المفتی ولو کان مع امرأتہ وھو یزنی بہا او مع محرمہ وھما مطاوعان قتلھما جمیعا (الدر المختار باب التعزیر)

(۴) قال فی البحر ومفادہ الفرق بین الاجنبیۃ والزوجۃ والمحرم فمع الاجنبیۃ لا یحل القتل الا بالشرط المذکور من عدم الانزجار المزبور وفی غیرھا یحل (الدر المختار باب التعزیر)

(۵) قال فی التنویر فی باب التعزیر ویکون بالقتل کمن وجد رجلاً مع امرأۃ لا تحل لہ ان کان یعلم انہ لا ینزجر بصیاح وضرب بما دون السلاح والا لا وان کانت المرأۃ مطاوعۃ قتلھما ولو کان مع امرأتہ وھو یزنی بہا او مع محرمہ وھما مطاوعان قتلھما جمیعا مطلقاً (تنویر الابصار)

وجہ التوفیق:

اما قول صاحب البحر فمنشأہ حمل مطلق حل القتل المذکور فی المنیۃ علی الحل المطلق وحمل مطلق المرأۃ المذکورۃ فی عبارۃ الھندوانی علی الاجنبیۃ وھو کما تری، فان حمل مطلق الشیء علی الشیء المطلق او المقید بلا قرینۃ لا یصغی الیہ لاسیما اذا قام الدلیل علی خلافہ ولذا قال فی شرح التنویر وردہ فی النھر بما فی البزازیۃ وغیرھا من التسویۃ بین الاجنبیۃ وغیرھا ویدل علیہ تنکیر الھندوانی للمرأۃ نعم ما فی المنیۃ مطلق فیحمل علی المقید لیتفق کلامھم ولذا جزم فی الوھبانیۃ بالشرط المذکور مطلقا وھو الحق (الدر المختار)

واما عبارۃ التنویر فقد علمت حالھا ایضاً مما ذکرنا ومنشأہ اتباع شیخہ صاحب البحر قال فی الشامیۃ (قولہ مطلقا) زادہ المصنف علی عبارۃ المنیۃ متابعۃ لشیخہ صاحب البحر (رد المحتار ۳ ج ۳)

صورۃ الترجیح:

اما التوفیق بین عبارۃ منیۃ المفتی وقول الھندوانی فظاھر مما مضی من تقریر شارح التنویر فی رد صاحب البحر والتنویر،

عہ ای الغانیۃ کما فی الشامیۃ ۱۲ منہ

واما وجہ التوفیق الذی اختارہ العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ حیث قال "وقد ظہر لی فی التوفیق وجہ آخر وھو ان الشرط المذکور انما ھو فیما اذا وجد رجلاً مع امرأۃ لاتحل لہ قبل ان یزنی بہا فھذا لا یحل قتلہ اذا علم انہ ینزجر بغیر القتل سواء کانت اجنبیۃ عن الواجد اوزوجۃ لہ اومحرما منہ اما اذا وجدہ یزنی بہا فلہ قتلہ مطلقا الیٰ ان قال، ثم رأیت فی جنایات الحاوی الزاھدی ما یؤیدہ ایضا الخ" ففاسد من وجہین:

① ان الاستدلال بعبارۃ الحاوی الزاھدی علی التفرقۃ بین رؤیۃ الزنا وعدم رؤیتہ یدل علی ان رؤیۃ الدواعی مثل رؤیۃ نفس الزنا وھو مخالف لما نقلہ عن معراج الدرایۃ قبیل باب القود فیما دون النفس حیث قال وکما لو دخل بیتہ و نظر فیہ اونال من امرأتہ مادون الفرج لم یجز قلع عینہ الخ ثم قال وقولہ وکما لو دخل بیتہ الخ مخالف لما ذکرہ الشارح الا ان یحمل ماذکرہ علی ما اذا لم یمکن تنحیتہ بغیر ذلک وما ھنا علی ما اذا امکن فلیتأمل واللہ اعلم (رد المحتار ج ۵) و مفادہ الفرق بین نفس الزنا ودواعیہ حیث یشترط فی الدواعی عدم الانزجار بخلاف نفس الزنا،

② قال العلامۃ الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ فی التحریر المختار لرد المحتار (قولہ ولذا قید فی المنیۃ بقولہ وھو یزنی بہا واطلق قولہ وقتلھما الخ) فی الفتح سئل ابوجعفر الھندوانی عمن وجد رجلاً مع امرأۃ ایحل لہ قتلہ قال ان کان یعلم انہ ینزجر عن الزنا بالصیاح والضرب بمادون السلاح لا یقتلہ وان علم انہ لا ینزجر الا بالقتل حل لہ قتلہ وان طاوعتہ المرأۃ حل قتلھا ایضا اھ وذکر ھذہ الحادثۃ کذلک العلامۃ المقدسی ونقلھا فی الفتاوی الھندیۃ عن النھایۃ کما ذکرھا فی الفتح وبھذا تعلم ان موضوع مسألۃ الھندوانی فیمن رآی رجلاً مع امرأۃ یزنی بہا کما ھو المتبادر ایضا من قولہ وان طاوعتہ فالمتعین ما سلکہ فی النھر ولا یستقیم التوفیق الذی ذکرہ المحشی تأمل (التحریر المختار ج ۲)

اقول ولو سلمناہ دم دلالتہ علی نفس الزنا فدلالتہ علی الدواعی بینۃ حیث لابد من تسلیمھا وانہا فی حکم نفس الزنا علی تقریر العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ.

تعالیٰ کما عرفت فالحق ما نقله فی الهندیة عن الهند وانی معزیاً للنهایة وقرره صاحب النهر اعتماداً علیٰ ما فی البزازیة والخانیة والوهبانیة وحققه شارح التنویر والمختارة الرافعی وعزاه الی الفتح والعلامة المقدسی ویحمل مطلق عبارة المنیة والمجتبیٰ و الحاوی الزاهدی عن خزانة الفتاویٰ علی المقید لیحصل التوفیق بین العبارات ولا تتضاد،

واما عبارة عمدة القاری التی عزاه الحافظ العینی رحمه الله تعالیٰ الی الجمهور فهی محمولة علیٰ ما اذا قتل مع علمه بانه ینزجر بدون القتل اوقتل بعد الزنا فی وقت آخر وهو المتبادر من قوله انه وجده قد زنی بامرأته فهذا القتل ماکان له حلالاً ولکن الزانی ان کان محصناً واتی القاتل باربعة شهداء من عدول الرجال علیٰ نفس الزنا فلا ضمان علی القاتل لکون المقتول مباح الدم ویؤیده ما فی التنویر یجب القود بقتل کل محقون الدم وفی الشامیة تحت (قوله محقون الدم) واحترز عن مباح الدم کالزانی المحصن والحربی والمرتد (رد المحتار ج ۵) وایضاً ثبت فی موضعه ان من قتل مباح الدم لحق من حقوق الله تعالیٰ کالزانی المحصن فالقاتل لا یحرم من المیراث وان لم یحکم القاضی بقتله بخلاف ما لو قتله قصاصاً غیر الولی بدون اذن القاضی فانه یحرم (رد المحتار ج ۵)

وما فی حدود التنویر من قوله فلو قتله شخص اوفقأ عینه بعد القضاء به فهدر وقبله یجب القصاص فی العمد والدیة فی الخطأ ام یختص بغیر الواجد لانه لم یثبت الزنا عنده قبل القضاء،

واما ما قال الحافظ العینی رحمه الله تعالیٰ من انه لا شیء علیه فیما بینه و بین الله تعالیٰ فالمراد منه انه لیس علیه اثم قتل النفس لکونها مباح الدم واما مطلق الاثم فثابت لاقامته الحد بدون اذن الامام وهذا اذا کان الزانی محصناً واما ان کان غیر محصن فعدم التأثم مقید بالقتل فی حالة الوجدان وبعدم الانزجار بدون القتل،

وبما القیناعلیک من التفصیل المذکور حصل للقتل قسمان فنذکر حکم کل قسم علیحدة لتسهیل الامر،

① من وجد شخصًا مع امرأة لاتحل له سواء کانت زوجة للواجد او محرما له او اجنبیة وسواء رأی الزنا اودواعیه ام لا بل وجده معها فی خلوة بلامباشرة فعل وسواء کان الزانی محصنًا اوغیر محصن وظن الواجد انه لا ینزجر بالصیاح علیه والضرب بمادون السلاح فیحل له ان یقتله فی هذه الحالة الراهنة لابعدها وهذا القتل من قبیل تغییر المنکر بالید الثابت بالحدیث المشهور، واما عموم الوجدان وشموله للدواعی والخلوة المحضة فلما فی الشامیة (قوله مع امرأة) ظاهره ان المراد الخلوة بها وان لم یر منه فعلاً قبیحًا کما یدل علیه ما یأتی عن منیة المفتی کما تعرفه فافهم (رد المحتار ج ۳) وایضًا فیها معزیا الی الحاوی الزاهدی رجل رأی رجلًا مع امرأته یزنی بها اویقبلها اویضمها الی نفسه وهی مطاوعة فقتله اوقتلهما لاضمان علیه ولایحرم من میراثها ان اثبته بالبینة اوباقرار ولو رأی رجلاً مع امرأته فی مفازة خالیة اورآه مع محارمه هکذا ولم یر منه الزنا ودواعیه قال بعض المشایخ حل قتلهما وقال بعضهم لایحل حتی یری منهما العمل ای الزنا ودواعیه ومثله فی خزانة الفتاوی اھ (رد المحتار ج ۳)

والاطلاق من قید الاحصان مصرح فی شرح التنویر حیث قال بلاشرط احصان لانه لیس من الحد بل من الامر بالمعروف، وفی الشامیة (قوله بلا شرط الاحصان الخ) رد علی ما فی الخانیة من قوله وهو محصن کما قدمناه و جزم به الطرسوسی قال فی النهر ورده ابن وهبان بانه لیس من الحد بل من الامر بالمعروف والنهی عن المنکر فهو حسن فان هذا المنکر حیث تعین القتل طریقا فی ازالته فلا معنی لاشتراط الاحصان فیه ولذا اطلقه البزازی اھ قلت ویدل علیه ان الحد لایلیه الا الامام (رد المحتار ج ۳)

وتقیید حل القتل بحالة الوجدان لابعدها یدل علیه قولهم "من وجد مع امرأته" وایضًا هو من قبیل تغییر المنکر کما عرفت والتغییر لایکون الاحال المباشرة، وایضًا هذا القتل من باب التعزیر وقال فی الشامیة ان الحد مختص بالامام والتعزیر یفعله الزوج والمولی وکل من رأی احدًا یباشر المعصیة (رد المحتار ج ۳) وقال فی البحر لکل مسلم اقامته حال مباشرة المعصیة واما

بعد الفراغ منها فلیس ذلك لغیر الحاکم (البحر الرائق ج ۵)

والطلاق المرأة وتقیید القتل بعدم الانزجار ثبت مما تقدم،

والحاصل انہ لاجناح علی القاتل فی الصورۃ المفصلۃ،

واما سقوط الضمان فمنوط باتیان البینۃ رجلین اورجل وامرأتین علی الوجدان مع المرأۃ علی نفس الزنا اودواعیہ اوالخلوۃ الصرفۃ وعلی عدم الانزجار، والقرائن الظاھرۃ المفیدۃ للعلم القطعی تقوم مقام البینۃ کمافی کتاب الدعوی من شرح التنویر والسابع قرینۃ قاطعۃ کأن ظھر من دارخالیۃ انسان خائف بسکین متلوث بدم فدخلوھا فورا فرأوا مذبوحا لحینہ اخذ بہ اذلا یمتری احد انہ قاتلہ (رد المحتار ص ۴۷۲ ج ۴) وفی اول کتاب القضاء من الشامیۃ فی بیان طریق القاضی الی الحکم، او القرائن الواضحۃ التی تصیر الامر فی حیز المقطوع بہ فقد قالوا لوظھر انسان من دار بیدہ سکین وھو متلوث بالدم سریع الحرکۃ علیہ اثر الخوف فدخلوا الدار علی الفور فوجدوا فیھا انسانا مذبوحا بذلك الوقت ولم یوجد احد غیر ذلك الخارج فانہ یؤخذ بہ وھو ظاھر اذلا یمتری احد فی انہ قاتلہ والقول بانہ ذبحہ آخر ثم تسور الحائط اوانہ ذبح نفسہ احتمال بعید لا یلتفت الیہ اذلم ینشأ عن دلیل (رد المحتار ص ۳۳۱ ج ۴) ولکن وجود القرائن القاطعۃ علی الزنا ای الایلاج کالمیل فی المکحلۃ مشکل جدا لانہ لیس لہ اثر قائم بخلاف القتل،

فان اقام البینۃ اووجدت القرائن القاطعۃ فلاقصاص علیہ ولادیۃ والا فیقتص منہ، الا ان یکون الزانی متھما بین الناس فیسقط القصاص وتؤخذ الدیۃ، کمافی شرح التنویر وفی المجتبی الاصل ان کل شخص رأی مسلما یزنی ان یحل لہ قتلہ وانما یمتنع خوفا من ان لایصدق انہ زنی، وفی الشامیۃ (قولہ وفی المجتبی الخ) عزاہ بعضھم ایضا الی جامع الفتاوی وحدود البزازیۃ وحاصلہ انہ یحل دیانۃ لاقضاء فلایصدقہ القاضی الا ببینۃ والظاھر انہ یأتی ھنا التفصیل المذکور فی السرقۃ وھو ما فی البزازیۃ وغیرھا ان لم یکن لصاحب الدار بینۃ فان لم یکن المقتول معروفا بالشر والسرقۃ قتل صاحب الدار قصاصا وان کان متھما بہ فکذلك قیاسا وفی الاستحسان تجب الدیۃ فی مالہ لورثۃ المقتول لان دلالۃ الحال

اورثت شبهة فی القصاص لا فی المال (رد المحتار ج ۳)

اقول وکن اینبغی ان یسقط القصاص وتؤخذ الدیة ممن اتی بالبینة علی الجنان مطلقا مع امرأة من محارمه اوعلی رؤیة الزنا بامرأة اجنبیة ولکنه لم یقدر علی اثبات عدم الانزجار لشبهة وقعت لاختلاف الفقهاء رحمهم الله تعالی فان القتل فی الصورة الثانیة افتی بحله العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالی ویدل علیه ظاهر ما قدمنا من عبارة معراج الدرایة التی اوردها العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالی قبیل باب القود فیما دون النفس، وحل القتل فی الصورة الاولی اختاره صاحب البحر وشارح التنویر رحمهما الله تعالی والله سبحانه وتعالی اعلم،

② وجد شخصا مع امرأة فقتله مع علمه بانه ینزجر بدون القتل اوقتله فی غیر حالة الوجدان فیقتص منه الا ان یأتی باربعة شهداء من عدول الرجال علی نفس الزنا ویکون الزانی محصنا فیسقط عنه الضمان ای لا قصاص علیه ولا دیة واما فیما بینه وبین الله تعالی فان تحقق نفس الزنا عنده و کان الزانی محصنا فلیس علیه اثم قتل النفس بل یأثم لاقامته الحد بدون اذن الامام سواء اتی بالشهداء ام لا، وان قتل بدون تحقق نفس الزنا عنده اوکان الزانی غیر محصن فعلیه اثم قتل النفس الا ان یکون عالما بعدم انزجاره وقتله فی حالة الوجدان فلا اثم علیه، فقط والله تعالی اعلم،

رشید احمد عفا الله عنه

۲۲ ربیع الاول سنہ ۷۳ھ

الحاق:

قال العبد الضعیف قد یما کان یختلج فی قلبی کثیرا ان الحکومة اذا قعدت عنا علیها من اقامة التعزیر فالعامة تنوب عنها لکن لم اکن افتی به لعدم علمی بثبوته فی کلام الفقهاء رحمهم الله تعالی فلله الحمد والشکر کما ینبغی لجلال وجهه العظیم علی انی بعد الفراغ من تحریر هذه الرسالة ببرهة من الزمان ظفرت بما الهمنی ربی فی غرتی (عنفوان شبابی) حیث ادرکته

مصرحًا فی کلام الفقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ،

قال العلامۃ الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ والغلام اذا عقل واستغنی برأیہ لیس للاب ضمہ الی نفسہ الا اذا لم یکن مأمونا علی نفسہ فلہ ضمہ لدفع فتنۃ او عار وتأدیبہ اذا وقع منہ شیء

وقال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ فلہ ضمہ) ای للاب ولایۃ ضمہ الیہ والظاہر ان الجد کذلک بل غیرہ من العصبات کالاخ والعم ولم ار من صرح بذلک ولعلہم اعتمدوا علی ان الحاکم لا یمکنہ من المعاصی وہذا فی زماننا غیر واقع فیتعین الافتاء بولایۃ ضمہ لکل من یؤتمن علیہ من اقاربہ ویقدر علی حفظہ فان دفع المنکر واجب علی کل من قدر علیہ لاسیما من یلحقہ عارہ وذلک ایضا من اعظم صلۃ الرحم والشرع امر بصلتہا وبدفع المنکر ما امکن قال تعالیٰ ان اللہ یأمر بالعدل والاحسان وایتاء ذی القربیٰ وینھی عن الفحشاء والمنکر والبغی یعظکم لعلکم تذکرون (رد المحتار ص ۶۹۷ ج ۲)

